UNIVERSAL
LIBRARY

OU_224729

UNIVERSAL
LIBRARY

جلد (۱۱)

کانفرنس نمبر

شمارہ (۲) - ۴

زیر سرپرستی جناب خان فضل محمد خان صاحب ایم اے ریٹائرڈ ناظم تعلیمات ممالک محروسہ سرکار عالی

رسالہ حیدرآباد

انجمن اساتذہ حیدرآباد دکن کا سہ ماہی رسالہ

مجلس ادارت
سید علی اکبر ایم اے (کنٹب) مدیر مسئول عبد النور صدیقی بی اے ٹی ٹی (علیگ)
سعید الدین خاں بی۔ اے۔ ٹی۔ ایڈ (عثمانیہ)

مقاصد

(۱) طبقۂ اساتذہ کے احساس معلمی کو بیدار کرنا۔

(۲) طبقۂ اساتذہ کے مخصوص انفرادی تجربات معلمی کو شائع کرنا۔

(۳) فن معلمی پر نفسیاتی حیثیت سے نقد و نظر۔

(۴) انجمن اساتذہ کے مفید مقاصد و اغراض کو ملک کے طول و عرض میں مکمل طور پر پھیلانا۔

قواعد

(ا) رسالہ کا نام حیدرآباد ٹیچر ہوگا اور ہر سہ ماہی پر صدر دفتر انجمن اساتذہ بلدہ سے شائع ہوگا۔

(ب) رسالہ کی سالانہ قیمت بہ تفصیل ذیل ہوگی۔

اندرون و بیرون ممالک محروسہ سرکار عالی تین روپیہ مع محصول ڈاک سالانہ (سکہ رائجہ)

صرف اردو حصہ (۱۴ر) سالانہ قیمت فی پرچہ اردو و انگریزی (۱۲ر) صرف اردو (۸ر)

(ج) رسالہ نصف انگریزی و نصف اردو ہوگا جس میں حسب صوابدید تغیر بھی ہو سکے گا۔

(د) صرف وہی مضامین درج ہو سکیں گے جو تعلیم سے متعلق ہوں۔

(ہ) جملہ مضامین و مراسلت دفتر کے پتہ سے ہونی چاہئے۔

(و) اشتہارات کا نرخ حسب تفصیل اشاعت نہا رہے گا۔

نرخ اشتہارات حیدرآباد ٹیچر حسب ذیل ہے

مقدار	سال بھر	۶ ماہ	فی اشاعت
پورا صفحہ	۵	۳	۱
نصف صفحہ	۳	۲	۸ر
ربع صفحہ	۱۸ر	۱۴ر	۱۵ر
فی سطر	۱۰ر	۸ر	۶ر

اعظم اسٹیم پریس حیدرآباد کن میں طبع ہو کر دفتر انجمن اساتذہ واقع صدر مہتمی تعلیمات بلدہ سے شائع ہوا

حیدرآباد ٹیچر

بابت آذر لغایت بہمن ۱۳۴۶ف

فہرست مضامین

جلد ۱۱ — شمارہ ۲

نمبر شمار	مضمون	مضمون نگار	صفحہ
۱	خطبۂ استقبالیہ	جناب مولوی نورالحسن صاحب بی۔اے۔بی ٹی (علیگ) ڈپٹی ایڈ (گلاسگو) صدر فوقانیہ دارالشفاء	۲ تا ۹
۲	خطبۂ صدارت	" قاضی محمد حسین صاحب ام۔اے۔ال ال۔بی (کنٹب) نائب معین امیر جامعہ عثمانیہ	۱۰ تا ۳۲
۳	رپورٹ سالانہ انجمن اساتذہ بلدہ ۱۳۴۶ف	" مرزا ضیاء الدین بیگ صاحب بی اے۔بی ٹی علیگ معتمد عمومی انجمن	۳۳ تا ۳۹
۴	روئداد سالانہ کانفرنس انجمن اساتذہ مستقر بلدہ ۱۳۴۶ف	" " " " " " " "	۳۹ تا ۵۳
۵	رپورٹ نمایش بابت کانفرنس انجمن اساتذہ	مرتبہ مس ڈی وسٹر صاحبہ مہتممہ وجیہہ الدین صاحب مدرسہ وسطانیہ گوشہ محل	۵۴ تا ۵۶
۶	خلاصہ تقریر متعلقہ رپورٹ کمیٹی ضبط مدرسہ	جناب مولوی سجاد مرزا صاحب ایم۔اے۔کنٹب پرنسپل ٹریننگ کالج بلدہ	۵۷ تا ۵۸
۷	تقریر	عالیجناب نواب مہدی یار جنگ بہادر صدر المہام تعلیمات و سیاسیات	۵۸ تا ۶۰
۹	شذرات		۶۰ تا ۶۱

خطبۂ استقبالیہ

دسویں سالانہ کانفرنس انجمن اساتذہ مستقرہ بلدیہ ۱۳۴۶ف

از

سید نورالحسن بی اے۔ بی ٹی (علیک) ڈپ ایڈ (گلاسگو)

صدر محترم معزز خواتین وحضرات

یہ میرا فرض ہے کہ اُن حضرات کا شکریہ ادا کروں جنہوں نے مجھے اس خدمت کے لیے منتخب فرمایا۔ آج میرا دل گوناگون جذبات کا حامل ہے انتہائی مسرّت کے ساتھ میں بہی خواہان ملک علماء اور اساتذہ صاحبان کا خیر مقدم کرتا ہوں۔ جن کی عظیم اکثریت نے اپنی زندگیاں تعلیم وتدریس اور تشکیل سیرت کے لئے وقف کردی ہیں، جن کے دلوں میں احساس فرض ہے، جن کے سروں میں سودائے علم۔ جو دنیا کی تاریکی کو علم کی روشنی سے دور کرنے کے لئے۔ مٹانے کے لیے۔ فنا کرنے کے لئے کمر ہمت باندھ چکے ہیں۔ گو ان کی زندگیاں چشم ظاہر بیں کو خوش وخرم نظر نہیں آتیں گو ان کے گھر محل سرا نہیں۔ گو وہاں عیش وعشرت کے نقارے نہیں بجتے لیکن ان کا متاع حیات ان کا کام ہے جو بے شبہ روح کی غذا اور ضمیر کی تسکین کا باعث ہوتا ہے۔ خوش قسمت اور قابل مبارکباد ہے ہم میں سے وہ جو اپنے کام کو پابندی نیک نیتی فرض شناسی سے انجام دے رہا ہے۔

حضرات! صمیم قلب سے میں آپ سب کا متشکر ہوں کہ آپ نے تشریف آوری کی زحمت گوارہ فرمائی۔ خصوصاً ہمارے وہ مہمان جو دور ونزدیک سے سفر کی صعوبتیں برداشت فرما کر شریک جلسہ ہیں۔ اگر آپ کو کسی قسم کی تکلیف بھی ہو تو یقین ہے کہ اس امر کو ملحوظ رکھتے ہوئے کہ یہ آپ ہی کا کام ہے۔ جس کی ذمہ داری ہم نے اپنے سر لی ہے آپ ہمیں معاف فرمائیں گے۔

حضرات! ہماری یہ دلی تمنا تھی کہ سال حال بھی عالیجناب نواب مہدی یار جنگ بہادر صدر المہام

سیاسیات وتعلیمات ہی کانفرنس کا افتتاح فرماتے لیکن بدقسمتی سے ہماری یہ آرزو چند در چند وجوہ سے پوری نہ ہوسکی جس کا ہمیں بھی افسوس ہے مگر ساتھ ہی اس امر کی انتہائی خوشی بھی ہے کہ باوجود کثرت کار کے نواب صاحب معزکل کے جلسہ میں اپنے زرّین خیالات سے اساتذہ صاحبان اور حاضرین کو مستفید فرمائیں گے۔ احمنٹہ سے سفر کی صعوبت برداشت فرما کے شریک جلسہ ہونا۔ آپ کی علم دوستی علم پرستی اور علم شناسی کا بین ثبوت ہے۔ مثل اپنے ذی علم باوقار، روشن دماغ والدِ محترم عالیجناب نواب عماد الملک بہادر کے نواب صاحب ممدوح بھی علم کے حقیقی سرپرست تسلیم کئے جاتے ہیں۔ آپکے کارنامے حسن اخلاق اور حسن انتظام کے چرچے زبان زد خاص و عام ہیں۔ آپ کا پرمغز خطبہ صدارت جن حضرات نے بغور سنا یا پڑھا ہوگا۔ وہ اس کی اہمیت اور اثرات سے بخوبی واقف ہیں۔ آپ نے عمل ہمدردی اطاعت اور اتحاد کا جو سبق دیا وہ فراموش نہیں کیا جاسکتا۔ اصول تعلیم وطریق تعلیم کے پیچ در پیچ مسائل جس آسانی سے صاحب موصوف نے اپنے خطبہ صدارت میں سلجھایا ہے وہ واقعی آپ ہی جیسے پختہ کار، کارآموز اور تجربہ کار افسر کا کام تھا ایک سال کے قلیل عرصہ میں جو ترقی تعلیم کے ہر شعبہ میں نظر آتی ہے، جو چہل پہل اور زندگی کے آثار ہمارے اساتذہ صاحبان اور طلبا میں پائے جاتے ہیں اور جس جوش عمل کے چرچے ہم دیکھتے اور سنتے ہیں جناب ممدوح کی انتھک کوششوں کے نتائج ہیں۔ زندہ جاوید اصولوں کے مجسمہ ہونے کی حیثیت سے صاحب موصوف نے واضح کردیا ہے کہ خشک احکامات کے نفاذ سے نہیں بلکہ ایک شاہی کردار اور مقناطیسی شخصیت کی طاقت تاثیر سے عالم جمود میں تجدید حیات کی نئی لہر دوڑ جاتی ہے۔

ہمارا دوسرا خوشگوار فریضہ عالی جناب قاضی محمد حسین صاحب نائب معین امیر جامعہ عثمانیہ کا خیر مقدم کرنا ہے ہم آپ کو کرسی صدارت پر تمکن دیکھ کر جس قدر خوش ہوں کم ہے۔ جناب ممدوح کی جامع ہستی جامعہ عثمانیہ کے لئے ہی نہیں بلکہ ملک کے نوجوانوں کے لئے قابل تقلید ہستی ہے یقین کیجیے کہ ہم صرف زبان سے نہیں بلکہ دل سے آپ کی عنایت کے ممنون ہیں اور ساتھ ہی اس موقع کو غنیمت جان کر ارکان انجمن کی طرف سے آپ کی خدمت میں ہدیہ مبارک باد پیش کرتے ہیں۔ اس منصب جلیلہ کے آپ ہر طرح سے اہل تھے۔ جز رسی دور اندیشی، اور سب سے بڑھ کر بے تعصبی آپ کی امتیازی خصوصیات ہیں۔ جامعہ عثمانیہ کو سخت ضرورت تھی ایسے کار آموز اور تجربہ کار صدر کی جو روشن دماغ، ہمدرد، مدبر اور بے تعصب ہو یہ تمام خوبیاں آپ ہی میں پائی جاتی ہیں۔

بالآخر ہمارے ممتاز ناظم تعلیمات جناب فضل محمد خان صاحب کا میں شکریہ ادا کرتا ہوں جنکی موجودگی اور تعلیمی امور میں دلچسپی ہماری ہمت افزائی کا باعث ہے۔ جیسا کہ آپ سب جانتے ہیں صاحب موصوف نے ہمیشہ اس ریاست کی تعلیمی ترقی میں گہری دلچسپی لی ہے۔ اور مجھے یقین ہے کہ اس مخلصانہ اظہار خیال میں میں آپ سب کے جذبات و احساسات کی ترجمانی کر رہا ہوں کہ محض انہیں کی مشفقانہ سرپرستی اور امداد کی وجہ سے انجمن ترقی کر رہی ہے۔ اور اپنے نصب العین کے قریب ہوتی جا رہی ہے۔

حضرات۔ اس موقع پر مختصراً انجمن کے قیام کی غرض و غایت اس کے اصول و مقاصد آپ کے گوش گذار کرنا اپنا فرض سمجھتا ہوں۔ انجمن اساتذہ ۱۳۳۴ف میں مندرجہ ذیل مقاصد کی تکمیل کے لئے قائم ہوئی۔ یہ کانفرنس مختلف مدارس کے اساتذہ کو ایک جگہ جمع کرنے اور ان میں یکجہتی، میل و محبت اشتراک عمل اور فرض شناسی کا جذبہ پیدا کرنے کی حتی الامکان کوشش و سعی کرتی ہے، نئے اور مروجہ فن تعلیم کے اصولوں سے آگہی کے ذرائع فراہم کرتی ہے باہمی مشورہ اور باہمی تبادلہ خیالات سے مشکلات کو دور کرنے کی تجاویز پیش کرتی ہے۔ ماہرین فن کے مقالے سننے اور مقررین کے اثر آفرین اور سبق آموز خیالات سے مستفید ہونے کے مواقع بہم پہنچاتی ہے۔

اگر کانفرنس کے پچھلے آٹھ نو سال کی روداد دیکھی جائیں تو معلوم ہوگا کہ کانفرنس نے اپنے مقاصد کے حصول کی کیا کیا تدابیر کیں اور کیا کیا کارنمایاں کئے ہیں۔ کانفرنس نے..... اپنی پندرہ رپوٹوں کے ذریعہ سے جو مختلف کمیٹی کے ارکان نے نہایت عرق ریزی سے تیار کی ہیں اور لائق فاضل حضرات کے لکچر اور خطبات کے ذریعہ ایسا گراں بہا فنی ادب جمع کیا جس کو پڑھنے کی اگر زحمت و تکلیف گوارہ فرمائی جائے تو ہم جو آج غفلت اور جہالت کے شکار ہیں منزل مقصود کو پہنچ سکتے ہیں۔ کانفرنس قابل مبارکباد ہے۔ چونکہ اس نے صرف وہ کیا جو کرنا چاہیے تھا بلکہ اس سے کہیں بڑھ کر کیا۔ انجمن کا سہ ماہی رسالہ حیدرآباد ٹیچر ہندوستان کے ممتاز فنی رسالوں میں شمار ہوتا ہے انجمن کا کتب خانہ جدید کتب سے مالا مال ہے۔ سالانہ کانفرنس۔ سالانہ باغبانی کے مقابلے، سالانہ مشاعرہ، سالانہ نمائش، شتی اسباق اور سب سے بڑھ کر تعلیمی ہفتہ جو امسال منایا جا رہا ہے۔ انجمن ہذا کی مختلف النوع مصروفیات ہیں ٹیچرس کلب کا قیام ہمارے ہر دل عزیز، ہمدرد اور دور اندیش میر مجلس انجمن اساتذہ یعنی مولوی علی اکبر صاحب کی کوشش و سعی کا مرہون منت ہے آپ ہماری ہر تعلیمی جد و جہد اور مصروفیات کے

کے خضر راہ ہیں اور آپ کی ذات ستودہ صفات ہمارے لیے ایک سچے رہبر دوست اور فلاسفر کا حکم رکھتی ہے زائد از نصاب مصروفیات کی مستقل کمیٹی اور دوسری مصروفیات تعلیمی سیر و سیاحت اور کشافے کے مظاہرے ان سب سے ملک و قوم کو جو کچھ فائدہ حاصل ہوا اس کو اہل نظر بخوبی سمجھ سکتے ہیں۔

یہ سال انجمن کے لئے باعث صد افتخار ہے کیونکہ امسال نمائش تعلیمی کا افتتاح علیا حضرت شہزادی درشہوار دردانہ بیگم صاحبہ معظمہ مکرمہ نے باوجود مشاغل کثیرہ بنفس نفیس فرمایا جو ذرہ نوازی رعایا پروری علم دوستی علم نوازی کا بین ثبوت ہے اور جس کی وجہ سے اس انجمن کو چار چاند لگ گئے اس عزت افزائی اور تشریف آوری سے ہمیں جو مسرت ہوی ہے وہ ناقابل بیان ہے۔

حضرات تعلیمی مسائل یوں تو بہت ہیں لیکن۔ ان میں سے چند نہایت دلچسپ اور اہم ہیں جن کا اس موقع پر ذکر غالباً بے محل نہ ہوگا۔ ہمارا موجودہ معاشرہ جمہوری نصب العین کا ایک حد تک تابع ہو چکا ہے جس کے مضر یا مفید اثرات ہمیں اپنی گرد و پیش کی زندگی میں نظر آ رہے ہیں۔ ہمارا موجودہ معاشرہ ایک عجیب مرکب ہے۔ مادیت، افادیت روحانیت، اور توہمات کا، جمہوریت، شخصیت اور انفرادیت کی عزت اور احترام پر زور دیتی ہے، جمہوریت کا تقاضا ہے کہ ایسے نوجوان پیدا کئے جائیں جن کی طبیعتیں زندہ ہوں، جن کے جذبات تربیت یافتہ ہوں۔ جو حساس ضمیر اور ہمدرد دل رکھتے ہوں جو مائل ہوں اچھائیوں کی طرف اور متنفر ہوں برائیوں سے، اور جو دوسروں کے جذبات اور خیالات کی عزت کریں بقول افلاطون تعلیم کا اصل مقصد یہ ہے کہ انسان کو اس قابل بنا دے جس کی فطری صلاحیت اس میں موجود ہے رسکن کہتا ہے کہ تعلیم کا واحد مقصد انسان کی روح کو بہترین قوتوں کی رہنمائی ہے تاکہ نہ صرف وہ خود خرم رہ سکے بلکہ اپنی زندگی دوسروں کے لئے مفید بنا سکے آج کل کے ماہرین تعلیم کا بھی یہی نظریہ ہے کہ متعلم کو اس کی اہلیت اور صلاحیت کے موافق مکمل انسان بنانا چاہیئے۔ انسان میں کشادہ دلی۔ روشن خیالی۔ ہمدردی اور دیگر مفید اور کارآمد خصوصیات کو ترقی دینے کی کوشش و سعی کرنا چاہیے کیونکہ بغیر ان اوصاف کے وہ مکمل انسان نہیں بن سکتا اور نہ وہ اس نئے زمانہ میں زندگی بسر کر سکتا ہے۔ جہاں ہر چیز نہایت سرعت سے بدل رہی ہے۔ قدیم روایات اور رسومات اور قدیم طرز زندگی پر سختی سے حملہ کیا جا رہا ہے۔ سوسائٹی کی بنیادیں ہل چکی ہیں۔ اخلاقی اصولوں میں تبدیلیاں رونما ہیں اور ہر چیز کو ایک جدا زاویہ نظر سے دیکھا جا رہا ہے۔ ہمیں اپنے نوجوانوں کی تشکیل سیرت کے لیے ضرورت ہے کہ ایسے تعلیمی مشاغل اور مصروفیات فراہم کریں جو انھیں ایک آزاد شہری اور

جمہوری سماج کا ذمہ دار رکن بنا سکے۔ اور وہ اپنی ذمہ داریوں اور فرائض کو سمجھ سکیں۔ فرض شناسی، وقت کی پابندی، ضابطہ، تنظیم، محنت اور استقلال، راست بازی اور ہمدردی نہایت اہم خصوصیات ہیں جن کا پیدا کیا جانا لابدی ہے۔ تاکہ جہاں کہیں وہ جائیں جو کچھ وہ کریں مفید ہو نہ صرف ان کے لیے بلکہ سوسائٹی بھی ان کے اقوال اور افعال سے مستفید ہو سکے۔ انسان کی امتیازی شان یہ ہے کہ وہ خود سوچ سکے۔ اچھے اور بُرے کام کو جانچ سکے، اقوال اور افعال کی اضافی قدر و قیمت کو پرکھ سکے، اہم اور غیر اہم میں فرق کر سکے، اصل و نقل میں دھوکہ نہ کھائے اس کا قلب صحیح اور دماغ سلیم عارضی دلچسپیوں کی خاطر صحت کو خطرہ میں نہ ڈالے۔

حضرات! انسان کی سیرت، اس کے اعمال و کردار سب جبلی رجحانات پر منحصر ہیں۔ فطرتی جبلتوں کا اظہار ماحول اور دیگر اثرات کے تحت ہوتا ہے۔ لہٰذا ان ہی جبلی رجحانات میں ربط و ترتیب پیدا کرنا تشکیل سیرت ہے۔ مشاغل کی تنظیم ایسی ہو کہ طالب علم کے جبلی رجحانات مفید عادتوں میں مبدّل ہو جائیں۔ بچہ کی سیرت کی تشکیل مشاہدے، نمونے، تجربے، اور تعلیم سے ہوتی ہے۔ اس میں شبہہ نہیں کہ اس کے فطرتی میلانات کا اظہار تعلیم، نمونہ اور ماحول کے اثرات سے متاثر ہوتا ہے اور اس میں بھی کوئی شبہہ نہیں کہ سیرت کی نشو و نما بچپن میں میلانات طبعی کے ذریعہ سے ہوتی ہے لیکن جیسی جیسی عمر بڑھتی ہے تربیت اپنا اثر جماتی جاتی ہے۔ سن شعور کو پہنچنے پر مکمل سیرت تربیت کا حاصل ہوتی ہے۔ اوائل عمر ہی سے بچہ کو نشست و برخاست کے طریقے، غذا اور سونے میں باقاعدگی، غصہ کو روکنا، دوسروں کا خیال کرنا، خاطر و تواضع کے پسندیدہ اطوار پیدا کرنا، صحت بیانی، غیرت، راستی، محنت، انصاف پسندی، بزرگوں کی عزت، غریبوں اور بے کسوں کی اعانت شفقت اور ہمدردی، ان تمام مذکورہ اوصاف کی فطرت اور ضرورت شعوری اور لاشعوری، عملی اور علمی طور پر ذہن نشین کرنا والدین اور معلّم کا فرض ہے۔ استاد کی کامیابی کا دارومدار علم الاطفال اور جبلی رجحانات کے گہرے مطالعہ پر مبنی ہے۔

قابل غور اور اہم جبلتیں

جبلت نقل و تقلید بچپن سے سن شعور کو پہنچنے تک بلکہ یوں کہنا چاہیے کہ مہد سے لحد تک ہم کسی نہ کسی کی نقل کرتے ہیں۔ ہمارے جملے، زبان، الفاظ اور ان کا اشیاء سے تعلق نتیجہ ہے تتبع کا ہمارے افعال اور

اقوال نقل میں دیکھے ہوئے افعال کی سنے ہوئے اقوال کی، ہمارا لباس، غذا، اور طرز زندگی وہی ہے جو ہمارے گھر وطن یا جن سے ہم ذہنی اور دلی تعلق رکھتے ہیں ان کا ہے، تجدید اول تو ترمیم کا دوسرا نام ہے اور اگر تجدید ہو بھی تو وہ شاذ و نادر اور خال خال ہے۔

یہ امر مسلمہ ہے کہ حقیقی اور عملی تقلید سے قبل ذہنی اور دلی تقلید ہوتی ہے ٹارڈے نے تقلید کے متعلق چند نہایت دلچسپ قوانین مرتب کئے ہیں۔

۱۔ اُس کا خیال ہے کہ اقلیت اکثریت کی محکوم حاکموں کی، چھوٹے بڑوں کی، ماتحت عہدہ داروں کی نیم تربیت یافتہ مہذب اقوام کی تقلید کرتے ہیں۔

۲۔ لوگ ایسے افعال اور اقوال کی آسانی سے تقلید کرتے ہیں۔ جو دل کو لبھانے والے ہیں۔

۳۔ جن لوگوں میں پستی کا احساس ہوتا ہے وہ خواہ مخواہ اپنے سے متصورہ بلند تر ہستیوں کی نقالی کرتے ہیں۔

مشیخت یہ جذبہ انسان کو خود نمائی پر مجبور کرتا ہے۔ ناز، خود پسندی، خود نمائی، غرور، تکبر، مشیخت کی مختلف صورتیں ہیں۔ ہر شخص پر مشیخت کا بھوت سوار ہے۔ اسی کی بدولت انسان دولت، شہرت، عزت، ثروت اور طاقت کا شیدائی بنتا ہے یہ ہی جذبہ اس کو اطاعت، مصلحت، دوستی، رواداری، خدمت اور فرمانبرداری سکھاتا ہے لیکن جذبۂ مشیخت اگر گمراہ ہو جائے بھٹک کر کہیں سے کہیں نکل جائے تو یہی تجسس کی تمنا اس کو ذلت اور بدنامی، سرکشی اور غداری دشمنی اور نافرمانی کے قعر مذلت میں اوندھے منہ گراتی ہے۔

تعمیر و تخریب یا جبلت عمل یہ جبلت جو تقاضائے عمل ہے ہر بچہ میں موجود ہوتی ہے۔ اس جبلت کے عملی صفات استقلال، محنت جرأت اور حوصلہ ہیں۔ اس کی تربیت کے لیے وسائل کی تنظیم۔ مادی اور نفسی حالات کو قابو میں لانا ضروری ہے۔ نیک کام کے لئے محض نیک دل نہیں بلکہ تخیل کی وسعت، حالات کی واقفیت اور عمل کی صلاحیت بھی درکار ہے۔ معاملہ فہمی کا مادہ ہمدردی اور فراخ دلی جذبہ تعمیر و تخریب کے رشتہ میں اسی طرح منسلک کر دئے جائیں کہ ایک دوسرے کے لئے لازم و ملزوم ہو جائیں تاکہ اپنے مفاد کے ساتھ دوسرے کا مفاد مدنظر رہ سکے۔ پروفیسر ڈیوئی تعمیر و تخریب کے جذبہ کو معہ اس کے لوازمات کے قوت عمل یا کارکردگی کے نام سے منسوب

کرتا ہے اور اپنے فلسفہ تعلیم مینی پر وحکبٹ میتھڈ کی تمام وکمال بنیاد اسی پر رکھتا ہے۔

ہمدردی برٹرنڈرسل۔ زیادہ زور جذبہ ہمدردی پر دیتا ہے۔ اس کا خیال ہے کہ جذبۂ ہمدردی جبلّت گروہ بندی کے لیے لازمی ہے۔ اور اس کی تربیت اولیٰ ہے انفرادی اور اجتماعی احساسات، جذبات اور خیالات کا احترام کرنا، ایک کی تکلیف سے دوسرے کا تکلیف محسوس کرنا، اور ایک کی مسرت سے دوسرے کا مسرور ہونا، ونیز گردوپیش کی اچھی اور بری، خوشگوار اور ناگوار چیزوں سے مناسب طور پر متاثر ہونے کی صلاحیت اپنے میں پیدا کرنا اصل ہمدردی ہے۔ اور ہمدردی ہمہ گیر اس وقت ہو جاتی ہے۔ جب احساس اور اثر نہ صرف دکھ دیکھ کر بلکہ دکھی انسانوں کے حالات معلوم کر کے پیدا ہو اس سے تہذیب نفس اور ذوق جمال کی تربیت بھی ہوتی ہے۔

تشکیل سیرت کے ذرائع

تربیت جبلّت ہم یقین کے ساتھ کہہ سکتے ہیں کہ جبلت انسان میں مثل دیگر حقیر جانوروں کے ایسی نہیں ہوتی کہ جس کی تربیت نہ ہو سکے بلکہ اس کی تشکیل اور تربیت بڑوں کے نشار کے موافق ہو سکتی ہے جبلت کی یہ صلاحیت تربیت اطفال کا اساسی اصول ہے جس کی واقفیت اولیاء اطفال اور اساتذہ صاحبان کے لیے ازبس ضروری ہے۔

تشکیل سیرت کے مختلف النوع ذرائع

جسمانی سزا عام اور ایک حد تک غیر موثر طریقہ تربیت جبلت کا جسمانی سزا ہے یعنی جب کبھی بچہ سے نازیبا حرکات سرزد ہوں اس کو جسمانی سزا دی جائے۔

جسمانی سزا کا اساسی اصول یہ ہے کہ لذت، عمل اور تکرار عمل کا باعث ہے اور دکھ ترک عمل کا سبب ہوتا ہے ماں خفا ہو کر باپ غصہ ہو کر، استاد مار کر بچہ کو تنبیہ کرتے ہیں اور وہ اس کی تاب نہ لا کر اپنے رویہ کو بدل دیتا ہے معاشری دباؤ اور سیاسی قوانین بھی جبر و تشدد کی ذہنی اور قانونی شکلیں ہیں۔

جسمانی سزا وقتیہ اور فوری انسداد کا حربہ ضرور ہے۔ لیکن کسی قسم کی بھی جسمانی سزا ہو بہمیت ہے اور یہ قطعی بربریت ہے کہ بڑوں کی جسمانی قوت کمسن بچوں کی سیرت سازی کے لیے استعمال کی جائے۔

مشق و تکرار عمل اور ترک عمل بچوں کا ماحول اس طرح کا بنانا چاہیے کہ ان کو سوائے جائز افعال کے ممنوعہ افعال کے دیکھنے، سننے اور تقلید کرنے کا حتی الوسع موقع نہ ملے غیر موزوں اشخاص اور ان کے زہریلے اثرات سے حتی الامکان بچوں کو محفوظ رکھنا چاہیے۔ اچھے نمونے ان کی نظروں کے سامنے ہوں کیونکہ نمونے اور مثال سے وہ بہت جلد اور لاشعوری طور پر سیکھتے ہیں نمونے اور مثال میں ایک جاذبی قوت ہوتی ہے۔ اور اس کا اثر ہزاروں نصیحتوں اور کتابوں سے بڑھ کر ہوتا ہے علاوہ بریں معلم کو چاہیے کہ زیادہ سے زیادہ مواقع اچھے اور مفید کام کرنے کے بچوں کے لیے مہیا کرے جن کو سماج اچھا سمجھتی ہو۔ تکرار عمل کا نتیجہ یہ ہوگا کہ اعصاب اچھے کام کرنے کے عادی ہو جائیں گے معلم کو چاہیے کہ سیرت کے مختلف پہلو دل نشین انداز میں درسوں کھیلوں بحثوں تقریبوں اور دوسرے موقعوں پر بتائے۔ نمایاں سیرت اور شخصیت کے اشخاص کو مدعو کرے ممتاز شخصیتوں کے سوانح نمونتاً ان کے سامنے پیش کرے۔ اخبار اور رسائل سے چن کر اچھی سیرت کے واقعات سنائے۔

ابدال سب سے زیادہ موثر طریقہ تربیت جبلت کا ابدال ہے۔ جس کے ذریعہ نامناسب کردار کا رخ مناسب کردار کی طرف پھیرا جا سکتا ہے مثلاً قانون شکن جماعتوں کو راہ راست پر لانے کا واحد طریقہ یہ ہے کہ گروہ بندی کی جبلت کا اعتراف کرتے ہوئے انسانوں کے شایان شان معقول معیار زندگی کے مطالبات پورے کئے جائیں ذرائع معاش مہیا کئے جائیں پارک بنائے جائیں کھیل کود اور دوسری دلچسپیوں کے سامان مہیا کئے جائیں۔ کتب خانہ اور عجائب خانے کھولے جائیں۔ تفریح گاہیں قائم ہوں جن کو منظم کر کے ان قانون شکن جماعتوں کو امن پسند شہری بنایا جا سکتا ہے۔ جنگ و جدل کی جبلتوں کی تربیت سب سے زیادہ اہم ہے بجائے آپس میں لڑنے جھگڑنے کے فرقہ وارانہ خون ریزی کے منظم مقابلہ کے کھیلوں کے ذریعہ سے فوج اور مدارس میں برائیوں سے لڑنا، اپنے نفس سے جنگ کرنا، مشکلات کا ہمت اور جرأت سے مقابلہ کرنا نیچر پر اپنی ذہنی اور عقلی قوتوں سے قابو پانا سکھایا جا سکتا ہے۔

موجودہ زمانہ میں تشکیل سیرت خصوصاً مدارس میں علاوہ دیگر ائد از نصاب مصروفیات کے اسکاؤٹنگ یا کشافہ کے ذریعہ سے ہوتی ہے۔ کشافہ نوجوانوں کو قوی تندرست، اور طاقتور بنانے کا ایک بہترین ذریعہ ہے ہمارا اصلی مقصد آدمی کو ضمیر کی آزادی کے ساتھ انسان بنانا ہے تاکہ ہر فرد میں وسعت نظر، اخلاقی جرات اور عزت نفس پیدا ہو۔

حضرات! اس نہج پر تعلیم کو منظم کرنے کے بعد ہمارے نوجوان راست باز، صاف گو، محبت شعار اور آزاد ہوں گے صحیح معنی میں ادب اور فنون لطیفہ سے محظوظ ہوسکیں گے فطرت کے دلفریب مناظر سے لطف اندوز ہوسکیں گے ان میں خارجی مقاصد اور مادی منافع کے ساتھ ساتھ نفس کا تجزیہ کرکے اپنی زندگی کا جائزہ لینے کی قوت پیدا ہوگی۔ ان میں اتحاد عمل کے ساتھ ایک مشترک غرض کے لئے کام کرنے کی صلاحیت پیدا ہوگی۔ حکومت کی قابلیت اور اطاعت کی استعداد ہوگی اور اس طرح وہ متحد ہوکر اتحاد باہمی اور اشتراک عمل کا سبق سیکھیں گے۔

حضرات! اس اعلیٰ مطمح نظر کے تحت ہمیں اپنے سرگرم، جوشیلے اور فرض شناس اساتذہ صاحبان سے قوی توقع ہے کہ وہ ملک اور مالک کی جوش عمل سے خدمت انجام دیتے رہیں گے

اب میں اپنے اس مقالے کے اختتام پر عالی جناب صدر کانفرنس اور معزز مہمانوں کا مکرر شکریہ ادا کرتے ہوئے اور اس سمع خراشی کی معافی چاہتے ہوئے اس دعا کے ساتھ رخصت ہوتا ہوں کہ ہمارے آقائے ولی نعمت تاجدار دکن حضرت سلطان العلوم حضور پرنور بندگان عالی متعالی مدظلہ العالی کا سایہ عاطفت ہمارے سروں پر مدت مدید تک قائم و دائم رہے۔

خطبۂ صدارت

دسویں سالانہ کانفرنس منعقدہ ۱۱-آذر ۱۳۴۶ف / ۱۶ر اکتوبر ۱۹۳۶ء

از

جناب قاضی محمد حسین صاحب ایم۔اے۔ال ال۔بی (کینٹب) نائب معین امیر جامعۂ عثمانیہ

انجمن اساتذہ کی اس دسویں سالانہ کانفرنس کی صدارت کے لیے مجھے منتخب کرکے جو عزت افزائی میری فرمائی گئی ہے اس کا پورا احساس میرے قلب میں موجود ہے۔ جب مجھے اس اجلاس کی صدارت کی دعوت دی گئی تو میں نے اس کے قبول کرنے سے اپنی معذوری کا اظہار کیا تھا' اس لیے کہ مجھے یقین کامل تھا اور ہے کہ حیدرآباد میں اس شرف کے مجھ سے زیادہ مستحق حضرات موجود ہیں۔ جب میں ان جلیل القدر ہستیوں کا خیال کرتا ہوں جو سابق میں اس منصب پر فائز رہ چکی ہیں تو مجھے ان کے زمرہ میں شامل ہوتے ہوئے ایک طرح کا حجاب سا محسوس ہوتا ہے۔ بہرحال میں انجمن اساتذہ کا نہایت ممنون ہوں کہ انہوں نے اپنی کانفرنس کی صدارت کے لیے اس سال مجھ جیسے ایک غیر معروف شخص کا انتخاب کیا۔

انجمن اساتذہ کے اراکین کے ساتھ میری وابستگی اور میرے روابط بہت گہرے قسم کے ہیں' اسی لیے انہیں مخاطب کرنے کا جو موقع مجھے اس وقت حاصل ہو رہا ہے' اسے میں بہت قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہوں۔ میں فطرتاً' نیز ملازمت کے اعتبار سے خود بھی ایک استاد ہی ہوں' انتہائی مشغولیت اور کثرت کار میں بھی میں نے درس و تدریس کے ساتھ اپنا تعلق قائم رکھا ہے۔ روزمرہ کے کاموں کی کشمکش اور متعدد انتظامی فرائض کے ہجوم میں مجھے کمرۂ درس کی نسبتہً ہلکی مشغولیتوں میں ایک طرح کی تفریح اور تبدیلی اور ایک قسم کا سکون محسوس ہوا ہے۔ کمرۂ درس بھی واقعی ایک عجیب بلند پایہ مقام ہوتا ہے' جہاں استاد کی حکومت مسلم ہوتی ہے' اور جو اس کے اور پورے قوم کے مستقبل کے مواقع کا گہوارہ ہوتا ہے۔ اس کی معمولی نشستوں پر کل کے ہونے والے افراد بالغہ افراد ماتحت دنیا کے آئندہ شہری ایسے حالات میں دوش بدوش بیٹھے ہوئے نظر آتے ہیں کہ استاد کے الفاظ' اور اس کا اثر عین اس زمانے میں جب کہ انسانی دماغ انتہا درجہ کا اثر قبول ہوتا ہے، اس دماغ کی تشکیل کرتا گویا اسے سانچہ میں ڈھالتا ہے۔ ارثی خصائص میں جو ناگزیر تاثیر ہوتی ہے' اور اس سے انسانوں کی زندگیاں جس حد تک

متاثر ہوتی ہیں، اس سے قطع نظر کرکے، اگر ہم آیندہ کی امیدوں کو صرف اکتسابی خصائص اور خارجی تربیت کے ساتھ وابستہ کریں (اس لیے کہ مدارس اور ضبط تعلیمی کی ساری کائنات یہی ہیں) تو ماننا پڑیگا کہ وسیع معنوں میں کمرۂ درس اور اس کے پورے ماحول میں جو قوت مضمر ہوتی ہے، اور اس کا جو اثر پوری قوم کی زندگی پر مترتب ہوتا ہے، اس کا صحیح اندازہ لگانا حیطۂ امکان سے باہر ہے۔ یہ امر بڑی حد تک صحیح ہے کہ اگر آپ ماہرین موسیقی کی ایک قوم پیدا کرنا چاہتے ہیں، یا شجاعت اور جرأت والے انسان یا ایسے انسان پیدا کرنا چاہتے ہوں جن کے دل و دماغ پاک اور اعلیٰ مقاصد میں ڈوبے ہوئے ہوں، تو اس کے لیے بہترین مقام کمرۂ درس ہی ہے جہاں جاکر آپ کو مدرس کی شخصیت سے کام لینا چاہیے آج دنیا کی تمام زندہ اقوام کمرہ درس کے حالات اور مدرس کے خصائص میں انتہائی گہری دلچسپی لے رہی ہیں۔ استاد سے یہ توقع کی جاتی ہے کہ وہ سیرتوں اور زندگیوں کی تشکیل کرے اس کی ذمہ داری بہت بڑی ہے تعلیمی کی کئی کئی پشتیں اس کے ہاتھوں سے نکل نکل کر، اس کے اثر و ذہن اور سیرت کا نقش لیے ہوئے دنیا میں قدم رکھتی ہیں۔ اب یہ محسوس کیا جارہا ہے کہ جس شخص کی استعداد محدود اور دائرہ نظر تنگ ہوگا، اس کی ان خامیوں کا عکس اس کے نوخیز مخاطبین پر بھی ضرور پڑیگا، برخلاف اس کے جو شخصیتیں اپنے اندر فن، سائنس یا کسی قسم کے ہنر میں فضلیت اور شرف کے جوہر رکھتی ہونگی۔ وہ جوہر قابل پاکر اس میں علم اور سرگرمی کا ایسا شعلہ روشن کردینگی جس سے دوسرے طبائع بھی کسب نور کریں گے، اور دانش و تفکر کی قوتیں حاصل کریں گے اس طرح سے ایک فرد واحد کی خوبیاں بڑھ کر اور پھیل کر ایک پورے حصۂ ملک کو اپنی آغوش میں لے لینگی۔ جو قومیں کامل ترین قوت اور بصیرت کے ساتھ اپنی زندگی بسر کرنا چاہتی ہیں، وہ اپنے مالی ذرائع کا ایک ایک حبہ تک اس جستجو میں خرچ کرنے سے دریغ نہیں کریں گی کہ جہاں کہیں سے بھی ممکن ہو کوئی ایسا شخص ہاتھ آئے جو اپنے انفاس کی برکت سے نونہالان قوم میں معرفت و حکمت کی روح پھونک دے۔ ہمارا خاص الخاص مقصد یہ ہونا چاہیے کہ ایسے لوگوں ہی کی جستجو کریں خواہ اس میں ہماری ساری پونجی ہی کیوں نہ صرف ہو جائے۔ اگر اس تلاش میں کامیابی ہوئی تو دوسرے لوازمات، عمارتیں، ساز و سامان، طلبا سب خود بخود پیدا ہو جائیں گے۔ دنیا کے تمام حکمت کدے اسی طرح وجود میں آئے ہیں۔ اور اپنے اساتذہ کی زندگیوں اور ان کے کام کے طفیل میں مشہور ہوئے ہیں۔ لیکن یہ امر لحوظ

خاطر رہے کہ جوہر قابل کو روپیہ آنے پائی کی میزان میں نہیں تولا جا سکتا۔ بلند پایہ ہنرمندوں کا اپنے علم اور اپنے ماحول کے تعلقات دونوں کے متعلق ایک خاص نصب العین ہوتا ہے۔ بلند مرتبہ شخصیت خود نمائی اور خود یابی کے مواقع کے مقابل میں اجرت کو ہمیشہ ایک کم درجہ کی چیز سمجھتی ہے۔

ابتدائی بارہ مہینے کمرۂ درس اور استاد کی گراں بہا امانت اصل میں بچہ ہے۔ دنیا کے تمام ذرائع اور سارے مساعی اس کی صحیح تعلیم کے لیے وقف کر دیے جاتے ہیں۔ بچہ کی تعلیم اس کے پیدا ہوتے ہی شروع ہو جاتی ہے۔ اس تعلیم کے ابتدائی بارہ مہینے خاص طور پر نازک اور اہم ہوتے ہیں، اور اس کی آیندہ زندگی کی تشکیل پر جس کے امکانات کا احصا تقریر اور تحقیق کے دائرے سے خارج ہے ان کے گہرے اثرات پڑتے ہیں۔ یہ نو وارد مہمان دنیا میں قدم رکھتے ہی بالکل ہی نئے حالات سے دوچار ہوتا ہے اس کے ذہن پر کمال سرعت کے ساتھ نئے نئے ارتسامات ہوتے ہیں۔ اگر اس نئے مہمان کو اپنے نئے مسکن میں ٹھیرنا اور اس میں بہ آسانی بسر کرنا ہے، تو ضروری ہے کہ نئے ارتسامات کے جوابی اعمال بھی جلد جلد ظاہر ہوں اور نئے حالات کے ساتھ ساتھ جلد از جلد توافق پیدا ہو۔ شروع ہی سے بچہ قدرت کی طرف جبلتیں اور اضطرارات لئے ہوئے پیدا ہوتا ہے اور یہ حیرت انگیز سرعت کے ساتھ پختہ ہو کر عادت کی صورت اختیار کر لیتے ہیں یہی عادتیں کسی فرد کی آیندہ سیرت کی اٹل بنیادیں ہوتی ہیں۔ قدرتی عناصر مثلاً روشنی، اندھیرا، شور، حرکات، اشیا وغیرہ معصوم دماغ کو متضاد ارتسامات کے نرغہ میں لے لیتے ہیں، اور شروع میں بچہ کی زندگی کو دشوار اور تکلیف دہ بنا دیتے ہیں۔ اس نوبت پر ضروری ہے کہ علم اور عقل کی روشنی میں انسانی محبت اور ہمدردی اس نو وارد کی دستگیری کرے اور اس کی ابتدائی تکالیف کو رفع کرے بچہ کی یہ حالت سراسر بے بسی اور بے چارگی کی ہوتی ہے، پورے حالات کو کما حقہ سمجھ کر، جو چنداں آسان کام نہیں ہے، کامل حزم و احتیاط کے ساتھ اس کی جسمانی ضروریات کی تکمیل کرنی پڑتی ہے۔ یہ حزم و احتیاط دن رات کے چوبیس گھنٹوں میں مسلسل کرنی پڑتی ہے، اور حقیقت یہ ہے کہ اس سے پوری طرح عہدہ برآ ہونا صرف اس راسخ اور قوی جبلت ہی کی وجہ سے ممکن ہے جو محبت پر مبنی ہو۔ بچہ کی اس زمانے کی حالت کچھ عجیب پُراسرار ہوتی ہے، اس کا رونا اور اس کی حالت بس انہی دو باتوں سے اندازہ کرنا ہوتا ہے، اور ان کی تحلیل کرنے اور ان کے سمجھنے کے لیے اعلیٰ درجہ کی

فراست کی ضرورت ہوتی ہے قطع نظر اس کے دیکھ بھال اور ماتا میں مناسب اعتدال بھی قائم رکھنا ہوتا ہے اس لیے کہ ہر قسم کی افراط و تفریط راسخ ہو کر عادت کی شکل اختیار کر لیتی ہے، اور بعد میں جبلت بن کر پوری قوت اور استحکام کے ساتھ کارفرما ہوتی ہے۔ یہ زمانہ اپنے اندر گہری تعمیر رکھتا ہے۔ اس لئے کہ صحت کی بنیادیں اسی زمانے میں رکھی جاتی ہیں، مزاج اور سیرت کے چربے بھی اسی زمانے میں قائم ہوتے ہیں، غرضکہ ننھا سا انسان پیدا ہو جاتا ہے۔ جزئیات کے بارے میں انتہائی احتیاط کی ضرورت ہوتی ہے۔ آیندہ زندگی کو با اصول بنانے کے لیے ابھی سے پابندی اور باقاعدگی کی ضرورت ہے۔ اس زمانے میں کوئی غیر معمولی بات واقع نہ ہونے دی جائے، بلکہ ہر چیز واقعات کی معمولی رفتار کے ساتھ مطابق اور ہم آہنگ ہو۔ ذہنی استعدادوں اور خوشگوار یوں کو جیسے جیسے وہ بروے کار آتی جائیں، قدرتی طریقہ پر تقویت دیجائے، لیکن ان کے نشو و نما کی رفتار میں کوئی مزاحمت نہ ہونے پائے۔ ماتا حد سے متجاوز نہ ہو، بچہ کی ناز برداری ضرورت سے زیادہ نہ ہو، ورنہ اس جبلت کا بیج آگے چل کر پھوٹے گا۔ جو لوگ بچہ کی حوائج کی تکمیل کے ذمہ دار ہیں ان کی طرف سے بھولے سے بھی خوف کا کوئی اشارہ ظاہر نہ ہو، ورنہ خوف کا جو سرچشمہ اس کچی عمر میں پھوٹے گا وہ عجب نہیں کہ آیندہ زندگی میں اور پھیل جائے۔ بچے کے قویٰ محدود ہوتے ہیں، لیکن اس کی ذہنی کائنات وسیع ہوتی ہے، ایک سال کے اندر وہ اتنا کچھ اور اس حیرت انگیز سرعت کے ساتھ اور ایسے مستقل طور پر سیکھ لیتا ہے کہ آیندہ زندگی کے کسی دور میں اس کی نظیر ملنی ناممکن ہے۔ اس کے وجود کے اس نازک دور میں ماں اس کی معلمہ ہوتی ہے۔ قدرت اس زمانے میں ماؤں میں ایسی جبلتیں ودیعت کر دیتی ہے جو بچہ کی جبلتوں کی پوری طرح ہمنوا ہوتی ہیں۔ یہ حصہ اور یہ شرف ماؤں کا ہی ہے وہ بنی نوع انسان کو خصوصاً زندگی کے اس نازک دور میں پروان چڑھتے دیکھتی ہیں۔ حیات انسانی کے صدہا سال سے مائیں دن اور رات اپنی امانت کی حفاظت کرتی آئی ہیں۔ اس بارے میں ان کی ریاضت اور ان کا صبر فوق الانسانی اور شان ربانی کا مظہر ہے اور یہ تصور دنیا کے حالات کا ہے کہ انھیں اپنے اس ذمہ دارانہ کام سے کماحقہ عہدہ برآ ہونے کے لیے ضروری علم اور فراست کا سرمایہ نہیں دیا جاتا۔

عورت عورت ہی نسل انسانی کا سرچشمہ ہے۔ حالات زندگی سدراہ بن کر اسے

اس کے مواقع سے پوری طرح بہرہ اندوز نہیں ہونے دیتے، اور حصول علم اور تربیت ذہنی کے فوائد اس کے حق میں محدود کر دئے گئے ہیں۔ وہ اپنی ذمہ داریوں کی گراں باری کی وجہ سے ابھرنے نہیں پاتی۔ اس سے اس کی بساط سے زیادہ کی توقع کی جاتی ہے، اور اس کی حالت کی اصلاح کے لیے جتنا کچھ کرنا چاہیے وہ نہیں کیا جاتا۔ بنی نوع انسان کا آدھا حصہ مدرسہ جاتا ہے اور آدھے کے لیے مدرسہ کے دروازے بند ہیں۔ ایک ایسا معاشرہ جس کے نصف ارا کین تو تعلیم و تہذیب کی بیشتر سہولتوں کی وجہ سے زندگی اور فکر کے متعلق اعلیٰ درجہ کے ذہنی نصب العین قائم کرتے ہیں، لیکن بقیہ نصف نسبتہً جہالت میں ڈوبے ہوئے ہوتے ہیں۔ وہ آخر میں چل کر سوء اعتدال کی حالت پر پہنچ جائے گا۔ ان نتائج کے قطع نظر، حالات زمانہ کی سخت گیری کی وجہ سے، وہ اپنی ان غیر محدود ذمہ داریوں سے بھی پوری طرح عہدہ برآ نہیں ہو سکتی۔ جن پر نسل کی آئندہ فلاح و ترقی منحصر ہے۔ صرف یہی نہیں ہے کہ اس کے لیے تعلیم کے مواقع محدود کر دئے گئے ہیں، بلکہ فی زمانہ ایسے حالات بھی نظر آتے ہیں جن کے باعث اس کی آزادی، اور زندگی سے پوری طرح تمتع حاصل کرنے میں بھی رکاوٹیں پیدا ہوتی ہیں۔ جن سے اس کی صحت جسمانی پر مضر اثر پڑتا ہے اور آئندہ اولاد آدم کو ان نتائج کا خمیازہ بھگتنا پڑتا ہے، اس کی جان داری اور تنومندی بتدریج کم ہوتی جاتی ہے، اور یہ سلسلہ قائم ہوتا جاتا ہے، حتیٰ کہ ایک وقت ایسا آتا ہے جب کہ بنی آدم کے ان اعضاء کا نشوونما قطعاً مسدود ہو جاتا ہے۔ جو اولاد ان حالات کی آفریدہ ہو اس سے یہ توقع رکھنا کہ۔ وہ آزاد حالات زندگی میں پیدا ہونے والے بچوں کے ہمدوش ہو، بلکہ ان سے بھی سبقت لے جائے، ہرگز قرین انصاف نہیں۔ خود قدرت نے بھی عورتوں کے حق میں ظلم سے کام لیا ہے، زندگی کی حسب دخیز میں وہ گلے میں پتھر باندھ کر شریک کی گئی ہے۔ "انسان کا فرض ہے کہ وہ اس بات کا خیال رکھے کہ قدرت نے جو بوجھ عورتوں پر ڈالا ہے، اس میں ایک ذرہ کا بھی اضافہ نہ ہونے پائے اور عدم مساوات کے گناہ میں بے انصافی کے گناہ کا اضافہ نہ ہونے دیا جائے۔" خواہ تعلیمی طریقہ استعمال کئے جائیں یا کوئی اور طریقے، جب تک عورت کی حالت کی اصلاح نہ ہو گی بنی نوع انسان کی حالت کی بہتری کی بھی کوئی امید نہیں ہو سکتی۔

بعد کے پانچ سال اب ہم بچہ کی زندگی کے آئندہ پانچ سال پر نظر ڈالتے ہیں عام طور پر

یہ رائے ظاہر کی جاتی ہے کہ چھ سال کی عمر کو پہنچنے تک بچہ کی اخلاقی تعلیم مکمل ہو جانی چاہیے جب ابتدائی بارہ مہینے صحت اور خوشی کے ساتھ گذر جائیں تو بچہ زندگی کے نسبتہً آسان اور راستہ پر پڑ لیتا ہے چلنے اور بات چیت کرنے سے آزادی کے نئے دروازے کھل جاتے ہیں۔ اور اس عمر میں تجسس لامحدود ہو جاتا ہے۔ ان چیزوں سے معلم کو نئے مواقع ہاتھ آتے ہیں۔ بچہ ہر لمحہ معمولی نظری اصول اپنے قوی اور دائرہ نظر کو بڑھاتا رہتا ہے اور معلم مناسب موقعوں سے فائدہ اٹھا کر فریبانہ اثر آفرینی اور پرخلوص ہمدردی کے ذریعے اچھی عادتوں کو ترقی دیتا ہے لیکن اپنی ان نئی جولانیوں میں گو بچہ کا ڈر ہوتا ہے جیسے جیسے اس کی نازک قوتیں فطرت کی قوتوں سے متصادم ہوتی ہیں اس میں بعض اور قسم کے ڈر بھی پیدا ہو جاتے ہیں مثلاً اندھیرے اور پرچھائیوں کا خوف، شور کا خوف، تحرک اشیا کا خوف، اجنبی اشخاص اور پراسرار اور محیر العقول حالات کا خوف وغیرہ۔ زندگی کے اس دور میں تربیت کا بنیادی اصول یہ ہونا چاہئے کہ ہر قسم کے خوف کو بچہ کی زندگی سے خارج کر دیا جائے۔ اس کی مسرتوں اور خوشیوں کو روزانہ آغوش فطرت میں نشوونما پانی چاہیے لیکن جب یہ معلوم ہو جائے کہ کسی قسم کا خوف بھی اس کی سطح شعور کی تہہ میں سرایت کر گیا ہے تو اس کے خلاف تمام حربے اور تمام حکمتیں مثلاً تعریف، الزام، اثر آفرینی، ہمسنوں کی صحبت وغیرہ خوف کی بیخ کنی کے لیے استعمال کئے جائیں اور جب تک اس بات کا کامل یقین نہ ہو جائے کہ خوف تحلیل ہو چکا ہے، اور اب بچہ کی طبیعت اور اس کی روح، سبب خوف کی طرف سے پوری طرح مطمئن اور پرسکون ہے، اس وقت تک تدبیر میں کمی نہ کی جائے۔ اس حالت کی تدریج اصلاح کرنے میں اگر کئی دن بلکہ کئی مہینے بھی صرف ہو جائیں تو بھی کوئی مضایقہ نہیں۔ خوف کے تمام اسباب کا سدباب اسی طریقے سے کرنا چاہیے۔ خوش قسمتی سے اس عمر کے خوفوں میں سے بیشتر مکتسب، اور بہت کچھ جبلی ہوتے ہیں، لیکن خوف مکتسب ہو یا جبلی، نوخیز زندگیوں سے خوف کی بیخ کنی ہر ممکنہ طریقے سے کرنی چاہیے۔ غیر عقلی خوفوں کو ختم کر دینا چاہیے۔ سب سے بڑی چیز یہ ہے کہ مدرس یا اور کوئی شخص جو بچہ کا ذمہ دار ہو خود بھی کسی قسم کے خوف کا اظہار نہ کرے ورنہ اس کے جذبہ کا عکس بچہ پر ضرور پڑے گا۔ سیرت کے ہر قسم کے اختلال کی اساسی وجہ خوف کا وجود ہی ہوا کرتی ہے، بلکہ جہاں خوف ہو، وہاں سیرت پیدا ہی نہیں ہو سکتی۔ ہمہ قسم کے توہمات، مجہولیت کے اسباب

دماغ کی غیر عقلی کمزور حالتیں ان سب کی جڑیں جذبۂ خوف ہی کے اندر پائی جاتی ہیں۔ معاشرہ میں اندرونی کشاکش کی جو بیداز فہم رو دیں نظر آتی ہیں۔ نیز بنی نوع انسان کے مظالم اور جنگ و جدال، ان سب کی آخری اساس خوف ہی ہے۔ اس علت کو دور کر دیا جائے تو جرارت، جانداری، حوصلہ مندی اور ذہانت کے نشو و نما کے موافق حالات پیدا ہو جائیں گے، اور انہی چیزوں کا پیدا کرنا در اصل تعلیم کا اصل مقصد ہونا چاہیے۔ جرارت جملے جملہ اجزائے سیرت پر فضلیت حاصل ہے، ضبط نفس اور ارادی قوت کے تحت استعمال ہونی چاہیے، اور وہ ہر حالت میں ایک اچھی صفت ہے، لیکن جو جرأت ضبط نفس کے علی الرغم ہو وہ عصبی اختلال پیدا کرتی ہے، کوشش یہ ہونی چاہیے کہ بچہ کی سیرت میں اچھی عادتوں اچھے افعال کی تدریجی نشو و نما سے جرارت ذہنی پیدا کی جائے، لیکن اس کی آزادی یا اس کی والہانہ فعلیت میں کسی قسم کی خلل اندازی نہونے پائے۔

بستانی مدرسہ شروع کے چھ سال کا زمانہ مدرسہ کی عمر میں داخل نہیں ہوتا۔ تعلیمی نظاموں میں اس کی کوئی رعایت نہیں رکھی جاتی، اس عمر میں گھر کا اثر ہی کافی سمجھا جاتا ہے۔ اور اس میں کوئی شک نہیں کہ بہترین خاندانوں کو اس بارے میں بڑے موقع حاصل ہوتے ہیں جس چیز کی ضرورت ہوتی ہے وہ یہ ہے کہ گھر میں فراست اور مفید معلومات کے ساتھ بچہ کی دیکھ بھال محبت کے ساتھ کی جائے۔ غالباً خوش حال گھرانوں میں اس بارے میں بہت کچھ کیا جا سکتا ہے، لیکن کچھ قدرتی مشکلات بھی ہوتی ہیں۔ ممکن ہے کہ والدین سمجھدار ہوں، اور ضروری معلومات بھی رکھتے ہوں، لیکن عدیم الفرصت ہوں، یا گھر میں ہمسنوں کی صحبت میسر نہ آسکے۔ چھوٹے گھرانوں میں اس کا خطرہ ہوتا ہے کہ بچہ لاڈ پیار سے خراب نہ ہو جائے۔ علاوہ بریں والدین سے جزئیات کی اس مہارت، واقفیت اور تجربہ کی امید بھی نہیں کی جا سکتی جو اس عمر میں تربیت کے لیے ضروری ہوتا ہے اس زمانہ عمر میں جو بچہ کی زندگی میں بے حد اہم ہوتا ہے مسلسل صبر، چوکسی اور سمجھ بوجھ کر اثر آفرینی کی ضرورت ہوتی ہے۔ تب کہیں جا کر بچہ میں مسرت بخش اور مفید عادتیں قائم ہوتی ہیں۔

اس عمر کے لیے جو تعلیم ضروری ہے وہ ان مدارس میں حاصل کی جا سکتی ہے جنھیں "بستانی مدارس" کہتے ہیں۔ دو سے چھ سال کی عمر تک کے بچے ایسے مدارس میں پورا دن یا دن کا کچھ حصہ گزارتے ہیں وہاں ان کی صحت، غذا، آرام، کھیل، مہارت، ذہانت غرض کہ علمی اصولوں پر ہر جہتی نشو و نما کا

انتظام کیا جاتا ہے بعض ممالک میں اس قسم کے مدارس سے نہایت اچھے نتائج رونما ہوئے ہیں اور بہت غریب گھرانوں کے بچے بھی عمدہ اور اچھے ہاتھ پاؤں والے بنا دئے گئے ہیں۔ "ایسے مدارس میں تعلیم پائے ہوئے بچے، بیدار ذہن، ملنسار اور زندگی اور نئے تجربات کے شوقین ہوتے ہیں"، وہ باغبانی پودوں اور جانوروں کی حفاظت سے بھی تھوڑے بہت واقف ہوتے ہیں، وہ نہ صرف اپنی بلکہ اپنے سے کم عمر والے بچوں کی بھی مدد کرتے ہیں، کھیلتے کودتے، اور بچپن کی مسرتوں سے لطف اندوز ہوتے ہیں۔ بعد میں چلکر تعلیم کی مبادیات سے انھیں روشناس کرایا جاتا ہے اور اس سے بہت حوصلہ افزا نتائج ظاہر ہوتے ہیں۔ چونکہ بستانی مدارس کی پرداخت سے بچوں کے ذہنی اور جسمانی قویٰ بیدار ہو جاتے ہیں اس لیے وہ آیندہ عمر میں مدرسہ کے باقاعدہ نصاب کی تکمیل کے لیے بھی زیادہ تیار ہوتے ہیں۔ اس سے متعلمانہ زندگی کے ہر درجہ میں سیرت اور تحصیل تہذیب کے معیار بھی جلد بلند ہو جاتے ہیں۔ اس سے یہ نتیجہ ہوگا کہ "بیماریوں کی مصیبت و نکبت" دور ہو جائے گی مسدود جبلت اور ذہنی نقص کے مضر اثرات مٹ جائیں گے اور مسرت اور صحت کی زندگی حاصل ہوگی۔ اس قسم کے مدارس کچھ ایسے بیش خرچ بھی نہیں ہوتے۔ ان کی ابتدا اس طرح ہوئی کہ مناسب اور موزوں مکانات میں غریب گھرانوں کے بچوں کے لئے بڑے بڑے کمرے مختص کر دئے گئے اور بچوں کی نگرانی کے لیے ایسے اشخاص تعین کئے گئے جو ان سے محبت کرنے کے علاوہ ضروری معلومات اور فراست بھی رکھتے تھے۔ اس طرح جو نتائج رونما ہوئے اُن سے یہ حقیقت ثابت ہوگئی کہ اگر ابتدا ہی سے احتیاط کی جائے تو ایسے گھرانوں کے جسمانی اور ذہنی نقائص کی تلافی بھی ممکن ہے۔ جو کسی طرح سے بھی اعلیٰ معیار کے نہیں کہے جا سکتے۔ نوخیز ذہنوں کی تشکیل کی جو قوت سائنس اور علوم جدیدہ کی بدولت انسان کو حاصل ہوئی ہے وہ ایک پر ہیبت قوت ہے اور اچھے اور بُرے دونوں طرح کے نتائج رکھتی ہے۔ اس قوت کے ذریعے موجودہ انسانوں سے بھی زیادہ سنگدل اور بے رحم انسان پیدا کئے جا سکتے ہیں۔ یہ امر نہایت ضروری ہے کہ یہ قوت موزوں لوگوں کے ہاتھوں میں دی جائے۔ "تعلیم محبت پر مبنی ہونی چاہیے اور اس کا مقصد یہ ہونا چاہیے کہ بچوں میں بھی محبت کا سرچشمہ جاری ہو جائے"۔ ایک اوسط مرد میں خردسال بچوں کے ساتھ نرمی، محبت اور تحمل کیساتھ پیش آنیکی ضروری قابلیت غالباً نہیں ہوتی پس عورتوں کی اعلیٰ اور مکمل تعلیم کے لیے قوی وجوہات

موجود ہیں۔ مختصر یہ کہ اوائل عمر میں جبلتوں کی تربیت سے تشکیل سیرت کے بارے میں اہم نتائج حاصل کئے جاسکتے ہیں صحیح عادتیں، اور صحیح مہارتیں پیدا کرکے بچوں کی جبلتوں کو خود بخود سودمند افعال کا محرک بنایا جاسکتا ہے۔ اس طریقۂ عمل میں کسی قسم کا تشدد، سزا، تسدید اور مزاحمت نہیں ہوتی بلکہ دوران تربیت میں بچہ کو کامل آزادی اور والہانہ فعلیت کا احساس ہوتا ہے۔ اس سے نسل انسانی کے لیے عجیب وغریب ممکنات کے دروازے کھل جاتے ہیں، صحت، مسرت، آزادی، محبت اور ذہانت کا حصول یہ سب فطرت کے عمومی اجزا بن سکتے ہیں اور تمام نوخیز زندگیوں کی سطح میں پیوست رہ سکتے ہیں۔ "اگر ہم چاہیں تو ایک قرن کے اندر ہی عہد زرین پیدا ہوسکتا ہے" نسل انسانی کی جس پشت کی تعلیم بے خوف آزادی، اور زندگی کی باطنی مسرت کے ساتھ ہوگی، وہ وسیع تر اور اعلیٰ تر زندگی بسر کرے گی۔ تربیت، جبلت، اور بنیادی مدرسہ سے یہ نتیجہ حاصل ہوسکتا ہے۔

مدرسہ کی تعلیم کا زمانہ اس عمر کے بعد بچہ کسی مناسب مدرسہ میں داخل کیا جاتا ہے، اب دنیا کے تعلیمی نظام اسے اپنے ہاتھ میں لیتے ہیں تعلیم کے آخری مدارج کے حالات سے ہم سب اچھی طرح واقف ہیں۔ ہم سب ان نظامات کے تحت رہ چکے ہیں۔ یہاں اور ہر جگہ ہزارہا بچوں کی تعلیم اسی لیے ہورہی ہے کہ وہ بھی انہی مدارج سے گزر سکیں تعلیم کے کتبی یا مدرسہ کے دور کے متعلق بہت کچھ کہا اور لکھا جاچکا ہے اور جن اغراض ومقاصد کا تعلق نصاب تعلیم کے بعد کے حصول سے ہے ان کی تکمیل کے لیے سرگرمی کے ساتھ کوشش جاری ہے، اور میں یہ کہہ سکتا ہوں کہ اس میں بہت کچھ کامیابی بھی ہوئی ہے۔ اس بارہ میں میرا اظہار خیال صرف ان مشاہدات اور اشارات کی حد تک ہوگا۔ جو تعلیمی زندگی کے بعد کے دوروں میں متضمن ہیں۔ جیسے جیسے حالات اور مواقع اجازت دیں تعلیم بغرض خواندگی کو بچہ کی زندگی میں زیادہ دور تک وسیع کرنا چاہیے خاص طور پر اس منزل میں معلومات، اشیا، اور حالات کے توسط سے حاصل ہونا چاہیے، ان سے الگ نہ کئے جائیں۔ بچپن کی سرگرمی اور مسرتوں کو تازہ رکھنا چاہیے، اور تفریحی مشاغل میں اجتماعی شرکت عمل کو تقویت پہونچائی جائے ثانوی اور بعد کے مدارج کی تعلیم کے لیے تو مفید مطلب اور خاصے اچھے مدارس موجود ہیں، لیکن مدارس تحتانیہ جیسے ہونے چاہئیں ویسے نہیں ہیں، اُن پر نسبتہً بہت کم توجہ کی جاتی ہے۔ ہمیں چاہیئے کہ نظام تعلیمی کے اس جز پر روز افزوں توجہ کریں۔

اس کی جو غرض اشاعت خواندگی کی ہے وہ مناسب طریقے پر پوری ہونی چاہئے۔ حال میں جو تحقیقاتی کمیشن بٹھائے گئے ہیں، ان میں سے ایک نے ہندوستانی نظام تعلیم کے اس درجہ کے متعلق حسب ذیل الفاظ میں اظہار خیال کیا ہے۔ "خواندگی کے معیار سے جانچا جائے تو مدارس تحتانیہ زیادہ تر اپنے مقصد میں ناکام نظر آتے ہیں" اس لئے کہ "متعلمین کی وہ تعداد جسے تکمیل نصاب کے بعد خواندہ ہو جانا چاہئے، کل تعداد شرکا کے مقابلہ میں بہت حقیر ہوتی ہے"۔ تحتانی درجہ ہی ملک کی آیندہ جدوجہد کے لیے معاون کا حکم رکھتا ہے، اس لیے حالات کا اقتضا یہی ہے کہ خواندگی کی درس گاہوں کو زیادہ موثر اور زیادہ عام کر دیا جائے چودہ سال کی عمر تک ایسے مضامین کی تعلیم دی جائے جن سے ہر شخص کو واقف ہونا چاہئے، اور بعد میں خصوصی مہارت ہونی چاہئے۔ عموماً صرف ایسی ہی باتیں سکھائی جائیں اور دلچسپ بنا کر سکھائی جائیں جو براہ راست مفید ہوتی ہیں۔ لیکن یہ اصول بہت زیادہ دور تک کام نہیں دے سکتا۔ طلبا کو تعلیم کے سخت گیر ضبط کا عادی بنانا چاہئے، وہ چیزوں سے محض اس وجہ سے ہاتھ نہ اٹھا بیٹھیں کہ وہ مشکل ہیں اس زمانے میں تعلیم کا ایک مقصد یہ بھی ہونا چاہئے کہ طلبا کے خاص خاص رجحانات معلوم کئے جائیں۔ اس امر کی ضرورت ہے کہ عرفی اور صوری تعلیم کے ساتھ ساتھ طلبا کو کسی مفید فن یا ہنر میں ہاتھ سے کام کرنے کے مواقع بھی دے جائیں۔ میرا خیال یہ ہے کہ خالص علم کے اجزا بھی وہی طلبا زیادہ بہتر طریقہ پر ذہن نشین کر سکتے ہیں جن کے صوری مطالعہ اور دستی کام میں مناسب ترتیب اور ربط پیدا کیا جائے۔ دستی کام سے پڑھنے لکھنے کے کام کو سمجھنے میں بھی مدد ملتی ہے۔ ایسے طلبا کو دوسروں پر یہ فوقیت حاصل ہوتی ہے کہ وہ اپنے علم کو اشیا اور حقائق پر منطبق کر سکتے ہیں۔ آج سے بہت زمانہ قبل جو خیال ظاہر کیا گیا تھا کہ "ہر تصور کا مقصد یہی ہے کہ کچھ کیا جائے"۔ مجھے اس سے پورا اتفاق ہے۔ ہماری تعلیمی تجاویز میں اس اصول کی اہمیت بخوبی ملحوظ خاطر رہنی چاہیے کہ جو بچے اپنے ذہنوں سے کام لیتے ہیں وہ اپنے ہاتھ سے بھی کچھ کریں۔ اس سلسلہ میں، میں دارالضرب کے ٹیکنیکل انسٹی ٹیوٹ کے اسکول کا ذکر کر سکتا ہوں جہاں طلبا عرفی تعلیم کے ساتھ کارخانہ کے حالات کے تحت دن کا کچھ حصہ پیدائشی کاموں میں بھی صرف کرتے ہیں خود اس درسگاہ میں بھی جہاں یہ کانفرنس منعقد ہو رہی ہے نجاری، آہنگری اور اسی قسم کی دستی تعلیم روز افزوں ہے۔ دستی تعلیم کی تدریجی توسیع کو میں اس ریاست کی تعلیمی

پالیسی میں ایک مبارک اقدام تصور کرتا ہوں۔ اسی سلسلہ میں مجھے اس وقت یہ یاد کرکے مسرت ہوتی ہے کہ کسی زمانے میں میں نے سٹی انٹرمیڈیٹ کالج میں خرّاد کا کام شروع کرنے میں مدد دی تھی جو کسی مقام میں دستی تعلیم کے امکانات کو ترقی دینے کا ایک ضروری اور اہم جز ہوتا ہے۔

ابھی حال میں مدرسہ کے زمانے کے آخری سالوں کو بہت کچھ اہمیت دی گئی ہے۔ ان کا تعلق ایسے طلبا سے ہوتا ہے جو عمر میں بڑے، تربیت فکری پائے ہوئے، اور تجربہ کے اعتبار سے مقابلۃً پختہ ہوتے ہیں۔ انھیں ان کے درسی مشاغل میں نسبتاً زیادہ آزادی دی جائے، اور آیندہ کی خصوصی واقفیت کے بیج اسی زمانے میں بوئے جائیں۔ متعلمین کو تنہا انفرادی کام کے لئے وقت دیا جائے اور ان کے مطالعہ اور ہنر کے کاموں میں اُپج اور تجربہ کی روح پیدا کی جائے۔ مدارس میں مناسب ساز و سامان سے آراستہ بڑے بڑے ہال ہونے چاہئیں، جہاں جاکر طلبا، بطور فرض خاموشی کے ساتھ اور انفرادی طور پر مطالعہ کریں۔ اس منزل پر علوم انسانیہ اور سائنس دونوں مطالعہ کے نصاب میں داخل ہونے چاہئیں۔ جدید حالات کے نشوونما کے لحاظ سے تعلیم کا نیا دور خاص اہمیت رکھتا ہے۔ عام طور پر یہ مطالبہ کیا جاتا ہے کہ اعلیٰ ثانوی تعلیم کی خاص غرض یہ ہونی چاہیے کہ وہ بلندی سیرت، کارکردگی اور قابلیت کے صفات پیدا کرے، اس لیے کہ مستقبل قریب میں انتظام ملکی کی تفصیلی ذمہ داریوں کا بوجھ زیادہ تر اعلیٰ ثانوی مدارس کی پیداواری کو اٹھانا پڑے گا۔ اس سے ایسے ادارات کے قائم کرنے کا جواز نکلتا ہے جن میں تعلیم صرف "برائے نام چند باتیں اور چند خیالات سیکھنے کا نام نہ ہو، بلکہ اپنے پورے معنوں میں انسان کی ہر جہتی تکمیل سمجھی جائے" مطلوبہ صفات پیدا کرنے کی غرض سے اس دور کی تربیت کو زیادہ موثر اور نتیجہ خیز بنانے کے لیے یہ تحریک پیش کی گئی ہے (اور تعلیمی نیز دوسرے وجوہات کی بنا پر بھی یہی تحریک ہوئی ہے) کہ اعلیٰ ثانوی منزل پر مدت نصاب بڑھا دی جائے، اور طلبا نسبتہً چھوٹی عمر میں جامعہ میں داخل ہونے کے لیے بیتاب نہ ہوں۔ اس سلسلہ میں ذیل میں حالیہ رپورٹوں میں سے ایک رپورٹ کا اقتباس پیش کیا جاتا ہے۔

"ہمیں اس امر کے متعلق کافی اطمینان نہیں ہوا ہے کہ طلبا کو اُن مضامین کی جنہیں مدرسہ کی تعلیم کے بنیادی مضامین کہا جاتا ہے، ہمیشہ قرار واقعی گہری تعلیم دی جاتی

ہے یا نہیں۔ علاوہ اس کے ہماری رائے میں اس قسم کی تعلیم ایک اچھے اور باقاعدہ مدرسہ میں ہونی چاہئے لیکن ہم دیکھتے ہیں کہ اکثر طلبا ۱۵ برس (بلکہ اس سے بھی کم عمر میں) میٹرک پاس کر کے کالج کا رخ کرتے ہیں اس طرح وہ مدرسہ کی زندگی کی صحت بخش تحریک سے مستفید نہیں ہونے پاتے، اور ان صفات کی مناسب تربیت سے بھی محروم رہ جاتے ہیں جو کامیاب زندگی کے لیے نہایت اہم ہیں۔ کالج کی تعلیم خواہ دوسری حیثیتوں سے کتنی ہی سودمند کیوں نہ ہو، یہ امر واقعہ ہے کہ وہ ایسے لڑکوں کے لیے جو کسی پیشہ کی تحصیل کی تیاری کر رہے ہیں، مدرسہ کی تعلیم کا بدل ہرگز نہیں ہو سکتی، جہاں مدرسہ کا ضبط مدرسہ کے کھیل اور مدرسہ کے کام کے طریقے موجود ہوتے ہیں"۔

تعلیم کی تنظیم جدید کی تمام تجویزوں میں بھی تعلیمی زندگی کے اسی دور کو خاص اہمیت دی جاتی ہے اور اس منزل پر پہنچ کر صنعتی اور دوسری حرفتوں کی تربیت کے لیے الگ الگ شاہراہیں نکالی جاتی ہیں۔

اس درجہ میں جامعہ کی زندگی کے لئے بھی حقیقی معنوں میں تیاری کی جاتی ہے۔ جامعہ کے استاد کو ہر جگہ یہ شکایت ہوتی ہے کہ طلبا جامعہ میں اعلیٰ مطالعہ کے لئے ناکافی ساز و سامان کے ساتھ داخل ہوتے ہیں۔ اگر مناسب استعداد فراہم کی جائے، تو اس نوبت پر طریق تعلیم کے معیار کو بلند کر کے کچھ اصلاح کی جا سکتی ہے۔ نظامات تعلیم میں تعلیم المعلمین کیلئے بھی کافی سہولتیں بہم پہنچائی گئی ہیں، اور اس بارے میں جو کوشش اور روپیہ صرف ہوتا ہے، حاصلہ نتائج سے اس کی کافی تلافی ہو جاتی ہے۔ ہر ریاست میں اس چیز کو قطعی طور پر تعلیمی پالیسی قرار دینا چاہیئے کہ اساتذہ انھیں اصولوں پر (جن پر کہ کلیۃ المعلمین میں ان کی تعلیم ہوئی ہے) مختلف مضامین میں جامعہ میں شریک ہو کر گریجویٹ ہونے کے بعد بھی مطالعہ جاری رکھ سکیں۔ باعتبار قوت و کارکردگی، ہندوستانی جامعات کے ایم۔اے یا ایم ایس سی کامیاب طلبا بہ اعتبار قابلیت محض بی۔ اے اور بی ایس سی کامیاب کرنے والوں پر نمایاں تفوق رکھتے ہیں۔ ٹریننگ سے ایک معمولی گریجویٹ کو بڑی حد تک بیشک مدد ملتی ہے لیکن جو مضمون وہ پڑھاتا ہے، اس میں اس کی ناقص واقفیت کی اصلاح ٹریننگ سے نہیں ہو سکتی۔ اگر اعلیٰ ثانوی تعلیم کے ذہنی معیاروں کو بلند کرنا مقصود ہے تو ایسے مدارس کو ٹرینڈ

ایم۔ اے اور ایم ایس۔ سی کامیاب اساتذہ کی نگرانی میں رکھنا چاہیے۔ اس سے مدرسہ کی تعلیم کے آخری سالوں میں علمی ترقی اور اعلیٰ معیار پیدا ہوں گے، اور جامعات میں ایم۔ اے، ایم ایس سی کے کام میں بھی زیادہ نشو و نما ہوگی جس سے سارے تعلیمی نظام کو ترقی اور تقویت ہوگی۔ انٹرمیڈیٹ کی جماعتوں کو مدارس سے ملحق کر دینے کی تجاویز میں خاطر خواہ کامیابی حاصل نہ ہونے کا ایک سبب یہ بھی ہے کہ مدارس کی تعلیمی سطح (جو تمام و کمال اساتذہ کی اعلیٰ قابلیت پر منحصر ہوا کرتی ہے) اتنی بلند نہیں ہوئی کہ وہ اس اعلیٰ تعلیم کا بار برداشت کر سکے جو (انٹرمیڈیٹ جماعتوں کی منتقلی سے) مدارس پر عائد ہوتا ہے۔

جامعہ ہندوستان کی جامعات شروع میں بجائے تعلیم گاہیں ہونے کے ایسے ادارات کی حیثیت رکھتی تھیں جن میں کسی دوسری جگہ دی ہوئی تعلیم کی قدر و قیمت جانچی جاتی تھی۔ وہ لندن یونیورسٹی کے نمونہ پر محض ایک امتحان لینے والا اور الحاق کرنے والا ادارہ تھا۔ ۱۸۹۸ء میں لندن یونیورسٹی کی حیثیت میں ترمیم کی گئی، اور امتحان لینے کے فرائض کے ساتھ ساتھ تعلیم دینے کے فرائض بھی اس پر عائد کئے گئے۔ اس صدی کے شروع میں نظام جامعہ کے نقائص پر سختی کے ساتھ تنقیدی نظریں پڑنے لگیں۔ سخت اور بے لوچ نصاب ہائے تعلیم، مضامین نصاب کی یکرنگی، معیار تحصیل کی پستی، اساتذہ اور عمارات کی غیر موزونیت خارجی اور رسمی امتحانات کے غیر مفید اثرات، تحقیقی کام اور فنی معلومات حاصل کرنے کی سہولتوں کا فقدان، لحقہ کلیات پر جامعہ کی طرف سے نگرانی کی کمی، یہ اور ایسی ہی دوسری خامیاں محل اعتراض بنیں اور اصلاح جامعہ کی طرف توجہ مبذول ہوئی۔ ایک یونیورسٹی کمیشن مقرر کیا گیا اور اس کی سفارشات کی بنا پر ۱۹۰۴ء کا یونیورسٹی ایکٹ (قانون جامعہ) نافذ ہوا۔ لیکن کمیشن کو جو ہدایات دی گئے تھے اُن کی رو سے وہ مدارس کے حالات پر کسی قسم کا غور نہ کر سکتا تھا، اور اُس نے اپنی توجہ نظم و نسق جامعہ ہی کی نئی ترتیب تک محدود رکھی۔ کلکتہ یونیورسٹی کمیشن کا دائرۂ تحقیقات وسیع تر تھا، اس نے یونیورسٹی سے انٹرمیڈیٹ کی تعلیم نکالکر اور انٹرمیڈیٹ ایجوکیشن بورڈ کے زیر انتظام انٹرمیڈیٹ کالج قائم کر کے مدارس کی از سر نو تنظیم کی سفارش کی۔ ان تجاویز کو عملی جامہ پہنانے کی بہت کم کوششیں کی گئیں اور بعض صوبوں نے جو تدبیریں اس مسئلہ میں اختیار کیں وہ نامکمل اور باعتبار نتائج امید سے کم ہیں

اس کمیشن کی سفارشات سے جو خاص نتیجہ نکلا وہ متعدد وحدانی جامعات کا قیام ہے لیکن چونکہ ان جامعات کی بنیاد غلط نظامات مدرسہ پر رکھی گئی ہے اس لئے ان کو بھی بہت محدود کامیابی نصیب ہوئی ہے۔ ہارٹوگ کمیٹی نے نظام تعلیم پر سیاسی حیثیت سے نظر ڈالی ہے۔ اس کمیٹی نے یہ دکھایا اور ثابت کیا ہے کہ نظام تعلیم کے مختلف مدارج میں کس قدر کثیر اضاعت ہوتی ہے۔ اس نے مدرسہ اور کالج کی جماعتوں کو ایسے طلبا سے بھرا ہوا پایا جن کا رجحان ادبی تعلیم کی طرف مطلق نہ تھا، اس کی رائے میں مروجہ طرق تدریس و مطالعہ سے وہ علم اور تربیت حاصل نہیں ہوتی جو قابل طلبا حاصل کر سکتے ہیں۔ پنجاب یونیورسٹی انکوائری کمیٹی (مجلس تحقیقات جامعہ پنجاب) نے موجودہ تعلیمی حالت پر زیادہ تفصیلی نظر ڈالی ہے، اس کی رائے یہ ہے کہ وحدانی جامعات کے قیام سے جو امیدیں وابستہ تھیں وہ پوری نہیں ہوئی ہیں۔ تعلیم اور امتحانات کے اعلیٰ معیار قائم رکھنے کیلئے اس قدر صرف کثیر برداشت کرنا پڑتا ہے جو ہندوستان کی استطاعت سے باہر ہے۔ علاوہ بریں چونکہ ہندوستان میں مختلف مقامات کے درمیان فاصلے بہت زیادہ، اور وسائل نقل و حمل محدود ہیں اس لیے وحدانی جامعات سے بجائے خود اس قدر کثیر آبادی کی روز افزوں تعلیمی ضروریات کی کفالت نہیں کر سکتیں، کمیٹی نے یہ رائے بھی ظاہر کی کہ "ہمیں اس میں شک ہے کہ اس قسم کی جامعات سے جو فوائد حاصل ہوئے ہیں وہ کالج کی ان روایات کی تلافی بھی کر سکتے ہیں یا نہیں جو ان کی وجہ سے مٹ گئے ہیں" اس کمیٹی نے وفاقی قسم کی جامعہ کی سفارش کی ہے جو کالجوں کی روایات برقرار رکھنے کے ساتھ ساتھ ان کی تدریسی اور تحقیقی کام کی سہولتوں، نیز دیگر ذرائع کو ایک رشتہ میں مربوط کر دے اور جامعہ کی نگرانی زیادہ ہو جائے چنانچہ جامعہ دہلی کا دستور اسی نہج پر مرتب کیا گیا ہے لیکن اس کمیٹی کا سب سے بڑا کارنامہ یہ ہے کہ اس نے یہ ثابت کر دیا ہے کہ جامعات کی اصلاح صرف اسی صورت میں ممکن ہے کہ نظام مدارس کو اس طرح از سر نو مرتب کیا جائے کہ جامعات کو اپنے ذرائع اور اپنے تدریسی وسائل صرف ایسے طلبا ہی پر صرف کرنے پڑیں جو اس سے مستفید ہونے کے اہل ہوں تعلیم یافتہ طبقہ کی بے روزگاری کے روز افزوں اہم مسئلے نے ناگزیر اور نازک صورت حالات اختیار کر کے "اصلاح کی چیری تحریک" پیدا کر دی ہے اصلیت یہ ہے کہ ایک مسلسل

نظام کے صرف اجزا کی اصلاح کوئی چیز نہیں ہوتی۔ اس کو بحیثیت مجموعی کھول کر دیکھنے اور نئی ترتیب پیدا کرنے کی ضرورت ہے۔ تنظیم جدید کی تجاویز اور بھی کئی حلقوں کی طرف سے پیش کی گئی ہیں، جو بنیادی حیثیت سے باہم متفق ہیں، اور اس موقع پر محتاج تعارف نہیں۔

یہ زمانہ نئی جامعات کا ہے، اور وہ دنیا کے ہر حصہ میں حیرت انگیز سرعت کے ساتھ قائم ہوتی جارہی ہیں۔ اندازاً ان کی تین قسمیں کی جاسکتی ہیں جو اپنی اپنی امتیازی خصوصیات رکھتی ہیں۔ انگلستان کی جامعات کی خصوصیت "گہری علمیت" کی قدیم روایات ہیں۔ جرمنی اور براعظم یورپ کی جامعات کی خصوصیت خاصہ تحقیق کا شوق ہے، اور نئے قسم کی امریکی جامعات میں جامعہ کے فرائض کا وسیع تر تصور کارفرما نظر آتا ہے۔ انگلستان میں جدید شہری جامعات بھی قائم ہوئی ہیں جن کے مقاصد اور مشاغل حیات ملّی کے ساتھ زیادہ ہم آہنگ ہوتے ہیں۔ ان جامعات میں یہ کمی محسوس ہوئی ہے کہ وہ "الگ تھلگ" نہیں ہیں، کیونکہ تفکر جو جامعہ کا خاص الخاص فرض ہے صرف تنہائی میں کارفرما ہوسکتا ہے۔ لیکن ان شہری جامعات کو دوسری حیثیتوں سے بعض فوائد بھی حاصل ہیں۔ ان کو زندگی اور فکر، نظریہ اور عمل کے تعامل کے زیادہ مواقع حاصل ہوتے ہیں، شہر کے قائدین فکر و قائدین عمل، جامعہ کی زندگی کے مختلف پہلوؤں کے ساتھ تعلقات قائم کرکے شہری جامعہ میں قوت، ترقی، اور وقار پیدا کرسکتے ہیں۔ اس حیثیت سے دیکھا جائے تو وہ جامعات جو شہری مراکز سے فاصلے پر واقع ہیں یکہ و تنہا رہ کر نقصان میں رہتی ہیں۔ ۱۹۱۲ء میں یہ بات پایۂ تحقیق کو پہنچ چکی تھی کہ جملہ ہندوستانی جامعات میں نقائص، اور کارکردگی کی خامیاں موجود ہیں، اور فوری اصلاحات کی طرف توجہ کرنے کی کافی دلیل موجود تھی۔ جامعہ بمبئی نے اس وقت یہ دعویٰ کیا تھا کہ اس کا تعلیمی نظام ان خرابیوں سے پاک ہے، اور کمیشن نے بھی اس امر کو تسلیم کرلیا تھا کہ جامعہ بمبئی میں معیار تعلیم کے تحفظ کی خاص وجہ یہ تھی کہ شہر کے معتدر اور تجربہ کار اصحاب نے اپنا وقت اور اپنی قوت جامعۂ بمبئی کی فلاح و بہبود کے لئے خرچ کرکے اس کے عام رنگ اور کام کو اعلیٰ معیار پر قائم رکھا تھا، علیٰ ہذا ہر جامعہ میں اس امر کی شدید ضرورت ہے کہ کاروباری حضرات اور مفاد عامہ کا اعلیٰ احساس رکھنے والے افراد اس کے معاملات میں زیادہ دلچسپی لیں۔ علاوہ بریں شہری جامعات میں یہ فائدہ کیا کم ہے کہ

مثلاً قانون پڑھنے والے طلبا، وکلا کے ساتھ روابط پیدا کر سکتے ہیں، اور معاشیات کے طلبا اپنے نظریات کو کاروباری افراد کے ساتھ ملکر آزما سکتے ہیں۔ زندگی کے ہنگامے بھی اپنی خاص خوبیاں رکھتے ہیں لیکن شہروں کی موسیقیت اور ڈرامہ شہری جامعات ہی کے قریب میں مل سکتا ہے۔

جملہ جامعات خواہ قدیم ہوں یا جدید، ایسے ادارات ہوتے ہیں جن میں ہماری میراث علم کی توفیر اور اس کا تحفظ کیا جاتا ہے" معیارات تعلیم اور مضامین زوال پذیر چیزیں ہیں انکی تجدید کی ضرورت ہوتی ہے۔ جامعہ کو پوری چوکسی کے ساتھ متروک طریقوں کو خارج کرنے اور نئے مضامین اور نئے زاویہ ہائے نظر کی اہمیت کو سمجھنے کے لئے تیار رہنا چاہیے۔ اسے سرحد علم کے جملہ حالات سے پوری طرح باخبر رہنا چاہیئے۔ ظاہر ہے کہ یہ کام صرف موزوں حضرات اور خواتین کی مدد سے انجام پا سکتا ہے۔ یہاں قدرتی طور پر یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ جامعہ میں کس قسم کے لوگوں کو داخل کیا جائے جامعات ہمیشہ سے خالص علم اور تحقیق کا گہوارہ سمجھی جاتی ہیں۔ حال میں خالص علوم اور معرفت کی ان حدود میں بعض ہنروں اور صنعتی مضامین نے بھی اپنا عمل دخل کر لیا ہے جیسے جیسے زندگی پیچیدہ تر، اور صنعت زیادہ بااصول ہوتی جاتی ہے حرفتی اور صنعتی ماہرین کی بھی ضرورت محسوس ہوتی ہے اور جامعات کو انھیں بھی تیار کرنا ہوگا۔ اس رجحان کا اس طرح بغیر کسی قید و بند کے بڑھتے رہنا افسوسناک ضرور ہے، لیکن اب اس کا روکنا ہمارے بس سے باہر ہو چکا ہے حالات زمانہ کا مقتضا جو قوی دلائل مبنی ہے یہی ہے کہ یہ چیز پوری قوم کے عام مفاد کی خاطر جاری رہے۔ پس آیندہ جامعات دو مقاصد کی تکمیل کے لیے ہونگی، یعنی ایک تو مردوں اور عورتوں کو مختلف پیشوں کے لیے تیار کرنے کے لیے مثلاً وکلا، اطبا، انجنیر اور دیگر صنعتی ماہرین وغیرہ اور دوسرے "قریبی افادیت سے قطع نظر کرکے حصول علم اور تحقیق کے لئے" اگر جامعہ میں شریک ہونے والے افراد کا انتخاب سوائے تعلیمی معیار کے کسی اور وجہ سے کیا گیا، تو ان دونوں مقاصد میں سے ایک بھی پورا نہ ہو سکیگا۔ عقلی کام کے اعلیٰ معیاروں کا تحفظ صرف اسی مذکورہ بالا صورت سے ممکن ہے جو جامعہ ایسے طلبا کو جن میں علمی رجحانات نہیں ہوتے داخل کرنے سے شقت سے اور خاص طور پر انکی مدد کرکے اپنے نصاب پڑھاتی ہے وہ کوئی کام انجام نہیں دیتی، بلکہ الٹا نقصان پہنچاتی ہے" وہ گویا گھٹیا چیزیں بڑی مقدار میں پیدا کرنے اور ان پر ایک قدیم اور قابل عزت مہر ثبت کرنے کی مشین بن کر رہ گئی ہے، زندگی کے ہر شعبہ میں کارکردگی کا اضافہ اس صورت میں ممکن ہے کہ

صرف ہنرمند اشخاص ہی کو باقاعدہ اور منضبط معاشری نظام کے کسی اہم کام میں حصہ لینے دیا جائے، اور ہنر صرف انہی کو سکھایا جائے جو اس کی زیادہ سے زیادہ اہلیت رکھتے ہوں۔ جامعات میں کام کے طریقوں پر کامل غور و خوض کی ضرورت ہے۔ طلبا کو انفرادی کام کی زیادہ سہولتیں ملنی چاہئیں۔ لکچروں کی تعداد میں کمی کی جائے۔ اساتذہ اپنی جماعتوں کے لئے پرچہ سوالات بنائیں اور ایسی کتابوں کی فہرست مرتب کرکے ان کے حوالہ کریں جن کی مدد سے وہ سوالات بخوبی حل کئے جاسکیں۔ جب طلبا جوابات تیار کرچکیں تو استاد ان سے انفرادی طور پر ملے۔ استاد اور شاگردوں کے غیر رسمی طور پر ملنے کے مواقع زیادہ فراہم کئے جائیں، جو طالب علم کام نہ کرے اور تضیع اوقات کر رہا ہو وہ جامع سے خارج کر دیا جائے اس لئے کہ جامعہ کی بجائے وہ کسی دوسری جگہ زیادہ مفید ثابت ہوگا۔ یہ چیز بھی نہایت ضروری ہے کہ جامعہ کے تمام اساتذہ خود بھی تحقیقی کاموں میں مصروف رہیں اور اس کے لیے ان پر سے لکچر کا بار کم کر دیا جائے۔ انھیں چھ یا سات سال کی مدت کے بعد دوسرے علمی مراکز میں جاکر اپنی معلومات تازہ کرنے کی سہولتیں دی جائیں واقعہ یہ ہے کہ تحصیل کی ذہنیت، تدریس کی ذہنیت سے بدرجہا بہتر ہے معلمین اور متعلمین کا خشک فرق مٹ جانا چاہیئے اور جامعات میں صرف "محصلین" ہوں، بعض اعلیٰ پایہ کے، اور بعض ان سے کم پایہ کے سب جامعات کے حزمن علم و حکمت کی خوشہ چینی میں مصروف ہوں، اور ہر شخص اپنی لیاقت کے مطابق حقائق اور نئی معرفت کے تخیلات میں اس نیت سے ڈوبا رہے کہ انھیں مکمل اور مستقل کر دکھانا ہے یہی طبیعتیں ہمیشہ ان حالات کے ساتھ جوان کا مبداء ہوں وفادار رہا کرتی ہیں۔ "قدیم طلبا" کو ہمیشہ اپنے ان ایام زندگی کے ساتھ جو مدرسہ یا جامعہ میں گذرے، اور جہاں ان کے عقلی وجود کا پیولی بنا، ایک خاص تعلق خاطر ہوتا ہے۔ یہ ارتباط دونوں کی زندگیوں میں باقی رہتا ہے۔ کوئی وجہ نہیں ہے کہ فارغ التحصیل ہونے کے بعد یہ تعلقات منقطع ہو جائیں۔ وہ رسالوں، کتب مطالعہ کی فہرستوں خانگی مطالعہ کے حلقوں وغیرہ کی مدد سے قائم رکھے جاسکتے ہیں اور اس طرح تعلیم کا سلسلہ مادر علمی کے ان فرزندوں کی زندگیوں میں جنھیں اسے جاری رکھنے کی خواہش اور فرصت ہو، دور تک جاری رہ سکتا ہے۔ جامعات کے لئے صرف اسی بات کا خیال رکھنا کافی نہیں ہے کہ ان کی پیداوار دنیا میں کیا مقام اور حیثیت رکھتی ہے، بلکہ ساتھ ہی ان کا یہ بھی فرض ہے کہ وہ انھیں دنیا میں ایک

مقام حاصل کرنے میں مدد بھی دیں۔ مجلس تحقیق بے روزگاری Unemployment Committee نے، جو رائٹ ازیبل سر تیج بہادر سپرو کی صدارت میں قائم کی گئی تھی یہ سفارش کی ہے کہ جامعات میں مجالس فراہمی ذرائع معاش Employment Board قائم کی جائیں تاکہ وہ اندرون مملکت طلبا رجامعہ کے لئے راہیں پیدا کرنے کے بارے میں سہولتیں بہم پہنچا سکیں۔ اس مجلس کی یہ بھی سفارش ہے کہ "ایسی مجالس فراہمی ذرائع معاش، ثانوی مدارس نیز عرفتی درس گاہوں میں بھی قائم کی جائیں اب تک جامعات اس قسم کی ذمہ داریوں کو اپنے دائرہ عمل کے باہر سمجھتی رہی ہیں کیونکہ وہ انھیں ان کے حقیقی دائرۂ کار سے ہٹا کر دوسری طرف لیجاتی ہیں بعض جامعات میں ادارۂ فراہمی معاش کا کام کچھ زیادہ کامیاب بھی نہیں رہا ہے۔ آکسفورڈ اور کیمبرج کے جامعات میں مجالس فراہمی معاش خاص خاص موثر اصولوں پر قائم کئے گئے ہیں، اور ان سے اچھے نتائج رونما ہوئے ہیں۔ طلبا کی بہبودی کا خیال اس بات کا متقاضی ہے کہ اس بارے میں غور و خوض کے بعد کوئی تعمیری پالیسی اختیار کی جائے "قدیم طلبا" کے تعلقات جامعات کے حق میں بہت تقویت بخش ثابت ہوتے ہیں امریکی جامعات اس حیثیت سے بہت خوش قسمت ہیں "قدیم طلبا" کی اپنی انجمنیں، کلب گھر، حلقہ ہائے مطالعہ وغیرہ ہوتے ہیں۔ وہ بحیثیت ثالث بڑی خدمت انجام دیتے ہیں، یعنے جامعہ کی ترجمانی دنیا کے سامنے، اور دنیا کی ترجمانی جامعہ کے روبرو کرتے ہیں۔ طلبا زیر تعلیم کی انجمنوں کی کارروائیوں میں "قدیم طلبا" کی موجودگی سے ایک ایسا احساس حقیقت پیدا ہو جاتا ہے جو ویسے عموماً ان میں نہیں ہوتا۔

تجاویز دربارہ تنظیم جدید

ہندوستان میں کچھ زمانہ سے تنظیم جدید کی تجاویز پر غور ہو رہا ہے۔ اس موقع پر ان پر تفصیلی تبصرہ کرنا مقصود نہیں ہے ان میں نصاب ہائے تعلیم کی جدید تنظیم حسب ذیل مدارج کے تحت تجویز کی جاتی ہے:۔

تحتانیہ، ثانوی پیشہ ورانہ، اعلیٰ ثانوی (حرفتی)، جامعاتی (طبیلسانی نصاب)، یہ سب ایک خاص مقصد کے پیش نظر اور علحدہ انتظام کے تحت تجویز کئے گئے ہیں۔ نصابوں کی اس تقسیم کی ضرورت موجہ اور شدید ہے اس پوری اسکیم کے متعلق سنجیدہ اور فہمیدہ رائے پختہ ہو جانی چاہئے اور اس بارے میں جسارت کے ساتھ اقدام ہونا چاہیے۔ اس اسکیم پر کچھ تبصرات (اس موقع کے

کئے جاسکتے ہیں مختلف مدارج میں سنین کی ترتیب اس طرح ہونی چاہیئے کہ ڈگری کے درجہ تک کل مدت تعلیمی میں کوئی اضافہ نہ ہو تعلیم کی مساعی کا رخ ایسا ہو کہ موجودہ مدت سے کم میں حالیہ معیاروں سے بلند نہیں تو ان کے برابر معیار حاصل کئے جاسکیں۔ حیات انسانی کے بارے میں انتہائی کفایت اور تحفظ کی ضرورت ہے۔ اس کی بھی احتیاط ملحوظ رکھنی چاہیئے کہ تعلیمی نظام کے مختلف مدارج میں جو مختلف مقاصد پیش نظر رکھے جائیں ان کے حصول کے ضمن میں تسلسل علم میں خلل واقع نہ ہو۔ رشتۂ علم ایک "مکمل تسلسل" ہے، اور سہولت انتظام کے لئے جو "تجزیے" ضروری ہیں، وہ نوعیت و مواد علم کے تسلسل پر اثر انداز نہ ہونے چاہئیں۔ نصاب کے ایک یا دو برس ایک انتظام سے دوسرے انتظام کے تحت منتقل کر کے تنظیم تعلیم سے بہت کچھ نتائج حاصل ہو سکتے ہیں، لیکن تنظیمی تجاویز کی خاص تعریف یہ ہے کہ کسی خاص مقام کے نظام تعلیم میں پیشوں کے متعلق اور حرفتی مضامین داخل کئے جائیں ملک کی خوشحالی اسی قسم کی تعلیم سے ہو سکتی ہے۔ یہ مسئلہ خاص طور پر غور و خوض کا محتاج ہے کہ صنعتی اور حرفتی تعلیم نظام تعلیم کے مختلف مدارج میں سے کن مدارج میں داخل کی جائے، اور کس حد تک داخل کی جائے نیز یہ کہ کیا ایسی تعلیم کے عناصر ہر درجہ میں دوسرے عرفی مضامین نصاب کے دوش بدوش داخل کئے جائیں، یا صنعتی اور حرفتی ترتیب دینے والی درسگاہیں دوسری تعلیمی درسگاہوں سے بالکل علیحدہ رکھی جائیں۔ علیٰ ہذا ہر ملک کی خاص ضروریات اور وسائل کے اعتبار سے اس امر کا تعین بھی ضروری ہے کہ کسی خاص مقام پر کس قسم کے مضامین (اور کن صنعتوں کے متعلق) بتدریج شروع کئے جائیں۔ اس تحقیقات کا دائرہ بہت وسیع ہے، اور عام طور پر یہ محسوس کیا جاتا ہے کہ صحیح عملی نتائج حاصل کرنے کے لئے ماہرین فن کی رائے اور وسیع بنیاد پر اغراض و ارباب متعلقہ کا مشورہ نہایت ضروری ہے جاپان ایک ایسا ملک ہے جہاں حرفتی تعلیم کے بارے میں عظیم الشان نتائج حاصل کئے جا چکے ہیں۔ وہاں مدارس تحتانیہ کے ابتدائی چھ سالوں میں بھی ادبی مضامین کے ساتھ ساتھ حرفتی کام کے مبادیات بھی شریک رہتے ہیں۔ ایسے تحتانیہ مدارس کی خاصی تعداد موجود ہے جن میں زراعت اقتصاد اور صنعت کی تعلیم حاصل کی جاسکتی ہے۔ معمولی وسطانیہ مدارس میں عملی کاروبار نیز اعلیٰ تر تعلیمی کام دونوں کی تعلیم دی جاسکتی ہے۔ ایک معمولی وسطانیہ مدرسہ میں فراغت تحصیل کے لئے پانچ سال کی مدت درکار ہوتی ہے چوتھے سال سے تعلیم یا تو کوئی خاص حرفتی نصاب لے سکتا ہے یا پھر مقامی ضروریات کے اعتبار سے پوری مدت میں حرفتی مضامین باقاعدہ نصاب کے ساتھ ساتھ پڑھائے جاتے ہیں۔ مدارس ابتدائی کے تحت مدارس

کار آموزی (Apprentices' Schools) بھی ہوتے ہیں جہاں ابتدائی قسم کے متعدد فن، ہنر، کام وغیرہ کے کم سے کم شش ماہی، اور زیادہ سے زیادہ چار سالہ نصاب بھی پڑھائے جاتے ہیں۔ رائے یہ ہے کہ تجاویز تنظیم میں اس بات کا مناسب انتظام کیا جائے کہ ابتدائی حرفتی تربیت، ابتدائی مدارج تعلیم ہی میں دیجائے کسی ملک کے نظام تعلیم کی تنظیم جدید ایک مہتم بالشان مسئلہ ہے جاپانی قوم نے اپنے نظام تعلیم طے کرنے سے پہلے ایک تحقیقاتی کمیشن یورپ اور امریکہ روانہ کیا تھا، اور اس کی واپسی پر فرانس کے نمونوں پر ایک وسیع اسکیم تیار کی گئی تھی اس لیے کہ کمیشن کی رائے میں فرانس کا نظام ہی نمایاں طور پر مکمل اور مناسب تھا" جاپان کا تعلیمی نظام کئی پہلوؤں سے سبق آموز اور دلچسپ ہے۔ "عود شاہی" کے موقع پر جاپان کی پالسی کا اعلان ان الفاظ میں کیا گیا تھا:۔

"اب سے تعلیم کی اشاعت اس طرح کی جائے گی کہ کسی دیہات میں کوئی خاندان اور کسی خاندان میں کوئی فرد جاہل نہ رہے گا"

اس پالیسی پر کچھ اس طرح عمل کیا گیا ہے کہ تقریباً تیس سال کی مدت میں جاپان سے ناخواندگی بالکل اٹھ گئی ہے، اور مختلف درسگاہوں میں شرکت چاہنے والے طلبا کی تعداد گنجائش سے اتنی زیادہ ہوتی ہے کہ ثانوی مدارس کے اوپر کے تمام سرکاری مدارس اور کلیات میں داخلہ امتحان مقابلہ کے ذریعہ ہوتا ہے۔

کثیر حرفتی ادارات Polytechnic کسی ملک کو خوشحال بنانے کے لیے کثیر حرفتی قسم کی تعلیم ضروریات ملک کے لئے بہت موزوں ہوتی ہے۔ لندن کا کثیر حرفتی مدرسہ (جس کی شاخوں کا ایک جال سا پھیلا ہوا ہے) ایک حیرت انگیز اور عظیم ادارہ ہے جو انگریزی قوم کی صنعتی اور اقتصادی ترقی کا بڑی حد تک کفیل رہے۔ کثیر حرفتی ادارات کا عام مقصد یہ ہوتا ہے کہ نسبتہً غریب تر طبقوں کے نوجوان مردوں اور عورتوں کی صنعتی ہنرمندی، معلومات عامہ، صحت اور فلاح کو بڑھایا جائے۔ ریجنٹ اسٹریٹ کے "پولی ٹک نک" کی آفرینش کو ٹن ٹاگ کے معاشری نصب العین سے ہوئی، یہ شخص ایٹن (Eton) کا قدیم طالب علم تھا، اور اس نے دریا

---

* جن میں متعدد مختلف حرفتوں کی تعلیم دیجائے۔ ۱۲

ٹیمز کے کنارے اڈلفی کی محرابوں کے نیچے گلی کوچوں کے آوارہ گرد لڑکوں کے لیے جماعتیں شروع کیں اس کا خیال تھا کہ نوجوانوں کی زندگی کے چار پہلو خاص طور پر قابل نشو نما ہوتے ہیں: ذہنی، جسمانی روحانی، اور معاشری؛ چنانچہ اس پولی ٹک تک میں ان چاروں کے لیے گنجائش رکھی گئی ہے، اور اس طرح تعلیمی اور معاشری ترقی کی متعدد اشکال کو فروغ دینے کے لئے منظم اور مرتکز کوششیں کی گئی ہیں۔ یہ پولی ٹک تک غالباً سلطنت برطانیہ کا عظیم ترین حرفتی مدرسہ ہے۔ اس کے طلبا کی تعداد اٹھارہ ہزار اور اراکین کی آٹھ ہزار ہے۔ اس کے دن کے وقت کام کرنے والے شعبوں میں، معماری، مساحت عمارت سازی، فنون لطیفہ، کیمیا، اقتصاد، انجنیری، ریاضی، طبعیات، نیز السنہ جدیدہ تصویر کشی، موتراشی، موٹر کا ڈھانچہ بنانا، اور خیاطی کی تعلیم دیجاتی ہے۔

شبینہ شعبوں میں ہر ہفتہ ایک ہزار درس ایک سو سے زیادہ مضامین پر دئے جاتے ہیں، جو سائنس، فنون، اقتصاد، صنعتی نظم و نسق، السنہ جدیدہ، ادبیات تربیت گفتار، گھریلو اور دست ورزی کے کاموں پر حاوی ہوتے ہیں۔

انسانی فعلیت کا دائرہ وسیع اور متنوع ہوتا ہے۔ یہ فعلیت پیدائش سے شروع ہو کر زندگی بھر جاری رہتی ہے تعلیم کا مقصد یہ ہے کہ زندگی کے ہر زمانے میں فعلیت کی ہر قسم کی تربیت کی جائے اسی سے معلوم ہوتا ہے کہ نسل انسانی کی قسمت کی تشکیل میں تعلیم کا کیا رتبہ ہے۔ اس نیرنگ خانہ تخلیق میں بنی نوع انسان کا ایک خاص مشن ہے، اور اس کی فعلیت کا جو منشا رکھا گیا ہے اس کی تکمیل صرف اسی صورت میں ممکن ہے کہ عقل اور علم کی قوت سے اس کی رہبری کی جائے۔ بنی آدم اس کرۂ ارض پر اپنا پارٹ جس طرح ادا کر رہا ہے، اس میں تفوق کا کوئی خاص پہلو نظر نہیں آتا۔ قوی دستوں کے ہاتھوں کمزوروں کا منظم طریقہ پر استیلا؛ انسانوں کی ایک دوسرے کے ساتھ دل کی گہرائیوں تک پہنچی ہوئی رقابت اور بدظنی، مستقبل کی تباہ کاریوں کے پروگرام کے لیے ابھی سے دنیا کے حالات کا تیار کیا جانا؛ ایک ہی مقام کے باشندوں کے دلوں میں فرقہ وارانہ عناد اور نفرت کے بیج ـــــ یہ اور ایسی ہی بے شمار دوسری باتیں، انسانیت کی روح پر ایک ایسا داغ ہیں جن کا بیان بھی انتہائی تکلیف دہ ہے نسل انسانی کے جملہ طبائع بنی نوع انسان کے گم کردہ راہ مقاصد انسان کے ہاتھوں طبیعی قوتوں کا ناجائز استعمال، یہی سب چیزیں بڑی حد تک موجودہ شر کی ذمہ دار ہیں۔

آنے والی نسلوں کے متعلق ہماری امیدیں اور خوش خیالیاں صرف اسی صورت میں صحیح ثابت ہوسکتی ہیں کہ انسان کی جبلت اور فطرت کی جو افعال قبیحہ کے ارتکاب کی محرک ہوتی ہے، صحیح طور پر تربیت کی جائے۔ اس بحث سے ہم پھر کمرۂ درس اور استاد کی طرف رجوع ہوتے ہیں۔ انسانوں کی قسمتوں کی تشکیل میں تعلیم کا جو کچھ حصہ ہے، اس پر بنی نوع انسان کا اعتقاد پختہ ہوتا جائے گا۔ انسان کی سیرت اور طبیعت پر معلم کی قدرت اور نگرانی رفتہ رفتہ اپنا سکہ جماتی جائے گی۔ اور تعلیم کے شریفانہ نصب العین کے بابرکت اثر سے قلب انسانی، نااتفاقیوں سے پاک ہوجائے گا۔

اب میں اتنا اور کہنا چاہتا ہوں کہ ایک سرزمین ایسی ہے جہاں سائنس اور فنون کے اعلیٰ خیالات اس ملک کی زبانوں میں سے ایک زبان میں منتقل کئے جارہے ہیں اور یہ ایک ایسا مظہر ہے جس سے اس سرزمین سے سچی محبت رکھنے والے دل میں مسرت اور فخر کی ضیا پیدا ہوجانی چاہیئے، جہاں کے نوجوان، یعنی آنے والی انسانیت کے متعلق ہماری امیدوں کا سرمایہ، بجائے اس کے کہ ہر قسم کے اقتدار کے خلاف تشدد اور تباہی کے پروگرام تیار کریں، روزانہ فن زندگی اور ادبیات کے صفحات میں اپنا جزو خدمت بھی شریک کرتے اور ملک کی عام اور ذہنی سطح بلند کرنے میں مدد دیتے ہیں۔ جہاں علم کی سرپرستی اپنی نفع رسانی کی قوت کی مدد سے ہر مقام کی حدیں پار کرگئی ہے اور اس انداز سے ہوتی ہے جس کی نظیر کہیں اور نہیں مل سکتی، جہاں اعلیٰ ترین انتظامی قوت کی محبت میں ڈوبی ہوئی فیاضی، مالیات کی روشن خیال سنجی اور غیر محدود قوت تعلیمات کے اعلیٰ ترین اقتدار کا شریفانہ اثر اور حسن تدبیر سب کے سب حقیقی علم و تہذیب کے شریف ترین نصب العین کی پرستش کے لیے وقف کردیے گئے ہیں پھر سب سے بڑھ کر یہ کہ جہاں انسانوں کے قلوب ایک ایسی یگانگت کا مسکن ہیں جس کے بغیر تحصیل علم اور ترقی قطعاً ناممکن ہے یہ سرزمین حیدرآباد ہے جہاں آج شاہ ثمانیہ کی زیبائی اور شان دیکھنے میں آرہی ہے ایک غیر معروف شخص جس کے دل میں صرف فلاح و بہبود دیکھنے کی امنگ تڑپ رہی ہے، اس سرزمین میں کھڑا ہوکر یہ پیش کوئی کرتا ہے کہ اگر موجودہ حالات سلامت ہیں، اور انسانوں کے دل میں یگانگت باقی ہے تو اے حیدرآباد "تیری تقدیر میں بنی نوع انسان کی قیادت جلی قلم سے لکھی ہوئی ہے"۔

آخر میں یہ محسوس کرتا ہوں کہ گویا میرا سارا وجود اس مملکت کے سریر آرا کے لیئے دست بدعا ہے، جس کی بخشش و عطا نے قلوب انسانی کو زندگی اور تہذیب کی مسرتوں سے نہال کردیا ہے۔ خدا کرے کہ صداقت معرفت اور یگانگت کی یہ سلطنت ابدالاباد تک قائم و دائم رہے آمین۔

رپورٹ سالانہ انجمن اساتذہ مستقر بلدہ بابتہ ۱۳۴۵ سنہ

میرزا ضیاء الدین بیگ صاحب بی۔ اے؛ بی۔ ٹی علیگ معتمد عمومی

جناب صدر محترم معزز خواتین و حضرات۔

سال زیر رپورٹ بہت ہی مہتم بالشان ہے اس کا آغاز اس سالانہ نویں کانفرنس سے ہوا جسکی صدارت عالیجناب نواب مہدی یار جنگ بہادر ایم اے (آکسن) صدر المہام تعلیمات و سیاسات نے فرمائی تھی جناب ممدوح نے انجمن کی کارروائی میں شرکت فرما کر جس گہری دلچسپی کا اظہار فرمایا تھا اور جن حوصلہ افزا الفاظ میں اپنی اختتامی تقریر میں اظہار پسندیدگی فرمایا اس نے انجمن کے کاروبار میں نئی روح پھونک دی۔ حضرات یہ امر باعث مسرت ہے کہ سالانہ نظام العمل نہ صرف کامیاب ثابت ہوا بلکہ اس انجمن کے مشاغل اور دلچسپیاں وسیع سے وسیع تر ہوگئیں جس کا بین ثبوت حالیہ قائم شدہ کلب اساتذہ اور زائد از نصاب مصروفیات کی کمیٹی ہے۔ سال حال مدرسہ اعزہ کو ذیلی شاخ مقرر کرنے کی وجہ سے انجمن کی شاخوں میں ایک کا اضافہ ہوا اور بمقابلہ سال گزشتہ بجائے ۱۲ کے انجمن کی ذیلی شاخیں ۱۳ قرار دی گئیں۔ انجمن اساتذہ سکندرآباد انجمن ہذا سے بدستور ملحق رہی۔ اراکین انجمن کی تعداد (۸۱۰) ہے۔

سال زیر رپورٹ میں مرکزی انتظامی کمیٹی کے (۷) جلسے منعقد ہوئے جن میں علاوہ دیگر امور کے حسب ذیل کام انجام پائے۔

۱۔ زائد از نصاب مصروفیات کے شعبہ کا قیام۔

۲۔ ضبط مدرسہ کے متعلق تیاری رپورٹ کے لئے ایک کمیٹی کا قیام۔

۳۔ ذیلی شاخوں کے ماہانہ جلسوں کے لئے مضامین کا نظام العمل۔

۴۔ اساتذہ کے کلب کے انتظامات کے لئے ایک ذیلی کمیٹی کی تشکیل۔

۵۔ دسویں سالانہ کانفرنس کے انتظامات۔

شعبہ زائد از نصاب مصروفیات اس شعبہ کا قیام ان سفارشات کی حتی الامکان تکمیل کے لئے عمل میں آیا۔ جو زائد از نصاب مصروفیات کی رپورٹ میں گذشتہ کانفرنس میں ظاہر کی گئی تھیں اور جس کا مقصد عوام کو زائد از نصاب مصروفیات کی جانب راغب اور متوجہ کرنا ہے۔

اس شعبہ کے ارکان حسب ذیل ہیں۔

(۱) ریورنڈ الیف سی فلپ۔ صدر نشین۔ (۲) جناب جی اے چندراودکر صاحب معتمد۔ (۳) جناب مولوی نورالحسن صاحب۔ (۴) جناب ین پارتھا سارتی صاحب (۵) جناب مولوی مرزا محمود علی بیگ صاحب (۶) ریورنڈ جی سندرم۔

چنانچہ آج چار بجے اس شعبہ کی ضمنی کمیٹی بھی منعقد ہوگی۔

ضبط مدرسہ کی ذیلی کمیٹی اس کی تشکیل گذشتہ سالانہ کانفرنس کے ایک رزولیوشن کی بنا پر ہوئی تھی۔ اور جناب مولوی عبدالستار صاحب بجانی اس کے صدر نشین مقرر ہوئے تھے کام کا آغاز ہی ہوا تھا کہ صاحب موصوف کا نانڈیڑ تبادلہ ہوگیا۔ اور جناب مولوی مرزا محمود علی بیگ صاحب کی نامزدگی عمل میں آئی۔ اس کمیٹی کے دیگر اراکین جو انجمن کی ذیلی شاخوں سے منتخب ہوئے تھے حسب ذیل ہیں۔

جناب مولوی محمد یوسف صاحب معتمد جناب مولوی محمد سلطان صاحب۔ جناب مولوی غلام دستگیر صاحب جناب ڈنکر ناراین صاحب۔ جناب ین وی ایر صاحب۔ جناب مولوی سید غوث الدین صاحب جناب مولوی غلام غوث خاں صاحب جناب مولوی سید صدرالدین صاحب۔ جناب مولوی حفیظ اللہ میر صاحب۔ جناب مولوی محمد حسین صاحب اور جناب گنیش چند صاحب۔

اس کمیٹی نے جو رپورٹ تیار کی ہے اس پر آج دوپہر کو اور کل صبح ضمنی جلسہ میں بحث و مباحثہ ہوگا۔ عالیجناب مولوی سجاد مرزا صاحب پرنسپل عثمانیہ ٹریننگ کالج اور عالی جناب مولوی سید محمد حسین صاحب جعفری نائب ناظم تعلیمات علی الترتیب اس کی صدارت فرمائیں گے اور کل دوپہر کو منظوری کے لیے اس کو کانفرنس میں پیش کیا جائے گا۔

ماہانہ جلسے ضبط مدرسہ سے متعلق حسب ذیل مضامین پر انجمن کی مختلف شاخوں میں ماہانہ

جلسوں میں مباحث ہوئے۔

(۱) قیام ضبط پر صدر مدرس اور اسٹاف کے تعاون کا اثر۔

(۲) ضبط جماعت۔

(۳) ضبط خارج از جماعت۔

(۴) ضبط بذریعہ سزائے جسمانی۔

(۵) ضبط غیر از سزائے جسمانی۔

(۶) اساتذہ اور اولیاء طلبا کے اتحاد عمل کا اثر ضبط مدرسہ پر

(۷) انتظام طلبا بحیثیت معاون ضبط مدرسہ۔

(۸) انعامات و تحائف کا اثر ضبط مدرسہ پر۔

(۹) استاد کی شخصیت کا اثر ضبط مدرسہ پر۔

ان ماہانہ جلسوں کو مزید مفید بنانے کی کوشش اس طرح عمل میں لائی گئی کہ بحث کا آغاز کرنے کے لئے قبل از قبل ایک رکن کو نامزد کیا جانے لگا۔ ان جلسوں میں جو مضامین پڑھے گئے تھے وہ رسالہ حیدرآباد ٹیچر کے اردو حصہ میں شائع کئے گئے ہیں۔

اساتذہ کا کلب عالیجناب مولوی سید علی اکبر صاحب نے گذشتہ کانفرنس میں اپنے مضمون "مدرس اور اس کے لمحات فرصت" میں اساتذہ کے کلب کے قیام کی جو تحریک فرمائی تھی اور جس کا خیر مقدم محترم صدر نشین صاحب نے فرمایا تھا) مرکزی انتظامی کمیٹی نے اس پر فوراً توجہ کی اور دیکھتے ہی دیکھتے اس کلب کا قیام عمل میں آگیا۔ اس کی شدید ضرورت کا اندازہ اس سے ہوسکتا ہے کہ (۱۰۰) سے زیادہ اساتذہ صاحبان اور عہدہ دار صاحبان تعلیمات نے افتتاح کلب تک اس کی رکنیت قبول فرمائی۔ سردست کلب دفتر صدر مہتمی تعلیمات مستقر بلدہ میں قائم ہے جہاں نہ صرف دارالمطالعہ اور ریڈیو موجود ہے بلکہ شطرنج پنگ پانگ برج اور فنگر بلیرڈ وغیرہ کا بھی انتظام ہے اراکین کلب اس روز سعید کے منتظر ہیں جبکہ سرکار عالی کی توجہ اور امداد سے کلب کی اپنی عمارت ہوگی اور جس میں بلیرڈ ٹیبل اور ٹینس کورٹ ہوگا۔

کانفرنس کی تعلیمی ہفتہ میں کلب کے مختلف کھیلوں کے ٹورنمنٹ ہوئے اور گذشتہ رات کلب کا

پہلا ڈنر بھی تھا۔ کلب کی کامیابی کا سہرہ جناب مولوی انصار احمد صاحب کے سر ہے جو اس کے ایک مستعد اور جوشیلے معتمد ہیں اس موقع پر جناب مولوی عبدالجبار صاحب سجانی سابق مددگار معتمد کا ذکر بے محل نہ ہوگا جنہوں نے اپنے تبادلہ سے قبل کلب میں قابل قدر کام انجام دیا ہے۔

عام تقاریر انجمن ہذا کی زیر سرپرستی بتاریخ ۲۳ رجولائی ۱۹۳۶ء جناب کے جی سیوا سوامی صاحب سکرٹری رورل سنٹر سروینٹس آف انڈیا سوسائٹی نے "اخلاقیات شہریت" پر تقریر فرمائی اور از راہ کرم عالی جناب مولوی سید محمد حسین صاحب جعفری بی اے (آکسن) نائب ناظم تعلیمات نے اس کی صدارت قبول فرما کر ہمیں ممنونیت کا موقع عطا فرمایا۔

مدارس کی باغبانی کا مقابلہ ان مدارس کی تعداد جو سال حال باغبانی کے مقابلہ میں شریک تھے مقابلہ سال گذشتہ جس میں (۹) مدارس نے حصہ لیا تھا۔ صرف آٹھ تھی یہ دوسرا سال ہے کہ مکرر مدرسہ فوخانیہ نام لی کو کپ دیا جانے والا ہے۔ گو تحتانیہ شمسی خیرت آباد نے بھی جس کا درجہ دوسرا تھا امتیاز کے حاصل کرنے میں کوئی کسر اٹھا نہ رکھی تھی۔ ویویک وردھنی ہائی اسکول اور ماڈل پرائمری سکول نے بھی بہتر کام انجام دیا اور بلحاظ امتیاز ان کا درجہ قیاسی رہا۔

آل انڈیا ایجوکیشنل کانفرنس اور نمائش انجمن ہذا کا الحاق آل انڈیا فیڈریشن آف ایجوکیشنل اسوسی ایشنس سے بدستور قائم رہا۔ ڈسمبر ۱۹۳۵ء میں ریاست حیدرآباد دکن کے سرکاری نمائندگان کی حیثیت سے جناب مولوی سید علی اکبر صاحب اور مس نندی نے آل انڈیا فیڈریشن آف ٹیچرز اسوسی ایشنز کی گیارہویں سالانہ کانفرنس میں جو بمقام ناگپور منعقد ہوئی تھی شرکت فرمائی۔ اور جناب مولوی نذیر حسین شریف صاحب اور جناب ایشور سنگھ صاحب نے انجمن ہذا کی جانب سے نمائندگی کی کانفرنس کے ضمن میں ناگپور میں تعلیمی نمائش بھی منعقد کی گئی تھی جس میں سررشتہ تعلیمات نے مستقر بلدہ کے مختلف مدارس سٹی کالج ہولی روزری کانونٹ اور مدارس لپت اقوام سے ۵۰ سے زیادہ نمائشی اشیاء بھیجی تھیں۔ یہ امر باعث امتنان ہے کہ (۱۴) انعامات متذکرہ بالا کالج ۱۰ مدارس نے حاصل کئے۔

کتب خانہ سال زیر رپورٹ میں انجمن کے کتب خانہ کو سررشتہ تعلیمات سے حسب سابق سالانہ

(مالہ) کی امداد ملی اور کتب کی تعداد میں اضافہ ہوا چنانچہ اس وقت انگریزی کتب کی تعداد (۶۴۴) اور اردو کتب کی (۶۰) ہے سالِ زیر رپورٹ میں (۲۲) کتب اراکین انجمن کو مطالعہ کے لئے دی گئیں۔ سال گذشتہ (۲۱۰) کتب دی گئی تھیں۔ ناظرین کی تعداد بخلاف ۱۳۴ کے جو سال گذشتہ تھی سال زیر رپورٹ میں (۱۵۲) رہی۔ انجمن ہذا عالیجناب مولوی سید محمد حسین صاحب جعفری بی اے۔ (آکسن) نائب ناظم تعلیمات کی بیحد ممنون ہے کہ جناب ممدوح نے تقریباً (۱۰۰) قیمتی کتب عطا فرما کر اپنی فیاضی اور علم دوستی کا عملی ثبوت دیا جس کی بناء پر انجمن نے جناب ممدوح کو دوامی رکن قرار دے کر اپنے جذبات تشکر و احسان مندی کا اظہار کیا انجمن ریورنڈ ایف سی فلپ کی بھی ممنون ہے جنہوں نے تین کتابیں عطا فرمائی ہیں نیز مسٹر ویر اور عالیجناب مولوی سید علی اکبر صاحب نے پانچ پانچ کتب عطا فرمائیں جس کے لئے انجمن ہدیۂ شکر پیش کرتی ہے۔

رسالہ حیدرآباد ٹیچر اس رسالہ نے اب گیارہویں سال میں قدم رکھا ہے حال ہی میں اس کے حلقہ ادارت میں دو تبدیلیاں ہوئیں۔ سال زیر رپورٹ کے اختتام پر جناب مولوی عطاء الرحمن صاحب نے طویل رخصت حاصل کی اور انگلستان روانہ ہوئے۔ موصوف کی جانشینی قبول کرنے کے لئے۔ جناب مولوی سالم بن سعید صاحب بی اے، بی ٹی ایم ایڈ لکچرار عثمانیہ ٹریننگ کالج نے ازراہ عنایت اظہار رضامندی فرمایا ہے۔ جناب مولوی سید اللہ بخش صاحب کی دوسرے سررشتہ میں منتقلی عمل میں آنے کی وجہ سے بجائے موصوف کے جناب مولوی سعید الدین خان صاحب اردو حصہ کی ادارت فرما رہے ہیں۔

انجمن کی مالی حالت گوشوارہ جمع و خرچ حسب ذیل ہے:-

تفصیل جمع

سلک گذشتہ	(صمالعوے ۵ر۴ ر)
چندہ مدارس بلدہ	(لع ۶ر۶ ر)
عطیہ	(ا ے)

الامع ۱۰ر۱۱ما

تفصیل اخراجات خرچ ۳۸

اخراجات سالانہ کانفرنس ودیگر (صما ۱۳/۸ھ) اخراجات مشاعرہ (سہ)

جملہ (سما ۱۳/۸ھ)

" الونس کارکنان انجمن (مالہ ۵/۶ھ)

" صابون (لعہ)

" آل انڈیا کانفرنس (بدلعہ ۸/۳ھ) + (لعہ) سکہ کلدار ۱۳/

سلک موجودہ (صما ۱۵/۶ھ)

الہ لعہ

۱۰/۱۱ھ

۱۳۴۴ف کے حسابات کی تنقیح جناب مولوی عبدالوہاب صاحب نے فرمائی جن کا شکریہ ادا کیا جاتا ہے۔ جناب مولوی سید خیرات علی صاحب نے انجمن کی خزانہ داری کے فرائض بدستور انجام دئے۔ جن کی انجمن ممنون ہے۔

اختتام

معزز خواتین اور حاضرین انجمن کے اس پہلے تعلیمی ہفتہ کی کامیابی حوصلہ افزا ہے اور مجھے یقین کامل ہے کہ یہ آئندہ ہر سال تعلیمی ہفتہ کے لئے رہبر ثابت ہوگی۔ علیا حضرت شہزادی درشہوار درد انہ بیگم صاحبہ نے ازراہ عطوفت کل نمائش کا افتتاح فرما جو عزت افزائی فرمائی وہ اراکین انجمن کے لئے باعث فخر ومباہات ہے تعلیمی ہفتہ کی دوسری دلچسپ خصوصیات یہ تھیں (۱) اسکوٹ ڈے ریلی جس کا انتظام گذشتہ شنبہ کو جناب آرگنائزنگ کمشنر صاحب بائزاسکاوٹس نے فرمایا تھا (۲) مسٹر ویبر کی فانوسی تقریر (۳) مشاعرہ جو جناب مولوی غلام محمود صاحب معتمد اور دیگر اراکین مشاعرہ کمیٹی نے زیر صدارت جناب مولوی شوکت علی خان صاحب فانی منعقد کیا تھا (۴) ایورنڈ ایف سی فلپ اور جناب مولوی مرزا محمود علی بیگ صاحب کی لاسلکی تقاریر (۵) اساتذہ کے لئے خصوصی اسباق جو گذشتہ شنبہ کو اول ہوئے اور اکثر کل بھی ہوں گے۔

انجمن ان تمام خواتین وحضرات کی ممنون ہے جنہوں نے تعلیمی ہفتہ کو کامیاب بنانے میں اعانت فرمائی ہے اور خصوصاً عالیجناب مولوی قاضی محمد حسین صاحب کا شکریہ ادا کرتی ہے کہ جناب ممدوح نے ازراہ عنایت کانفرنس کی صدارت فرماکر انجمن کو ممنونیت کا موقع عطا فرمایا

انجمن عالیجناب خان فضل محمد خان صاحب ناظم تعلیمات کی ممنون ہے کہ۔ جناب ممدوح نے اس کی ہر طرح اعانت اور حوصلہ افزائی بدستور فرمائی نیز انتظامی کمیٹی اور دوسری کمیٹیوں کے اراکین کا اتحاد عمل باعث ممنونیت ہے۔

حضرات عالیجناب مولوی سید علی اکبر صاحب میر مجلس انجمن کا شکریہ ادا کرنے سے میری زبان قاصر ہے۔ انجمن نے جس قدر ترقی کی ہے وہ بڑی حد تک جناب ممدوح کی ترغیب وتحریص کوشش اور رہبری کا نتیجہ ہے۔

روئداد دسویں سالانہ کانفرنس انجمن اساتذہ مستقر بلدہ

از

مرزا ضیاء الدین بیگ بی اے بی ٹی معتمد عمومی انجمن اساتذہ بلدہ

انجمن اساتذہ مستقر بلدہ نے بخلاف سنین گذشتہ سال حال دسویں سالانہ کانفرنس کے موقع پر تعلیمی ہفتہ منایا جو ۵ ر آذر ۱۳۴۶ف شروع ہوکر ۱۲ ر آذر ۱۳۴۶ف کو کامیابی کے ساتھ ختم ہوا لاسلکی تقاریر، اسکوٹس کے مظاہرے، قانونی تقریر، مشاعرہ، اساتذہ کے لئے خصوصی جماعتیں، نمائش تعلیمی، ٹیچرز کلب کے ٹورنمنٹ، ذیلی کمیٹیوں کے مباحث اور مختلف دلچسپ ومفید عنوانات پر عام جلسوں میں تقاریر وغیرہ اس ایک ہفتہ کی مصروفیات سے جو نتیجہ خیز اور عملاً رہنما ثابت ہوسکتے ہیں کانفرنس کی کامیابی کا اندازہ ہوسکتا ہے یہ کامیابی انجمن کے روح رواں جناب مولوی سید علی اکبر صاحب ایم اے (کنٹب) میر مجلس انجمن کی دلچسپی اور رہبری کوشش اور غیر معمولی مصروفیات کا نتیجہ ہے۔

لاسلکی تقاریر بتاریخ ۵ ر آذر ۱۳۴۶ بوقت ۸ ساعت ۳۰ منٹ جناب مولوی مرزا محمود علی بیگ صاحب پرنسپل مدرسہ فوقانیہ دارالعلوم نے یہ عنوان (مدرسہ سے

والدین کا تعاون) بہ زبان اردو لاسلکی نشر گاہ سرکار عالی سے تقریر فرمائی۔ عام طور پر والدین کو مدرسہ سے تعاون کے متعلق معلومات بہم پہونچانے کی ضرورت ہے اور اس قسم کی تقاریر نہایت کارآمد ثابت ہوتی ہیں قابل مقرر نے نہایت وضاحت سے تقریر کی ہے اس تقریر کو علیحدہ نمبر میں شائع کیا جائے گا۔ بتاریخ ۹ر آذر ۱۳۴۶ف بوقت شب ریورنڈ ایف سی فلپ وارڈن سینٹ جارجز گرامر اسکول نے بعنوان (چند جدید رجحانات تعلیم) پر بزبان انگریزی تقریر کی مضمون کی اہمیت اس کے عنوان سے ظاہر ہے۔ ریورنڈ ایف سی فلپ کے طرز بیان اور وسیع معلومات نے مضمون میں اور جان ڈالدی صاحب موصوف نے ان ریورٹوں کی اہمیت جتا کر سامعین کو ان سے استفادہ کرنے کی توجہ دلائی۔ جو انجمن اساتذۂ بلدہ نے ہر سال کانفرنس میں پڑھنے کے لئے تیار کی ہیں۔ نیز تعلیم کو عملی زندگی سے مربوط کرنے کے طریقے بتلائے اور آسٹریلیا کے مدارس کا حوالہ دیتے ہوئے مدارس میں خود مختارانہ حکومت (سلف گورنمنٹ ان اسکولز) کے طریقہ پر روشنی ڈالی۔

اسباق اور ان سے متعلق تقاریر

بتاریخ ۵ر آذر ۱۳۴۶ف بوقت ۱۰ ساعت صبح بعمارت ابتدائیہ سینٹ جارجز گرامر اسکول چرچ روڈ مس ڈی وسٹر نے کنڈرگارٹن کی جماعت کا نمونہ پیش کیا (۳۶) اساتذہ صاحبان سبق میں شریک ہونے کی خواہش ظاہر کر کے اطلاع دی تھی لیکن تقریباً (۱۰۰) اساتذہ شریک تھے سبق نہایت دلچسپ اور کامیاب رہا۔ بظاہر یہ معلوم ہوتا تھا کہ کم سن بچے نہایت آزادی کے ساتھ کھیل رہے ہیں اور لطف پیدا کر رہے ہیں۔ اور ناچ رہے ہیں۔ اور معلمات ان کا ساتھ دے رہی ہیں لیکن کھیل کود اور گانے ناچنے کے پیرایہ میں بچوں نے دستی مشاغل، نظم خوانی، مطالعہ قدرت، اعداد نویسی اور جسمانی آسان ورزش وغیرہ کو سیکھا۔

اختتام سبق پر جناب مولوی سید علی اکبر صاحب ایم اے (کنٹب) میر مجلس انجمن نے تقریر فرمائی۔ جناب ممدوح نے فرمایا کہ آج کا مظاہرہ بہت اچھا رہا۔ افسوس ہے کہ جگہ کی قلت کی وجہ سے زیادہ اساتذہ کو سبق میں شریک ہونے کا موقع نہیں دیا جا سکا مقرر نے مظاہرہ کے متعلق تین امور کی جانب توجہ دلائی۔

کنڈرگارٹن

۱۔ مدرسہ کی جن معلمات نے سبق میں حصہ لیا۔ ان کو خود مس ڈبسٹر نے ٹریننگ کیا ہے اور کنڈر

کے اکثر آلات معلمات کے بنائے ہوئے ہیں۔

۲۔ آج بچوں میں تمام وقت دلچسپی قائم تھی معلمات صرف رہبری کر رہی تھیں اور یہ کوشش کر رہی تھیں کہ بچوں میں حرکت ہو اور عمل۔ اس کا نتیجہ یہ تھا کہ تمام وقت بچے بشاش تھے۔

۳۔ بچوں نے ہر ایک کام باقاعدگی سے کیا۔ اور ڈسپلن لائق ستائش تھا۔ ہر بچہ کرسی رکھتے وقت اس بات کی احتیاط کر رہا تھا۔ کہ آواز نہ ہو۔

بس جن مدارس میں کنڈرگارٹن قائم ہے۔ وہاں مدرسین کو چاہیے کہ نئے نئے آلات تیار کر کے اور کھیل کا طریقہ اختیار کر کے بچوں کی دلچسپی میں اضافہ کرنے کی کوشش کریں نیچر اسٹڈی کے اسباق میں حتی الوسع زندہ جانور یا پرند طلبہ کے سامنے پیش کرنا چاہئے۔ تین سال قبل انجمن اساتذہ کی ایک ذیلی کمیٹی نے کنڈرگارٹن پر رپورٹ تیار کی تھی۔ یہاں آنے سے قبل اس رپورٹ کا مطالعہ کنڈرگارٹن کے مدرسین کے لئے مفید ثابت ہوگا آخر میں مقرر نے جناب مولوی عبدالعزیز صاحب بی اے بی ٹی وائس پرنسپل عثمانیہ ٹریننگ کالج کا جنہوں نے شرکت فرما کر انجمن اساتذہ سے اپنی دلچسپی کا اظہار فرمایا شکریہ ادا کیا۔

جناب مولوی عبدالعزیز صاحب نے انگریزی میں حسب ذیل تقریر فرمائی۔

آج کے سبق میں شریک ہو کر مجھے بہت مسرت ہوئی۔ گو ہم لوگوں کو کنڈرگارٹن سے متعلق معلومات تھے۔ لیکن آج عملی طور پر ایک کامیاب کنڈرگارٹن جماعت کے دیکھنے کا موقع ملا۔ ٹریننگ کالج کے متعدد لکچروں سے ہم کو وہ تجربہ حاصل نہیں ہو سکتا جو آج کے سبق دیکھنے سے حاصل ہوا آج کے سبق کا ہر حصہ ایک کھیل تھا۔ حواس کی تربیت کے ساتھ ساتھ قوائے ذہنی کی تربیت بھی ہوئی قوت مشاہدہ کی تربیت کھیل کے ذریعہ سے کی گئی۔ ہر لڑکے نے اشیاء پیش کردہ کو غور سے دیکھا اور جو کچھ دیکھا بیان کیا اور جو اشیا عمداً کم کر دی گئی تھیں ان کے نام طلبہ نے بتائے موسیقی سے بھی جس کا تعلق روح سے ہے سبق کے دوران میں کام لیا گیا جس سے طلبہ نے تکان محسوس نہیں کی۔ میں مس ڈی دلبسٹر اور دیگر معلمات کا جنہوں نے سبق میں حصہ لیا ممنون ہوں۔ نیز جناب مولوی سید علی اکبر صاحب کا بھی شکریہ ادا کرتا ہوں۔

سالانہ اسکوٹ ڈے پلی | بتاریخ ۱۵ آذر ۱۳۴۶ف بوقت ۴½ ساعت شام بمقام نظام کالج

سالانہ امکاوٹ ڈے ریلی کا مظاہرہ کیا گیا۔ گرونڈ پر مہمانوں کے لیے خیمہ نصب تھا۔ مظاہرہ میں سروٹگر، ماڈل پرائمری اسکول شاہ گنج مفید الانام، دھنراج، اورنچل گوڑہ، دارالعلوم، دارالشفاء اور ناملی جاگیردار کالج، اور شاہ علی بنڈہ کے تقریباً ۱۲ ۱۲ اسکاوٹس نے حصہ لیا۔ مظاہرہ کا آغاز پرچم آصفی کے لہرانے سے کیا گیا اور رقص، فلاگ ڈریل معہ بیانڈ پل بندی، اسکوٹ مکالمہ، خیمہ زنی، کیمپ کی زندگی وغیرہ پر مشتمل تھا یہ نہایت دلچسپ اور کامیاب رہا جس کے اختتام پر جناب مولوی سید محمد ہادی صاحب بی۔ اے آرگنیزنگ کمشنر بائے سکوٹس نے کبس کو اور جناب مولوی سید علی اکبر صاحب ایم اے (کنٹب)، ڈسٹرکٹ کمشنر حلقہ چادر گھاٹ نے اسکوٹس کو اور جناب نواب ناظر یار جنگ بہادر ڈسٹرکٹ کمشنر نے اسکوٹ ماسٹر صاحبان کو مخاطب کرکے علی الترتیب ان سے متعلق حلف کی تجدید کروائی جس کو کبس اسکوٹس اور اسکوٹ ماسٹر صاحبان نے بیک زبان دہرایا۔ جناب مولوی اکبر علی خان صاحب برسٹر نے اسکوٹس کو مخاطب فرما کر حسب ذیل تقریر فرمائی اسکوٹنگ کی کامیابی ملک کی خوشحالی کا باعث ہے۔ عزت کا احساس ایک فنی چیز ہے جس ملک کے افراد میں عزت و شرافت کا احساس نہ ہو وہ ملک ترقی نہیں کر سکتا۔ اسکوٹس کا حلف بہت اہم ہے جس کا احترام کرکے اسکوٹس کو اس پر عمل کرنا چاہئے۔ اور اسکوٹس کو سب کی خدمت کرنی چاہئے خدمت ہی سے دنیا میں امتیاز اور تفوق حاصل ہوتا ہے حقیقی مسرت دولت اور ڈگریوں سے نہیں حاصل ہوتی ہے بلکہ راست بازی اچھی سیرت اور مخلوق کی خدمت میں اس کا راز مضمر ہے جناب مولوی سید محمد ہادی صاحب نے معزز مہمانوں کا شکریہ ادا کیا اور جناب نواب ناظر یار جنگ بہادر نے انعامات تقسیم فرمائے۔ نواب صاحب ممدوح اور جناب مولوی سید علی اکبر صاحب کو اسکوٹ ہوسی ایشن کی جانب سے ڈسٹرک کمشنر کے بیاج دے گئے۔ نواب صاحب کو پھول پہنائے گئے اور پرچم اتارنے کی رسم ادا ہونے کے بعد مظاہرہ ختم ہوا۔

فانوسی تقریر ۷ آذر ۱۳۴۶ف کو ۶½ بجے شام تھڈسٹ بائز ہائی اسکول میں مسز لیف ویبر پرنسپل کلیہ تعلیم جہانی نے زیر صدارت جناب مولوی سید ہادی صاحب بی۔ اے آرگنیزنگ کمشنر بائے اسکوٹس بعنوان "رجائیت جذبہ اور اس کی رہنمائی تعمیری طریق میں" فانوسی تقریر فرمائی۔ عنوان زیر بحث پر مقرر موصوف نے کافی روشنی ڈالی اور تقریر کو واضح کرنے کے لیے

موزوں اور دلچسپ تصاویر سے کام لیا۔ اولمپک گیمس سے متعلق تصاویر بتائے اور کرہ جماعت میں رقابتی جذبہ کس طرح ظاہر ہوتا ہے بیان کیا۔

صدر جلسہ نے مسٹر و پیر کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ حال میں ہندوستان کی کرکٹ ٹیم نے انگلستان کا جو سفر کیا تھا اس کے واقعات سے ظاہر ہے کہ ہندوستان میں رقابتی جذبہ کی صحیح رہنمائی کی سخت ضرورت ہے مسٹر پارتھا سارتھی منصرم صدر مدرس مدرسہ نوقانیہ نامپلی نے جناب مولوی سید محمد ہادی صاحب و مسٹر و پیر اور ان کے شرکا رکا رو حاضرین کا منجانب انجمن شکریہ ادا کیا۔

مشاعرہ سات آذر کو رات کے ۹ بجے میتھڈسٹ بائز ہائی اسکول میں زیر صدارت جناب شوکت علی خان صاحب فانی مشاعرہ منعقد ہوا۔ جناب مولوی غلام محمود صاحب معتمد مشاعرہ کے حسن انتظام اور سلیقہ کا نتیجہ تھا کہ ہال نہایت آراستہ تھا۔ اور شعرا، و مہمانان وغیرہ کی نشستوں کا علیحدہ علیحدہ انتظام کیا گیا تھا۔ ہال مہمانوں اور شعرا و اساتذہ سے بھرا ہوا تھا۔ مشاعرہ کا آغاز جناب مولوی محمود علی صاحب محوی کی فارسی غزل سے ہوا۔ اردو میں جناب مولوی سید محمد صاحب اجلال و جناب مولوی دلدار حسین صاحب اظہر۔ جناب مولانا حسام الدین صاحب فاضل و جناب مولوی محمد فاضل صاحب فاضل و جناب مولوی عبدالمجید صاحب مجید و جناب مولوی ناظم صدیقی صاحب ناظم۔ جناب مولوی سعادت اللہ خانصاحب ہوش۔ اور جناب مولوی سید اللہ بخش صاحب توحید کے کلام کی۔ اور فارسی میں جناب مولوی آغا طلعت صاحب و جناب مولوی آغا فرخ صاحب کے کلام کی حاضرین نے بہت داد دی۔ آخر میں میر مشاعرہ جناب مولوی شوکت علی خانصاحب فانی نے طرح کی غزل سنائی جس کی حاضرین نے خوب داد دی۔ اور حاضرین کے اشتیاق اور اصرار پر غیر طرحی غزلیں بھی سنا کر محظوظ فرمایا۔ ایک بجے مشاعرہ برخاست ہوا۔

اردو و فارسی مصرع ہائے طرح حسب ذیل ہے۔

اردو ع زندگی مشکل ہی تھی مرنا بھی مشکل ہوگیا۔

فارسی ع سیر صد باغ بہر خار بیاباں کردم۔

اساتذہ کے لئے خصوصی جماعتیں ۱۰ آذر ۱۳۴۶ف کو یہ عمارت آل سینٹس ہائی اسکول

حسب ذیل اسباق دے گئے۔

(۱) طبقہ تحتانیہ کے طلبا کو نیچر اسٹڈی پر جناب مولوی عزیز اللہ وزارتی صاحب۔ ایم۔ ایس سی۔ ڈپ۔ ایڈ (لیڈز) مدرس کارماڈل پرائمری اسکول نے سبق دیا۔

(۲) جناب ڈاکٹر شنذار کر صاحب پی۔ ایچ ڈی (لنڈن) لکچرار عثمانیہ ٹیچرز ٹریننگ کالج نے طبقہ وسطانیہ کے طلبا کو سائنس پر سبق دیا۔

(۳) جناب مولوی سید احمد صاحب۔ ایم۔ اے (اڈنبرا) بی۔ ٹی نے مدارس فوقانیہ میں جغرافیہ کی تعلیم پر بزبان انگریزی تقریر فرمائی۔ جس میں موصوف نے جغرافیہ کی تعلیم کی اہمیت اور اس کے فوائد پر زور دیتے ہوئے طریقۂ تعلیم کی وضاحت فرمائی۔

(۴) جناب مولوی عبدالعزیز صاحب بی۔ اے۔ بی ٹی وائس پرنسپل عثمانیہ ٹیچرز ٹریننگ کالج نے طبقہ وسطانیہ کے طلبہ کو ریاضی میں نمونہ کا سبق دیا۔ موصوف نے مختلف چارٹس تیار فرمائے تھے جن سے سبق کے دوران میں کام لیا گیا۔

(۵) جناب مولوی خواجہ یوسف الدین صاحب۔ ایم۔ اے۔ ایم ایڈ (لیڈس) لکچرار ٹریننگ کالج نے طبقہ وسطانیہ کے طلبہ کو انگریزی میں نمونہ کا سبق دیا۔

(۶) جناب مولوی قاری روشن علی صاحب ناظر القرأت نے طبقۂ تحتانیہ کے طلبا کو قرأت کا سبق دیا۔ تختۂ سیاہ پر حروف اور مرکب الفاظ لکھکر مخارج بتائے گئے اور صحیح طور پر پڑھنے کی مشق کرائی گئی۔

اسباق کے ختم ہونے پر تختہ چینی کا موقع حاضرین کو دیا گیا۔ اور اعتراضات کے جوابات خندہ پیشانی سے دئے گئے۔

اسباق کا سلسلہ ختم ہوتے ہی ½ ۱۲ بجے جناب مولوی سید علی اکبر صاحب میر مجلس انجمن نے اردو میں بعنوان "طریقۂ تعلیم کے چند نقائص اور ان کی اصلاح" پر مبسوط اور مدلل تقریر فرمائی جس میں وہ نقائص بتائے گئے جو مدارس کے معائنوں کے وقت ممدوح نے دیکھے تھے۔ نیز ممدوح نے اپنے وسیع تجربہ کی بنا پر ان نقائص کے ارتفاع کی تدابیر بتائیں۔ مدرس کی نظر اور آواز کے متعلق اپنے تجربے بیان فرمائے جو نہایت دلچسپ تھے اس کے بعد فرمایا کہ تعلیم میں تیاری اسباق کو بہت اہمیت حاصل ہے۔ محض تکمیل ضابطہ کے لئے اشارات لکھنا جیسا کہ عموماً ہوتا ہے بے سود ہے۔

تفصیلی اشارات لکھنے کے لئے مدرس کو کافی وقت نہیں لیکن اشارات کم از کم ایسے تو ہوں جو سبق پڑھانے میں مدرس کی رہبری کر سکیں اور اس کو بار بار کتاب دیکھنے کی ضرورت نہ ہو توضیح اور تشریح کے لیئے تختہ سیاہ سے پورا پورا فائدہ اٹھانا چاہیے۔ اس ضمن میں مدرسین کو یہ مشورہ دیا کہ ڈرائنگ میں اپنے استعداد کو بڑھانے کی کوشش فرمائیں ذاتی فعلیت اور ذاتی اظہار کا اصول طلبا کے لئے بیحد مفید ہوتا ہے مدرس کو سوالات کے طریقہ کا بھی کافی خیال رکھنا چاہیے۔ جرمن مدارس میں سبق کے اختتام پر عام طور پر چند طلبا کو باری باری سے اپنی جماعت کے دوسرے طلبا سے سوالات کرنیکا موقع دیا جاتا ہے۔ اس طریقہ سے طلبا کی دلچسپی میں اضافہ ہوتا ہے۔ ہمارے مدارس کے طریقہ تعلیم میں سب سے بڑا نقص یہ ہے کہ اسباق کو عملی زندگی سے مربوط کرنے کی کافی کوشش نہیں کی جاتی اس میں نصاب کا کوئی قصور نہیں ہے۔ نصاب میں تعلیم کے عملی پہلو کا کافی لحاظ رکھا گیا ہے لیکن باوصف اسکے تعلیم کتابی ہے یہ نقص طریقہ تعلیم کا ہے

نیچر اسٹڈی جغرافیہ اور حساب کی مثالیں دیکر جناب مولوی سید علی اکبر صاحب نے بتایا کہ ان مضامین کو کس طرح عملی حیثیت سے مفید بنایا جا سکتا ہے۔ اپنی تقریر کو ختم فرماتے ہوئے جناب ممدوح نے فرمایا کہ پیشۂ مدرسی میں کامیابی کا انحصار مدرس کی ذاتی قابلیت کام سے دلچسپی اور طلبا کے ساتھ ہمدردی پر ہے۔

دوسرے دن سٹی کالج میں جناب مولوی سید احمد صاحب نے طبقۂ فوقانیہ کے طلبا کو انگریزی میں جغرافیہ پر سبق دیا تختہ سیاہ اور نقشہ جات سے مدد لی گئی اور سبق کامیاب رہا۔

دیگر حضرات نے اسباق سے متعلق عنوانات پر تقاریر فرمائیں جو پر از معلومات اور تجربہ پر مبنی تھیں اسباق کے متعلق اشارات بھی اکثر حضرات نے طبع کرائے تھے جو بروقت تقسیم کیئے گئے۔

تعلیمی نمائش بتاریخ ۱۰ آذر ۱۳۴۶ف نو بجے صبح سینٹ جارجز گرامر اسکول میں علیا حضرت شہزادی درشہوار درد انہ بیگم صاحبہ نے نمائش تعلیمی کا افتتاح فرمایا صحن میں مہمانوں کے لیے وسیع شامیانہ نصب کیا گیا تھا تقریباً جملہ عہدہ دار صاحبان تعلیمات بلدہ بعض عہدہ دار صاحبان اضلاع پروفیسر صاحبان عثمانیہ یونیورسٹی خواتین اور اکثر اعلی عہدہ دار صاحبان بلدہ موجود تھے۔ ٹھیک نو بجے علیا حضرت شہزادی صاحبہ تشریف فرما ہوئیں جناب نواب عزیز الدین جنگ بہادر

جناب خان فضل محمد خان صاحب اور جناب مولوی سید علی اکبر صاحب نے استقبال کیا بیانڈ نے سلامی دی۔ گارڈ آف آنر کا معائنہ فرماتے ہوئے محترمہ شہزادی صاحبہ نے ایک زردفیتہ کو کھولتے ہوئے نمائش کا افتتاح فرمایا اور ہال میں داخل ہوئیں جہاں مختلف مدارس کے طلبہ اور طالبات کی تیار کردہ نمائشی اشیا سلیقہ کے ساتھ رکھی گئیں تھیں۔ علیا حضرت شہزادی صاحبہ نے پنسل کاری اور رنگ کاری اور سوزن کاری کے بعض نمونوں کو بغور ملاحظہ فرما کے پسندیدگی کا اظہار فرمایا اس کے بعد دوسرے ہال میں رونق افروز ہوئیں جہاں مدارس پست اقوام وغیرہ کا نمائشی سامان رکھا ہوا تھا۔ اس کو ملاحظہ فرما کر شامیانہ میں رونق افروز ہوئیں اور دو کمسن لڑکیوں نے نظم پڑھتے ہوئے گلدستہ پیش کیا۔ ماڈل پرائمری اسکول کے طلبا نے جسمانی ورزش اور گرامر اسکول کے طلبا نے کرتبی مظاہرہ کئے۔ پیانو پر ۱۲ کمسن طالبات نے رقص کیا جن میں سے ۶ مردانہ لباس میں میں تھیں۔ مس ڈی ویسٹر صدر نمائش کمیٹی نے علیا حضرت شہزادی درشہوار درو انہ بیگم صاحبہ کو مخاطب کرنے کی عزت حاصل کرتے ہوئے حسب ذیل رپورٹ سنائی ہم کو اس بات کی بہت مسرت ہے کہ ہم آپ کا خیر مقدم کر رہے ہیں یہاں تشریف لانے کی آپ نے زحمت گوارا فرمائی اور نمائش تعلیمی کا افتتاح فرما کر ہماری عزت افزائی فرمائی ہے۔ میں انجمن کی جانب سے آپ کی خدمت میں ہدیہ تشکر پیش کرتی ہوں آپ کو تعلیمی مسائل اور ریاست کے مدارس کے بچوں سے کس قدر دلچسپی ہے اس کا آپ نے گذشتہ تین سال سے بیشمار طریقوں سے اظہار فرمایا ہے یقین ہے کہ اب آپ کو شہزادہ کی تعلیم کا بھی خیال ہے درحقیقت تمام سلطنت شہزادہ کی فلاح وبہبودی کی خواہاں ہے۔ نمائشی اشیا جن کی تعداد ۲۰۰۰ ہیں آپ نے ملاحظہ فرمائی ہیں۔ یہ اشیا متمول اور غریب دونوں طبقوں کے بچوں کے مدارس سے آئی ہیں۔ کانفرنس کے ساتھ جو زیادہ تر نظری مسائل سے بحث کرتی ہے نمائش تعلیمی کے انعقاد کا مقصد یہ ہے کہ مدارس میں جو عملی کام انجام پاتا ہے اس کو ظاہر کیا جائے۔ کنڈر گارٹن سرسری مدارس اور فوقانیہ مدارس ـــــ سے نمائشی اشیا وصول ہوئی ہیں اساتذہ نے بھی آلات تعلیمی اور رُومن سے متعلق اشیا بھیجی ہیں۔ ۲۰ مدارس پست اقوام سے بھی اشیا آئی ہیں۔ ہم لوگ آپ کی خدمت میں اس عزت افزائی کے باعث مکرر ہدیہ پیش کرتے ہیں۔ جناب ناظم صاحب تعلیمات نے حضرت بندگان اقدس اور علیا حضرت شہزادی درشہوار صاحبہ کے لیے تھری چیئر تجویز

کئے اور بیانڈ نے سلامی دی جس کے بعد مراجعت عمل میں آئی۔

شعبہ زائد از نصاب مصروفیات کا ذیلی جلسہ اور ضبط مدرسہ کی کمیٹی کی رپورٹیں اور اس پر مباحثہ

بتاریخ ۱۱ر آذر ۱۳۴۶ف زیر صدارت ریورنڈ الیف سی فلپ (ایم اے) شعبہ زائد از نصاب مصروفیات کا ذیلی جلسہ منعقد ہوا جس میں جناب چندرو رکر صاحب (ایم اے) معتمد یور و زائد از نصاب مصروفیات نے اپنی رپورٹ پڑھی۔ ریورنڈ الیف سی فلپ نے شعبہ زائد از نصاب مصروفیات کے مشاغل کی اہمیت کا ذکر فرماتے ہوئے ان مصروفیات کا انسانی زندگی سے جو تعلق ہے ظاہر فرمایا جناب مولوی سجاد مرزا صاحب نے فرمایا کہ جب اساتذہ تعلیمی تفریح کے لئے کہیں جانا چاہتے ہیں تو حکام ان ریلوے رعایتی ٹکٹ نہیں دیتے اس کا انتظام شعبہ کرے تو مناسب ہے۔ ریورنڈ الیف سی فلپ نے جواب دیا کہ اس بارہ میں کوشش کی جائے گی۔

ضبط مدرسہ پر رپورٹ تیار کرنے کے لیے مرکزی انتظامی کمیٹی نے ایک ذیلی کمیٹی مقرر کی تھی۔ جس کی صدر نشین معتمد اور ارکان نے نہایت محنت سے اردو میں رپورٹ تیار کی۔

بتاریخ ۱۱ر آذر ۱۳۴۶ف ایک ذیلی جلسہ زیر صدارت جناب مولوی سجاد مرزا صاحب منعقد ہوا جس میں رپورٹ مذکور پڑھی گئی اور مختصر مباحثہ کے بعد رپورٹ منظور ہوئی۔ جناب مولوی سجاد مرزا صاحب نے ایک موثر تقریر فرمائی جو رسالہ میں علٰحدہ شائع کی گئی ہے۔ اس تقریر میں ممدوح نے ضبط کی مثالیں روزمرہ کے واقعات سے دیکر تعلیم اور ضبط کا تعلق اور اساتذہ کے فرائض نہایت اچھے پیرایہ میں بتائے ہیں۔

بتاریخ ۱۴ر آذر ۱۳۴۶ف زیر صدارت جناب مولوی سید محمد حسین صاحب جعفری بی اے (اکسن) ذیلی جلسہ منعقد ہوا جس میں ضبط مدرسہ پر انگریزی میں مسٹر ڈینکر نرائن بی۔ اے بی ٹی نے رپورٹ پڑھی۔ مسٹر ٹی اے لنگم۔ بی اے بی ٹی نے یہ تحریک پیش کی کہ مدرسین اور امتحانات کا جہاں ذکر ہے وہاں یہ ترمیم کی جائے "مدرسین کو ہر ایسے امتحان میں شریک ہونے کی اجازت دی جانی چاہیے جو سررشتہ کے لئے مفید ہوں" جناب مولوی محمد سلطان صاحب نے اس ترمیم کی تائید فرمائی۔ مسٹر پارتھا سارتھی نے تحریک کی کہ مدارس میں جسمانی سزا قطعاً نہ دی جائے اور رپورٹ میں سزا کا جو فقرہ ہے حذف کیا جائے۔ مسٹر ڈینکر نارائن نے اس کی مخالفت کرتے ہوئے

فرمایا کہ سزا کی تائید کا جو فقرہ ہے وہ رکھنا مناسب ہے کیونکہ بغیر اس کے ضبط کا قیام دشوار ہے بعض اخلاقی جرائم میں سزا کی شدید ضرورت پائی گئی۔ مسٹر پارتھا سارتھی کی ترمیم نامنظور ہوئی۔ جناب مولوی سید محمد حسین صاحب صدر جلسہ نے فرمایا کہ رپورٹ قابل قدر ہے رپورٹ میں جو سفارشات کی گئی ہیں ان پر اساتذہ کو عمل کرنا چاہیئے۔ متذکرۂ بالا ترمیم کے ساتھ رپورٹ منظور ہوئی۔

کانفرنس کے اجلاس

اجلاس اول (صبح) بتاریخ ۱۱ آذر ۱۳۴۶ف سوا نو بجے صبح بمقام سٹی کالج زیر صدارت جناب قاضی محمد حسین صاحب ایم۔ اے۔ ایل ایل۔ بی (کنٹب) نائب معین امیر جامعہ عثمانیہ کانفرنس کا پہلا اجلاس منعقد ہوا۔ عہدہ دار صاحبان تعلیمات بلدہ و اضلاع خواتین و دیگر معززین و پروفیسر صاحبان و اساتذہ صاحبان سے ہال بھرا ہوا تھا۔ نمایندگان اخبارات کافی تعداد میں تھے جن کے لیے مناسب انتظام کیا گیا تھا۔ جناب قاضی محمد حسین صاحب تالیوں کی گونج میں کرسی صدارت پر تشریف لائے۔ جناب قاری روشن علی صاحب ناظر القراء اور مسٹر گنگادھر پھاٹک نے قراءت اور پرارتھنا سے کانفرنس کا آغاز کیا۔ جناب مولوی سید نورالحسن صاحب بی اے بی ٹی (علیگ)، ڈپٹی ایڈیٹر (ایڈنبرا) صدر استقبالیہ کمیٹی نے خطبہ استقبالیہ پڑھا اس کے بعد صدر کانفرنس نے ڈاکٹر میکزی اور مسٹر کچھال کے انتقال پر ملال پر اظہار افسوس کرتے ہوئے حسب ذیل قرارداد پیش کی اور حاضرین نے استادہ ہو کر اس کو منظور کیا "یہ کانفرنس ڈاکٹر میکزی اور مسٹر مارما ڈیوک پکتھال کی وفات پر دلی رنج والم اور ان کے پسماندگان کے ساتھ دلی ہمدردی کا اظہار کرتی ہے"۔ معتمد عمومی نے سالانہ رپورٹ سنائی اس کے بعد جناب ناظم صاحب تعلیمات نے صدر کانفرنس کو پھول پہنائے۔ صدر کانفرنس نے خطبۂ صدارت انگریزی میں پڑھا جس کا ترجمہ علیحدہ اسی نمبر میں شائع کیا گیا ہے۔ جناب ڈاکٹر یوسف حسین خان صاحب ڈی لٹ (پیارس) نے بہ عنوان "ہندوستانی مدارس میں تاریخ ہند کی تعلیم" اردو میں تقریر فرمائی اور ایشیا کے نقشہ پر ممالک وغیرہ بتلاتے ہوئے تقریر کی وضاحت فرمائی اور تاریخ کی تعلیم میں حسب ذیل امور پر زور دیا۔

(۱) ایک مورخ یا استاد تاریخ کے لیے اپنی رائے کا اظہار بشرطیکہ واقعات کا خود غرضانہ تعلق

نہو کوئی قباحت نہیں رکھتا۔

(۲) تاریخ میں محض واقعات کا دہرانا بے معنی ہے جب تک کہ اس کے ساتھ واقعات اور حالات پر تنقید نہ کی جائے۔

(۳) تاریخ کی تعلیم میں معاشرتی مقاصد کو پیش نظر رکھنا لازمی ہے۔

(۴) تاریخ کے استاد کو زندہ دل اور رجائی ہونا چاہیے۔

(۵) طالب علموں پر یہ بھی واضح کر دینا چاہئے کہ ہر زمانہ اپنے اندر کچھ خصوصیات رکھتا ہے اور اگر کوئی قوم ان خصوصیات سے بے خبر رہے تو اس کو زوال ہوتا ہے۔

(۶) بلاشبہ تاریخ کے استاد کو آئندہ کی تاریخ بنانے میں بہت کچھ دخل ہے۔

(۷) تاریخ نہ صرف معلومات پہونچانے تک محدود ہونی چاہیے بلکہ وہ آیندہ نوجوان نسل کے اخلاقی مفاد کی بھی ذمہ دار ہے۔

جناب ڈاکٹر یوسف حسین خاں صاحب نے ہندوستان کے گذشتہ تاریخی واقعات پر کافی روشنی ڈالی اور اقوام کی ترقی و تنزل کے اسباب بتائے۔ ان اساتذہ صاحبان کے لئے جو تاریخ ہند پڑھاتے ہیں۔ یہ تقریر یقین ہے کہ بہت مفید ثابت ہوگی اس کو آیندہ نمبر میں شائع کیا جائے گا۔

مسز انگلر ایم۔ اے۔ ایل ٹی۔ وظیفہ یاب صدر مہتممہ نسوان نے انگریزی میں بعنوان "ہندوستان میں تعلیم نسوان" مقالہ پڑھا جس کا خلاصہ درج ذیل ہے۔

اس عنوان کو دو حصوں میں تقسیم کیا جا سکتا ہے۔ تعلیم بالغان اور تعلیم اطفال۔ معاشی مشکلات اول الذکر کی ترقی میں حایل ہیں۔ اس کی ترقی کے دو اہم اجزا ہیں یعنی سینما اور ریڈیو۔ عنوان بالا میں حسب ذیل شامل ہیں۔ حفظ صحت۔ بہبودی اطفال۔ فرسٹ ایڈ۔ آسان گھریلو علاج امراض متعدی کا علاج۔ زراعت دیہی تنظیم تعلیم کی ایسی اسکیم بنائی جائے جس میں بطور خاص اس بات پر زور دیا جائے کہ عورتیں اچھی مائیں اور اچھی بیویاں بن سکیں۔ نفسیات اطفال کی تعلیم کا انتظام سرکاری اور امدادی مدارس ثانویہ میں کیا جا سکتا ہے۔ میری رائے میں عورتوں کو تیمارداری کی تعلیم بطور خاص دی جانی چاہیے۔ اگر عوام کے لئے جبری تعلیم کا انتظام ہو جائے تو ان مدارس میں تعلیم دو وقت دینی چاہئے طلبا کا ایک گروہ صبح مدرسہ جائے۔ اور دوسرا دوپہر میں تعلیم سے مستفید ہو۔ فطرت انسانی

اس کی مقتضی ہے کہ نادار طلبا کو روزانہ نصف یوم سے زیادہ تعلیم حاصل کرنے پر مجبور نہ کیا جائے تاکہ خاندان کی آمدنی متاثر نہ ہو۔ فطرت انسانی کا یہ بھی تقاضہ ہے کہ غریب طلبا کو روزانہ ایک وقت مدرسہ میں تازہ غذا دی جائے۔ اور کتب نیز دیگر ضروریات تعلیمی بھی پوری کی جائیں۔ متذکرہ مدارس میں فنی تعلیم کا بھی انتظام ہو تاکہ طالبات ختم تعلیم پر خاندان کی کمتر آمدنی میں اضافہ کرنے کا باعث بن سکیں۔ دیہی تنظیم کو خاص اہمیت دی جائے اور پیشہ زراعت کو تمام اسکیموں میں نمایاں جگہ دی جائے۔ دیہی رقبہ میں لڑکیوں کو ان کی آئندہ زندگی کا تیار بنانے کے لیے نظری اور عملی تعلیم دیجائے۔ متمول گھرانوں کی لڑکیوں کو امور خانہ داری، سوزن کاری۔ اور فن (ART) کی تعلیم دیجائے۔ اس کے بعد کیپٹن پٹاول سابق پرنسپل پالی ٹکنیکل انسٹیوٹ قاسم بازار (کلکتہ) نے جو دیہی تنظیم کے سلسلہ میں حیدرآباد تشریف لائے ہوئے تھے اور جنہوں نے حکومت کے ملاحظہ میں ایک رپورٹ بھی پیش کی ہے حسب ذیل تقریر فرمائی۔

معاشی مسائل بتدریج تعلیمی انقلاب پیدا کر رہے ہیں تعلیم میں خوف و ہراس کے عنصر داخل ہوکر ردعمل پیدا کر رہے ہیں ماہران تعلیم کو یہ خوف لگا ہوا ہے کہ جو تعلیم وہ دے رہے ہیں وہ بیروزگاری کی طرف لے جا رہے ہیں اور انقلاب جنگ اور خوف سے لوگ نامعلوم طور پر ہراساں ہیں ان اندیشوں کو کس طرح نیست و نابود کیا جاسکتا ہے؟ اگر ہم تعمیری کام کا آغاز کرکے تحریک امداد باہمی کو ترقی دیں تو پوری فضا کو بدلا جاسکتا ہے۔ سائنس دانوں کا یہ مشورہ ہے کہ اتحاد باہمی کی فضا پیدا کرلیں اور اس کے حصول کے لئے نظام تعلیم کو بدلنا پڑیگا۔ ایک مکمل نظام کی ترویج میں اخراجات کو نظرانداز کر دینا پڑے گا۔ اس قسم کی تعلیم کا ایک اہم جز جان بخش قوتوں کی تربیت میں مضمر ہے۔ یونائیٹڈ کمیٹی نے ایک مسودہ قانون تیار کرکے مجلس وضع قوانین ممالک متحدہ امریکہ میں پیش کیا ہے۔ جو انسانی قوتوں کی نشوونما کا حامی ہے۔ دیہی تعلیم کا مسئلہ سائنٹفک نظام تعلیمی سے حل ہوسکتا ہے۔ جو موجودہ تدریس نظام کے برعکس ہے۔ اس طرح کا وسیع نظام تعلیم آئندہ تعلیمیافتہ طبقہ کی غربت اور افلاس کا خاتمہ کردے گا۔

اجلاس اول دوپہر دو بجے سے دوسرا اجلاس شروع ہوا۔ دو بجے جناب نواب مرزا یار جنگ بہادر صدر مجلس عدالت العالیہ نے "ترک مسکرات" پر مقالہ پڑھا جو رسالہ میں

علیحدہ شائع کیا جائیگا ۔ نواب صاحب ممدوح نے اساتذہ سے درخواست کی اسکام میں ان کا ہاتھ بٹائیں ۔

جناب مولوی سجاد مرزا صاحب ایم ۔ اے (کنٹب) پرنسپل ٹریننگ کالج نے یہ دریافت فرمایا کہ ترک مسکرات کی تحریک کا مقصد کیا مسکرات کو بالکل ترک کر دینا ہے یا اعتدال کی گنجائش ہے کیونکہ بالکل ترک کرنے سے سلطنت کی آمدنی کا جو نقصان ہوگا ۔ اس کی تلافی کس طرح ہوگی نواب صاحب نے جواب دیتے ہوئے فرمایا کہ سلطنت کی آمدنی کے نقصان کی فکر ان حضرات کو نہیں کرنی چاہیے جنہیں اس کی تلافی کرنے سے راست تعلق نہو جب لوگ زیادہ پارسا و نیک بنیں گے تو دوسرے ذرائع سے کمی کی تلافی کریں گے ۔ اعتدال کی نواب صاحب نے مخالفت فرمائی ۔

جناب مولوی سید محمد حسین صاحب جعفری ۔ بی ۔ اے (آکسن) نائب ناظم تعلیمات نے قرآنی آیات سنا کر یہ ثابت فرمایا کہ نشہ حرام ہے ۔ نیز جناب نواب مرزا یار جنگ بہادر سے مخاطب ہو کر فرمایا کہ منشی اشیاء کی بیخ کنی کی سعی فرمائیں تو مناسب ہے ۔ اور دوسرے ذرائع مثلاً آمدنی پرگس وغیرہ عائد کرنے سے سلطنت کی آمدنی میں اضافہ ہو سکے گا ۔ و نیز فرمایا کہ تلنگانہ کے لوگ بہ مقابلہ مرہٹواڑی کے اشخاص کے مسکرات میں زیادہ حصہ لیتے ہیں ۔ اس لئے تلنگانہ کے اساتذہ کو تحریک ترک مسکرات سے دلچسپی لینی چاہیے اور نوجوانوں کو مسکرات سے باز رکھنا چاہیے ۔

½ ۲ بجے تک رپورٹ ضبط مدرسہ پر اردو میں بحث کرنے کے لئے ضمنی جلسہ زیر صدارت جناب مولوی سجاد مرزا صاحب منعقد ہوا ۔ اور ۴ بجے سے ½ ۴ بجے تک زیر صدارت ریورنڈ ابف سی فلپ شعبہ زائد از نصاب مصروفیات کا ضمنی جلسہ منعقد ہوا ۔

اجلاس دوم (صبح) نمونہ کے اسباق کے سلسلہ میں تقاریر ہوئیں ۔ اور جناب مولوی سید احمد صاحب نے طبقہ فوقانیہ کے طلبا کو جغرافیہ پر نمونہ کا سبق دیا ضبط مدرسہ کی کمیٹی کی رپورٹ پر انگریزی میں بحث ہوی ۔

اجلاس دوم (دوپہر) دو بجے دوسرا اجلاس زیر صدارت جناب مولوی قاضی محمد حسین صاحب نائب امیر جامعہ عثمانیہ شروع ہوا ۔ مس ڈی وبسٹر صدر کمیٹی نمائش نے

رپورٹ پڑھی جو علحدہ شائع ہوی ہے۔ اس کے بعد صدر جلسہ نے انعامات تقسیم فرمائے۔ جناب مولوی سید محمد صاحب ایم۔ اے لکچرار سٹی کالج نے "ہمارے نصاب میں اردو کی اہمیت" پر ایک دلچسپ مقالہ پڑھا۔ جو علحدہ آیندہ نمبر میں شائع کیا جائے گا۔ مسٹر دوراسوامی ایم اے ایل ٹی لکچرار انگریزی کی تعلیم کے چند تجاویز" پر ایک مبسوط تقریر فرمائی جس میں موصوف نے مادری زبان پر بحیثیت ذریعہ تعلیم کے زور دیا نیز فرمایا کہ برطانوی ہند میں انگریزی ذریعہ تعلیم ہے اس لیے اظہار خیالات کا معیار کس قدر بلند رہنا ضروری ہے ممالک محروسہ میں انگریزی بحیثیت لازمی زائد زبان کے پڑھائی جاتی ہے۔ جامعہ عثمانیہ میں انگریزی کا معیار کم ہے ڈائرکٹ میتھڈ کامیاب ثابت نہیں ہوا۔ ملکی زبان انگریزی زبان کے سیکھنے میں بہت معاون ہوتی ہے لٹریچر کے مطالعہ میں ملکی زبان بہت اہمیت رکھتی ہے اور السنۂ قدیم کا ذوق پیدا کرتی ہے لوگ بمقابلہ قواعد کے محاورات سے زیادہ ناواقف ہوتے ہیں۔ ملکی زبان اظہار خیالات پر قادر ہوتی ہے اور انگریزی زبان میں اظہار خیال ناقص ہوتا ہے۔ نثر کو زبان کی حیثیت سے نظم کو ادب کی حیثیت سے پڑھانا چاہیئے۔ انگریزی کی تعلیم عملی زندگی میں کارآمد اور تہذیب و شائستگی کے لیے مفید ہوتی ہے۔

جناب ڈاکٹر حیدر علی خاں صاحب۔ ایف آر سی۔ ایس۔ پرنسپل میڈیکل کالج نے اردو میں مقالہ پڑھا جس کا عنوان "مدرس اور بچوں کی عام بیماریوں کی تشخیص تھا" اس کو علحدہ شائع کیا جارہا ہے اس کے بعد کانفرنس نے دو رزولیوشن پاس کئے پہلا ضبط مدرسہ کی ذیلی کمیٹی کی رپورٹ کی منظوری سے متعلق تھا، اور دوسرا آیندہ سال کے لئے اسکول ہائجن پر رپورٹ تیار کرنے لئے ذیلی کمیٹی کے تقرر سے متعلق تھا۔ جناب مولوی سید محمد مہدی صاحب معتمد باب حکومت نے "جاپان کے تاثرات" پر اردو میں تقریر فرمائی جس کو علحدہ شائع کیا جائے گا۔ اس میں جاپانیوں کی زندگی اور مختلف حیثیتوں سے جاپان اور حیدرآباد کا مقابلہ کیا گیا ہے عالیجناب نواب مہدی یار جنگ بہادر ایم اے (اکسن) صدر المہام سیاسیات و تعلیمات نے دلچسپ تقریر فرمائی جس میں ابتدائی تعلیم۔ جبری تعلیم تعلیم نسواں۔ تنظیم جدید۔ اور تعلیم المعلمین جیسے اہم عنوانات پر کافی روشنی ڈالی گئی ہے اور اصلاحی تدابیر بتائی گئی ہیں اس تقریر کو علحدہ رسالہ ہذا میں شامل کیا گیا ہے صدر جلسہ کی خواہش پر مسٹر سروجنی نائڈو نے تقریر فرمائی جس میں موصوفہ نے کہا کہ میں دس سال پہلے بھی اس انجمن کی کانفرنس میں شریک ہوئی تھی،

اور آج سے پہلے بھی شائد ایک اور مرتبہ شرکت کا موقع ملا تھا۔ میں حیدرآبادی ہوں مجھے حیدرآباد سے بیحد محبت ہے جب میں باہر جاتی ہوں تو حیدرآباد میں اپنا دل چھوڑ جاتی ہوں۔ عالیجناب نواب مہدی یار جنگ بہادر نے نسوانی تعلیم کے متعلق جو کچھ فرمایا ہے اس کو سن کر میں بہت خوش ہوئی اس لئے کہ میں نے بھی یہیں پرورش پائی اور یہیں تعلیم حاصل کی ہے۔

صدر جلسہ عالیجناب مولوی قاضی محمد حسین صاحب نے اختتامی تقریر میں فرمایا کہ کانفرنس کی کامیابی سے مسرت ہوئی یہ کامیابی انجمن کے کارپردازوں اور کانفرنس کے منتظمین اور میر مجلس انجمن جناب مولوی سید علی اکبر صاحب کی کوشش کا نتیجہ ہے۔

جناب مولوی سید علی اکبر صاحب میر مجلس انجمن نے فرمایا کہ یہ نمائش یادگار رہیگی کیونکہ علیاحضرت شہزادی درشہوار درد انہ بیگم صاحبہ کے دست مبارک سے اس کا افتتاح عمل میں آیا ہے صدر کانفرنس اور عالی جناب نواب مہدی یار جنگ بہادر مسٹر سروجنی نائڈو اور دیگر مقررین اور ان پروفیسر صاحبان کا جنہوں نے تقاریر اور اسباق میں حصہ لیا تھا اور جن اساتذہ صاحبان کے کمیٹیو میں حصہ لیا اور کانفرنس کے انتظامات محنت سے کرکے کانفرنس کو کامیاب بنایا ان سب کا نام بنام اور مہمانوں کا شکریہ ادا فرمایا اور کانفرنس کا آخری اجلاس ختم ہوا۔

معزز مہمان ایٹ ہوم میں شریک ہوئے اس کے بعد چند اساتذہ صاحبان نے موسیقی سے حاضرین کو محظوظ فرمایا۔ آخر میں جناب مولوی مرزا محمد علی بیگ صاحب نے اراکین انجمن کی جانب سے جناب مولوی سید علی اکبر صاحب میر مجلس کا شکریہ ادا کیا۔ جواب میں جناب مولوی سید علی اکبر صاحب نے کہا کہ کانفرنس کی کامیابی جملہ اراکین کے تعاون اور اتحاد عمل کا نتیجہ ہے تعلیمی ہفتہ میں اراکین نے جس جوش اور ولولہ سے حصہ لیا وہ یادگار رہے گا سب سے بڑھ کر خوشی کی بات ہے کہ انجمن کا ہر ایک رکن انجمن کے کام کو اپنا کام سمجھتا ہے۔ انجمن کی ترقی کا بڑا راز یہی ہے انجمن اساتذہ نے بلدہ کے مدرسین میں جو برادری کا رشتہ قائم کیا تھا اب ٹیچرز کلب کے افتتاح کی وجہ سے یہ رشتہ اور بھی زیادہ مضبوط ہوگیا ہے انجمن اور کلب ہر دو لیکن خصوصاً کلب مساوات کے اصول پر قائم ہے کلب میں نہ تو گزیٹیڈ اور نان گزیٹیڈ عہدہ دار ہیں اور نہ طبقہ تحتانیہ اور طبقہ فوقانیہ کے مدرسین میں کسی قسم کا امتیاز ہے امید ہے کہ جو اراکین انجمن اب تک کلب میں شریک نہیں ہوئے ہیں وہ اب شریک ہو جائیں گے۔

رپورٹ نمائش بابتہ سالانہ کانفرنس اساتذہ ۱۳۴۶ف

مرتبہ

مس ڈی وبسٹر صاحبہ

انجمن اساتذہ بلدہ کی دسویں سالانہ نمائش کا افتتاح حضرتہ علیا شہزادی درشہور نے فرمایا۔ بتاریخ ۱۵ اکٹوبر یوم پنجشنبہ کی صبح بمقام نمائش سنٹ جارجس گرامر اسکول میں نواب ذوالقدر جنگ بہادر، عالیجناب خان فضل محمد خاں صاحب ناظم تعلیمات" مولوی سید محمد حسین صاحب جعفری، مولوی سید علی اکبر صاحب صدر مہتمم تعلیمات بلدہ اور دیگر اراکین نمائش کمیٹی نے حضرتہ علیا شہزادی صاحبہ کا خیر مقدم ادا کیا۔

حضرتہ علیا شہزادی صاحبہ نے نمائشی اشیاء کا ملاحظہ فرمانے کے بعد کمسن اطفال کے مختلفہ کرتب، ڈرل اور کھیل ملاحظہ فرمائے۔ ہم شہزادی صاحبہ کے بیحد سپاس گذار ہیں کہ نمائش کا افتتاح فرماکر ہماری عزت افزائی فرمائی۔

سالہائے ماسبق کی طرح نظماء کمیٹی کو اس سال بھی تصفیہ انعامات کے مشکل کام سے دوچار ہونا تھا۔ ہم مسٹر ایمنگر، مسٹر کیمپسن، مس نیل، مسٹر عزیز علی مسٹر ربانی اور مسٹر ہیوجیس ڈن کے خاص طور پر ممنون ہیں کہ ان حضرات نے اپنے قیمتی وقت کا زیادہ حصہ اس کام کی انجام دہی میں صرف کیا۔

مندرجہ بالا حضرات نے اپنے مفوضہ کام کو اگرچہ ۱/۲ ۴ ساعت شام کو شروع کیا لیکن رات کے ۹ بجے تک بھی وہ اپنے کام کو ختم نہ کرسکے آئندہ سال بشرطیکہ حالات اجازت دیں نمائش کا انتظام ایک وسیع مکان میں کم از کم ایک ہفتہ کے لئے کیا جائے گا تاکہ اس نمائش سے عوام بھی مستفید ہوں۔ اس موقعہ پر نمائش کے متعلق نظماء کی رائے اور سفارشات کا ذکر کردینا بھی قرین مصلحت ہوگا

(۱) شعبہ نقشہ کشی (ڈرائینگ) میں نظماء نے کام کی جدت کو محفوظ رکھا۔ ایسی چیزیں کمیاب نہیں۔ زیادہ وقت مسابقت کنندگان نے نقالی میں صرف کیا اس لحاظ سے نظماء نے اصلی کام کام کرنے والوں کو انعامات تقسیم فرمائے۔

(۲) طبقہ وسطانیہ کے نصاب ڈرائنگ میں پنسلی نمونہ کے ڈرائنگ پر زیادہ اہمیت دی گئی اس طبقہ سے ڈرائنگ کے بہترین نمونہ جات پیش کئے گئے تھے۔

(۳) طبقہ فوقانیہ سے دستی مشاغل کے نمونہ جات گذشتہ سال کی بہ نسبت کم تعداد میں وصول ہوئے لیکن تاریخ وجغرافیہ کے بہترین نقشہ جات سے واضح تھا کہ خاص کر اس جانب بہت کافی توجہ دی گئی ہے۔

نظماء کمیٹی کو سوزن کاری کے کام سے بہت مایوسی ہوئی چنانچہ اس سال بخاف کے (حاشیہ) کام پر بہت کم توجہ دیگئی ہے۔

کپڑے کے موڑنے اور گرہ دینے میں نفاست سے کام نہیں لیا گیا کم عمر طالبات سے جن کی عمریں ۸، ۹، اور ۱۰ سال کی تھیں بہت ہی باریک اور نازک کام لیا گیا ہے جو کسی طرح ان کی عمر و بکا لحاظ کرتے مناسب نہ تھا۔ اکثر نمونوں پر نمائشی کام ضرورت سے زیادہ کیا گیا تھا جس کی وجہ سے ان کا حقیقی مقصد فوت ہو رہا تھا یعنے اس نمائشی کام کے ازدیاد کی وجہ سے بچے کسی انسانی سر کے آرام دینے سے قاصر تھے۔

طبقہ تحتانیہ میں مدرسہ عالیہ اور ماڈل پرائمری اسکول اور روزیری کانونیٹ سے بہت دلچسپ نمونہ جات بھیجے گئے تھے۔

اساتذہ کے کام میں سال حال نمایاں ترقی پائی گئی خیال ہے کہ آیندہ سال سے اساتذہ کی ذوق اور دلچسپی کی اشیاء (Home Work) کا ذخیرہ نمائش میں رکھا جائے گا۔

اس موقع پر مناسب معلوم ہوتا ہے کہ نواب سرحیدر نواز جنگ بہادر کے مجسمہ کی تصویر (جس کے انعام عطا کیا گیا ہے) مسز ایڈورڈ کی عکاسی اور نفیس پیانا تیار کردہ مسٹر بیلنگم اور کھلونا (جانوروں کی شکلیں) تیار کردہ مسز نورالحسن اور سینٹ جارجیس گرامر اسکول کے عجائب خانہ کی بھی تعریف کردی جائے چند اعلیٰ اور خوبصورت نمونہ جات مجوبہ گرلس اسکول سے روانہ کئے گئے تھے جو اگرچہ مقابلہ میں شرکت کی غرض سے نہیں بھیجے گئے تھے اس پر بھی ایک سند انھیں عطا کی گئی۔ عثمان ٹریننگ کالج بلدہ کے ان اشیاء کو ایک سند عطا کی گئی جو مقابلہ میں شرکت کی غرض سے روانہ تو نہیں کی گئی تھیں لیکن اپنی حد تک وہ بہت دلچسپ اور خوبصورت تھیں رسال حال نمائشی مقابلہ میں ۱۱ مدارس نے حصہ لیا اور ان سب سے

(۲۰۷۰) اشیاء برائے مقابلہ وصول ہوئیں۔

ختم پر ہم سینٹ جارجیس گرامر اسکول کے وارڈن (صدر) کا شکریہ ادا کئے بغیر نہیں رہ سکتے کیونکہ انہوں نے ازراہ عنایت اپنے مدرسہ کی عمارت ہماری نمائش کے اغراض کے لیے دی۔

منیجر صاحب مطبع اکسلسیر نے داخلہ کے ٹکٹ عنایت کرکے ہمیں مشکور کیا اسکوٹ ٹرو پس۔ کمپنی (اور بلو بوڈس نے ہماری بہت امداد کی مہتمم صاحب عامرہ اور کوتوال صاحب بلدہ نے بھی ہمارے کاموں میں حصہ لیکر جو انتظامی معاملات میں مدد کی ہے، ہم ان کے از حد ممنون ہیں۔

مترجمہ وجیہ الدین صاحب مدرسہ سلطانیہ گورنمنٹ محل

خلاصہ تقریر

ضبط مدرسہ

مولوی سجاد مرزا صاحب ایم۔اے۔ کنوینر صدر اجلاس ذیلی کمیٹی ضبط مدرسہ

جرمن کے بادشاہ فریڈرک اعظم کا یہ مقولہ بیان کرتے ہوئے کہ "بادشاہ اپنے ملک کا سب سے پہلا خادم ہے" آپ نے فرمایا کہ ان کے خیال میں اسی طرح مدرس اپنے ملک کے بچوں کا سب سے پہلا خادم ہے اور کارپردازان عثمانیہ ٹریننگ کالج اس بات سے خوش ہیں کہ وہ اپنے کو مدرسین کا سب سے پہلا خادم خیال کرتے ہیں۔ ان کو اس سے مسرت ہوتی ہے کہ انجمن اساتذہ کے روح رواں مولوی سید علی اکبر صاحب ان کو ایسے مواقع پر خدمت کرنے کا موقع عطا فرماتے ہیں۔ آج کے ذیلی جلسہ میں جو رپورٹ ضبط مدرسہ کے متعلق پیش ہوی ہے وہ نہایت درجہ اہم ہے اس پر بحث مباحثہ بھی ہو چکا ہے۔ جی تو چاہتا ہے کہ اس پر تفصیل کے ساتھ تنقیدی نظر ڈالی جائے لیکن اب وقت کی تنگی کے باعث اس کا موقع نہیں رہا۔ لہذا دو تین باتیں غور و فکر کے لیے پیش کی جاتی ہیں:۔

لفظ ضبط غالباً اس مطلب کے ظاہر کرنے کے لیے استعمال کیا گیا ہے جس کے لیے انگریزی میں لفظ ڈسپلین استعمال ہوتا ہے عثمانیہ ٹریننگ کالج نے تراجم کے سلسلہ میں اس پر بھی جامعہ عثمانیہ کے اراکین کی شرکت میں غور کیا اور یہ نتیجہ نکلا کہ ڈسپلین کا مفہوم کسی فارسی عربی یا ہندی لفظ سے ادا

نہیں ہوسکتا اس کے معنے بدلتے رہے ہیں اور اس تبدیلی کا سلسلہ جاری ہے اس کا ماحول ہی جداگانہ ہے اس لیئے وہی لفظ قبول کرلیا جائے تو مناسب ہوگا چنانچہ اس تصفیہ کے موافق عمل کرنا چاہیئے۔

(۲) پیش کردہ رپورٹ میں یہ نہیں بتلایا گیا کہ اس کی تیاری میں کن ذرائع سے مطلوبہ مواد فراہم کیا گیا۔ طریقہ کار اہم چیز ہے۔ اگر ہم مدرسین وغیرہ سے بذریعہ تختہ سوالات و ملاقات ان کی مشکلات معلوم کرلیں بعض متعلقہ واقعات کی جانچ کریں والدین و سرپرستوں سے استفسار کریں تو ایسا مواد جمع ہوجائیگا۔ جو قابل عمل تجاویز اختیار کرنے میں مدد دے گا۔ انجمن اساتذہ ایک علمی انجمن ہے لہذا اس کی تمام تجاویز میں علمی پہلو قوی رہنا چاہیئے۔

(۳) ڈسپلن سے متعلق جو حقیقی مشکل ہے وہ یہ ہے کہ آزادی، ترقی، انفرادی ارتقا ضبط، روایات اور اجتماعی زندگی میں تضاد سمجھا جاتا ہے حالانکہ واقعہ اس کے خلاف ہے آزادی اور ضبط ترقی اور روایات۔ انفرادی ارتقا اور اجتماعی زندگی میں تعاون اور ارتباط ہے اور ہونا چاہیئے۔ مدرسین کا بڑا کام یہی ہے کہ ان کو ایک دوسرے سے وابستہ کردیں۔

(۴) ہمارے ملک میں مذہب کی اہمیت کے باعث یہ خیال ہوچلا ہے کہ انسان کے وضع کردہ قوانین و قواعد کی پابندی لازم نہیں ہے۔ کسی مسجد میں آپ مجمع کو دیکھیں تو ظاہر ہوگا کہ نہایت خاموشی اور خوش سلیقگی کے ساتھ ہر ایک مصروف ہے بلا کہے سنے صف تک سیدھی کی جاتی ہے لیکن اسی مجمع کو آپ سڑک پر پیدل یا سائیکل پر چلتے یا ریلوے اسٹیشن پر ٹکٹ خریدتے یا ڈبہ میں چڑھتے دیکھیں تو آپ کو تعجب ہوگا کہ کس درجہ گڑبڑ بے قاعدگی اور دھینگا مشتی کی جاتی ہے وجہ ظاہر ہے۔ ایسے مواقع پر جن قواعد یا آداب کی پابندی کرنی چاہیے اس کا کسی کو بھی سرمو خیال نہیں ہوتا اور یہ محض اس لیئے کہ ان کے متعلق کوئی فتوی یا مذہبی حکم موجود نہیں ہے بلکہ ہر ایک جانتا ہے کہ وہ انسان کے وضع کردہ اور منظورہ ہیں۔ یہی حال ہندوستان میں کمیٹیوں کا ہوتا ہے جن کے لازمی طور پر اکثریت کے منظورہ تصفیہ اقلیت کے لئے قابل تعمیل شمار نہیں ہوتے۔ اس کے برخلاف ممالک مغرب میں ایک تصفیہ کے بعد مخالف سے مخالف بھی اس کی پابندی اپنے اوپر لازم اور عدم پابندی یا مخالفت اپنے ضمیر کے خلاف تصور کرتا ہے۔ یہ ان ممالک میں کمیٹیوں کی کامیابی اور ہمارے ہاں ناکامیابی کا راز ہے۔

ایسی ذہنیت کی موجودگی میں خصوصاً جب کہ ہمارے مدارس میں مذہب بطور ایک نصابی مضمون پڑھایا جاتا ہے اور اس کی تعلیم مولوی صاحبان کے سپرد ہے تو کیا یہ مناسب ہوگا کہ ہم طلبہ کے اخلاق، افعال و کردار کے بھی دو حصے کریں اور اپنے دائرۂ عمل کو محدود کر کے اپنی توجہ صرف اسی ایک چیز پر منعطف کر دیں جس کا تعلق بالکلیہ موجودہ زندگی کے باعث زیادہ تر دنیوی امور سے ہے۔ جرمن فلسفی کانٹ نے کیا خوب کہا ہے کہ "جب تجھ کو کیا کرنا چاہیے مجھ کو کیا کرنا چاہیے میں تبدیل ہو جائے تب کہیں انسان ہوتا ہے" غرض ہماری یہ کوشش ہونی چاہیے کہ ہم اپنے طلبہ میں انسان کے بنائے ہوئے قوانین قواعد اور ہدایات کی اہمیت اور حرمت کا خیال پیدا کر میں اور طلبہ کی ایسی ذہنیت بنا دیں کہ وہ ان کی پابندی اپنا اولین فرض اور ان سے خلاف ورزی اپنے ضمیر کے خلاف سمجھنے لگیں۔ پروفیسر وائٹ ہیڈ کا مقولہ ہے کہ "دانائی کا واحد راستہ آزادی ہے جو علم کی موجودگی میں ہو۔ لیکن علم کا بالکلیہ واحد راستہ ڈسپلن ہے جو باترتیب واقعات کی تحصیل پر مبنی ہو"۔ ہر ایک کو یہ اپنے پیش نظر رکھنا چاہیے۔

تقریر عالیجناب نواب مہدی یار جنگ بہادر ایم اے (اکسن)

صدر المہام سیاسیات و تعلیمات ملک سرکار عالی

اس کانفرنس کی ایک خصوصیت یہ بھی ہے کہ اس کا صدر خطبہ صدارت انگریزی میں پڑھتا ہے۔ اور تقریر بھی انگریزی میں کرتا ہے۔ گذشتہ سال میں نے بھی انگریزی میں خطبہ پڑھا تھا۔ اور تقریر بھی کی تھی۔ چونکہ اس سال میں صدر نہیں ہوں اور آزاد ہوں اس لیے اردو میں تقریر کروں گا انجمن اساتذہ کا دسواں اجلاس خیر و خوبی کے ساتھ اختتام کو پہنچ رہا ہے یہ ایک نہایت مفید تحریک ہے جو ہر سال ترقی کر رہی ہے اس کا دائرۂ عمل وسیع ہوتا جا رہا ہے۔ میں نے نمائش میں جو چیزیں دیکھیں وہ گزشتہ سال سے بہتر تھیں۔ یہ کانفرنس کی خوش نصیبی ہے کہ اسے قاضی محمد حسین صاحب جیسا تعلیمی دلچسپی اور انہماک رکھنے والا شخص ملا۔ باوجود موجودہ مشکلات کے قاضی صاحب نے جامعہ کے ساتھ جو دلچسپی لی اور نئی نئی باتیں پیدا کیں یہ سب ان کے تعلیمی انہماک پر دلالت کرتی ہیں۔

مُلک کو جس چیز کی سب سے زیادہ ضرورت ہے وہ ابتدائی تعلیم ہے اگر ابتدائی تعلیم وسیع پیمانہ پر نہ ہو تو اس کی مثال ایک کھوکھلی عمارت کی سی ہے ہماری ریاست کی آبادی کے لحاظ سے موجودہ تعدادِ اطفال زیرِ تعلیم بالکل ناکافی ہے ابتدائی تعلیم کے لئے تدابیر اختیار کرکے ہمیں اس الزام کو دور کرنا چاہیئے کہ یہاں کے لوگ زیادہ لکھے پڑھے نہیں ہیں ملک میں ابتدائی تعلیم کو جبری کرنے کے لئے زور دیا جارہا ہے حکومت اس کے خلاف نہیں ہے مگر وقتِ واحد میں تعلیم کا جبری کیا جانا ممکن نہیں۔ اگر تعلیم جبری کر دی جائے تو ہم استادوں اور عمارتوں کو فی الفور مہیا نہیں کر سکیں گے۔ مجھے امید ہے کہ جبری تعلیم کے حامی عملی مشکلات پر غور کریں گے۔ اور اس کو بھی دیکھیں گے کہ جو لوگ اس وقت خوشی سے تعلیم پا رہے ہیں ان کے انتظام میں کیسی مشکلات پیش آرہی ہیں۔ پھر بھی حکومت جبری تعلیم کے مسئلہ پر غور کر رہی ہے جبری تعلیم کی مخالفت عدم ہمدردی کی بنا پر نہیں بلکہ محض عملی اور انتظامی مشکلات کی بنا پر کی جاسکتی ہے۔

دوسرا اہم مسئلہ تعلیم نسواں کا ہے۔ تعلیم نسواں کی ترقی کی رفتار خاطر خواہ نہیں ہے اور اس طرف خاص توجہ کی ضرورت ہے کیونکہ اگر لڑکیوں کی تعلیم کا معقول انتظام نہ کیا جائے تو قوم ترقی نہیں کر سکتی۔ ذہانت کے اعتبار سے لڑکیاں لڑکوں سے کسی طرح پیچھے نہیں ہیں چنانچہ حالیہ امتحانات میں بعض لڑکیوں نے نہ صرف امتیاز کے ساتھ کامیابی حاصل کی بلکہ وہ لڑکوں پر بھی سبقت لے گئیں۔ عورتوں میں تعلیمی شوق ملک کی ترقی کے لئے فال نیک ہے۔ یہ دیکھتے ہوئے کہا جاسکتا ہے کہ ہماری قوم مردہ نہیں ہے بلکہ وہ ایک نیا جنم لینے والی ہے۔ جب عورتیں تعلیم پاکر اچھی مائیں بنتی ہیں تو آئندہ نسل اور بھی زیادہ تعلیم یافتہ ہوتی ہے۔

مُلک کی ترقی کے لئے محض ادبی تعلیم کافی نہیں ہے اس لئے حکومت پیشہ ورانہ تعلیم کے مسئلہ پر غور کر رہی ہے اور اس کے لئے ایک اسکیم منظور ہوا ہے اس اسکیم کی غرض و غایت یہ ہے کہ جن طلبہ کا رجحان اعلیٰ ادبی تعلیم کی طرف نہیں ہے ان کو پیشہ ورانہ تعلیم دی جائے۔ جب یہ اسکیم نافذ ہو جائے گا تو ملک کی خوشحالی پر اس کا اچھا اثر پڑیگا۔

اساتذہ کو چاہیئے کہ فن معلمی کو حقیر نہ سمجھیں اور اپنے فن میں مہارت تامہ حاصل کرنے کی کوشش کریں۔ یہ وہ فن ہے جس سے قوموں کی تعمیر ہوتی ہے۔ میں نے اپنے دوروں میں اکثر جگہ طریقہ

طریقہ تعلیم میں نقائص پائے۔ مدارس تعلیم معلمین کی تنظیم اور اصلاح کی جانب توجہ کرنے کی ضرورت ہے

شذرات

خلاصہ روئداد ہائے جشن سالگرہ مبارک اعلیحضرت بندگانعالی منعقدہ یکم رجب ۱۳۵۵ف

مدرسہ قصبہ سردار (رائچور)

بتاریخ صدر صبح کے نو بجے طلبا حاضر تھے اور معززین مقامی نے جلسہ میں شرکت فرمائی پولیس نے سالگرہ مبارک کی سلامی ادا کی۔ پھر چار بجے طلبا کے اسپورٹس ہوے۔ ۵ بجے بصدارت مولوی شاہ عالم صاحب سررشتہ دار و دفتر صدر مہتمی تعلیمات ضلع رائچور حمد باری سے جلسہ کا آغاز ہوا تقاریر برکات دور عثمانی اور دور ہمایونی میں ترقیات دیہی قابل ذکر ہیں اول الذکر کو تا منیا طالب علم مدرسہ ثانی الذکر کو صدر مدرسہ نے بیان کیا آخر میں طلبا نے بزبان کنڑی ڈرامہ (بچوں کا انصاف) اسٹیج کیا اور جلسہ دعائے سلامتی اعلیحضرت بندگانعالی و خانوادۂ آصفجاہی پر ختم ہوا۔

مدرسہ تحتانیہ خوشنیچی تعلقہ کھمم ضلع ورنگل

صبح آٹھ بجے شبینہ مبارک کے ساتھ طلبا کا جلوس نکالا گیا جس میں مقامان دیہی اور معززین مقامی شریک تھے اور بہ بجے بصدارت مولوی محمد مولانا صاحب بولس قرارت کے ساتھ جلسہ کا آغاز ہوا طلبہ نے ترانا گایا اور اردو تلنگی میں مکالمہ کیا صدر مدرسہ نے بزبان اردو اور ایک مددگار مدرسہ نے بزبان تلنگی سالگرہ مبارک کی اہمیت اور برکات دور عثمانی پر تقریریں اور دعائے سلامتی اعلیحضرت بندگانعالی پر جلسہ برخاست ہوا۔

مدرسہ تحتانیہ ویلمال تعلقہ کلواکرتی

صبح ۱۰½ بجے طلبہ کا جلوس نکالا گیا شبینہ مبارک کے سامنے پولیس مقامی نے سلامی کی رسم ادا کی طلبہ نے حمد و نعت سنائی صدر مدرسہ نے زبان تلنگی میں عہد عثمانی کے برکات پر مختصر مگر جامع تقریر کی پھر شہریار و شہزادگان و شہزادیان نجستہ خصال کی دعائے ترقی عمر و اقبال پر جلسہ برخاست ہوا۔

مدرسہ تحتانیہ ممرسن پیٹھ تعلقہ کورنگل

شام کے ½۴ بجے ترانہ کے ساتھ طلبا کا جلوس گشت لگایا جس میں معززین مقامی شریک و معاون جلسہ تھے پرچم آصفی کے سامنے سلامی کی رسم ادا ہوئی اور

جلسہ بصدارت مسٹر دتاتری راؤ صاحب بی۔ اے۔ ایل ایل بی۔ شروع ہوا۔ مددگار صاحبان مدرسہ نے بدل و نوال شاہ اور علم دوستی دورِ عثمانی و نظم سالگرہ منائی طلبا مدرسہ نے ترقیات و برکات دورِ عثمانی وغیرہ پر مضامین پڑھے۔ صدر مدرسہ نے حسن و اہمیت علم کی تفہیم کے ساتھ حصول علم کی تشویق اور دیہی طبقہ کو اتحاد عمل و باہمی تعاون پر آمادہ کیا سب کے آخر میں صدر نشین صاحب نے بھی دورِ عثمانی پر روشنی ڈالتے ہوئے حاضرین کو حصول علم کی ترغیب اور مدرسین کو ہم آہنگی کی بھی تحریص دلائی۔ پھر طلبا کے اسپورٹس کے بعد جلسہ حضور پرنور اورشاہزادگان و شاہزادیاں کے دعائے عمر و اقبال پر ختم ہوا۔

جلسہ سالانہ اسپورٹس مدرسہ تحتانیہ قصبہ موسیٰ پیٹھ (محبوب نگر) بتاریخ ۱۹ مرو ۲۰ خورداد ۱۳۴۵ف بتقریب جلسہ سالانہ اسپورٹس مدرسہ بیاد منٹن ٹیس کا مقابلہ عثمانیہ کلب انوار کلب اور کرم کلب کے مابین ہوا پہلے روز اول الذکر دو کلبوں کا مقابلہ رہا۔ اول الذکر کو کامیابی حاصل ہوئی دوسرے روز اول الذکر اور ثانی الذکر دو کلبوں کا مقابلہ رہا پھر بھی اول الذکر یعنی عثمانیہ کلب کی کامیابی رہی شام میں انعامات تقسیم ہوئے اس جلسہ میں عہدہ داران مقامی کی شرکت قابل تشکر و باعث تزئین جلسہ تھی۔

جلسہ سالانہ مدرسہ تحتانیہ تعلقہ ویلپز (ورنگل) بتاریخ ۸ مہر تیر ۱۳۴۵ف صبح ۹ بجے طلبہ نے حمد باری تعالیٰ سے کارروائی جلسہ کا آغاز کیا۔ جھنڈیوں کے ساتھ ترانہ دکن گاتے ہوئے بچوں نے بیرون آبادی کا گشت کیا جسمیں معززین مقامی کی شرکت تھی۔ پھر تاریخ ۹ مہر تیر ۱۳۴۵ف صبح ۹ بجے بصدارت صدر مدرس صاحب مدرسہ جلسہ کا آغاز ہوا معتمد جلسہ نے رپورٹ سالانہ سنائی جس میں مدرسہ کے نظم و نسق اور ترقی مدرسہ کے حالات پر روشنی ڈالی گئی۔ اس کے بعد صدر صاحب اور دیگر اصحاب نے ذہنی اخلاقی اور جسمانی تعلیم اور علم کی ترغیب و فوائد وغیرہ پر تقریریں کیں بعض طلبائے مدرسہ نے اردو اور تلنگی نظمیں پڑھیں جو علمی فوائد سے متعلق تھیں۔ اور بعض طلبا نے کاہلی اور اس کی برائیوں پر نصیحت آموز لکچر دیا سب کے آخر میں حضرت بندگان عالی اور صاحبزادگان فرخندہ فال کے لئے دعا مانگی گئی پھر اسپورٹ اور تقسیم انعامات کی کارروائی کے بعد حاضرین کے شکریہ پر جلسہ برخاست کیا گیا۔

*

بچوں کے عام امراض کی تشخیص میں استاد کا اہم حصّہ

از

ڈاکٹر حیدر علی خاں صاحب ایف۔ آر۔ سی۔ ایس پرنسپل میڈیکل کالج

حفظانِ صحت کے ماہرین اور تجربہ کار معلمین سب اس بارے میں متفق الرائے ہیں کہ بچوں کی صحت کی نگہداشت اور تحفظ کے لیے بعض نہایت ابتدائی اصول صحت کا جاننا ضروری ہے، جن پر نہ صرف بچوں کی موجودہ صحت کا دارومدار ہے بلکہ جو آئندہ پیدا ہونے والے امراض کی روک تھام میں ممد ہوتے ہیں۔ فی الحقیقت مدرسین کی بروقت امداد سے بچوں کے ناواقف والدین کو اپنے بچوں کی صحت کی درستی اور آیندہ پیدا ہونے والے امراض کے سدباب میں نہایت قیمتی اشارات ملتے ہیں جن سے طبی امداد اور معقول علاج کے حاصل کرنے میں بڑی آسانی پیدا ہو جاتی ہے۔ بچہ کی صحت کا مسئلہ قوم کی صحت اور زندگی کا مسئلہ ہے، اور نونہالان قوم کے پھلنے پھولنے اور نشو نما پانے میں استاد ہی ماں باپ کو پوری توجہ دلا سکتے ہیں۔ باخبر اور واقف کار استاد اپنے شاگردوں کی حالت اور جسمانی صحت کا دلچسپی اور شفقت کے ساتھ مطالعہ اور مشاہدہ کرتے ہیں، جس کی وجہ سے آئندہ خرابیوں کی بروقت روک تھام ہو سکتی ہے۔ استاد نہ صرف جماعت کے کمرے کی صفائی، روشنی، ہوا، اور پانی کے انتظام کی درستی کرتا رہے، بورڈ (تختہ سیاہ) کو مناسب مقام پر رکھواتا ہے، اور اسکول کا فرنیچر معیاری وضع قطع کا مہیا کرتا ہے۔ تاکہ بچوں میں خرابی نظر اور جسمانی کجی نہ پیدا ہونے پائے۔ ملیریا کے موسم میں ملیریا سے بچنے کے طریقوں کو رائج کراتا رہے۔ گرد و غبار سے بچنے کے انتظامات نہ صرف اسکول کے کمروں میں کرتا ہے بلکہ بچوں کو بیرون مدرسہ بھی اس کی مضرتوں سے آگاہ اور خبردار کرتا ہے جا بجا تھوکتے پھرنے کی خرابیوں اور غلاظتوں سے گریز کرنے کے ابتدائی اصول سے واقف کرتا ہے۔

ان تمام خارجی امور کے علاوہ استاد اپنی جماعت کے ہر طالب علم کی ذاتی حالت اور جسمانی صحت پر فرداً فرداً نظر غائر ڈالتا رہتا ہے اور ان کی صحت کی بدیہی خرابیوں کو دیکھتا

بھالتا ہے۔

ریاست ہائے متحدہ امریکہ کی انجمن تعلیم کے طرف سے کچھ عرصہ ہوا ایک رسالہ شائع ہوا تھا جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ "چند سال پہلے وہاں کے دو کروڑ طلبا میں کم از کم ۶۵ فیصدی ایسے بچے تھے جنہیں عوارض جسمانی اور نقائص صحت کے سبب طبی معائنہ اور علاج معالجہ کی ضرورت تھی ان بچوں میں سے ڈیڑھ فیصدی بچے امراض قلب میں مبتلا تھے تقریباً ۲ فیصدی کو سل یا دق کے آثار تھے۔ قریب ۵ فیصدی کو ہڈیوں کی کسی نہ کسی قسم کی شکایت تھی (مثلاً ریڑھ کی خمیدگی (spinal curvature) چپٹا تلوا (Flat foot) وغیرہ وغیرہ) ۵ فیصدی سے زائد میں الفاظ گوش اور نقل سماعت تھی۔ تقریباً ۲۵ فیصدی کو ضعف بصارت یا دیگر امراض چشم لاحق تھے۔ ۲۰ فیصدی کو فساد تغذیہ (malnutrition) کی وجہ سے امراض لاحق تھے۔ ۳۰ فیصدی کو ورم لوزتین (tonsils) غدود (adenoids) یا گردن کی بڑھی ہوئی گلٹیوں کی شکایت تھی۔ ۵ فیصدی سے زائد درسگاہوں میں اور بعض مکتبوں میں ۹۵ فیصدی بچوں میں دانتوں کی خرابی (پایوریا) وغیرہ تھی"۔

جب کہ امریکہ جیسے مہذب اور خوشحال ملک کا یہ حال تھا تو ہمارے غریب ملک کا کیا حال ہوگا۔ جہاں افلاس کے ساتھ کم علمی اور اوہام پرستی اس قدر زیادہ ہے۔ امریکہ میں تو ماہرین تعلیم و حفظان صحت اور باخبر استادوں کی توجہ سے حالات بہت بہتر ہو چکے ہیں ہمارے ملک میں بھی اب خدا کے فضل سے ترقی تعلیم و صحت کی راہیں کھلتی جاتی ہیں اور ہمارے اساتذہ اب قوت عمل اور بیداری سے طلبا کی حالت کو بہت کچھ بہتر بنا سکتے ہیں۔

استاد کی نگرانی کی اہمیت بارہا واقعات سے ثابت ہو چکی ہے کم فہم اور غبی لڑکوں کے طبی امتحان سے اکثر معلوم ہوا ہے کہ ان میں کوئی نہ کوئی جسمانی عیب موجود تھا جس کی وجہ سے ان کی دماغی ترقی سست ہو گئی تھی۔ اور جب ان کے اس نقص یا عیب کو دیکھ کر علاج کرایا گیا تو وہی کم فہم غبی اور کمزور بچے نمایاں طور پر صحیح الدماغ ہو گئے اور اُن کے جسمانی نشو و نما میں بھی معتدبہ ترقی پائی گئی۔

درسگاہ میں داخلہ کے ساتھ فوراً اور بعد وقتاً فوقتاً بچوں کی صحت کا امتحان ضروری ہے۔ بچوں میں بہت سی ابتدائی خرابیاں ایسی ہوتی ہیں جن کے متعلق اگر استاد توجہ اور مشاہدہ کرتا رہے تو بہت جلد باقاعدہ طبی امداد حاصل ہو کر ان خرابیوں کی روک تھام ابتدائی درجے ہی میں ہو سکتی ہے اور آئندہ

بڑی خرابیوں اور شدید امراض کا سدباب ہو سکتا ہے۔

مرض کی تشخیص کوئی آساں کام نہیں، اور بعض اوقات اس میں قابل ترین طبیب کو دقت پیش آتی ہے اور مغالطہ ہو سکتا ہے۔ اسی واسطے استاد کے لیے ضروری ہے کہ وہ کوشش کر کے اپنی قوّتِ مشاہدہ کو کام میں لائے، کیونکہ اس کے لیے تشخیص کا یہی واحد ذریعہ ہے۔ اس کے لیے اس امر کا بھی صحیح طور پر جاننا اور سمجھنا ضروری ہے کہ **صحت** یعنے **طبعی حالت** کیا ہے ج، کیونکہ طبعی حالت کو جانے بغیر **غیر طبعی حالت**

صحت اور مرض یعنے مرض کو پہچاننا اور سمجھنا مشکل بلکہ ناممکن ہے۔

امراض کی جماعت بندی تین قسموں میں ہو سکتی ہے:۔ (۱) حاد (acute) امراض وہ ہیں جن کا حملہ ناگہانی اور یکایک ہو جاتا ہے۔ یہ عموماً زیادہ شدید ہوتے ہیں، مثلاً متعدی بخار یا ساری تپیں (infectious fevers)۔ (۲) تحت الحاد (sub-acute) امراض ہیں جن کا حملہ اس قدر ناگہانی طور پر نہیں ہوتا، یا جو حاد علامات کے رفع ہو جانے کے بعد کا درجہ ہوتے ہیں۔ (۳) مُزمن یا کہنہ۔ امراض دیرپا ہیں اور عرصہ تک جاری رہتے ہیں مثلاً سل یا دق،

بچہ کی فطرت یہاں یہ جاننا ضروری ہے کہ بچہ فطری طور پر ہنس مکھ، ہشاش بشاش، اور شاد و خرم ہوتا ہے، اور اس میں بڑی چستی تیزی اور توانائی ہوتی ہے۔ اگر اس کی حالت اس کے خلاف نظر آئے تو اس سے شبہ پیدا ہونا چاہیے کہ کچھ دال میں کالا ہے۔

بچہ شاذ ہی چپ چاپ لیٹتا یا نچلا بیٹھتا ہے، وہ خاموش کھڑا بھی نہیں رہے گا بلکہ ادھر ادھر دوڑ کبڈی لگانا، اور کھیلنا پسند کرے گا۔ لہٰذا جب یہ دیکھنے میں آئے کہ وہ سُست اور خاموش ہے اور اس کی تیزی اور چستی میں کچھ کمی ہے، تو اس غیر معمولی حالت کا سبب معلوم کرنے کی کوشش کرنی چاہئے۔ اگر اس کی چال ڈھال اور رفتار میں معمولی حالت کے مقابلہ میں کچھ فرق نظر آئے تو اس کا سبب معلوم کرنا چاہیے۔

چہرے کا رنگ دوسری چیز جسے دیکھنا چاہیے بچہ کے چہرے کا رنگ اور اس کی ہیئت ہے۔ تندرستی اور صحت وری کی سرخ و سفید رنگت میں اور مدقوق کی سُرخی یا عادتی حرارت کی تمتماہٹ (hectic flush) میں فرق کرنا چاہئے۔ اس میں اور قلت الدم (anaemia) کے پھیکے رنگ، اور یرقان کی زرد جھلک میں تمیز کرنا آسان ہے۔ دھوپ میں کھیلتے ہوئے بچہ میں بھی سُرخ تمتماہٹ (تورد) (flush) عارضی طور پر پیدا ہو سکتی ہے

(باقی دارد)

not only to find out how its products are placed in life but to help in finding places for them in life." We strongly support his suggestion for the establishment of an Employment Bureau.

Nawab Mahdi Yar Jung Bahadur, Political and Education Member, once more gave proof of his deep interest in our Association and of the value which he attaches to it not only by attending the Conference but by making an important speech. Every one will agree with him that, so far as education is concerned, the three most urgent problems of our State are expansion of Primary education, advancement of Women's education and improvement of the training of teachers. We have no doubt that under his able leadership, vigorous steps will soon be taken in these directions.

The credit for the success of the Education Week is due to Mr. Ziauddin Beg, General Secretary of the Association, Mr. Gulam Dastagir, Secretary of the Reception Committee and Miss Webster and Mr. Nazir Husain Sharif, President and Secretary of the Exhibition Committee, respectively.

Editorial.

Our First Education Week.

The Hyderabad Teachers' Association organised for the first time an Education Week on the occasion of its 10th Annual Conference in October, 1935. We have published elsewhere a full account of the various activities which were included in the programme. Her Highness Princess Durre Shevar, who, as is well-known, takes a keen interest in education, did the Association the honour of opening the Educational Exhibition, which from the point of view of the arrangements as well as of the quality of the exhibits was a greater success than any previous exhibition. There were, as usual, special classes for teachers. These as well as the lantern lecture by Mr. Weber and the Radio talks in Urdu and English by Mr. Mirza Mahmood Ali Beg and Rev. F. C. Philip, respectively, were greatly appreciated. No less interesting and instructive were the Welcome Address by Mr. Noorul Hasan and the lectures delivered at the Conference by Dr. Syed Yusuf Husain, Mrs. Engler, Nawab Mirza Yar Jung Bahadur, Capt. J. W. Petavel, Mr. Syed Mohamed, Mr. Doraiswamy, Dr. Hyder Ali Khan and Mr. Syed Mohamed Mehdi. The report on School Discipline prepared by a Committee appointed by the Teachers' Association after the last Conference evoked much lively discussion. The full text of this report will appear in our next issue. A pleasing feature of the Conference was that it was attended by an unusually large number of officers and teachers from the districts.

Mr. Qazi Mohamed Husain delivered a learned and thought-provoking Presidential Address. His views on child education, women's education, vocational education and university education were very refreshing. While discussing the question of unemployment among the educated classes, he said, " It should be the concern of a University

Mrs. Naidu, should not prevail in education, whether racial, ethnological, geographical or political, for it was the privilege of all to receive education. After the concluding remarks of Mr. Qazi Mohamed Husain, the Conference broke up with a vote of thanks proposed by Mr. Syed Ali Akbar, the President of the Hyderabad Teachers' Association, and the calling of three cheers for H. E. H. Nizam, the Educational Member and the President of the Conference. A "Social" then brought the busy educational week to a successful close.

The Hyderabad Teachers' Association, during the decade that it has been in existence, has acquired a status which no other organisation of a similar nature within the Dominions can claim to enjoy. This it has been able to achieve through the untiring efforts of its able President and founder M. Syed Ali Akbar, who from its inception has given his devoted care to make it as highly useful to the teachers as possible. The Teachers' Club, a social centre for the teachers in Hyderabad, "The Hyderabad Teacher", the quarterly organ of the Association, the annual conferences, the valuable reports prepared annually on important educational subjects and, last but not least, the monthly meetings held at various schools affiliated to the Association where discussions on current educational problems are carried on, are all proofs, if proofs were needed, of the invaluable services which the Association has been rendering to the teachers under its jurisdiction. It cannot be denied that the Association has influenced the other Subas of the Dominions to emulate its example, where for a few years past similar kinds of activities on a small scale have been noticeable. That this is all to the good no one can dispute, but what is needed is that all such efforts should be co-ordinated by making the Hyderabad Teachers' Association the nucleus, for which it is admirably fitted, for an All—Hyderabad Teachers' Association, constituent Associations working as the Irish say, "separately together" for the good of the whole.

able to increase her prosperity and had come to occupy a proud position in the comity of nations.

Two items of outstanding merit need special mention. One was an important speech by Nawab Mahdi Yar Jung Bahadur, the Educational Member, and the other was the soul-stirring message to teachers which was given by Mrs. Sarojini Naidu. Nawab Mahdi Yar Jung Bahadur who was to have opened the Conference was prevented from doing so owing to his absence from Hyderabad Deccan. He, however, returned to the headquarters in time for the concluding session and made an important speech, which was in fact an indication of the educational policy of the Government, particularly towards the vexed question of compulsory Primary education. That the Educational Member should have chosen this occasion to express his considered views on a subject which is being widely discussed by the public at present, shows the importance of the annual conference of the Hyderabad Teachers' Association. After having expressed his appreciation of the exhibition and his satisfaction at the progress of the Association, the Educational Member dwelt at some length on the question of compulsory primary education. He declared that the Government were in perfect sympathy with the demand of the public, but as the question involved certain administrative difficulties, the best way of introducing compulsion would be by a gradual process. Even more urgent than compulsory primary education was the problem of women's education, declared the Minister, for, if women were not educated properly, the progress of a nation would be blocked.

Mrs. Sarojini Naidu who was present on the dais was then requested to speak. The teachers, she said, should remember that they were engaged in the sacred task of creating the hope of tomorrow. No one belonging to this great profession could think of education in terms of silver and gold. Barriers and narrowness of vision, said

which showed that 2070 articles from 71 schools in Hyderabad and Secunderabad had been received and that 67 prizes were to be awarded. Mrs. Qazi Mohamed Husain was then requested to give away the prizes. The success of the exhibition was due to the indefatigable efforts of Miss Webster and her colleagues, especially Mr. Nazir Husain Sharif, the Secretary of the Exhibition Committee. A number of interesting lectures had been arranged for the final session. These were :—

(1) "The Importance of Urdu in our Curriculum" by Mr. Syed Mohammad, M. A.

(2) "A Few Suggestions for the Teaching of English" by Mr. M. S. Doraiswamy, M. A., L. T.

(3) "The Teacher and Diagnosis of Diseases common to Children" by Dr. Hyder Ali Khan, F. R. C. S.

(4) "Impressions of Japan" by Syed Mohamed Mehdi, Secretary, State Executive Council.

Mr. Syed Ahmed in his lecture stressed the need for paying more attention to Urdu, as it was a compulsory subject in the curriculum. He regretted that English should still occupy a far greater portion of the time and energy of our students than it was entitled to.

Mr. Doraiswamy pointed out how a judicious combination of the translation method with the direct method could result in producing efficiency in the teaching of English.

Dr. Hyder Ali Khan showed how a knowledge of the diseases commonly found among children would help to raise the standard of health in our schools.

Mr. Syed Mohammad Mehdi's lecture, in which he gave his impressions of his recent visit to Japan, was intensely interesting. Some of the statistics which he quoted in regard to the nation-building departments of Japan were revealing. He made it abundantly clear that it was through an extremely liberal educational policy that Japan had been

Teaching of Science in Middle Schools" by Dr. D. D. Shendarkar, Ph. D. (London), on "School Gardening" by Mr. Jag Mohan Lal, B. Sc., L. T., and on "The Teaching of Qirat" by Qari Roshan Ali Sahib. These talks were based on the demonstration lessons given by the above-named gentlemen in the earlier part of the Education Week, and helped the lecturers to elucidate the principles underlying those lessons. It would have been desirable if these talks had been arranged immediately after the end of each lesson; such a procedure would not only have been logical but would have induced the teachers, with the lessons fresh in their minds, to take a keener interest in the discussions that followed.

There was lastly a special class on the "Teaching of Geography in High Schools" with a demonstration lesson conducted by Mr. Syed Ahmed, M. A. (Edin). Geography in our curriculum is not invested with that importance which it deserves. Consequently, its teaching is confined to a bald statement of facts which do not as a rule stimulate thought and imagination in the child. Therefore, the demonstration lesson on the teaching of geography was opportune, and it proved to be highly instructive.

Before the close of the morning session, a sectional meeting was held under the chairmanship of Mr. Syed Mohamed Husain Jaferi, B. A. (Oxon), Deputy Director of Public Instruction, to consider the report on 'Discipline' prepared by the sub-Committee appointed last year. The business of the meeting was conducted in English, the report having already been considered at a sectional meeting in Urdu held on the previous day. After some discussion, the report was adopted with the amendments made at the Urdu sectional meeting.

The afternoon session was held with Mr. Qazi Mohamed Husain, the President, in the Chair. Miss Webster, the President of the Exhibition Committee, presented her report

The sectional meeting on Discipline met under the chairmanship of Mr. Sajjad Mirza, M. A. (Cantab), Principal, Teachers' Training College. The report which was submitted in Urdu evoked some keen discussion among the members and the Chairman in his concluding remarks made some pertinent observations in regard to the question of discipline. In the first place the Chairman recommended that the term 'Discipline' should be retained in its original form in English and not translated into Urdu, for the vernacular equivalent did not convey the full connotation of the word. The real difficulty was that discipline was considered to be antagonistic to individual freedom, collective living, progress and traditions. This the Chairman remarked was a wrong assumption, because all these ideas were not only inter-related but were concomitant with discipline, a fact which teachers should constantly bear in mind. Religion was another factor, he said, that had to be reckoned with. While the observance of religious laws could be seen manifesting itself in the highest form of discipline at religious meetings, the same could not be said of a secular gathering where very often man-made laws failed to secure even the semblance of discipline. This in the opinion of the Chairman was due to an attitude of mind that made a distinction between laws of divine sanction and those that were enacted by human agency. What was necessary was that the same reverence for human laws should be instilled into the minds of the people as was entertained for religious laws, and it would be then and then only that discipline in secular affairs could be secured. After the Chairman's remarks the report was adopted with some modifications and the meeting came to a close.

The morning session on Saturday, 17th October, was devoted to special classes for teachers comprising talks to teachers on "The Teaching of English" by Mr. K. Yusufuddin, M. A. (Leeds), on "Nature Study in Primary Schools" by Mr. A. Durrani, M. Sc., Dip. Ed., on "The

After the conclusion of the Presidential address, Dr. Yusuf Husain Khan, D. Litt. (Paris), gave an interesting talk on "The Teaching of Indian History in Indian Schools". He was followed by Mrs. M. Engler, M. A., L. T., Retired Chief Inspectress of Girls' Schools, who read a thoughtful paper on 'Women's Education in India". Captain J. W. Petavel, R. E. (retired), late Principal of the Kassimbazar Polytechnical Institute, Calcutta, then read a paper on "The Coming Revolution in Education". His thoughts are weighty enough to be read and scrutinised carefully, especially because Hyderabad is on the eve of forging ahead with its reorganisation scheme of education recently sanctioned by the Government.

The afternoon session commenced with a talk on Temperance by Nawab Mirza Yar Jung Bahadur, the Chief Justice of Hyderabad, and the President of the Central Temperance Committee appointed by Government. The Chief Justice eloquently put forward the plea that it was the duty of teachers to do all that lay in their power to help forward the Temperance movement in the State "No drink and not moderation" said the speaker was to be the slogan which the teachers should spread and popularise among the rural population of the State where the drink habit was rampant. After the lecture on Temperance, two sectional meetings were held one on "Discipline" and the other on "Extra-curricular Activities". The sectional meeting on Extra-curricular Activities met with Rev. F. C. Philip in the Chair. Mr. Chandawarkar, the Secretary of the Extra-curricular Activities Bureau, read his report which showed that so far the Bureau had limited its activities to collecting information from the various schools at the headquarters. During the discussion which followed, it was suggested that the Bureau should use its influence to secure special concessions from the Railway authorities for teachers taking part in school excursions. Rev. F. C. Philip, Chairman of the Bureau, promised to do his best in the matter.

After the usual prayers in Arabic and Sanskrit, Mr. Nurul Hasan, B. A., Dip. Ed., (Glas), the Chairman of the Reception Committee, read his Welcome Address. He was followed by Mr. Ziauddin Beg, B. A., B. T, Honorary General Secretary of the Hyderabad Teachers' Association, who surveyed in his report the steady progress which the Association had made during the previous year. Two notable developments, the Secretary pointed out, had been the establishment of a Teachers' Club and the founding of a Bureau of Extra-curricular Activities. After the General Secretary's report and the adoption of condolence resolutions in connection with the deaths of Mr. Marmaduke Pickthall, retired Principal of the Chaderghat High School, and of Dr. A. H. Mackenzie, formerly Pro-Vice-Chancellor of Osmania University, the President, amid much clapping, rose to deliver his presidential address. The address was a significant one, as it contained within its purview a variety of educational problems like the nursery schools, primary and the post-primary education, the education of women, university education and the polytechnic institutes. With each of these he dealt at some length, outlining its purpose and importance and indicating the need for readjustment and reorganisation of the various types of education, so that they might be brought in harmony with modern requirements. The President particularly stressed the need for the introduction of vocational and technical courses. That in his opinion was the type of education which built up the prosperity of a country. He gave the example of the polytechnic schools of London and pointed out that the network of these schools was to a great extent responsible for the industrial and commercial greatness of the English nation. The President concluded his address with an account of the beneficial effects of the use of Urdu as the medium of instruction in Osmania University.

Hyderabad Teachers' Association. Mr. Ali Akbar placed before the teachers some practical problems pertaining to teaching in a lucid manner that made a deep impression upon all those who had the privilege to listen to him.

The Educational Exhibition was the next important feature of the Education Week. This year's exhibition both from the point of view of exhibits and the thoroughness with which these were planned and arranged, was better than the previous ones. The importance of the exhibition was greatly enhanced by the fact that Her Highness the Princess of Berar did the signal honour of performing the opening ceremony. Her Highness' gracious presence on the opening day was of great stimulus to the workers and organisers of the exhibition, who spared no pains in making it worthy of the great occasion. The Mushaira, the Scout rally, talks on educational topics of interest and, last but not least, a delightful dinner at the All Saints' Institute followed by an interesting magic performance given by the Headmaster of the Bolarum High School, brought the first part of the programme of the Education Week to a successful termination.

The second part of the Education Week commenced with the plenary session of the Conference which was held on Friday the 16th October, 1936, in the City College Hall under the presidency of Mr. Qazi Mohamed Husain, Pro-Vice-Chancellor of the Osmania University. The Hyderabad Teachers' Association has always been fortunate in securing some distinguished local educationist to preside over its annual gatherings, but in view of the importance that it has now assumed it is desirable that educationists of eminence from outside Hyderabad may occasionally be invited to guide the deliberations of the Conference. However, for this year's Conference, a better choice could not have been made; Mr Qazi Mohamed Husain filled the chair with that dignity and ability which was only to be expected from a person of his experience and erudition.

High School on "The Rivalry Impulse and its Guidance into Constructive Channels" under the chairmanship of Mr. S. M. Hadi, M. A. (Cantab), Director of Physical Education for Schools and Organising Commissioner for Boy Scouts. Mr. Weber had taken enormous pains in collecting pictures illustrative of the part played by the rivalry impulse into different branches of human activities, and his lecture which stressed the need for directing the rivalry impulse into proper channels made a great impression on the minds of the hearers. In his concluding remarks Mr. S. M. Hadi agreed with Mr. Weber's views, adding that but for the lack of the team-spirit, the Indian Cricket team which had recently toured in England would have had a much better record to show.

A Radio talk in English on "Some Modern Tendencies in Education" was given by Rev. F. C. Philip, M. A., Vice-President of the Hyderabad Teachers' Association, on Wednesday, the 14th October, 1936. Mr. Philip described the experiments in self-government in schools which were being carried out in Australia and also showed how attempts were being made in that country to bring school work into harmony with life.

On the following day demonstration lessons were given by some of the members of the Training College and by some experienced teachers of others institutions on English, Mathematics, Science, Nature Study, Kindergarten and Qirat. At the end of each lesson teachers were given an opportunity to ask the demonstrators any question they liked in regard to the procedure they had adopted. Such free and friendly exchange of views was of immense value to many of us as it led to the clarification of many points in the teaching process which some of us overlook or attend to half-heartedly while we are in the class room.

After these discussions came the illuminating talk on "Some defects in teaching and how to remedy them" by Mr. Syed Ali Akbar, M. A. (Cantab), the President of the

The Tenth Hyderabad Teachers' Conference.

BY

Salim Bin Syeed, B. A. (Hons.), M. Ed. (Leeds)

The Hyderabad Teachers' Association had drawn up an elaborate but an interesting programme for this year's Conference. The programme was in some respects a distinct improvement on those of the previous ones. The celebration of the Education Week, for instance, was a happy innovation, as it provided for the teachers social and educational opportunities which a usual two days' programme can hardly be expected to do. Besides, as the programme spread over a whole week, the plenary sessions could be devoted without any pressure to the more conventional part of the Conference work

The Education Week commenced on the 10th October, 1936, with a Kindergarten demonstration at St. George's Preparatory School conducted by Miss Webster, Headmistress of the school. The lesson, which was of immense practical value, was attended by 80 teachers from different schools. In the evening there was the annual Scout Day Rally organised by the Hyderabad Boy Scout Association. This was followed by a Radio talk in Urdu from the State Broadcasting Station on "Co-operation between School and Parents" * given by Mr Mirza Mahmood Ali Beg, B. A., B. T, Principal, Darul Uloom High School. This talk was a direct appeal to both fathers and mothers to take a more active interest in the education of their children. Mr. Mahmood Ali Beg pointed out the various ways in which the parents could help the schools.

On Monday, 14th October, Mr. F. Weber, B. P. F. Principal, Government College of Physical Education, gave a most interesting lantern lecture* at the Methodist Boys'

* The full text of this lecture will appear in our next issue.

compulsory education will realise the practical difficulties in the way of its introduction. There are facilities yet to be provided for those who now willingly go to school. Nevertheless, the question of compulsory primary education is receiving the consideration of Government. If there is any opposition to this idea, it is not because of lack of sympathy with it but on grounds of administrative and practical difficulties.

The second important question is that of women's education. Women's education is backward in the State and calls for special attention. The progress of a nation is seriously blocked if its women are not educated. Intellectually, girls are in no way inferior to boys. Recently, some girls have not only passed in the public examinations with distinction, but have even beaten the boys. The desire for education on the part of our women is a happy augury for the future of the State. It shows that the nation is not dead but is about to enter on a new life. When women become good mothers after receiving education, the next generation will be better educated than the present one.

Mere literary education is not sufficient for the progress of a country. H. E. H. the Nizam's Government has therefore been considering the question of vocational education. It has sanctioned a scheme which will soon be published. It aims at diverting to vocational education boys who have no aptitude for higher literary education. This scheme, after it is put into operation, will have a good effect on the prosperity of the State.

The teachers should not look down on their profession. They should endeavour to acquire the utmost skill in teaching. The teaching profession is a nation-building profession. In the course of my tours of inspection, I have often found defects in teaching. It is necessary to reorganise and improve our Normal Schools.

SPEECH

BY

Nawab Mahdi Yar Jung Bahadur, M. A. (Oxon.)

The Hon'ble Political and Educational Member.

(Translated from Urdu)

Under the rules of the Hyderabad Teachers' Association, the President of the Conference delivers his Presidential Address in English. I was President last year, so I delivered my Address in English. This year I am free, so I speak in Urdu. The 10th Annual Conference of the Hyderabad Teachers' Association is terminating with great success. The Teachers' Association is a very useful institution, and it is gratifying to note that its sphere of activities is widening every year. The Exhibition which I visited this morning was a distinct improvement on the exhibition held last year.

The Conference is fortunate to have as its President Mr. Qazi Mohamed Husain who takes a keen interest in education. In spite of his heavy administrative duties, he has been able to introduce new activities in the University which bear testimony to his untiring work, sincerity and zeal.

The most important thing which the country needs is primary education. Unless primary education is imparted widely on a sound basis, the educational system will be just like a building which has a weak foundation. Having regard to the population of our State, the number of pupils under instruction is not at all adequate. The reproach that there is widespread illiteracy in this State must be removed by adopting effective measures for the expansion of primary education. The introduction of Compulsory Primary Education has been proposed as a remedy. Government is not against this proposal, but it is not possible to introduce compulsory education at once. If an Act introducing Compulsory Primary Education were passed, it would not be possible to supply the necessary number of teachers and buildings all at once. I hope that the advocates of

their example. The Dutch, The French and the English entered the field in right earnest. This synchronized with the general break-up of the Mughal Empire. As an English writer has put it, "the carcase was in a condition to invite the eagles". The wretched people of our country were tossed to and fro in the political storms which followed. They were ready to cling to any power that gave them protection. It is by giving that protection that the British succeeded in establishing their Empire in this country. Again, it was the superiority of technique and organisation that produced order out of chaos. Their early attempts at shaking the pagoda tree were made in a ruthless manner. But gradually a change was effected in the mode of administration which resulted in British consolidation in this country. The British have done much to shape the history of India. India has learnt much from them. But she has yet to realise the fulfilment of her destiny. No doubt, the teachers of history have an important role to play in the shaping of the future of our motherland. Apart from its disciplinary value, the moral purpose of history has a potent significance for the rising generation.

History should be taught with certain social ideals as its background. The past history of India has been a long-drawn effort to achieve unity in diversity. Our country has been the battleground of centripetal and centrifugal forces. These opposing forces have been the undoing of many a kingdom. The vehemence of these forces has not yet abated. If the people of this country have hearts disposed to become one people, no power on earth can keep them disunited. The teacher of history should be an optimist. He must inculcate in the minds of his students that a time will certainly come when sectarianism and local jealousies will have to go. We have still to go a long way on the part of self-fulfilment and self-realisation. The path is neither smooth nor safe. Still it has to be trodden.

It should also be explained to the students that every age has its own technique. If any nation lags behind in adopting it, it has to go under. In medieval times, India failed to adapt herself to the standards of that age. Consequently, the Muslims extended their dominion over the whole of the country and gave it political unity, law and order. The muslim rulers lost their vitality in course of time, clearing the way for a more robust and fresher people to rule this country. The siege of Goa should have been an eye-opener for Muslim India. The combined forces of the Bijapur and the Ahmednagar kingdoms failed to defeat the Portuguese garrison of 2000 men which withstood them for ten months and finally compelled them to retreat. During Akbar's rule the Portuguese controlled the water-routes, claiming certain routes to be the monopoly of the King of Portugal. They stopped Indian ships from going to China and Arabia without a permit from them. Akbar as well as his descendants failed to realise the importance of the new technique which was destined to create a new world. The success of the Portuguese in establishing commerce with India, which gave them large profits, created a desire among other European nations to follow

Synopsis

OF

The Lecture on the Teaching of Indian History in Indian Schools

BY

Dr. Yusuf Hussain Khan, D. Litt. (Paris).

Club, which is at present located in the Office of the Divisional Inspector of Schools, has provided a reading room, a radio set and indoor games like chess, ping-pong, bridge and finger-billiards. The members look forward to the day when, with financial support from Government, the Club will have a building of its own with a billiard table and a tennis court. The Club has held tournaments in various games during the Education Week and it also had its 1st annual dinner last night. Much credit is due to Mr. Ansar Ahmed, the energetic Secretary, for making the Club a success. Mention must also be made of the good work done by Mr. Abdul Jabbar Sobhani, Assistant Secretary, before his transfer to the Districts.

Public Lecture.

Under the auspices of the Association a public lecture was delivered on the 23rd July, 1936, by Mr. K. G. Sivaswamy, B. A., Secretary, Rural Centre, Servants of India Society on 'The Ethics of Citizenship.' Mr. Syed Mohamed Husain Jafery, B. A., (Oxon), Deputy Director of Public Instruction, presided. A report of this lecture appears in the September number of *The Hyderabad Teacher.*

School Gardens Competition.

The number of schools which entered for the Annual School Gardens Competition was 8, as against 9 in 1344 F. For the second year in succession the Cup goes to the Nampalli High School; the Khairatabad Practising School stands second and the Vivek Vardhini High School and the Model Primary School are bracketed as third.

All India Educational Conference and Exhibition.

Our Association continues to be affiliated to the All-India Federation of Educational Associations. In December, 1935, Mr. Syed Ali Akbar and Miss D. Nundy attended the 11th Annual Conference of the Federation at Nagpur as official delegates from the Hyderabad State, while Mr. Nazir

Monthly Meetings.—

The following topics, connected with the central theme selected for the year., viz., School Discipline, were discussed at the different centres :—

(1) Co-operation between the Head Master and staff as a factor in School Discipline:

(2) Discipline in the Classroom.

(3) Discipline outside the classroom.

(4) Discipline through Corporal Punishment.

(5) Discipline by means other than Corporal Punishment.

(6) Co-operation between teachers and parents as a factor in School Discipline.

(7) Student management as an aid to School Discipline.

(8) The place of gifts, rewards etc. in School Discipline.

(9) The influence of the Personality of the teacher on School Discipline.

Efforts were made to add to the usefulness of the monthly meetings by making arrangements in advance for a member to open the discussion. Some of the papers read at these meetings have already been published in the Urdu Section of the Hyderabad Teacher.

The Teachers' Club.

The suggestion which was made by Mr. Syed Ali Akbar in his lecture on "The Teacher and His Leisure" at the last Conference and which was welcomed by the illustrious President of the Conference, was taken up in right earnest by the Central Executive Committee, and within six months after the date of the Conference, the Club came into being. The fact that over 100 teachers and educational officers enrolled themselves as members on the opening day shows how keenly the need for such a Club was being felt. The

4. Appointment of a Sub-Committee for taking steps to found a Teachers' Club.

5. Making arrangements for the 10th Annual Conference.

The Bureau of Extra-curricular Activities.

This bureau has been established to give effect, as far as possible, to the recommendations contained in the Report on 'Extra-curricular Activities', which was adopted at the last Conference and to serve as an advisory board for schools and as an agency for enlightening the public on extra-curricular activities. Its members are :—(1) Rev. F. C. Philip, Chairman; (2) G. A. Chandawarkar, Secretary; (3) Mr. Noorul Hasan; (4) Mr. Parthasarthi; (5) Mr. Mirza Mahood Ali Beg; and (6) Rev. G. Snndaram. A Sectional meeting of the Bureau will be held at 4 p. m. to-day.

The Sub-Committee on School Discipline.

This Committee was formed in pursuance of a resolution which was passed at the last annual conference. Mr. Abdus Sattar Sobhani was elected Chairman of the Sub-Committee and on his transfer to Nanded Mr. Mirza Mahmood Ali Beg took up his place. Other members, who were elected by their respective centers, are :— Mr. Mohd. Yusuf, Secretary; Messrs. Mohd. Sultan, Gulam Dastagir, Dinkar Narayan, N. V. Iyer, Syed Ghousuddin, Gulam Ghouse Khan, Syed Sadruddin, Hafizulla Meer Mohamed Husain and Ganesh Chand.

The findings of this Sub-Committee will be open to discussion at the sectional meetings to be held this afternoon and tomorrow morning under the chairmanship of Mr. Sajjad Mirza, Principal, Osmania Training College and Mr. Syed Mohamed Husain Jaferi, Deputy Director of Public Instruction, respectively. They will finally be placed for approval before the Conference tomorrow afternoon.

The Tenth Annual Conference of the Hyderabad Teachers' Association.

Report of the General Secretary for the year 1345 Fasli.

Mr. President, Ladies and Gentlemen,

The year under report has been one of marked progress. We began the year with our 9th Annual Conference which was held under the distinguished presidency of Nawab Mahdi Yar Jung Bahadur, Political and Educational Member. The keen interest which he evinced in the proceedings of the Conference and the words of encouragement and appreciation to which he kindly gave expression in his Presidential Address, and still more, in his concluding remarks, served as a powerful incentive to us in all our efforts throughout the year. Besides carrying out our usual programme successfully, we were able to widen the sphere of our activities by establishing the Teachers' Club and the Bureau of Extra-curricular Activities.

The Association has on its rolls 810 members. During the year under review, the Madrasae Aizza was constituted into a separate branch, so that we have now 13 branches, as against 12 in the previous year. The Secunderabad Teachers' Association continues to be affiliated to this Association.

The Central Executive Committee held seven meetings, at which, among other things, the following business was transacted:—

1. Constitution of a Bureau of Extra-curricular Activities.

2. Appointment of a Sub-Committee for preparing a Report on "School Discipline".

3. Drawing up of a programme for the monthly meetings of the Branch Associations.



OPENING OF THE EDUCATIONAL EXHIBITION BY HER HIGHNESS PRINCESS DURRE SHAHVAR

Photo by Raja Deen Dayal & Sons, Secunderabad (Deccan).

The Hyderabad Teacher

CONFERENCE NUMBER.

CONTENTS.

	PAGES
REPORT OF THE GENERAL SECRETARY FOR 1345 F.	65
WELCOME ADDRESS BY MR. S. NOORUL HASAN, B. A., B. T., Dip. Ed. (Glasgow). ...	72
PRESIDENTIAL ADDRESS BY MR. QAZI MOHAMED HUSAIN, M. A., LL. B. (Cantab), Pro-Vice-Chancellor, Osmania University	84
THE COMING REVOLUTION IN EDUCATION BY CAPT. J. W. PETAVEL	109
WOMEN'S EDUCATION BY MRS. M. ENGLER, M. A., L. T.	115
TEACHING OF INDIAN HISTORY IN INDIAN SCHOOLS BY DR. YUSUF HUSSAIN KHAN, D. Litt. (Paris), Professor of Indian History, Osmania University	122
SPEECH BY NAWAB MAHDI YAR JUNG BAHADUR, M. A. (Oxon), Political & Education Member	125
THE TENTH HYDERABAD TEACHER'S CONFERENCE BY MR. SALIM BIN SAYEED, B. A. (Hons.), M. Ed. (Leeds) ...	127
EDITORIAL	
Our Education Week	137

(Established 1930)

MANIAN & SONS,

Educational Suppliers,

King Koti Road, Opposite Water Works,

Narayanguda : : HYDERABAD-Dn.

Sole agents in H. E. H. the Nizam's Dominions for MESSRS. HARGOLAL & SONS, Ambala Cantonment, Punjab, the oldest, largest and cheapest House for all sorts of scientific apparatus, Laboratory requisites, pure chemicals. Reagents and all Educational Appliances, not only in INDIA but also in the whole EAST.

Dealers in Kindergarten materials, viz., Froebel's Gifts. Mobaco Building sets, Meccano Engineering outfits, Wall maps, Charts, Pictures, Globes, Library and School Text books (both English and Vernacular) Drawing materials, Examination Answer copies according to specification of schools, Cyclostyle Machines and accessories, etc., etc., that are needed for Educational Institutions.

K. P. KESAN,
Managing Proprietor.

The Hyderabad Teacher.

ADVERTISEMENT RATES.

Space.	Whole year		Six months		Per Issue	
	B. G. Rs.	As.	B. G. Rs.	As.	B. G. Rs.	As
Full page ...	12	0	6	0	4	0
Half page ...	6	0	3	8	2	0
Quarter page.	3	0	1	12	1	0
Per line ...	0	10	0	8	0	6

SUBSCRIPTION RATES.

For the Nizam's Dominions O. S. Rs. 3 annually, (including postage).
For British India B. G. Rs. 3 a year (including postage).
Single copy O. S. As. 12 for H. E. H. the Nizam's Dominions.
Single copy B. G. As. 12 for British India.

The Urdu & English sections are published separately also, the annual subscription being Re. 1 As. 14 & Rs. 2, respectively.

VOL. XII REGISTERED ASAFIA No. 47 No. 2.

THE

HYDERABAD TEACHER

OCTOBER—DECEMBER, 1936

CONFERENCE NUMBER

Quarterly Magazine of the Teachers' Association,
Hyderabad-Deccan.
Under the Patronage of
Khan Fazl Mohamed Khan Esq., M. A.
Director of Public Instruction.

Editorial Staff

S. ALI AKBAR, M. A., (Cantab) *Editor-in-Chief.*
F. C. PHILIP, M. A.
SALIM BIN SAYEED, B. A., B. T., M. Ed. (Leeds).

SECUNDERABAD-DECCAN
PRINTED AT THE EXCELSIOR PRESS, SECUNDERABAD,
1936.

Annual Subscription Rs. 3.

حیدرآباد ٹیچر جوبلی نمبر

بابتہ ماہ فروردی سنہ ۱۳۴۶ف مطابق فبروری سنہ ۱۹۳۷ء

فہرست مضامین

جلد (۱۱) شمارہ ۳

نمبر شمار	مضمون	مضمون نگار	صفحہ
۱	نظم بتقریب سلور جوبلی مبارک	جناب اظہر، اجلال، فاضل، تدبیر و طلعت۔	۲ تا ۶
۲	افتتاحیہ		۷ تا ۸
۳	عہد عثمانی اور اردو کا قران السعدین۔	جناب مولوی سعید الدین خاں صاحب بی، اے؛ ڈپٹی ایڈ عثمانیہ صدر وسطانیہ شاہ علی بنڈہ۔	۹ تا ۲۹
۴	تعلیمات سلطنت آصفیہ کی ابتدائی تاریخ	جناب مولوی نصیر الدین ہاشمی صاحب مددگار دفتر دیوانی و مال۔	۳۰ تا ۴۹
۵	عہد عثمانی میں صنعتی اور سائنس سے متعلق ترقیاں	جناب مولوی عبد الحکیم صاحب ام، ایس۔ سی؛ ال۔ ٹی دار العلوم بلدہ۔	۴۹ تا ۶۵
۶	دور عثمانی	جناب مولوی عبد المجید صدیقی صاحب ام، اے؛ ال ال۔ بی استاد تاریخ جامعہ عثمانیہ۔	۶۶ تا ۷۸
۷	عہد عثمانی میں اردو ادب کی ترقی۔	جناب مولوی عبد القادر سروری صاحب ام، اے؛ ال ال بی استاد اردو جامعہ عثمانیہ	۷۹ تا ۸۷
۸	انجمن اساتذہ مقیم بلدہ کی تاریخ پر طائرانہ نظر	جناب مولوی ضیاء الدین بیگ صاحب بی۔ اے؛ بی۔ ٹی علیگ معتمد عمومی۔	۸۸ تا ۹۳
۹	قطعہ تاریخ حیدرآباد ٹیچر جوبلی نمبر۔	جناب مولوی دلدار حسین صاحب اظہر	۹۳

تقریب

جشن سیمین اعلیحضرت قدر قدرت سکندر شوکت سلطان العلوم ہز اگزالٹڈ ہائنس میر عثمان علیخان بہادر خلد اللہ ملکہ وسلطنتہ

قطعات تاریخ

(۱)

حامیٔ دین مبین عثمان علی ۱۳۵۴ھ رتبہ داں وجاں نثار بوتراب
فیض سے جن کے غنی ابنائے ملک جود سے جن کے زمانہ فیض یاب
بچہ بچہ نام پر جن کے فدا جن کی جوبلی عید قربان کا جواب
عہد میں ان کے ترقی وہ ہوئی ذرہ ذرہ ہے دکن کا آفتاب
اس لئے اظہر نے لکھا سال جشن بارک اللہ عہد عثماں کا شباب

(۲)

مایۂ عیش وانبساط نبی ۱۳۵۵ھ شاہِ عالی مقام کی جوبلی
کیوں نہ عالم خوشی سے ہو معمور عید ہے خاص وعام کی جوبلی
شعرا کہہ رہے ہیں خوش ہو ہو ہے ملوک الکلام کی جوبلی
کلکِ اظہر نے سالِ جشن لکھا ہو مبارک نظام کی جوبلی

(۳)

فدا شہ پہ جوبلی تو ہے عید قرباں ۱۳۴۶ف مرادیں ہوئیں آج دونوں کی پوری
الف بڑھ کے اقبال کا یہ پکارا مبارک ہو عثمانیہ جشن جوبلی

(۴)

نوشیرواں وحاتم دوراں شہ دکن ۱۳۵۵ھ عالم میں عدل وداد کا جس سے ہوا رواج
رونق فزائے تخت ہیں پچیس سال سے جوبلی کا جشن کیوں نہ رعیت منائے آج
مسند نشیں بزم جو عثماں علی ہوئے توقیر ومنزلت نے رکھا جھک کے سر پہ تاج

اظہر نے دی دعا کہ سلامت رہیں حضور — پوری اسی طرح ہو زمانے کی احتیاج

تاریخ جشن سے سرِ اعدا قلم ہوا — فرخندہ باد دولت اقبال و ابتہاج

۱۹۳۷ء

گذرانیدۂ خادم الشعرائے زماں۔ فقیر سید دلدار حسین اظہر

۱۳۵۵ھ ۱۹۳۷ء

نتیجہ فکر جناب حکیم محمد فاضل صاحب مدرس مدرسہ وسطانیہ شاہ علی بنڈہ

کنونکہ در کف گل جام ارغوانی ہست — ہزار مست ترنم ز شادمانی ہست

صبا بہ گلشن عالم مژدہ رساند — کہ موسم گل و ایام شادمانی ہست

چرا شوم پئے آب حیات سرگرداں — رواں بہر نفسم جوئے زندگانی ہست

ز فیض پیر مغانم بعالم پیری — بہر زماں طرب عہد نوجوانی ہست

بیا و جادہ بہ پیمایہ مسلک عشاق — دلا اگر ہوس عیش زندگانی ہست

ز فیض شہ بدکن آفتاب علم و ادب — بر آسمان شرف در ضیا فشانی ہست

ز یمن حضرت عثمانؓ و نصرت حیدرؑ

نصیب شاہ دکن فتح و کامرانی ہست

نتیجۂ فکر جناب سیّد علی محمد اجلال صاحب مدرس فوقانیہ جنچل گوڑہ

آصف سابع نظام الملک سلطانِ دکن
فخرِ ملت فخرِ قوم و فخرِ شاہانِ دکن

جشنِ سیمیں ہو مبارک تجھکو سلطان العلوم
ہر طرف ہے یہ نوائے نغمہ سنجانِ دکن

جمع ہے ساری رعایا گرد تاروں کیطرح
انجمن آرا ہے تو اے ماہ تابانِ دکن

دیکھکر اے شاہ تیرے جشنِ سیمیں کی بہار
زر فشانی کرتے ہیں گلہائے بستانِ دکن

دیدنی ہے دلکشی چھٹکے ہوئے تاروں کی آج
پڑ رہا ہے چرخ پر عکسِ چراغانِ دکن

تیری ہستی ہنگیٔ نعمت دکن کیواسطے
تجھپہ فخر و ناز کرتا ہے یہ دورانِ دکن

درد کی تصویر تھا بالیں پہ تو آیا ہے جب
جلوہ آرائی تھی تیری رازِ درمانِ دکن

تیرے عہدِ معدلت گستر میں ہیں شیر و شکر
بابیاں و گبر و ترسا و مسلمانِ دکن

اب رسومات کہن کی گرم بازاری کہاں
ہوگئیں وہ سب نقوشِ طاق نسیانِ دکن

تیرے دم سے ترک و ایران و عراق و نجد میں
ہر جگہ موجود ہیں ممنونِ احسانِ دکن

"افتخارِ عہدِ حاضر" کا لقب تیرے لئے
دارِ امن و عافیت" کا اسم شایانِ دکن

ملک و مالک دونوں وابستہ علیؑ کے نام سے
پھر نہ ہو کیونکر پناہِ خلق دامانِ دکن

ہو فزوں اقبال و عمر و دولت و جاہ و حشم
دل سے کرتے ہیں دعا پیر و جوانانِ دکن

ہوں معظم جاہ و اعظم جاہ کی عمریں دراز
ماہ تاباں یہ وہ ہیں مہرِ درخشانِ دکن

کر دعا اجلال بہر خاندانِ آصفی
یہ رہے آباد زیرِ ظلِ سلطانِ دکن

نتیجہ فکر جناب مولوی عبدالحکیم صاحب مدرس وسطانیہ گوشہ محل

اے شہ ملک دکن اے خسرو عالی تبار
خاندان آصفی کی یادگار باوقار

رونق ملک دکن اور انتظام سلطنت
دم قدم سے آپکے ہی کامیاب و کامگار

آصف ملک دکن ہیں آپ لیکن بے شبہ
آصف ملک سلیمان سے بھی بڑھکر ہے وقار

شوکت دارا کہاں اور ذات شاہانہ کہاں
آج اقبال سکندر آپکا ہے غمگسار

ملک کی اصلاح جیسی چاہیئے کی آپنے
آپکے احسان کا ملک دکن ہے زیر بار

باعث فخر ممالک ہوگیا ملک دکن
فخر شاہان زماں ہیں بادشاہ ذی وقار

میر عثمان علی خاں خسرو ملک دکن

آپ ہوں فضل خدا سے شاد کام و کامگار

مُسدّس سرودیہ

جناب آقا محمد خاں صاحب طلعت مدرسہ فوقانیہ دار الشفا

بار دگر مژدۂ رحمت رسید — از سر نو گل بچمن بر دمید

بلبل عشق از سر شاخ نوید — نعرۂ شوق از دل و جاں بر کشید

حضرت عثمان علی زندہ باد ٭ تا بہ ابد زندہ و پایندہ باد

با ادب ای طفل دبستان شوق — روی طرب کن سوی بستان شوق

شاہِ دکن را تو بہ ایوان شوق — خوش بدعا باش بعنوان شوق

حضرت عثمان علی زندہ باد ٭ تا بہ ابد زندہ و پایندہ باد

نار نم ابر و نسیم بہار — روی زمین شد کن لالہ زار

ساز طرب ساز و بگو بے شمار — از ہمہ غمہای جہاں بر کنار

حضرت عثمان علی زندہ باد ٭ تا بہ ابد زندہ و پایندہ باد

تا کہ قمر جا بہ سما میکند — از رخ خور کسب ضیا میکند

آصف ہفتم کہ عطا میکند — طلعت بیچارہ دعا میکند

حضرت عثمان علی زندہ باد ٭ تا بہ ابد زندہ و پایندہ باد

افتتاحیہ

للہ الحمد ہر آں چیز کہ خاطر میخواست آخر آمد زپس پردۂ تقدیر پدید

حضرت ظل سبحانی سلطان العلوم شمس الملت والدین نواب میر عثمان علیخاں بہادر آصفِ سابع شہریار دکن و برار خلد اللہ ملکہٗ وسلطنتہٗ ۱۹۱۱ء میں سریر آرائے اورنگ حکومت ہوئے اُس موقع پر ایک سپاسنامے کا جواب دیتے ہوئے ظل اللہ نے ارشاد فرمایا تھا کہ

"ہر طرح میں اپنی عزیز رعایا کی فلاح و بہبود کے لئے ممکنہ کوشش کروں گا"

آخر میں حضرت غفران مکان کا مشہور شعر بھی ارشاد فرمایا تھا جو درج ذیل ہے:۔

آصف کو جان و مال سے اپنے نہیں دریغ گر کام آئے خلق کی راحت کے واسطے

آج جب کہ مسند نشینی کے ۲۵ سال گذر چکے ہیں اور ہم نمک خواراں و خیر طلبان کے دل خوشی سے معمور ہیں اِن آنکھوں نے نطق ہمایونی کو حرف بحرف پورا ہوتے دیکھ لیا۔ اس دورِ مبارک کی ترقی نہ صرف عہد آفریں بلکہ مُحیّر العقول ہے۔

سلطان العلوم نے اپنی عزیز رعایا و برایا کی ہر جہتی سود و بہبود کے لئے جو کچھ کیا اس کا حصر اس رسالہ میں ممکن نہیں بلکہ ایک دفتر کا محتاج ہے۔ ویسے تو اِس ابر کرم سے ہر چھوٹا بڑا سرسرشتہ سیراب ہوا مگر اُس نے سررشتہ تعلیمات میں ابر نیساں کا کام کیا۔ معارف پرور شاہ ذیجاہ کی ادنیٰ توجہات سے جو ترقی اس سررشتہ میں ہوئی اُسے نشاۃ ثانیہ کہا جائے تو بجا ہے جس پر ابنائے مُلک جس قدر بھی فخر و ناز کریں کم ہے۔

ممالک محروسہ سرکار عالی میں ۱۹۱۰ء میں جملہ مدارس (۱۰۳۶) تھے جن سے صرف (۶۶۴۸۴) طلبہ استفادہ کر رہے تھے۔ بخلاف اس کے ۱۹۳۵ء میں مدارس کی تعداد (۴۷۴۶) تک پہنچ گئی جن میں (۳،۵۳،۵۸۲) طلبہ زیر تعلیم ہیں۔ مسند نشینی کے وقت تعلیمی اخراجات صرف ۱۴ لاکھ تھے، مگر اب ایک کروڑ سے زائد ہیں۔ اُس وقت اگر مدرسہ جانے والی آبادی کا تناسب ۵ فیصد تھا تو اب ۱۸ فیصد یعنے تقریباً چوگنا ہے۔ صرف ذکور کی آبادی کے اعداد دیکھے جائیں تو وہ اور بھی حیرت انگیز ہیں ۱۹۱۰ء میں

اس کا تناسب ۹ر۵ تھا تو اب چھ گنا یعنے ۳۰ فیصد ہے۔ ان سب ہر جہتی ترقیوں کے علاوہ وہ عظیم الشان کارنامہ جو رہتی دنیا تک یادگار رہے گا اور جس نے تن بے جان میں روح پھونک دی اور جسم نامی بخشا وہ جامعہ عثمانیہ کا قیام ہے۔ مبصرین اور ماہرین جو لارڈ میکالے کے فرسودہ ڈگر پر چل رہے تھے اور ہمارے اقدام کو شبہ کی نظر سے دیکھنے اور مذاق اڑانے میں بھی کمی نہیں کرتے تھے، جامعہ کے حوصلہ افزا نتائج، غیر معمولی ترقی اور ذخیرۂ ادب کی فراوانی دیکھکر انگشت بدندان ہیں۔ اب تو تمام اقطاع ہند میں یہی چرچا ہے کہ مادری زبان کے ذریعہ تعلیم ہو۔

اس مبارک دور کے آخری نصف حصہ میں متعدد علمی، ادبی، زراعتی اور تاریخی رسالے وغیرہ معرض وجود میں آئے لیکن زمانے کی ستم ظریفی اور بدمذاقی کے باعث ختم ہو گئے۔ اسی زمانے میں رسالہ حیدرآباد ٹیچر نے بھی جنم لیا۔ اور بحمد اللہ اپنی زندگی کے گیارہ سال پورے کرلئے۔ اس مدت میں خالص فنی اور نفسیاتی مضامین، نیز اساتذہ کے تجربات معلمی کو شائع کرکے رسالہ نے ملک کی جو خدمت انجام دی ہے وہ ناظرین سے پوشیدہ نہیں۔ انجمن اساتذہ مستقر بلدہ کے مقاصد کی نشر و اشاعت اور اساتذہ کے احساس معلمی کو بیدار کرنے میں جو کچھ کامیابی اسے نصیب ہوئی اس کا اندازہ ہر شخص بخوبی کرسکتا ہے۔ غرض کہ جس قدر بھی چہل پہل اور گرم بازاری ہم دیکھ رہے ہیں وہ حضرت سلطان العلوم کے علمی تبحر اور کمال ادبی ذوق کے برکات کا نتیجہ ہے۔ لہذا اس مسرت و ابتہاج کے موقع پر حیدرآباد ٹیچر بکمال عجز و الحاح بارگاہ خداوندی میں ہدیۂ تہنیت و تبریک پیش کرنے کی عزت حاصل کرتا ہے۔

آلہی ہمارے بادشاہ جمجاہ کو تا دیر سلامت باکرامت رکھ آمین۔

عہد عثمانی
اور
اُردو کا قِران السّعدین

از مولوی سعید الدین خاں صاحب بی۔ اے، ڈپ ایڈ (عثمانیہ) صدر مدرس مدرسہ سلطانیہ
شاہ علی بنڈہ

مَلِیکُنَا السَّابِعُ السُّلطَانُ آصِفْ جَاہْ
فَخْرُ السَّلَاطِینَ مَنْ جَلَّتْ مَآثِرُہٗ

تکوین عالم سے یہ بات ہوتی چلی آئی ہے اور تاریخ بھی اس کی شاہد ہے کہ انسان اپنی سرشت کے لحاظ سے ہمیشہ ایک مرکزی شخصیت کا متلاشی رہا ہے تاکہ اپنی شان عبدیت میں معبودیت کا جلوہ دیکھ سکے۔ یہ امر نہ صرف مذہب ہی سے مخصص ہے بلکہ ارتقائے تہذیب و تمدن کے ہر دور میں اس کا ثبوت ملتا ہے کہ انسان اپنی سماجی تنظیم اور معاشرتی زندگی کے انضباط میں اسی ایک چیز کا محتاج رہا ہے۔ دور جہالت میں اگر یہی چیز امیدوں کا ملجا و ماویٰ تھی تو موجودہ متمدن دنیا میں بھی ہماری تمناؤں اور آرزوں کی یہی آماجگاہ ہے۔ مشرق کے اس جذبۂ بادشاہ پرستی اور ملوکیت کو ظل اللہ کے مذہبی تصور نے اور زیادہ مستحکم بنا دیا ہے چنانچہ فرخندہ بنیاد سیدآباد اس خصوص میں بہ نسبت اور ممالک کے بہت زیادہ ممتاز ہے، اور اپنے شاہ جمجاہ کے آستان کی جبیں سائی کو اپنی نجات کا ذریعہ سمجھتا ہے۔

راجا اپنا شاہ عثمان اس کے ہم سب پرجا ہیں
پیارے دیس کا پیارا راجہ جگ جیون سے پیارا ہے

آج جبکہ خسرو کیواں حشم کے جشن سیمین کا روز سعید ہے۔ ہر گھر شادی کی نوید ہے۔ صبح طرب خیز اور نسیم معطر و عنبر بیز ہے ملت دکنی کا یوم عید ہے ناچیز حیدرآباد ٹیچر بکمال ادب حضور شاہانہ میں ہدیۂ تبریک و تہنیت پیش کرنے کی عزت حاصل کرتا ہے اور دعا کرتا ہے۔

لہ اس مضمون کی تیاری میں رہبر، صبح دکن، نظام گزٹ، مشور، آئینہ ادب، کے سالناموں اور رسالہ اُردو اور جانکی پرشاد کی کتاب "عصر جدید" سے مدد لی گئی ہے ترقی اُردو کا زیادہ تر مواد زور صاحب کی کتاب "عہد عثمانی میں اُردو کی ترقی" سے ماخذ ہے۔

تجھے یہ جشن عشرت خسروِ گیہاں مبارک ہو
مبارک ہو مبارک، ہر دم و ہر آں مبارک ہو
یہی کہتے ہیں سب تیرے فدائی شادماں ہو کر
دکن کا تخت اکلیل و حشم عثمان مبارک ہو آمین

کسی قوم کے عروج و اقبال کا زمانہ یکساں نہیں رہتا۔ تاریخ ہمیشہ واقعات کا اعادہ کرتی رہتی ہے مسلمان بھی اس فطرت کے قانون کی گرفت سے بچ نہیں سکے۔ اسلام نے ان کو جو نظام تمدن دیا تھا اس کو انہوں نے بالکل محو کر دیا۔ نتیجہ یہ ہوا کہ صدیوں کی عظمت و شوکت، سطوت و جبروت خاک میں مل گئی۔ نہ عربی ہی باقی رہے اور نہ عجمی، نہ ایرانی ہی رہے اور نہ تورانی، نہ اندلس کے غازی رہے اور نہ مصر کے مجاہد، نہ اکبر کی سی وسیع المشربی باقی رہی اور نہ اورنگ زیب کی سی علو ہمتی اور مذہبی عالی خیالی۔ غرض جب ہر طرف جہل و باطل کی تاریکی پھیل گئی افق دکن سے اعلیحضرت آصف جاہ سابع خلد اللہ ملکہٗ وسلطنتہٗ کا آفتاب اقبال طلوع ہوا اور سارا ہندوستان جگمگا اٹھا۔

شہریارِ علم پرور خسروِ گیہاں حذیو
میر عثمان علیخاں سرور گردوں سریر
فرّہ عباسیاں از غرّۂ او آشکار
جلوۂ الپ ارسلاں از پرتو او مستنیر
تازہ از وے دولت ثقلین و نور مشرقین
زندہ از وے سطوت غرناطہ و وادی الکبیر

ملک کی خوش قسمتی ہے کہ اس کو ایسا رفیع المرتبت فرمانروا ملا اور یہ امر باعث صد افتخار و ناز ہے کہ پروردگار عالم نے ایسا خجستہ صفات بادشاہ عطا فرمایا جس کی رائے صائب، نظر عمیق، طبع سلیم، دماغ روشن، دل منور ہے، جو فرض شناس اور نکوکاری کا مکمل نمونہ ہے، جس کا تدبر ملک کے لئے باعث فخر و مباہات ہے جس کی رواداری ضرب المثل ہے، جس کی علم دوستی اور ادب نوازی قومیت اور وطنیت کے حدود سے بالاتر نظر آتی ہے،

جس کی آزاد مشربی اور روشن خیالی سے کورانہ رسم و رواج اور جاہلانہ توہمات سٹ رہے ہیں اور قومی مستقبل درخشاں اور تابناک نظر آرہا ہے، جس کی ترقی پسندی سے دکن تعمیری، ذہنی و مادی، علمی و روحانی ترقی کے شاہراہوں پر گامزن ہے، جس کی سادگی، نصفت پسندی، معارف نوازی، معدلت گستری قرون اولیٰ کے اکابر اور اعاظم اسلاف کی یاد دلاتی ہے، جس کا جذبۂ ہمدردی و ایثار شاہان اسلام کی حقیقی عظمت کو نمایاں کرتا ہے، جس کا تدبر بیان مجتہدانہ اور عالمانہ ہے، جس کے علم و فضل کا سہیم و شریک کوئی نہیں۔ وہ جو سلطان العلوم ہے جس کی شاعرانہ قوت ابو العتاہیہ کی بدیہہ گوئی کی یاد دلاتی ہے، جس کا شاعرانہ ذوق اور منظوم واقعہ نگاریاں حافظ و فردوسی کو ورطہ حیرت میں ڈال دیتی ہیں جس کی اجودھیا کی بچیلی زبان کی البیلی ٹھمریاں کبیر اور کالیداس کو گنگ کر دیتی ہیں۔ جس کی غیر معمولی بلند نظری کا پتہ اس عالیہ فرمان کے نفاذ سے چلتا ہے جس میں نقرئی جوبلی کی نمائش و نمود کو بند کرنے اور نہایت عظیم الشان شفاخانہ امراض اطفال قائم کرنے اور ہزارہا معصوم بچوں کو موت کے چنگل سے چھڑانے کا حکم شرف صدور لاتا ہے دنیا کی تاریخ میں کوئی بھی ایسا تاجدار اور فرمانروا نہیں ملیگا جس نے اپنی تخت نشینی کی تقریبات میں لہو و لعب اور مشاغل تفریح پر دولت بہانے سے اجتناب کیا ہو لیکن یہ خصوصیت یہ امتیاز صرف خسرو دکن کے لئے مختص ہو چکا تھا۔

دور آصف جاہی کے اس عہد زریں کی اتنی لابتعداد برکات اور بے شمار خوبیاں ہیں کہ بے اختیار زبان پر یہ شعر آجاتا ہے۔

روز و شب عید و براست بدور عثمان

للہ الحمد عجیب لیل و نہار است اینجا

کوئی شعبۂ نظم و نسق، کوئی معاملۂ علم و فضل ایسا نہیں نظر آتا جس پر حضور اقدس و اعلیٰ نے توجہ نہ مبذول فرمائی ہو اور جس کی اصلاح و تکمیل کے لئے ہر ممکن تجویز کو منظوری کا شرف عطا نہ فرمایا ہو۔ چنانچہ عنان حکومت سنبھالتے ہی حضرت جہاں پناہی نے ملک کے دستور اور اس کی پیچیدگیوں کو سلجھانے کی کوشش کی اور ۲۱ نومبر ۱۹۱۹ء کو قصر شاہی میں دربار منعقد کر کے باب حکومت کی افتتاحی رسم ادا فرمائی۔ ایک فرمان کے ذریعہ غریب کاشتکاروں کو

خود غرض اور بے رحم سرمایہ داروں کے چنگل سے نجات دلائی گئی۔ غرض یہ اور اسی نوعیت کی دیگر چیزیں مثلاً عثمان ساگر، حمایت ساگر، نظام ساگر کی تعمیر، تنگبھدرا پراجکٹ کی اسکیم، نلوں کی تنصیب، برقی روشنی کا تعارف، ڈرینج کی تکمیل، ریلوے کی خریداری، موٹر بسوں کا انتظام، ٹیلیفون اور محکمۂ آرائش کا قیام، کھیلوں کے میدان اور پندرہ سو سے زیادہ جدید پختہ شوارع کی تعمیر مدینۃ الجامعہ پتھر گٹی، نامپلی، ملے پلی، ملک پیٹھ، عنبر پیٹھ اور رود موسیٰ کے کنارہ کی عمارتوں کا سلسلہ، آزمائشی مزرعات پر کاشت اور تلیغ، زرعی، مرغبانی اور باغبانی کے مظاہرے، پارچہ بافی اور دیاسلائی کے کارخانوں کا قیام، امداد باہمی کی تحریک دور دراز علاقوں میں طبی امداد و معاونت کی توسیع، پلیگ اور ملیریا کے دفعیہ کی تدابیر، محکمۂ جات معلومات عامہ، امور دستوری اور بلدیہ کا قیام، طیران گاہ اور نشر گاہ کا تعارف، برطانوی فوج کے دوش بدوش فوجوں کی اصلاح و تنظیم، عدلیہ کی عاملہ سے علحدگی اقتصادی پستی اور کساد بازاری کے باوجود بلا قطع و برید مصارف آمدنی کی توقیر، ابتدائی تعلیم کی توسیع دارالترجمہ اور جامعہ عثمانیہ کا قیام، اردو کو ایک مکمل اور علمی زبان بنانے کا سہرا تاجدار دکن کے وہ لافانی کارنامے ہیں جن کو زمانہ اگر کوشش بھی کرے تو محو نہیں کر سکتا۔

"اہل ہند کے لئے ذریعہ تعلیم زبان انگریزی قرار دی جائے" نہیں معلوم کس غضب کی اثر افرینی اس رائے میں تھی کہ جب ایک بار اس نے دل و دماغ پر قبضہ حاصل کر لیا تو اس سیلاب کی تند موجوں میں مادر ہند کے مایۂ ناز سپوتوں کی نازک دماغیاں تنکوں کی طرح بہ گئیں۔ انہیں اس کی طوفاں خیزی نے اتنا مبہوت کر دیا تھا کہ وہ سہواً بھی اس طرف متوجہ نہ ہو سکے کہ آیا اس طرح سات سمندر پار کی بولی کو بھارت ماتا کے چالیس کروڑ بسنے والوں کے لئے جن کی رفتار گفتار، مغربی طرز ماندبود سے بہت زیادہ جدا ہے اگر ذریعہ تعلیم قرار دے دیا جائے تو آیا یہ روش ان کے ابنائے وطن کو منزل مقصود تک پہونچا بھی سکے گی یا اس کے مصداق ہو کر رہ جائے گی؟

ترسم نہ رسی بہ کعبہ اے اعرابی
کیں رہ کہ تو میروی بہ ترکستان است

بہر حال زمانہ گزرتا گیا اور لکیر کے فقیر ہندوستانی اپنے اس ڈگر پر غیر مانوس زبان کی سختیوں سے ہر ہر قدم پر دوچار ہوتے شاد یا ناشاد گامزن رہے۔ لیکن یہ ایک پرانی کہاوت ہے "ہر فرعونے را موسیٰ"۔ جن نام نہاد بہی خواہاں ہند نے اس غیر فطری طرز تعلیم کی داغ بیل ڈالی تھی آخر کب تک ان کا طوطی بولتا! زمانہ نے کروٹ لی اور قدرت کے فیاض ہاتھوں نے اہل دکن — نہیں بلکہ اہل ہند — کی حقیقی صلاح و فلاح کی باگ دو دمان صدیقی کے ایک لعل بے بہا کے دستہائے مبارک میں دے دی جس پر ابنائے وطن جتنا بھی ناز کریں کم ہے

آقائے ولی نعمت کی دور رس نگاہ عالی قدر — جب سے شاہ جم جاہ کے قدوم میمنت لزوم نے تخت کو زینت بخشی ہے اپنی عزیز رعایا کی زندگی کے ہر پہلو کو مرتفع فرمانے کی مساعی میں شب و روز مصروف ہے۔ یہ بات ناممکن تھی کہ رعایا کے ایک ایسے چارہ ساز راعی خلد اللہ ملکہ — کی دقیقہ سنج نظر گرامی، تعلیم جیسے اہم مسئلہ سے جس پر اقوام کی ترقی و تمدن کا بالکلیہ انحصار ہے بلکہ اس دور جہد للبقاء میں ان کے عین حیات و ممات کا سوال ہے، درگزر کر جاتی۔ یہ نہ ہو سکتا تھا اور نہ ہوا۔

حضرت بندگان عالی نے ملک و قوم کی بروقت صحیح نبض شناسی فرمائی اور جس چیز کے لئے ملک عرصہ سے تشنہ کام تھا اس کی سبیل بندی سے قوم کے تن مردہ میں جان ڈالدی

للہ الحمد ہر آں چیز کہ خاطر می خواست
آخر آمد ز پس پردۂ تقدیر پدید

عادتی گراں قدر عطایا کی سرفرازی سے اس عقدۂ لاینحل کی گرہ کشائی فرماتے ہوئے جامعہ عثمانیہ کی بنیاد قائم فرمائی۔ جس کا ذریعہ تعلیم ملک کی مروجہ زبان اردو قرار دیا گیا۔

اس خصوص میں تو پورے وثوق کے ساتھ کہا جا سکتا ہے کہ اعلیحضرت نے تعلیم ہند کے مریض کے حق میں وہ مسیحائی فرمائی ہے جس تک نہ رہنمایان قوم ہی کی نظریں جا سکتی تھیں نہ زعمائے ملت ہی کے دماغ کی رسائی ہو سکتی تھی۔ اگر وہ اس خصوص میں کچھ کرنا بھی چاہتے تو ان کی مساعی خود آپ اپنی ہی بے دست و پائی کے سبب صفر کا کام رکھتیں قدرت نے

ازل ہی سے خداماں بارگاہ کے فرق عالی کو اس سہرے کی عزت سے زینت بخشی تھی کہ جہاں ظل اللہ کی ذات گرامی تاج و تخت کے لئے باعث صد افتخار ہے وہاں اقلیم علم کے لئے بھی موجب ہزار ہزار برکات الٰہی ثابت ہو۔

اول اول اس اصول پر کہ زبان ملکی ذریعہ تعلیم قرار دی جائے بعض سخن ناشناس اہل وطن نے منہ آنے کی کوشش کی۔ لیکن یہ اصول حقیقت شناس، دقیقہ سنج، دور رس شاہانہ نظر و بصر کا نتیجہ تھا معیار پر کب پورا نہ اترتا۔ مادر علمی کے سپوتوں کے شاندار کارناموں نے کیا یورپ اور کیا ہندوستان سب ہی جگہ اس کا لوہا علی الاعلان منوا دیا۔

یہ اسی شاہانہ بذل و نوال اور حکیمانہ ارشادات عالیہ کا نتیجہ ہے جو آئے دن یہ گوش گزار ہو رہا ہے کہ زبان ملکی کو ذریعہ تعلیم قرار دینے سے بہتر نتائج کی توقع یقینی ہے" اور انشاء اللہ وہ دن دور نہیں جبکہ اس اصول کے ظاہری منکر اس اصول پر بالکلیہ عمل پیرا ہو کر رہیں گے اور اسی طرح اہل وطن کو اس ورطۂ ہلاکت سے صاف بچائیں گے جس طرح اب اہل دکن حضرت جہاں پناہ کی شاہانہ علم پروری کے طفیل غیر زبان کی صعوبتوں سے بال بال بچ گئے ہیں۔

گفتگو کے اس نقطہ تک پہنچ جانے پر جی یہ چاہتا ہے کہ چلتے ہوئے ذرا اس پوزیشن پر بھی ایک چھچلتی نظر ڈال لی جائے جو اردو کو اس کی سادگی، دل نشینی، گہرائی اور پرکاری کے سبب اسکی دوسری سہیلیوں کے مقابلہ میں بھارت ماتا کی سرزمین پر اس کو حاصل ہو چکی ہے۔

اس موقع پر مذہبی عصبیت اور سیاسی داؤں پیچ کے نامعقول الزامات سے مقبول عام اردو کے دامن کو بے لوث رکھنے کے خیال سے مناسب ہے کہ اس خصوص میں ان فضلائے روزگار اور ماہران تعلیم کی قیمتی رایوں کا ایک سرسری خاکہ پیش کر دیا جائے جو قوم کی صلاح و فلاح کا حقیقی درد اپنے دل کی گہرائیوں میں چھپائے رکھتے ہیں اور جن کی فضیلت اور وسعت نظر مسلمہ ہے۔

(۱) "ہندوستان کے باشندوں کی سب سے بڑی تعداد ہندوستانی زبان بولتی ہے"۔

(دیباچہ رپورٹ سائمن کمیشن)

(۲) "اردو زبان ہندوستان کی دو بڑی قوموں یعنی ہندو مسلم اتحاد کی یادگار ہے اور

جس قدر اسے فروغ ہوگا اسی قدر اِن دونوں قوموں کی یک جہتی کا باعث ہوگا۔"

(ہز اکسلنسی مہاراجہ سرکشن پرشاد بہادر یمین السلطنت صدر اعظم دولت آصفیہ)

(۳) "مجھے اُردو اور اُس کی ترقی سے دلچسپی ہے۔"

(ریورانڈ جارڈن صاحب مرادآباد)

(۴) "اردو زبان ایک ایسی زبان ہے جو تمام ہندوستان میں پھیلی ہوئی ہے۔ لوگ اس کو بولتے ہیں عام اس سے کہ ان کا کیا مذہب و ملت ہے۔ اس زبان کے ہندوستان میں چودہ کروڑ بولنے والے ہیں۔"

(نواب مہدی یار جنگ بہادر صدر المہام سیاسیات و تعلیمات دولت آصفیہ)

(۵) "جنوبی افریقہ میں جو ہندوستانی لوگ آباد ہیں وہ ہندوستانی بولتے ہیں۔"

(ٹریلیکشن جنوبی آفریقہ)

(۶) "ہماری اُردو زبان کی بنیاد ہی قومی اتحاد پر قائم ہے اور اس کا وجود باہمی اتفاق کا ثبوت ہے بعض قدرتی اسباب کا لازمی نتیجہ تھا کہ مسلمانوں نے اس کی طرف زیادہ توجہ کی مگر ہندو شعراء و مصنفین کی خدمات بھی کچھ کم قابل قدر نہیں۔ ایک طرف نسیم کا سدا بہار گلزار اُردو نظم کے چمن زار کی رونق بڑھا رہا ہے تو دوسری طرف سرشار کا زندہ جاوید آزاد، اُردو نثر کی ترقیوں کا افسانہ سنا رہا ہے۔ اس وقت بھی اُردو کو رائٹ آنریبل سر تیج بہادر سپرو اور ہز اکسلنسی مہاراجہ سرکشن پرشاد بہادر کے سے بزرگوں کی سرپرستی اور حضرت کیفی دہلوی کے سے عالموں کی امداد حاصل ہے۔"

(عالیجناب خاں بہادر اسداللہ محمد امیر احمد خاں صاحب والئی محمود آباد)

(۷) سب سے آخر لیکن بہت ہی اہم :—

(الف) "۱۸۱۹ء میں سمریمو بھاگوت کا دسواں اسکندیعنی باب اُردو کی ایک ضخیم مثنوی مسمّٰی "آئینہ مستور" کی صورت میں ظہور پذیر ہوتا ہے۔ یہ مذہبی اور اعتقادی کتاب ایک ہندو اپنے ہندو بھائیوں کے لئے اچھی اُردو نظم میں تصنیف کرتا ہے۔ اس سے بدیہی طور پر ثابت ہوتا ہے کہ ہندوؤں میں اُردو کہاں تک جاری و ساری تھی۔"

(ب) "شکت چالیسی" استوتر یعنی وظیفے کی ایک اُردو کتاب ہے۔ یہ اُردو کے مخمس ترجیع بند کی صنف سے ہے اس کو میں نے پوجن کے سلسلے میں وظیفے یا مناجات کی طرح پڑھتے ہوئے دیکھا ہے۔"

(ج) "یہ دھیان میں رکھنے کی بات ہے کہ تلسی داس رامائن لکھ چکے تھے۔ اس کی کتھا برابر ہو رہی تھی۔ مہابھارت اور بہت سے ایسے پران اور دوسری مذہبی کتابیں ہندی میں منتقل ہو چکی تھیں لیکن اپنے اہالی ملت میں دھرم پرچار کی کمی محسوس ہوئی جب تک کہ اُردو سے کام نہ لیا گیا۔"

(د) منشی شنکر دیال فرحت۔ منشی رام سہائے، متنا اور خوشتر وغیرہم حضرات نہ صرف ہندوؤں کے بلکہ تمام اُردو دنیا کے شکریہ کے مستحق ہیں جنہوں نے مہابھارت، رامائن، گیتا، مہاتم، شوپران، گنیش پران اور جانکی بجے وغیرہ دھرم پستکیں اُردو میں تصنیف اور ترجمہ کیں۔ یہ کتابیں منشی نولکشور کے مطبع سے چھپ کر آج تک شائع ہو رہی ہیں اور ہندوؤں میں ان کے مذہب کی تلقین اور روایات ملی کے زندہ رکھنے کا زبردست آلہ ہیں۔"

(ھ) "بہت سے اپنشد اور چھوٹی شاستر اور سمرتیاں اُردو نثر میں منتقل ہو کر شائع ہوئیں، اور آج تک ان کی مانگ برابر جاری ہے۔ یہی حال آریہ سماج کے لٹریچر کا ہے۔"

(و) "سرور جہاں آبادی کی تصنیف اس وقت مولود شریف کے جلسوں میں نہایت خلوص سے پڑھی جاتی ہے اور اتنی ہی دلچسپی سے سُنی جاتی ہے۔ یہ سب جانتے ہیں کہ سرور جہاں آبادی ہندو ہی رہے اور ہندو ہی مرے۔"

(پنڈت برجموہن دتاتریہ کیفی دہلوی)

یہ ہیں چند ایک موتی ان بے شمار مستند ترین اقوال کے بحر زخار سے، جو اُردو کے شیدائی، اس کے حامی، اس کے نکھارنے، بنانے اور سنوارنے والے کیا ہندو کیا مسلمان، کیا عیسائی اس کی شیرینی، عذوبت، مقبولیت، وسعت اور شان و شکوہ کے مدنظر اس کے متعلق رکھتے ہیں جن کا تفصیلی حوالہ بجائے خود ایک مستقل عنوان کا طالب ہے ان اقوال کو غیر جانبدارانہ طور پر کہنے سے یہ بات ظاہر ہے کہ اُردو ایک ہر دلعزیز،

مقبول عام مشترکہ زبان ہے جو ہندوستان کے طول و عرض میں برابر بولی اور سمجھی جاتی ہے۔
پس اندریں حالات اُردو کو ذریعہ تعلیم قرار دینا اس کے چودہ کروڑ گلے لگانیوالوں پر ایک لازوال احسان ہے جو رہتی دنیا یادگار رہیگا۔

عطائشدہ نعمت کی شکرگزاری از دیاد نعمت کا باعث ہوتی ہے۔ اس لئے اس مُبارک و مسعود جشن سیمین عثمانی کے موقعہ پر ہر شخص اپنی بساط کے موجب بارگاہ جہاں پناہی میں جب ناچیز ہدایائے عقیدت پیش کرنے کی عزت حاصل کر رہا ہے تو ہر دل عزیز اُردو کے کثیر تعداد نام لیواؤں کی جانب سے یہ ایک کھلی احسان فراموشی ہوگی کہ اس تقریب محمود کے موقع پر اپنے عمیق جذبات ممنونیت کو بے نقاب کرنیکی ایک حقیر کوشش بھی نہ کریں۔

اس حقیقت کے مدنظر اس مُبارک جشن مسعود کی تقریب میں اُردو کی جانب سے بصد ادب اس امر کے اعتراف کی عزت حاصل کی جائیگی کہ کس طرح اس عہد میمنت مہد میں یہ بھولی بسری اور بے آسرا بولی شاہانہ سایہ عاطفت میں پروان چڑھ رہی ہے اور کس طرح دو آبہ گنگ و جمن کا یہ خودرو نونہال شاہانہ کرم عمیم کی لگاتار بارش سے سینچے جانے کے سبب دکن کی آب و ہوا میں ایک لہلہاتا ہوا، شاداب اور تناور درخت بن گیا ہے جس کے پھولوں کی عنبر بیز خوشبو چار دانگ عالم میں پھیل کر جہاں پناہ کی غریب نوازی علمی سرپرستی اور سب سے بڑھ کر رعایا پروری کا علی الاعلان پرچار کر رہی ہے۔

اس موقع پر بے اختیار جی چاہتا ہے کہ اس تمہید کو اس دعا پر ختم کر کے اصل مضمون کی طرف رجوع کیا جائے۔

عمرت دراز باد کہ تا دور مشتری
ما از تو برخوریم تو از عمر برخوری

قوموں کے عروج و زوال کے ساتھ زبان میں بھی تغیر و تبدل ہوتا رہتا ہے اور اس کا انحطاط اور ترقی اسی کے ساتھ وابستہ ہوتی ہے۔ اُردو زبان کی قسمت بھی اس کے بولنے والوں کی قسمتوں کے ساتھ بدلتی گئی۔ جب تک بیجاپور گولکنڈہ دہلی اور لکھنو میں حکومت تہذیب اور تمدن کا زور بندھا رہا زبان بھی منجھی رہی اور جہاں اس کو ادبار کی

صورت دیکھنی پڑی یہ بھی حضیض نکبت میں جا اگری۔ غدر کے بعد رامپور اور حیدرآباد دو ہی ایسی ریاستیں تھیں جو برسر اقتدار اور علم و ادب کے گہوارے تھیں۔ یہاں اردو نے پھر نشو و نما پائی اور حیدرآباد میں تو جو اس کا جنم بھوم تھا جب یہ واپس ہوئی خوب ہی پروان چڑھی۔ نواب شمس الامرا اور ان کے احباب نے اس کو علوم و فنون سے مالامال کیا تو آصف جاہ سادس نے اس کو دفتری حیثیت دیکر محبوب ترین بنا دیا۔ دور عثمانی میں تو اب یہ طوفانی رفتار اور برقی سرعت کے ساتھ دن دونی رات چوگنی ترقی کر رہی ہے۔

اس میں شک نہیں کہ پنجاب بھی آج کل اردو زبان کی بہت خدمت کر رہا ہے لیکن وہ ادب لطیف اور صحافت کی حد تک محدود ہے۔ حیدرآباد کی خدمات بالکل جداگانہ نوعیت کی ہیں۔ وہ جدید علوم و فنون سے اردو کے خزانہ کو مالامال کر رہا ہے اور لفظی خزینہ میں وسعت دے رہا ہے۔ چنانچہ اس ربع صدی میں اس میں اس قدر نمایاں فرق پیدا ہوگیا ہے اور یہ اتنی منقلب ہوگئی ہے کہ ہر شخص انگشت بدنداں ہے مفصلہ ذیل اقتباس سے مقابلہ کرنے پر آپ پر یہ بات اظہر من الشمس ہوجائے گی کہ زبان نے کتنے مدارج طے کر لئے ہیں اور وہ اب کتنی نتھری ستھری ہوگئی ہے۔

لالۂ نافرمان۔ سوسن ہزار زبان۔ نرگس حیران قسم قسم۔ رنگ رنگ کے پھول پھول رہے ہیں۔ پیارے پیارے سہانے درختوں پر صبح شام کو دھوپ چھاؤں کا عالم۔ پتوں پر شبنم کی طراوت اور نم۔ ڈالیوں پر چڑیوں کا غل۔ پریوں کی آپس میں چھیڑ چھیل۔ نوجوانوں کے غول، ہمجولیوں کی ہنسی ٹھٹول۔ کہیں گل کے قہقہے۔ کہیں بلبل کے چہچہے ہیں۔ مور اُدھر شور کرتا ہے اِدھر مستوں کا جنون زور کرتا ہے۔ کوئل وہاں کوک اٹھتی ہے سینہ میں یہاں ہوک اٹھتی ہے۔ پپیہا جو ادھر بولا "پی کہاں"۔ تو پھر یہاں بدن میں جی کہاں"

یہاں ایک بات کا ذکر بے محل نہ ہوگا کہ حیدرآباد نے گذشتہ پچیس سال کے عرصہ میں قدیم رنگ کو ترک کر کے نمایاں فرق پیدا کر لیا اور تحریر کو بھی معیاری بنا لیا ہے۔ گزشتہ ڈیڑھ صدی کے تدریجی تغیر کا مثل رسم و رواج لباس اور خیالات کے زبان پر بھی اثر پڑنا

ضروری تھا چنانچہ اس عرصہ میں جو زبان تیار ہوئی وہ دورِ حاضر کی جدید معیاری اور دکن کی قدیم معیاری اردو سے مرکب ہے۔

جامعہ عثمانیہ کے قیام کے بعد جب اردو کی تہی مائگی اور بے بضاعتی کا علم ہوا تو مجلس وضع اصطلاحات کا وجود عمل میں آیا جس نے ہزاروں اردو اصلاحیں مثل تپش مطلق، (Absolute temperature) ترشہ (Acid) قانون اجانب (Aliens Acts) باوپیما (Barometer) تمثیل کاذب (Analogy) تلازم (Association) ادراک (Perception) (false) محرکات (Dynamics) ہندسۂ تحلیلی (Analytical geometry) وفاق (Federation) نصفت (Equity) مائع پیما (Hydrometer) رقاص (Pendulum) عصب (Nerve) طیف (Spectrum) امیر جامعہ (Chancellor of University) برقانا (Electrify) قرنبیق (Retort) کارکردگی (Efficiency) اشعاعیں (X-rays) شرپیچ (Screw-jack) محوری سطح (Axialplane) پس منظر (Back ground) وطن آبائی (Father land) انسیات (An thropology) تجاذب (Gravitation) کثافت اضافی (Relative density) نشرگاہ (Broadcasting station) معمل (Laboratory) عدسہ (Lens) معاشیات (Economics) حیاتیات (Biology) وغیرہ۔

بنا ڈالیں جو علوم و فنون کے بڑھتے ہوئے مطالعہ کے ساتھ ساتھ روز بروز نکمالی اور عام تر ہوئی چلی جارہی ہیں اگر ایسے نازک زمانہ میں جبکہ ہر طرف انگریزی کا بول بالا ہے۔ اعلیحضرت سلطان العلوم اس کی دستگیری نہ فرماتے تو یہ صرف ایسی بولی بن کر رہ جاتی جو گل و بلبل کی شاعری سے متعلق ہوتی۔

حضرت خسروذی شان کی فیاض سرپرستیوں نے اردو میں ایسی بیش بہا کتابیں تیار کردیں کہ ہندوستان کی دوسری زبانوں کو شاید صدیاں درکار ہوتیں۔ انجمن ترقی اردو، دارالترجمہ

علاوہ دیگر خانگی اداروں نے سینکڑوں اعلیٰ درجہ کی تاریخیں، جغرافیے، سفرنامے ہندوستان ایشیا، یورپ دکن اور روما کے متعلق شائع کئے۔ معاشیات، نفسیات، سیاسیات، قانون وعمرانیات پر جو کتابیں تصنیف ہوئیں وہ اس کے علاوہ ہیں۔ لیکن یہ وہ علوم ہیں جو پہلے سے ہندوستان کی کسی نہ کسی زبان میں موجود تھے۔ دورِ عثمانی کی سب سے اہم خصوصیت یہ ہے کہ جدید علوم وفنون مثلاً کیمیا، طبیعات، ہیئت، ریاضیات، نباتیات، حیوانیات، طب، انجینرنگ کی معیاری کتابوں کو دس پندرہ سال کے اندر اندر اردو میں منتقل کر دیا گیا جو معجزہ سے کم نہیں۔ یورپ جدید کے ان جدید علوم وفنون کے شہ پاروں کا اردو میں منتقل ہو جانا اردو دنیا کی ایسی خوش قسمتی ہے کہ دوسری ہندوستانی زبانیں جتنا بھی رشک کریں کم ہے۔

قطع نظر ان شاہکار تراجم کے جو سرکاری کوششوں سے منظر عام پر آئے فرزندان جامعہ عثمانیہ نے بھی تقریباً تین سو کتابیں شائع کیں جو زیادہ تر علوم وفنون اور حکمیات پر مشتمل ہیں۔ ایسے نازک زمانہ میں جبکہ ہندوستان میں اردو کا بقا معرض خطر میں پڑ گیا ہے دکن سے اس قسم کی کتب کا شائع ہونا شگون نیک اور فال ترقی ہے۔ زبان وہی زندہ رہ سکتی ہے جس کے جاننے اور بولنے والوں میں جدید تریں ضروریات علمی وادبی کے احساس کا فقدان نہ ہو، جن میں نہ صرف زمانہ کے ساتھ دینے کی صلاحیت ہو بلکہ ہر قسم کی مشکلات کے باوجود علمی وادبی خدمات کے انجام دینے کا ذوق وشوق بھی ہو۔

موجودہ زمانہ میں جیسے جیسے مذہبی اختلافات اور رسم الخط کی پیچیدگیاں بڑھتی جاتی ہیں ہندوؤں اور مسلمانوں میں ایک خلیج حائل ہوئی چلی جا رہی ہے۔ حیدرآباد اس پر بجا طور پر فخر کر سکتا ہے کہ وہ اس قسم کی فرقہ پرستی اور مذہبی مناقشات سے کوسوں دور ہے۔ یہاں صلح وآشتی کا سمندر موجیں مار رہا ہے اور اردو کی مقبولیت ہندوؤں میں روز بروز بڑھتی جا رہی ہے جس کا ثبوت ہمیں جامعہ کے اس اعلیٰ امتحان سے ملتا ہے جس میں وہ برابر کئی سال سے مسلمان طلبا پر سبقت لی جا رہے ہیں۔ چنانچہ ۱۹۳۱ سے ۱۹۳۳ تک ۵۱ طلبا نے ال۔ال۔ بی کی ڈگری حاصل کی جن میں ۳۱ ہندو اور ۲۰ مسلمان تھے۔ کیا اس نتیجہ کے

علم کے بعد اس حقیقت سے کسی کو انکار کی جرأت ہوسکتی ہے کہ عہد عثمانی میں اُردو زبان کو غیر معمولی درجۂ قبولیت حاصل نہیں رہا ہے اور اس کی ہمہ گیری بڑھتی نہیں جارہی ہے!

اُردو کا رسم الخط ایک عرصہ سے اس کی ترقی میں حارج تھا۔ حیدرآباد میں بھی اس کی اصلاح کے لئے متواتر کوششیں ہورہی تھیں اور لاکھوں روپیہ اس زبردست کمی کو پورا کرنے کے لئے صرف ہوچکا تھا مگر کسی کو بھی شاہد آرزو اور عروس کامیابی کا منھ دیکھنا نصیب نہیں ہوا تھا۔ خدا کا شکر ہے کہ اس عہد ہمایونی میں ان خامیوں کا ارتفاع ہوچکا ہے اور ایک ایسا نستعلیق ٹائپ عالم وجود میں آگیا ہے جس نے اس کو انگریزی کا ہم پلہ بنادیا ہے۔ اُمید ہے کہ جب یہ ٹائپ عام ہوجائے گا تو اپنی برق رفتاری کی وجہ سے اُردو دنیا میں ایک انقلاب عظیم برپا کردیگا۔

حضرت سلطان العلوم کا دور حکومت اُردو کی ترقی میں ایک نمایاں اور ممتاز حیثیت رکھتا ہے۔ عہد ماضی میں دہلی اور لکھنو کے فرمانرواؤں نے جو بھی اس کی سرپرستی فرمائی وہ صرف شعر و سخن تک محدود تھی۔ اس کو ایسی مستحکم بنیادوں پر قائم نہیں کیا گیا تھا کہ دنیا کی دوسری بڑی بڑی علمی زبانوں کے دوش بدوش کھڑی رہ سکتی۔ یہ محض حضرت ظل سبحانی کی رائے صائب اور علو ہمتی کا باعث تھا کہ آج وہ ایک علمی زبان ہے اور ہر ایک سے ہمسری کا دعویٰ کرسکتی ہے۔ خود حضرت بندگان عالی سخن سنج و سخن فہم اور ایک بہت بڑے حلیف البیان شاعر اور نقاد ہیں۔ ذارت شاہانہ کی بصیرت افروز تنقیدیں شمع ہدایت کا کام دیتی ہیں۔ شاہ عالم پناہ کے علم و فضل اور ادبی ذوق کا اندازہ ہر شخص کے بس کی بات نہیں، کوئی پختہ مشق شاعر اور ادیب ہی لگا سکے تو لگا سکے۔ حضور عالی مقام کا کلام فصاحت التیام سحر حلال کا اثر رکھتا ہے اور ملک کے ادبی رنگ کو پیہم نکھارتا چلا جارہا ہے۔ خسرو ذیشان کا اُردو سے یہ شغف اور ذوق سخن گستری ملک کے لئے نہ صرف فال نیک ہے بلکہ آب حیات کا درجہ رکھتا ہے اور باعث صد رحمت ہے۔

شاہ جم جاہ نے تخت نشینی کے بعد ہی اُردو کے مصنفین اور مولفین کی کیسی قدر افزائی اور عام علمی تحریکات کی ترویج اور نشر و اشاعت کے لئے کس فیاضی اور سیر چشمی سے کام لیا ہے اس کی تفصیل کا علم تو ہمارے حیطۂ اختیار سے باہر ہے البتہ اجمالی طور پر جو کچھ پیش کیا جائیگا اس سے یہ روز روشن کی طرح عیاں ہوجائے گا کہ خسرو دکن کی ذاتی دلچسپی سے اُردو کا

مستقبل کتنا تابناک اور درخشندہ ہو گیا ہے۔

"تخت نشینی کے ساتھ ہی پہلے دو تین سال کے اندر حضرت جہاں پناہی نے شبلی نعمانی مرحوم کے لئے تین سو روپیہ ماہوار منظور فرمائی ترتیب آصف اللغات کے صلہ میں اور پانسو کا اضافہ کیا۔

۱۳۳۳ھ سے ۱۳۳۵ھ تک مدیر پیسہ اخبار لاہور کو سالانہ ایک ہزار تصانیف امیر خسرو کی طباعت کے لئے پندرہ ہزار، شفقت علی خاں شاہجہاں پوری کو دو سو روپیہ صلہ تصنیف، حبیب احمد خاں صاحب کو تصنیف کتب کے صلہ میں پانسو، عبدالرؤف صاحب شوق کو مثنوی مرقع رحمت کے لئے پانسو روپیہ بکمشت اور پانسو جلدوں کی خریدی کا حکم، فرید احمد صاحب عباسی کو بصلۂ تصنیف کتب پانسو،

اس کے بعد ۱۳۳۶ھ میں حسب ذیل امدادیں ہوئیں۔

عبدالرب صاحب کوکب کو رسالہ اتالیق کے لئے سالانہ ایک ہزار دو سو پچیس، محب الحق صاحب بانکی پور کو تصانیف کے صلہ میں پانسو بکمشت اور پچاس روپیہ ماہوار عبدالوہاب صاحب عندلیب کو حمایت الاخلاق کے صلہ میں چار سو بکمشت اور پچاس ماہوار عبداللہ خاں صاحب کی کتابوں کے لئے پانسو بکمشت۔ سید لیٹن علی صاحب مصنف تفسیر کو پچاس ماہوار، سید محمد حسین صاحب موھانی کو تصانیف کے صلہ میں پچاس ماہوار، مولوی عبدالحلیم شرر کو پانسو ماہوار، ظفر علی خاں صاحب کو ماہانہ چھ سو اور ان کے لڑکے اختر علی کو ماہانہ دو سو (تاکہ اپنے والد کی تصنیف و تالیف میں مدد دیں) عبداللہ خالصاحب کمسنڈوی ایڈیٹر اسلامک ورلڈ بمبئی کو دو سو ماہوار، شفیع الدین صاحب عارف کو قطعہ تاریخ عدالت العالیہ حیدرآباد کے صلہ میں پچاس روپیہ ماہوار اور انجمن ترقی اُردو اورنگ آباد کو وضع اصطلاحات کے لئے سالانہ تین ہزار،

۱۳۳۸ھ میں سید مختار احمد صاحب کو "قاموس الجغرافی" کے لئے اخراجات طبع اور سو روپیہ ماہوار، عبدالماجد صاحب دریابادی مدیر رسالہ صدق کو ایک سو پچیس روپیہ ماہوار، سجاد مرزا بیگ پروفیسر نظام کالج کی کتابوں کے لئے (۱۰۰ھ) بکمشت اور دو سو ماہوار، عبداللہ خالصاحب (کتب خانہ آصفیہ) کے نام پچاس ماہوار، کتاب سیرۃ النبی مصنفہ شبلی نعمانی

مرحوم کی تکمیل کے لئے دوسو ماہوار، کتاب رشک قمر کی خریداری کے لئے پچاس روپئے ماہوار، سید منظر علی صاحب اشہر مصنفہ "اعظم الاخلاق" و اصول تعلیم کو پچاس روپئے ماہوار، عصمت النسا بیگم صاحبہ مولفہ کتاب "تحفہ عثمانی" کو پچاس ماہوار۔ حکیم غلام احمد صاحب کو حمایت ساگر واقع حیدرآباد کی تاریخ کے صلہ میں سواسو روپئے منصب۔

۱۳۴۷ھ میں میر قاسم علی مولف کو مفتاح الحدیث کے سلسلہ میں پچیس روپئے ماہوار، پروفیسر عبدالحی صاحب (دارالعلوم) کو کتاب المحاورات کے لئے دوسو، خواجہ حسن نظامی صاحب کو دوسو۔ محمد عبدالباری صاحب بھوپالی مولف حاشیہ "تفسیر مدارک" کو پچاس ماہوار، سید قاسم صاحب مصنف "رہنمائے حرمین الشریفین" کو بیس ماہوار، مرزا نظام شاہ لبیب کو پچاس ماہوار، لکھنو کے مشہور سوزخواں منجھو کو پچاس، سید سلیمان صاحب ندوی کو دوسو وظیفہ ماہانہ سید امجد صاحب کو تالیف و تصنیف کے سلسلہ میں پچاس روپئے ماہوار، ان کے علاوہ رسالہ القریش کو بالنسو روپیہ یکمشت اور دوسو ماہوار، دارالمصنفین اعظم گڈھ کے نام دوسو ماہوار اور اردو گشتی کتب خانہ کو یکمشت پانچ ہزار جاری کرنے کے احکام صادر ہوئے۔

۱۳۴۵ھ میں نواب حیدر یار جنگ بہادر نظم طباطبائی کو اردو ترجمہ "تاریخ طبری" کا انعام (۱۰۰۰) خریدی مجلہ عثمانیہ کے لئے ۱۳۴۵ھ کی منظوری، صبح دکن حیدرآباد کے پچاس پرچے خریدنے کا اور ایک سال کے لئے ۱۳۴۵ھ قیمت کی منظوری، اخبار صحیفہ حیدرآباد کی ڈھائی سو کاپیوں کی خریدی کا حکم، کتاب عروس الادب کے تین سو نسخے بحساب فی جلد تین روپئے چھ آنے اور رسالہ ارشاد سید یوسف الدین قادری کی پانسو جلدیں بحساب فی جلد تین روپئے چار آنے خریدنے کا حکم صادر کیا گیا۔ رسالہ معیار الاوقات صلوٰۃ ماہ صیام کی طباعت کے لئے یکمشت دو ہزار عنایت کئے گئے۔ ملا محمد واحدی صاحب اڈیٹر نظام المشائخ کو پچیس روپئے ماہوار جاری کی گئی۔

۱۳۵۰ھ میں کتاب "مرقع سرشتہ ٹپہ" مصنفہ محمد سلطان الدین خانصاحب کی تین سو ساٹھ کاپیاں، مقامی پانچ اخباروں صحیفہ، مشیر، رہبر، صبح دکن، منشور کی پچاس پچاس کاپیاں، حیدرآباد ٹیچر کی چار سو تیاسی کاپیاں، اخبار صبح دکن اور دکن پنچ کے سالانہ نمبروں کی ایک ایک ہزار

کاپیاں خریدنے کے لئے حکم صادر ہوا۔ کتب خانہ حیدرآباد ٹیچرس اسوسی ایشن کو یکمشت ایک ہزار اور ماہانہ پندرہ روپئے اور قاری عبدالکریم صاحب کو نستعلیق اُردو ٹائپ کی تیاری کے صلہ میں یکمشت چار ہزار روپئے مرحمت کئے گئے۔

ماہواروں، منصبوں اور وظائف کی نسبت یہ معلومات سطحی اور نامکمل ہیں۔ علیٰحضرت کا فیض جاری و غیر محدود ہے۔ یہ نامکمل مواد صرف علاقہ دیوانی کی ماہواروں وغیرہ سے متعلق تھا۔ اس کے علاوہ صرف خاص سے بھی امداد اور وظائف سے سرفراز کیا جاتا ہے"۔

اس تفصیل سے آپ کو اندازہ ہوا ہوگا کہ سلطان العلوم آصف جاہ سابع نے اُردو کی ترقی کے لئے کیسے کیسے سامان مہیا کردئے اور مصنفین و مولفین کی کتابوں کی اشاعت اور طباعت کے لئے کتنی سہولتیں پیدا کردیں۔ نیز ان کو اس طرح سے نواز کر ان کو کس بیفکری سے اردو کی خدمت گزاری میں سرگرم کار کیا۔

محولہ بالا اشخاص کے علاوہ اور بھی ایسے ادیب اور شاعر ہیں جو دربار عثمانی سے متعلق رہے ہیں۔ ان میں مہاراجہ سرکشن پرشاد بہادر یمین السلطنۃ نواب صادق جنگ مرحوم نواب فصاحت جنگ، نواب حیدر یار جنگ مرحوم نواب ضیا یار جنگ، نواب اختر یار جنگ وغیرہ بہت زیادہ ممتاز نظر آتے ہیں۔ ان مقربین شعرا اور ادیبوں کے علاوہ مولوی عبدالحق سید خورشید علی، رائے مانک راؤ وٹھل راؤ، راجہ راجیشور راؤ اصغر، ضامن کنتوری، عمر یافعی، سردار علی، نصیر الدین ہاشمی، علی اصغر بلگرامی، عبدالرزاق بسمل، آغا حیدر حسن، غلام محی الدین زور عظمت اللہ خاں مرحوم، قاضی عبدالغفار، میر خاں، شیدا احمد، ابوالخیر خیر اللہ، ج نقوی بیگم صغرا ہمایوں مرزا حسین احمد بیگ، ڈاکٹر میر ولی الدین، جعفر حسن، ضیاء الدین انصاری، محمد نذیر الدین، محمد عبدالستار، عبدالقادر سروری، سید محمد، شیخ چاند، وقار احمد، حبیب اللہ رشدی، معین الدین قریشی، حسن الدین، اکبر وفا قانی، عبدالرحمن رئیس ہوش بلگرامی وغیرہ جیسے انشا پرداز اور ادیب اور کیفی، توفیق، ذہین، ولا، امجد، صفی، عزیز، اطہر، صغیر، تشنہ، آزاد انصاری، محمد حسین آزاد، عابد، شہرت، صدق جائسی، فانی، بدایونی، بدر، امیر، نوری، اختر، باغ، ذکی، اشک، تاثر، شمیم، زیبا، میکش، جیسے شعرا فرحت اللہ بیگ، تمکین، کاظمی، ناکارہ جیسے مزاح نویس

اور ظرافت نگار، عصمت اللہ بیگ، مرزا محی الدین بیگ، فضل الرحمٰن، عزیز احمد، میر حسن، ظفر الحسن، مخدوم محی الدین سرفراز علی بینوش جیسے ڈرامہ نویس، جی شنکر راؤ، محشر عابدی، شبیر حسن قیس، بادشاہ حسن جیسے افسانہ نویس، حکیم شمس اللہ قادری، سید احمد اللہ قادری، عبدالمجید صدیقی، محمود علی، رہبر فاروقی، سراج الدین طالب جیسے محقق اور تاریخی انشاپرداز اُردو کی بے ریا خدمت گذاری میں مصروف ہیں اور ان میں سے ہر ایک نے اپنی تصانیف و تالیف کے ذریعہ اُردو کو زندہ جاوید بنا دیا ہے۔

تخت نشینی کے بعد جب اعلیحضرت کی علمی سرپرستی اور ادبی قدردانی کا احساس ہوا تو دارالعلوم میں ایک انجمن کا قیام عمل میں آیا جس کے چند مقاصد یہ تھے۔

(۱) دارالعلوم کو یونیورسٹی کے درجہ پر پہونچانا۔

(۲) علمی سوسائٹی قائم کرنا۔

(۳) "سلسلہ تالیفات اردو" کا آغاز کرنا۔

چنانچہ یہ انجمن اپنے جملہ مقاصد میں کامیاب ہوئی۔ اور جس سال دارالعلوم کی ساٹھ سالہ جوبلی منائی گئی حیدرآباد ایجوکیشنل کانفرنس کی بنا بھی ڈال دی گئی جس کی تمام تر کوششیں اُردو زبان کی ترقی و اشاعت کے لئے وقف تھیں اور جس کا عملی نتیجہ جامعہ عثمانیہ کے قیام کی صورت میں ظہور پذیر ہوا۔ اس کانفرنس کی سب سے بڑی خصوصیت یہ تھی کہ جملہ کارروائی اُردو میں عمل میں لائی گئی حتی کہ بلبل ہند مسز سروجنی نائڈو اور پروفیسر ولنکر نے بھی اُردو میں تقریریں کیں۔ کانفرنس نے اپنے دوسرے اجلاسوں میں سائنس، طب، انجینرنگ، صنعت و حرفت کی تعلیم کے لئے بھی اُردو کی سفارش کی جس کو شرف قبولیت بخشا گیا۔

اس انجمن کے علاوہ انجمن ثمرۃ الادب، انجمن اسلامیہ، انجمن ارباب اُردو، مکتبہ ابراہیمیہ، مجلس علمیہ، بزم اُردو، نظام کالج، لٹریری اکیڈیمی، انجمن طیلسانین عثمانیہ، انجمن طلبائے قدیم سٹی کالج، انجمن ترقی ڈرامہ، بزم تمثیل نے اپنے اپنے مقالہ جات تقاریر اور اشاعتوں کے ذریعہ اُردو کی عظیم خدمات انجام دی ہیں۔

مجلس اشاعۃ العلوم جس کے بانی مولوی انوار اللہ صاحب فضیلت جنگ بہادر تھے۔

پانچ چھ ہزار صفحوں کی ۲۵ کتابیں جو فلسفہ و حکمت، اصول و عقائد، حدیث و تفسیر، قانون و فقہ پر تھیں تصنیف فرما کر اردو زبان پر احسان عظیم کیا ہے۔

مذکورہ بالا انجمنوں کے مقابلہ میں انجمن ترقی اُردو عہد عثمانی کے بذل و کرم سے بہت زیادہ مستفید ہوئی ہے۔ اگرچہ کہ اس کی تاسیس ۱۹۰۳ میں عمل میں آئی تھی لیکن اس پر جو جمود و خمود طاری تھا وہ اعلیحضرت کی تخت نشینی کے بعد ہی دور ہو سکا اور جب ہی اس کی خوابیدہ قوتیں بیدار ہو سکیں۔ اس میں شک نہیں کہ یہ انجمن مولوی عبدالحق صاحب کی جانفشانی اور ثابت قدمی کی مرہون منت ہے لیکن اگر اعلیحضرت انجمن کی مستقل سالانہ امداد منظور نہ فرماتے اور موقع بہ موقع دیگر رقمی منظوریاں صادر نہ کرتے تو یہ کبھی کی صفحہ ہستی سے ناپید ہو چکی ہوتی۔ حضرت بندگان عالی نے ۱۹۱۶ میں پانچ ہزار کی اور اس کے دوسرے سال اصطلاحات علمیہ کی لُغت کی تیاری کے لئے تین سال تک تین ہزار روپیے کی امداد منظور فرمائی۔ نیز اس کی کتب اور رسائل خرید فرما کر اس کی سالانہ آمدنی کو ۲۳ ہزار تک پہونچا دیا۔ ان منظوریوں کے علاوہ شاہ ذی جاہ نے مزید بارہ ہزار روپیے سالانہ کی گراں قدر رقم کی منظوری دس سال کے لئے اُردو کی مبسوط لغت کی تیاری کیلئے صادر فرمائی ہے۔ اس وقت تک انجمن نے ۸۰ سے زیادہ کتب شائع کی ہیں جن میں تاریخ ادب اُردو، کمیاب تذکرے اور تراجم شامل ہیں دو سہ ماہی رسالے اردو اور سائنس بھی شائع کرتی ہے جو اپنی اپنی جگہ پر برابر اردو زبان و ادب کے خزانہ میں بیش بہا اضافہ کر رہے ہیں۔

حضرت سلطان العلوم کی تخت نشینی کے وقت صرف چار یا پانچ اخبار و رسائل جاری تھے لیکن ذات شاہانہ نے جب اس طرف توجہ مبذول فرمائی اور اپنے قلم مبارک سے راست علمی و تنقیدی تبصرے اشاعت کے لئے اخباروں کو روانہ کرنے شروع کئے تو ملک میں ان سے ایک گونہ دلچسپی پیدا ہو گئی۔ مشیر دکن، دکن لا رپورٹ، آصفیہ گزٹ اور ادیب الاطفال حضور کی تخت نشینی کے وقت موجود تھے۔ تخت نشینی کے بعد گلدستہ نادر، شاہد سخن، دربار عثمان گزٹ، معارف، تاج، تزک عثمانیہ، رہبر مزارعین، ذخیرہ، صحیفہ، افادہ، المعالج، نظائر، وقائع، اتایق، ثمرۃ الادب، شعلۂ دوست، رہبر، نونہال، ترقی، المعلم، النور، سائنس کی صدا، صراط المستقیم، ارتقا، تحفۂ نظام کالج میگزین، مجلۂ عثمانیہ، حیدرآباد ٹیچرز، اور

کشافہ، ہمجولی، تجلی، آئین دکن، رعیت، دکن پنچ، دکن گزٹ، صبح دکن، منشور، مجلہ مکتبہ، ورزش جسمانی، تاریخ، شباب، سفینہ خلیق، ترجمان القرآن، حسن کار، مجلہ تحقیقات علمیہ کلیہ جامعہ عثمانیہ، پیام، وقت، الموسیٰ، شائع ہونا شروع ہوئے، لیکن یہ ایک تلخ حقیقت ہے کہ جس خوش خوشی سے اس ربع صدی میں ان اخبارات و رسائل نے جنم لیا تھا ان میں کی ایک کثیر تعداد عوام کی بے توجہی کی بھینٹ چڑھ گئی۔

عہد عثمانی کا سب سے درخشندہ کارنامہ جس نے اردو زبان کی بنیادوں کو ہمیشہ کے لئے مستحکم کر دیا اور اس کو شاہ راہ ترقی پر گامزن کر دیا وہ جامعہ عثمانیہ کا قیام ہے۔

غدر ۱۸۵۷ کے بعد ہندوستان پر جو سیاسی، معاشی نت نئی مصیبتیں ٹوٹیں اور بپتا پڑی اس کے فقط خیال ہی سے کلیجہ منہ کو آتا ہے۔ ظاہر ہے کہ ایسے زمانہ میں جبکہ جان ہی کے لالے پڑے تھے تعلیم و تعلم کو کون پوچھتا تھا۔ لیکن نہیں۔ جب لارڈ میکالے نے اس کا ذکر چھیڑا تو بڑے بوڑھے خاموش نہ رہے اور برابر اپنی قدیم تعلیم کے دلانے پر اڑے رہے۔ لیکن میکالے کی سحر طرازی کے سامنے کسی کی کچھ نہ چلی اور انگریزی کا دور دورہ ہو گیا۔ ایک غیر زبان ہونے کی حیثیت سے اس نے ہم کو اصطلاحی مشکلات اور محاوروں کے پھیر میں سرگرداں رکھا۔ ہماری جدت، اصابت رائے، روشن خیالی سب غائب غلہ ہو گئی اور جودت طبع لسانی الجھنوں کے ادا کرنے میں خود الجھ گئی۔ اگر کوئی اس "ڈانٹے کے جہنم" کو پار کرنے میں کامیاب بھی ہو جاتا اور محمد علی بنتا تو فطرت کی ستم ظریفی سے ہم سے جلد ہی رخصت ہو جاتا۔ غرض جب اس تحصیل علم سے ہماری حالت نہ سنبھلی، ہماری دماغی اور روحانی ضرورتیں پوری نہ ہوئیں، قوائے عقلی نے جواب دینا شروع کیا تو سرزمین جاپان کے نامور کونٹ اوکوما کی سی ایک لاثانی ہستی نے جنم لیا۔ اس کی امیدیں شاہ جم جاہ کی نوازشوں سے جب پھلی پھولیں تو افق ہندوستان پر جامعہ عثمانیہ بن کر چمکیں۔ غرض وہ دن اور آج کا دن ہندوستان کے طول و عرض میں اسی جامعہ کا جس میں نئے اور پرانے علوم و فنون کا امتزاج کر دیا گیا ہے۔ طوطی بول رہا ہے اور بڑے بڑے فرعونوں نے اس موسیٰ کے سامنے سر تسلیم خم کر دیا ہے۔

دار الترجمہ جو امیر کبیر نواب فخر الدین خاں بہادر شمس الامرا ثانی کے عہد میں چھوٹے پیمانہ پر

لیکن گراں قدر کام انجام دے رہا تھا اس کا الحاق جامعہ عثمانیہ سے کر دیا گیا۔ دارالترجمہ کے تراجم کی آبیاری سے نخل امید سرسبز اور شاداب ہوا، تعلیم کی خامیاں دور ہوئیں اور جسم و دماغ کے ساتھ روحانی تربیت کی امید بندھی۔ خلفائے عباسیہ اور امویہ کے عہد حکومت میں صرف یونانی عبرانی اور سنسکرت کے ترجمے ہوئے مگر دربار آصفی میں انگریزی، فارسی، عربی، تراجم و تعلیم کے انمول موتی لٹنے لگے۔ ذیل کی تفصیل سے معلوم ہوگا کہ مامون رشید اور یحیی اور خالد برمکی کی فیاضیاں حضرت ظل سبحانی سلطان العلوم کی داد و دہش کے مقابلہ میں پاسنگ بھی نہیں اور ان کی وہی حیثیت ہے جو ذرہ اور آفتاب کی ہے۔

(۱) دفتر سجل	۲۱،۶۵۷ روپیہ	(۱۰) گلبرگہ کالج۔	۳۴،۴۹۶
(۲) کلیہ جامعہ عثمانیہ	۷،۵۶،۹۲۹	(۱۱) دارالترجمہ	۲،۶۱،۴۱۵
(۳) کلیہ اناث	۳۳،۹۰۰	(۱۲) دارالطبع جامعہ عثمانیہ	۱،۵۰،۱۰۲
(۴) میڈیکل کالج	۱،۸۶،۰۸۶	(۱۳) رصدگاہ نظامیہ	۳۶،۱۶۴
(۵) ٹریننگ کالج	۲۵،۹۶۰	(۱۴) وظائف	۱،۳۵،۲۴۸
(۶) انجینیرنگ کالج	۲،۵۰،۰۰۵	(۱۵) محفوظ۔	۲۹،۸۱۵
(۷) سٹی کالج۔	۵۹،۷۱۵	(۱۶) بچت	۷،۳۱،۷۱۳
(۸) اورنگ آباد کالج	۵۳،۸۲۶	(۱۷) امدادی۔	۷،۶۵۷
(۹) ورنگل کالج	۳۳،۵۶۰		

جملہ ۶،۱۷،۰۸،۲۹ روپیہ سکہ عثمانیہ سالانہ

۱۹۳۲ء تک دارالترجمہ میں ۳۵۸ کتابیں تیار ہوئیں جن میں سے تاریخ ہند پر ۴۹ تاریخ انگلستان و یورپ وغیرہ پر ۳۶ تاریخ اسلام پر ۲۶ جغرافیہ پر ۵ سیاسیات پر ۱۳ دستور انگلستان پر ۴ معاشیات پر ۱۳ عمرانیات پر ۲ فلسفہ پر ۱۶ منطق پر ۶ مابعد الطبعیات پر ۳ نفسیات پر ۱۱ اخلاقیات پر ۱۱ ریاضیات پر ۲۲ طبعیات پر ۲۳ حیاتیات پر ۵ کیمیا پر ۸ طب پر ۳۳۔ انجینیری پر ۴۰ اور مختلف موضوعوں پر ۴ کتابیں لکھی گئیں۔ اس کے علاوہ فن تعلیم پر ٹریننگ کالج اور نظامت تعلیمات کی جانب سے ایک درجن سے زیادہ تراجم شائع ہوئے ہیں جو

اپنی نوعیت کی اُردو دنیا میں واحد کتابیں ہیں اور ملک کی ایک بڑی ضرورت کو پورا کرتی ہیں
..... یہ فہرست صرف اُن کتب کی تھی جو سرکاری طور پر شائع ہوئی ہیں اگر اس میں ان
تمام کتب کو شامل کرلیا جائے جو اس مبارک ربع صدی کے دوران میں منصۂ شہود پر جلوہ گر
ہوئیں تو ان کی تعداد چار ہزار سے بھی متجاوز ہو جاتی ہے۔

متذکرۂ صدر واقعات کے مطالعہ کے بعد ہمیں امید ہے کہ یہ حقیقت آپ پر منکشف
ہوگئی ہوگی کہ اعلیحضرت قدر قدرت میر عثمان علیخان خلد اللہ ملکہ وسلطنتہٗ کی ذات بابرکات
کو اُردو سے کتنا شغف ہے اور وہ اس کی ترقی و اشاعت میں کتنی ممکنہ سعی فرماتے ہیں۔
موجودہ کساد بازاری اور اقتصادی پستی کے زمانہ میں بھی جبکہ ہر ملک کے مالیہ کا توازن بگڑ گیا
ہے شاہ ذی جاہ بڑی سے بڑی منظوری دینے سے دریغ نہیں فرماتے۔ خوش قسمت ہیں
اہل دکن کہ ان کو ایسا بیدار مغز، صائب الرائے روشن خیال تاجدار ملا۔ خوش بخت ہے
حیدرآباد کہ اسکو ایسا صاحب فطنت، دُور رس اور مدبر فرمانروا نصیب ہوا۔

حضرت بندگان عالی کی ذات گرامی دکن کے لئے وہی حیثیت رکھتی ہے جو ہٹلر کی
جرمنی کے لئے، مسولینی کی اٹلی کے لئے، مصطفےٰ کمال کی ٹرکی کے لئے، رضا شاہ کی ایران
کے لئے ہے۔ حضور اقدس و اعلیٰ کی ساری زندگی ملک و تاج کے گم شدہ نگینوں کے حصول
کی ایک مسلسل کوشش ہے۔ خدا کرے کہ برار کی طرح خسرو ذی شان کی دیگر مساعی بھی مشکور
ہوں اور جملہ نگینے زیب اکلیل شاہی ہوں۔

الٰہی رشتۂ عمر طویل آصف سابع
دراز از شاخ طوبیٰ محکم از حبل المتین باشد
فلک تا ہست بالائے زمین قائم تر اعثمان
ظفر در قبضہ و ملک جہاں زیر نگیں باشد
آمین

تعلیمات سلطنت آصفیہ
کی
ابتدائی تاریخ

مولوی نصیر الدین ہاشمی صاحب حیدر آبادی

عصر حاضر میں تاریخ نویسی کا اصلی مدعا کسی قوم یا ملک کے تمدنی یا تہذیبی پہلوؤں کو روشنی میں لانا قرار پایا ہے، مغربی قوموں نے اپنی تاریخ اس قالب میں پوری کامیابی سے ڈھال لی ہے، لیکن مشرقی ممالک کی قدیم کتابیں جن میں ان امور پر روشنی ڈالی گئی تھی ناپید ہو چکی ہیں، بعد کے زمانہ میں تاریخ زیادہ تر بادشاہوں کی ہنگامہ آرائیوں کے محور پر گھوم کر رہ گئی، اب جبکہ جدید مغربی خیالات سے متاثر ہو کر ہم اپنے ملک کے تمدن و تہذیب کے اصلی اور ابتدائی بنیادوں کا پتہ چلانے کی کوشش کرتے ہیں تو راستہ کی تاریکی اور راہ کی صعوبت تھکا دیتی ہے۔

دکن کی گذشتہ حکومتوں کے زمانہ کو چھوڑ کر خود سلطنت آصفیہ کے عہد کو دیکھئے عام واقعاتی تاریخ خود اب تک مستند طریقہ سے نہیں لکھی جا سکی ہے، تمدنی اور تہذیبی تاریخ کا کیا ذکر، اس جانب توجہ کی بہت شدید ضرورت ہے، قدیم حالات سے واقف اصحاب جلد جلد اپنا دور ختم کرتے جاتے ہیں، ان کے ذاتی اور سینہ بسینہ چلے آنے والے حالات

بہ عجلت ممکنہ قلمبند نہ ہو جائیں تو ہماری تاریخ کو بہت نقصان اٹھانا پڑے گا، بہرحال اس تحریر کے ذریعہ اس قسم کی کوشش کی جانب قدم اٹھایا جاتا ہے۔

ارشاد نبی صلعم "طلب العلم فریضۃ علی کل مسلم" کے تحت ہر مسلم حکومت نے یہ کوشش کی کہ اس کی جانب سے نشر و اشاعت تعلیم کا بھی پورا حق ادا ہو، رعایا کو اس نعمت سے مستفید کرنے کے ذرائع پوری فراخ دلی سے کئے جاتے رہے، اسلامی ممالک میں خواہ وہ عربوں کی حکومت کے تحت ہوں یا ترکوں کے مغلوں کے تحت ہوں یا افغانوں کے تعلیم کسی نہ کسی طریقہ سے رائج رہی، اور حکومت کی جانب سے اہل علم کی واجبی سرپرستی برابر ہوتی رہی،

تاریخ کے صفحات پر صدہا اسلامی درسگاہوں کے نام سنہرے حروف میں نظر آتے ہیں، ان کی صرف فہرست طویل صفحات کی متقاضی ہے، حجاز، عراق، مصر، اسپین، ایران، ہندوستان کے قطع نظر خود دکن میں بھی ایسی درسگاہیں قائم تھیں جو تشنہ گان علم کے لئے آب حیات بنی ہوئی تھیں، بیدر کا مدرسہ محمود گاواں جس کے کھنڈرات اب تک اپنے بانی کا نام زندہ رکھے ہوئے ہیں، نہ صرف دکن کا بلکہ ہندوستان کا ایک عظیم الشان مدرسہ تھا، اس کے فیض سے دور دور تک کے طلبہ مستفید ہوتے تھے، مدتوں تک یہ مدرسہ ہندو دکن اور عرب و عجم کے طلبہ کا سنگم بنا رہا۔

سلاطین قطب شاہی کو علم و فن سے خاص دلچسپی تھی ان کے کئی حکمران نہ صرف خود زیور علم سے آراستہ تھے بلکہ ان کو اپنی رعایا کی علمی ترقی کا بھی بڑا خیال دامن گیر تھا، اس امر کا پتہ چلتا ہے کہ سلطان ابراہیم کے زمانہ میں بیسیوں مدرسے تعمیر ہوئے تھے[1]۔

سلطان ابراہیم کا جانشین محمد قلی قطب شاہ نے بھی علم و فن کی سرپرستی کے لحاظ سے زندگی جاوید حاصل کی ہے، سلطان کی داد و دہش اور قدردانی علم و فن کا شہرہ سنکر عرب عجم سے علماء و فضلاء شعراء اور ادیب دربار میں آتے اور بادشاہ کی فیاضی سے بہرہ اندوز ہوتے تھے، اس کے زمانہ میں بھی کثرت سے مدرسے تیار ہوئے، اسی نے شہر حیدرآباد کو

[1] تاریخ قطب شاہی مخطوطہ انڈیا آفس صفحہ ۱۳۸ و ۱۷۷

آباد کیا، جامع مسجد بنائی تو مسجد کے ساتھ مدرسہ اور طلبہ کے رہنے کے لئے حجرے بھی بنائے چارمینار بھی دراصل ایک مدرسہ ہی تھا جو اسی سلطان کی یادگار ہے[1]

سلطان محمد قلی کا جانشین سلطان محمد قطب شاہ کا نام مکہ مسجد کے تہجد گزار بانی کی حیثیت سے کبھی فراموش نہیں ہوسکتا،

سلطان محمد کو علم و فن سے بھی گہری دلچسپی تھی اس کا دربار بالاکثر ایک علمی مجلس کی صورت میں بدل جایا کرتا تھا، جہاں علوم عقلی ونقلی پر بحث و مباحثہ ہوتا، اور خود سلطان کی بحث وتنقید ہر طرف سے خراج تحسین حاصل کرتی، ایسے علم دوست اور ادب پرور سلطان نے علم و فن کی ترویج کے لئے کیا کیا نہ کیا ہوگا جس کی صراحت موجب طوالت ہے،

سلطان محمد کا جانشین عبداللہ قطب شاہ نے بھی اپنے باپ دادا کی طرح قدردانی کے روایات برابر قائم رکھے، برہان قاطع نعت اس کے نام پر معنون ہوا ہے، سلطان عبداللہ کے زمانہ میں خود امراء وارکان سلطنت نے بھی بذات خود درس وتدریس کا سلسلہ قائم رکھا تھا، چنانچہ نواب علامی جو میر جملہ گی کی خدمت سے سرفراز تھے، خود درس دیا کرتے اس کے متعلق مولف حدیقۃ السلاطین نے لکھا کہ نواب علامی نے باوجود کثرت کار اور مشاغل مہمات سلطنت ہر روز صبح درس دینے کا شغل جاری رکھا تھا، علما و فضلا شعرا اور طالبان علم کثرت سے جمع ہوتے علوم منقول تفسیر، حدیث فقہ کے ساتھ حکمت اور ریاضی ومنطق کا درس ہوتا تھا۔

دکن میں قطب شاہی سلطنت کے بعد مغلیہ دور میں بھی تعلیمات کی جانب برابر توجہ رہی، مدرسہ محمود گاوان کے دروازے تشنہ گان علم کے لئے کھلے ہوئے تھے، مولانا محمد حسین المخاطب بہ امام المدرسین آخری صدر مدرسہ تھے، بجلی کے گرنے سے عمارت مدرسہ جب منہدم ہوئی انہوں نے اپنی جان جان آفرین کے سپرد کردی[2]

(۱)

سلطنت آصفیہ کی بنیاد ۱۱۳۶ھ میں رکھی گئی، حضرت آصف جاہ اول نے زمام حکومت

---

[1] تاریخ قطب شاہی مخطوطہ انڈیا آفس ص ۱۳۵ و ۱۷۷۔ [2] تاریخ احمدی مخطوطہ، خافی خاں۔

ہاتھ میں لینے کے ساتھ ہی جہاں سلطنت وحکومت کو مستحکم کرنے کے تدابیر عمل میں لائے وہاں دیگر انتظامات سے قطع نظر تعلیمات کی جانب بھی پوری توجہ مبذول کی۔

واضح ہو کہ سلطنت آصفیہ میں نشر واشاعت تعلیم کے لئے جو ادارے قائم ہوئے ان کی نوعیت دو طرح کی تھی، ایک وہ مدرسے جو سرکاری طور پر قائم تھے اور ان مدارس کے اخراجات شاہی خزانہ سے ادا ہوتے تھے، ان مدارس کی اعلیٰ نگرانی صدر الصدور کے سپرد تھی، ان مدارس کے مدرسین کا تقرر اعلیحضرت یا دیوان وقت کی منظوری کا محتاج تھا،

دوسرے وہ مدرسے جو امرار ملک وغیرہ کے قائم کردہ تھے، جس کے اخراجات کا بار خود ہی امرا اٹھایا کرتے تھے۔

ان مدارس کے علاوہ علما و فضلا، حافظ قران، خوش نویس وغیرہ علیحدہ تھے، جو اپنی طور پر درس دیا کرتے تھے، طالبان علم اور شائقین فن ان کے مکانوں اور مسجدوں اور خانقاہوں میں ان کے فیض سے فیضیاب ہوتے، ان میں سے اکثر و بیشتر کو سرکار سے امداد یومیئے اور روزینے مقرر تھے، تاکہ یہ لوگ فکر معاش سے مستغنی ہو کر اپنی علمی خدمت کی بجاآوری میں مصروف رہیں۔

اس موقع پر جن مدارس کا پتہ چلتا ہے ان کی صراحت کی جاتی ہے۔

(۱) دفتر دیوانی و مال سرکار عالی کے کاغذات سے ثابت ہے کہ مقبرہ رابعہ دورانی اورنگ آباد میں ایک مدرسہ تھا جس کا قیام ۱۱۲۵ھ کے پہلے مغلیہ عہد میں ہوا تھا۔ اور ایک بڑی جاگیر مدرسہ کے اخراجات کے لئے دی گئی تھی، سلطنت آصفیہ کے ابتدائی عہد میں یہ مدرسہ بدستور قائم رہا اور اس کے اخراجات کی جاگیر بحال تھی، اس مدرسہ کے صدر شیخ السلام خاں تھے، ایک زمانہ دراز تک یہ مدرسہ قائم تھا، اور درس و تدریس کا سلسلہ جاری تھا۔[1]

(۲) مدرسہ فاروقیہ کے نام سے حضرت آصف جاہ نے اورنگ آباد میں ایک جدید مدرسہ قائم کیا، اس کا قیام کس سنہ میں ہوا، اس سے ہم واقف نہیں ہیں مگر یہ مدرسہ عرصہ دراز

[1] کاغذات دفتر دیوانی و مال۔

تک قائم رہا اور اس مرکز علم و فن سے بیسیوں تشنگان علم نے فیض پایا ہے[1]،

(۳) مدرسہ حیدرآباد، اس مدرسہ کی ابتدا بھی حضرت آصف جاہ اول کے زمانہ میں ہوئی، ۱۱۵۶ھ مطابق ۱۷۴۴ء میں اس کا قائم ہونا ممکن ہے، ۱۲۱۷ھ کے بعد بھی یہ مدرسہ قائم رہا اس کے دو مدرس تھے، جو مدرس اول اور دوم کے لقب سے موسوم تھے، مدرس اول کو (سنہ ۳) ماہوار اور مدرس دوم کو (سنہ ۲) ماہوار ملا کرتی تھی،

اگرچہ یہ ماہوارہ آج کل کے لحاظ سے کوئی حیثیت نہیں رکھتی مگر اس زمانہ کے معیار زر کے لحاظ سے آج کل کے چار پانچ سو سے کم نہیں تھی،

جیسا کہ اوپر بیان کیا جا چکا ہے کہ یہ مدرسہ صدرالصدور کی نگرانی میں تھا، مگر مدرسین کے تقرر و تبدل کا ان کو اختیار نہیں تھا، بلکہ خود اعلیٰ حضرت یا دیوان کی منظوری ضروری تھی،

اس کے محل وقوع اور نیز دوسرے ضروری امور کا کوئی علم ہمیں نہیں ہے، اس مدرسہ کے جن مدرسین کے نام ہم کو معلوم ہیں ان کی تفصیل حسب ذیل ہے،۔

(۱) مولوی قطب عالم، آپ مدرسہ حیدرآباد کے پہلے مدرس تھے، مدرس اول کی خدمت پر مامور تھے، ۱۱۶۵ھ کے بعد آپ کا انتقال ہوا۔

(۲) مولوی حافظ عبدالغفور، سید قطب عالم کے مرنے پر آپ کا تقرر نواب صلابت جنگ نے فرمایا تھا، ۱۱۷۹ھ تک یہ اپنی خدمت پر مامور تھے۔

(۳) حافظ عبدالغفور کے بعد ان کے لڑکے میر قدرت اللہ ۱۱۷۹ھ میں مامور ہوئے

(۴ تا ۶) پھر مولوی محمد سلیم کا تقرر ۱۱۹۹ھ میں آصف جاہ ثانی نے فرمایا ان کے بعد محمد یوسف، مامور ہوئے۔ محمد یوسف نے منصب قضا پر ترقی پائی تو سید محمد کا تقرر عمل میں آیا۔

(۷) ملا فرخ مدرسہ حیدرآباد کے مدرس دوم تھے، ۱۱۵۶ھ میں ان کا تقرر ہوا تھا۔

(۸ تا ۱۲) ملا فرخ کے بعد محمد وارث، ان کے بعد حافظ محمد مخاطب شریعت اللہ خاں ۱۱۷۱ھ میں مامور ہوئے، ان کے بعد مولوی چراغ علی اور پھر ان کے بعد ان کے لڑکے محمد تقی کا تقرر ہوا مگر انہوں نے جائزہ نہیں لیا اس لئے مولوی محمد برہان ۱۲۱۷ھ میں مامور ہوئے[2]۔

---

[1] تاریخ دارالعلوم مرتبہ مولوی مرتضیٰ مرحوم۔ [2] کاغذات دفتر دیوانی و مال۔

(۴) حضرت آصف جاہ ثانی (۱۱۷۵ھ، ۱۲۱۸ھ) کے زمانہ میں مختلف اضلاع اور قصبات کے بعض چھوٹے مدرسوں کا پتہ چلتا ہے، جہاں ایک ایک مدرس درس دیا کرتا اور سرکار سے اس کے نام یومیہ کی اجرائی ہوتی تھی، اسی قسم کے کئی مدارس تھے[1]

(۵) مدرسہ حسینہ، ضلع میدک میں ٹیکمال ایک قدیم قصبہ ہے، جو زمانہ سابق میں ٹیک محل سے موسوم تھا، یہاں مدرسہ حسینیہ ۱۲۴۲ھ میں قائم ہوا تھا، اس کے بانی سید صاحب حسینی بادشاہ قادری تھے۔

سید صاحب حسینی نے اپنی وفات تک جو ۱۲۹۷ھ میں ہوئی اس مدرسہ کو قائم رکھا تھا، ان کے بعد بھی ان کے فرزند کی زندگی میں یہ مدرسہ موجود تھا ۱۳۲۵ھ میں ان کے انتقال پر مدرسہ بند ہو گیا۔

سید صاحب حسینی کے والد سید شاہ عبدالرزاق قادری تھے، یہ ایک متقی اور پرہیزگار بزرگ تھے، ان کو حضرت سید محمد معروف شاہ اللہ قدس سرہ سے نہ صرف بیعت حاصل تھی بلکہ ان کے خلیفہ بھی تھے، شاہ معروف ایک صاحب باطن مقدس بزرگ تھے، جنہوں نے ٹیکمال میں اقامت کر لی تھی، تبلیغ دین اسلام آپ کا بڑا مشغلہ تھا، ٹیکمال ہی میں آپ کا وصال ہوا، یہاں ہی مدفون ہیں، آج بھی آپ کی درگاہ مرجع خاص و عام ہے۔

سید صاحب حسینی کی پیدائش ۱۲۱۹ھ میں ہوئی، حیدرآباد میں انہوں نے تعلیم کی تکمیل کی ۱۲۳۸ھ میں اپنے وطن ٹیکمال کو واپس ہوئے مسلمانوں کی عام علمی پستی خصوصاً دینیات سے بے خبری کے باعث آپ نے مدرسہ حسینیہ قائم کیا تاکہ اس کے ذریعہ مسلمانوں کی مذہبی حالت کی اصلاح ہو اور اس کے ساتھ دینوی تعلیم بھی ہوتی رہے، چنانچہ اس وقت کی عام علمی حالت کے متعلق صاحب حسینی کے حسب ذیل الفاظ قابل توجہ ہیں!

"فی زمانہ در امصار این دیار مرض لاعلمی جوارح و اعصاب اقالیم شرافت را آں چناں معذور و مفلوج کردہ کہ تیز تر از چندے بجانب اصلاح و تدابیر آں اگر توجہی مبذول کردہ نشود خوف است کہ در اندک زمانہ وجود علم و نام

---

[1] کاغذات دفتر دیوانی۔

انسانیت از صفحہ گیتی محو گردد "

چنانچہ مدرسہ حسینیہ میں نہ صرف مذہبی دینی تعلیم ہوتی تھی بلکہ اس وقت کے ضروریات کے موافق دنیوی تعلیم کا بھی معقول انتظام تھا، مدرسہ کے ساتھ دارالاقامہ بھی تھا اس لئے تربیت کا خاص طور سے لحاظ رکھا جاتا تھا،

ایک زمانہ دراز تک حیدرآباد اور اضلاع کے دفاتر کے لئے عہدہ دار اور اہلکار کی دستیابی اسی مدرسہ کے ذریعہ ہوتی رہی چنانچہ نواب مختار الملک اول کے الفاظ قابل ملاحظہ ہیں :۔

"دریں قحط الرجال ایں قدر مردم باکمال از یک قصبہ بہم رسیدن موجب خوشنودی کمال است، وجود فیض آمود جناب باعث افتخار ملک و ممنونی سرکار است "

اس مدرسہ کے بعض مشاہیر طلبہ حسب ذیل ہیں :۔

مولوی محمد صدیق المخاطب صدیق یار جنگ (معتمد پیشی نواب مختار الملک) حسن بن عبداللہ المخاطب عماد نواز جنگ (صدر محاسب) وحید منور خاں متہور الملک (معتمد صرف خاص) مقتدر جنگ، قادر نواز جنگ، مولوی یوسف الدین مرحوم سابق صوبہ دار اور دیگر ہم۔

بیان کیا جاتا ہے کہ آخر الذکر تینوں اصحاب دارالعلوم سے فارغ ہونے کے بعد تربیت کے لئے سید صاحب حسینی کے مدرسہ کو روانہ کئے گئے تھے،۔

اس مدرسہ میں نہ صرف حیدرآباد کے طلبہ تعلیم پاتے تھے بلکہ قلمرو آصفی کے باہر سے بھی طلبہ آتے اور سید صاحب حسینی کے فیض سے مستفید ہوتے تھے۔

جیسا کہ بیان کیا گیا ہے کہ اس مدرسہ کے ساتھ طلبہ کے قیام کا بھی انتظام تھا، خورد و نوش وغیرہ کا بار سید صاحب حسینی ہی برداشت کرتے تھے، مگر اس کے باوجود سید صاحب حسینی نے سرکار سے کوئی امداد نہیں لی، جملہ اخراجات خود خرچ کرتے تھے وہ خود ہی مدرسہ کے پرنسپل خود ہی مدرس اور خود ہی مودب و مہتمم تھے۔

صاحب حسینی کے فرزند سید احمد بادشاہ کے انتقال پر جو ۱۳۲۵ھ میں ہوئی مدرسہ حسینیہ

برخاست ہوگیا۔[1]

(۶) مدرسہ شجاعیہ، یہ وہی مدرسہ ہے جو سلطان محمد قلی قطب شاہ کے زمانہ میں جامعہ مسجد حیدرآباد میں قائم ہوا تھا، آصفی عہد میں ۱۲۴۵ھ م ۱۸۳۰ء سے یہ مدرسہ اپنے روح رواں مولانا حافظ شجاع الدین کے نام پر مدرسہ شجاعیہ کے نام سے مشہور ہوگیا۔

مولانا شجاع الدین کے اجداد اکبری عہد میں ہندوستان آئے، آپ کے والد مولوی میر کریم اللہ خاں نے برہان پور میں اقامت اختیار کی اور یہاں کے سادات میں جو خواجہ ہاشم قدس اللہ سرہٗ کی اولاد سے تھے بیاہ کیا، ۱۱۸۰ھ میں مولوی شجاع الدین کی پیدائش ہوئی، آپ کی ولادت کے ایک سال بعد آپ کے والد کا انتقال ہوگیا۔

مولوی شجاع الدین نے برہان پور ہی میں اقامت اختیار کی اور علم کی تکمیل کی اس زمانہ میں برہان پور علماء و فضلاء کا مرکز تھا اس لئے مولانا کو کہیں باہر جانے کی ضرورت نہیں ہوئی، چھتیس سال کی عمر میں آپ حج و زیارت سے فارغ ہو کر ۱۲۱۶ھ میں حیدرآباد آئے، حضرت شاہ رفیع الدین قندھاری رح سے بیعت تھی اور خلافت بھی حاصل ہوئی تھی۔

مولانا شجاع الدین نے پہلے پہل جامع مسجد کے مدرسہ کے ایک کمرہ میں اقامت اختیار کی اور طلبہ کو درس دینے لگے، اس زمانہ میں اس مدرسہ کی حالت نہایت ابتر تھی، مدرسہ کے صحن میں مغل صاحب ایک جاگیردار کے ہاتھی باندھے جاتے، ان کے دانے چارہ کا ذخیرہ مدرسہ کے حجروں میں رہتا تھا۔

مولانا کے علم و فضل کا جب حیدرآباد میں شہرہ ہوا اور اہل شہر آپ کے علمی فیض سے بہرہ اندوز ہونے لگے تو نواب شمس الامرا ارشانی کو بھی آپ سے عقیدت ہوگئی، آپ مہاراجہ چندو لال کے ساتھ مولانا سے ملنے گئے، مدرسہ کی حالت دیکھی تو جاگیردار صاحب کو فوراً صفائی کا حکم دیا، خود شمس الامرا نے اپنے صرفے سے مولانا اور طلبہ کے لئے کمرے درست کر دئے (۱۲۴۵ھ/۱۸۳۰ء) اس کے بعد مدرسہ کی خوب شہرت ہوئی اطراف اور

[1] ۔۔۔ اس مدرسہ کے حالات فرہنگ حسینی اور مولوی ابوالحسن صاحب قیصر سے معلوم کئے گئے ہیں۔

اکناف سے تشنگان علم آتے اور مولانا سے فیضیاب ہوتے تھے۔[1]

(۷) انگریزی مشن کا مدرسہ، ۱۸۳۵ء میں انگریزی مشن کی جانب سے ایک مدرسہ قائم ہوا، جو آج بھی سینٹ جورجز گرامر اسکول کے نام سے موسوم ہے، اس مدرسہ میں ابتداً اردو اور انگریزی تعلیم ہوتی تھی، رزیڈنسی میں یہ مدرسہ قائم ہوا تھا کچھ عرصہ کے بعد موجودہ عمارت میں منتقل ہوا، عمارت کی توسیع زمانہ مابعد میں ہوئی۔

(۸) مدرسہ فخریہ۔ مدرسہ فخریہ کا قیام ۱۲۵۸ھ م ۱۸۴۳ء میں ہوا، اس مدرسہ کے بانی نواب فخر الدین خاں امیر کبیر شمس الامرا ثانی ہیں۔

شمس الامرا کے مورث اعلیٰ ابوالخیر خاں عالمگیری امرا میں شامل تھے، حضرت آصف جاہ اول کے زمانہ میں نمایاں خدمات انجام دیکر منصب چار ہزار اور دو ہزار سوار پر فائز ہوئے، ناصر جنگ اور صلابت جنگ کے زمانہ میں اپنے وفاشعارانہ خدمات کے صلہ میں امام جنگ کے خطاب سے سربلند ہوئے، ۱۱۶۵ھ میں آپ کا انتقال ہوا،

ابوالخیر خاں کے فرزند ابوالفتح خاں تھے، ان کو ابوالخیر خاں تیغ جنگ شمس الدولہ شمس الامرا کا خطاب ملا تھا، سرکار نے لاکھوں کی جاگیر بھی عنایت کی جاگیر کا مقصد فوج کی فراہمی تھی، چنانچہ آپ اپنی تربیت یافتہ فوج کے ساتھ تخت و تاج کی خدمت گزاری میں ہمیشہ مصروف رہے، فوج جمعیت پائیگاہ کے نام سے موسوم ہوئی، ۱۲۰۵ھ میں آپ کا انتقال ہوا۔

آپ کے فرزند محمد فخر الدین تیغ جنگ شمس الامرا ثانی امیر کبیر اول ہیں، آپ کی پیدائش ۱۱۹۴ھ میں بمقام برہان پور ہوئی، باپ کے انتقال کے وقت گیارہ سال کی عمر تھی، اس وقت سے نوازشات شاہی مبذول ہوتے رہے، حتیٰ کہ دامادی کے اعزاز سے بھی نوازا گیا، لاکھوں کی نئی جاگیر ذات اور جمعیت کے لئے عطا ہوئی، ۱۲۷۹ھ میں آپ کا انتقال ہوا، درگاہ برہنہ شاہ حیدرآباد میں مدفون ہیں۔

شمس الامرا ثانی بڑے ذی علم اور علم دوست تھے، بیسیوں ارباب علم اور

---

[1] مناقب شجاعیہ، اور حیدرآباد کی گذشتہ تعلیم مرتبہ سروری صاحب۔

اصحاب دانش وظیفہ خوار تھے، شعرا، ادیب علما اور فضلاء کے لئے شمس الامرا کی ذات ایک اصلی مربی اور حقیقی سرپرست کی حیثیت رکھتی تھی، مصنفین اور مولفین کو ان کی محنت کا صلہ دینے میں پوری دریا دلی برتی جاتی تھی۔

شمس الامرا کا مہتم بالشان کارنامہ جو تاریخ زبان اُردو میں آب زر سے لکھا جائیگا یہ ہے کہ ۱۲۲۱ھ (۱۸۲۶ء) میں انہوں نے مغربی علوم و فنون یعنی کیمیا، طبعیات، ریاضی اور ہیئت کی کتابوں کو انگریزی اور فرانسیسی زبان سے اُردو میں ترجمہ کرانے کا سلسلہ قائم کیا، یہ وہ زمانہ ہے جبکہ علی گڈھ میں سائنٹیفک سوسائٹی قائم ہوئی تھی اور نہ کہیں اور اس قسم کے کام کی ابتدا ہوئی تھی، ارباب کمپنی نے کلکتہ میں اردو منشی کی ترویج میں قصہ کہانیاں یا تاریخ کی کتابیں ترجمہ کرائیں یہ کارنامہ اس زمانہ میں تاریخ ادب اردو کا ایک ممتاز باب سمجھا جاتا ہے، لیکن شمس الامرا نے جو کتابیں ترجمہ کرائیں اور اس کی بدولت زبان اردو میں جو اضافہ ہوا، وہ ان قصہ کہانیوں سے کہیں زیادہ برتر اور بلند تر ہے۔

شمس الامرا نے کئی مدرسے قائم کئے تھے، ان میں سے ایک مدرسہ فخریہ ہے، جو آج سے تقریباً ایک سو سال پہلے قائم ہوا تھا، اس مدرسہ کے مدرسین کی ماہوار تنخواہیں مقرر تھی، طلبہ کو وظائف بھی دئے جاتے تھے، اور ان کے دوسرے تعلیمی مصارف بھی شمس الامرا خود اپنی ذات سے ادا کرتے تھے، علوم عقلی اور نقلی کی تعلیم ہوتی تھی، صدہا طلبہ نے فارغ ہوکر دستار فضیلت باندھی۔

اس مدرسہ کی خصوصیت یہ بھی تھی کہ یہاں مغربی علوم کی ترجمہ شدہ کتابیں بھی درس میں شامل تھیں جو تمام طلبہ کو مفت دی جاتی تھیں، اس طرح یہاں کے طلبہ نہ صرف حدیث فقہ، صرف و نحو، وغیرہ کے ماہر ہوتے بلکہ کیمیا، طبعیات، ریاضی اور ہیئت کے جدید مغربی مسائل سے بھی واقف ہوتے تھے، اس طرح آج سے ایک صدی پیشتر یہاں کے طلبہ سائنس اور ریاضی کی تعلیم اُردو زبان میں حاصل کرتے تھے، گویا جامعہ عثمانیہ کا نقش اول تھا

شمس الامرا کے بعد اس مدرسہ کی حالت میں بہت زوال آگیا اس وقت یہ مدرسہ تحتانیہ مدرسہ کی صورت میں موجود ہے، نواب معین الدولہ بہادر کی پائیگاہ اخراجات کی

کفیل ہے[1]؛

(۹) ۱۲۵۸ھ میں شمس الامرا نے مدرسہ فخریہ کے علاوہ کئی اور مدرسے بھی قائم کئے، ان کی حیثیت ابتدائی نوعیت کے مدارس کی تھی، ایک بڑا مدرسہ تھا، اس میں ۱۲۸۰ھ میں (۴۲۸) طلبہ شریک تھے، یہ مدرسہ سید عبدالرزاق کی نگرانی میں تھا، جو فخر الدولہ کے رشتہ دار تھے، اس مدرسہ کے لئے ایک خاص کتب خانہ بھی قائم تھا کتب خانہ دار محمد جعفر نام کوئی صاحب تھے[2]

(۱۰) مدرسہ طبیہ، ۱۲۶۳ھ / ۱۸۴۶ء میں مدرسہ طبیہ قائم ہوا، اس کے قائم ہونے کی وجہ یہ تھی کہ ایک مرتبہ اعلیحضرت ناصر الدولہ آصف جاہ رابع کا مزاج ناساز ہوا، یونانی اطبار کے علاج سے فائدہ نہیں ہوا، رزیڈنٹ مسٹر فریزر سے گفتگو ہوئی تو انہوں نے انگریزی علاج کی جانب توجہ دلائی، حضور نے اس شرط پر ڈاکٹری علاج سے رضامندی ظاہر کی کہ کسی دوا کا استعمال نہ کرایا جائے،

رزیڈنسی کے سرجن میکلین نے معائنہ کے بعد غذا کے ذریعہ علاج شروع کیا، تین ماہ میں اعلیحضرت کو صحت حاصل ہوگئی، اس پر مسرت کا اظہار کیا گیا اور حیدرآباد میں مدرسہ طبابت قائم کرنے کا حکم دیا۔

اس حکم کی بناء پر مدرسہ طبی قائم ہوا اور اردو زبان میں ڈاکٹری کی تعلیم ہونے لگی سنہ ۱۸۹۳ء تک اُردو میں تعلیم ہوتی تھی، سنہ مذکور سے بجائے اُردو کے انگریزی میں تعلیم ہونے لگی، اور اب جامعہ عثمانیہ کے قیام کے بعد اس مدرسہ کو ضم کر دیا گیا اور پھر سے اُردو میں تعلیم ہونے لگی ہے،

ایک زمانہ دراز تک حیدرآباد اور اضلاع میں وہی ڈاکٹر مامور تھے جنہوں نے یہاں کے مدرسہ طبی میں اُردو زبان میں تعلیم حاصل کی تھی اس موقع پر بعض نام آور طلبہ کی صراحت بے محل نہیں ہوسکتی۔

(۱) ڈاکٹر وزیر علی، سلطان الحکما کا خطاب ملا، اور ناظم طبابت کے عہدہ سے سرفراز ہوئے۔

---

[1] تاریخ رشید الدین خانی، دکن میں اردو، [2] تاریخ رشید الدین خانی، تذکرہ بتان آصفی اور گزیٹیر کارعالی۔

(۲) ڈاکٹر مرزا علی، حکیم الحکما کا خطاب ملا تھا اور ناظم طبابت تک ترقی کی تھی

(۳) ڈاکٹر محمد حیدر، المخاطب اشرف الحکما لقمان الدولہ مرحوم، جو مرحوم اعلیحضرت غفران مکان کے خاص ڈاکٹر اور اسٹاف سرجن تھے۔

(۴) ڈاکٹر عبدالحسین المخاطب نواب ارسطو یار جنگ بہادر جو بفضلہ اب تک زندہ ہیں اور تاحال اُردو میں نسخے لکھا کرتے ہیں، جن کی بے نظیر جراحی کا بڑے بڑے سرجنوں نے اعتراف کیا ہے۔

(۵) ڈاکٹر سید احمد مرحوم، جو ایک عرصہ دراز تک حیدرآباد کے مشہور ڈاکٹر تھے مسٹر سید اعظم پرنسپل سٹی کالج آپ ہی کے قابل فرزند ہیں'۔

(۱۱) مدرسہ دارالعلوم مدرسہ دارالعلوم کا افتتاح ۲۰ رجب سنہ ۱۲۷۲ھ م ۱۸۵۶ء میں ہوا، چند سال کے عرصہ میں اس مدرسہ نے خاصی ترقی حاصل کرلی، اس زمانہ میں یہاں نہ صرف عربی اور فارسی کی تعلیم ہوتی تھی بلکہ انگریزی تلنگی اور مرہٹی کے درس کا انتظام بھی تھا اور تعلیم المعلمین کا کام بھی اس مدرسہ سے لیا جاتا تھا؛

ایک خاص کمیٹی کے سپرد اس مدرسہ کی نگرانی وغیرہ تھی، جس کے ارکان معتمد الدولہ فیخ علی منصبدار، جمشید جی اور مسٹر برآون تھے، کچھ عرصہ کے بعد انگریزی شاخ اس مدرسہ سے علیحدہ ہوگئی اور سٹی ہائی اسکول کی بنیاد قائم ہوئی،

مدرسہ دارالعلوم کے چار دور قائم کئے جاسکتے ہیں:۔

(۱) پہلا دور ابتدائی قیام سے پنجاب یونیورسٹی سے تعلق ہونے تک یعنی سنہ ۱۲۷۲ھ تا سنہ ۱۳۰۸ھ، اس زمانہ میں درس نظامیہ کی تعلیم ہوتی تھی، حیدرآباد کی بڑی بڑی ہستیوں نے اس زمانہ میں استفادہ کیا، چونکہ یہی پہلا سرکاری مدرسہ تھا جو نواب مختار الملک بہادر نے قائم کیا تھا اس لئے اس کی ترقی اور انتظام کا بڑا خیال تھا؛

اس زمانہ میں جن اصحاب نے استفادہ کیا تھا ان میں سے بعض لوگوں کے نام درج کئے جاتے ہیں۔

نواب آصف یاور الملک وزیر علی بادشاہ، نواب مکرم الدولہ، نواب شہاب جنگ

رفعت یار جنگ اول، عماد جنگ اول، معتضد جنگ، معین یار الدولہ، مقتدر الدولہ، قادر نواز جنگ، محمد نواز جنگ، لطیف یار جنگ، مولوی یوسف الدین، ملا عبد القیوم، مرزا محمد علی خاں، مرزا مہدی خاں، مولانا عبد الحی مرحوم۔ شیخ چراغ علی فرنگی محل لکھنو وغیرہم۔

(۲) دوسرا دور ۱۳۰۸ھ سے ۱۳۲۴ھ تک جبکہ اس کا تعلق پنجاب یونیورسٹی سے رہا، منشی، منشی عالم، منشی فاضل، مولوی، - ، مولوی عالم، اور مولوی فاضل کی تعلیم ہوتی رہی، اور صدہا طلبہ فارغ التحصیل ہو کر ملک اور مالک کی خدمت میں مصروف ہوئے دار العلوم کے طلبہ اکثر و بیشتر پنجاب یونیورسٹی کے طلبہ میں اول آتے رہے۔

اس دور کے بعض طلبہ کے اسماء کی صراحت بھی بے موقع نہیں ہو سکتی، جو یہ ہیں نواب اظہر جنگ نواب صدیق یار جنگ مولوی عبد القدیر، مولوی سید غلام نبی، مولوی سید جمال الدین نوری مرحوم، مولوی محمد مرتضیٰ مرحوم، مولوی محمد اکبر علی، ملا عبد الباسط، احمد اللہ پچ سی بیس، حضرت امجد، کیفی، ذہین، خواجہ فیاض الدین، مرزا محمد بیگ، فیض الدین وکیل وغیرہم۔

(۳) دار العلوم کا تیسرا دور پنجاب یونیورسٹی، کا تعلق منقطع ہونے کے بعد شروع ہوتا ہے (۱۳۲۴ھ) اس زمانہ میں دار العلوم کی کشتی قریب تھا کہ ڈوب جائے مگر مرحوم عزیز مرزا، اور ڈاکٹر نواب سراج یار جنگ کی توجہ سے مدرسہ نے سنبھالا لیا، جدید تنظیم کے لئے، مولانا شبلی نعمانی کو بلایا گیا، نصاب میں ترمیم ہوئی، ڈاکٹر المالیطفی سر مسعود جنگ کی نظامت اور آنریبل نواب سر حیدر نواز جنگ کی معتمدی کے زمانہ میں جدید اسکیم مرتب اور نافذ ہوئی، علامہ شبلی مرحوم کے بھائی مولانا حمید الدین بی۔ اے مرحوم اس کی صدارت کے لئے طلب کئے گئے۔ تا آنکہ وہ زمانہ آیا جبکہ دار العلوم نے جامعہ عثمانیہ کا جنم لیا، یا یوں کہ دار العلوم جامعہ عثمانیہ میں ضم ہو گیا، (۱۳۳۷ھ) اور دار العلوم کا نام صرف فوقانیہ مدرسہ کی حد تک باقی رہ گیا۔ یہ اس کا چوتھا دور ہے۔

دار العلوم کے تیسرے دور میں بھی کئی نامور طلبہ اس کے بوسیدہ مگر پر عظمت اور تاریخی عمارت سے فارغ التحصیل ہو کر ملک کی خدمت بجا لا رہے ہیں جن میں سے

بعض حسب ذیل ہیں:-

احمد عبداللہ پروفیسر نظام کالج، حبیب الرحمٰن، ڈاکٹر نظام الدین، ڈاکٹر کلیم اللہ، ڈاکٹر ظہیر الدین پروفیسران جامعہ عثمانیہ حضرت صابر حسینی، مولانا حسام الدین فاضل، وغیرہم

۱۲- مدرسہ انجینیرنگ[1] مدرسہ دارالعلوم کے بعد سرکار نے ایک مدرسہ انجینری کی تعلیم کے لئے قائم کیا، ابتداً اورنگل میں اس کو قائم کیا گیا بعد میں حیدرآباد منتقل کیا گیا،

۱۳- اضلاع کے مدرسے[2] مدرسہ دارالعلوم کے قائم ہونے کے پانچ سال بعد ۱۸۵۹ء میں احکام جاری کئے گئے کہ ہر تعلقہ میں ایک فارسی مدرسہ اور ایک ملکی زبان کا مدرسہ قائم کیا جائے، اس کے انتظام کے لئے ایک مجلس ہر تعلقہ میں ہوتی تھی، جس کے میر مجلس تحصیلدار اور ارکان پٹیل پٹواری ہوتے تھے، سوم تعلقدار کے ذمہ نظارت کے فرائض سپرد تھے، ۱۸۶۸ء میں تعلیمات کا کام مال گذاری سے علیحدہ ہوا، اور صدر المہام متفرقات سے اس کا تعلق قائم کیا گیا۔

مرزا موسیٰ خاں کی حیثیت گویا ناظم تعلیمات کی، مرزا موسیٰ خاں صاحب مرحوم مرزا حسین علی خاں صاحب نائب صدر جامعہ عثمانیہ کے دادا تھے،

موضوع مضمون کے لحاظ سے ہمارا تذکرہ یہاں ختم ہوجاتا ہے، ۱۸۶۸ء کے بعد جدید انتظامات عمل میں آئے اور تعلیمات کا قالب ہی بدل گیا، اس کی صراحت طویل صفحات کی متقاضی ہے،

(۲)

اب ہم بعض ان علماء کا تذکرہ کرتے ہیں جنہوں نے درس و تدریس کے فرائض انجام دئے ہیں ان میں سے بعض تو مذکورہ مدارس میں تعلیم دیا کرتے تھے، جن کا ذکر کردیا گیا ہے۔ یہاں صرف ان علماء کو متعارف کرایا جاتا ہے جن کے مکانات ہی مدارس اور مکاتب کی حیثیت رکھتے تھے،

سلطنت آصفیہ کی جانب سے اکثر ایسے علماء، حفاظ، مفسر، خوشنویس وغیرہ کو

---

[1] دارالعلوم کے حالات ہم نے اپنے زیر ترتیب کتاب سے انتخاب کئے ہیں جو "دارالعلوم" کے نام سے مرتب کیگئی ہے، [2] گزیٹیر، مرتبہ مرزا مہدی خاں۔

یومیے اور منصب مقرر تھی، اسلامی علماء کے ساتھ ساتھ پنڈتوں، شاستریوں، مٹھوں وغیرہ کے نام بھی معاش جاری تھی، ان سب کے فرائض یہی تھے کہ علم کی خدمت گزاری کیجائے اور شایقین علم کو بغیر کسی فیس وغیرہ کے مفت تعلیم دیا کریں۔

اس قسم کے بیسیوں نام ہم کو معلوم ہیں جو درس قرآن، دینیات، ادبیات، خوشنویسی وغیرہ اور تعلیم سنسکرت، نجوم وغیرہ کے لئے وظائف پاتے تھے، نہ صرف مردوں کے نام ہی دستیاب ہوتے ہیں بلکہ بعض خواتین کے نام بھی ملتے ہیں[1]۔

علماء اور فضلاء پنڈتوں شاستریوں کے ساتھ ساتھ طلبہ کو بھی وظائف "یومیے" کے نام سے ملا کرتے تھے، اور اکثر و بیشتر ایسے وظائف زمانہ طالب علمی کے بعد ملا کرتے، بلکہ بعض تو دوامی ہو کر ان کی اولاد اور متعلقین بھی اس سے مستفید ہوئے ہیں، جس طرح درس و تدریس کے وظائف میں مذہب کی تخصیص نہیں تھی اسی طرح طلبہ میں بھی کوئی فرق مذہب و ملت نہیں تھا۔ بلکہ مسلمانوں کے بہ نسبت ہندوں کی تعداد زیادہ پائی جاتی ہے[2]۔

اگرچہ آج کل کے لحاظ سے اُس وقت کے یومیے جو طلبہ وغیرہ کو دیے جاتے تھے حقیر معلوم ہوتے ہیں، کیونکہ کم از کم یومیہ دو آنے دیا گیا ہے، مگر یہ وظائف اس زمانہ کی معاشرت، جنس کی ارزانی کے لحاظ سے کافی سے زیادہ تھے، اس کے علاوہ طلبہ کو مدرسہ کی کوئی فیس ادا کرنی نہیں ہوتی تھی، امتحان کی شرکت کے اخراجات نہیں تھے، کتابوں نوٹ بکوں وغیرہ کی ضرورت نہیں تھی، جن کتابوں کا درس ہوتا تھا وہ اکثر و بیشتر طلبہ خود نقل کر لیتے یا مدرسہ کے کتب خانہ سے حاصل کر لی جاتی، ان وجوہ سے آج کل کی بہ نسبت زمانہ سابق کے طلبہ اچھی حالت میں ہوتے تھے۔

بعض علماء ایسے بھی تھے جو طالب علم کے روزمرہ اخراجات اور اُن کے خورد و نوش کے مصارف بھی خود اپنی ذات سے ادا کرتے تھے، ان کا مکان ہی گویا دار الاقامہ کی حیثیت رکھتا تھا۔

---

[1] و [2] ۔ کاغذات دفتر دیوانی و مال۔

ایسے علماء جو درس اور تدریس کے فرائض انجام دیا کرتے تھے بیسیوں ہیں۔ ان میں سے چند کا تعارف کرایا جاتا ہے:۔

(۱) مولانا غلام علی آزاد بلگرامی، ۱۱۱۶ھ میں آپ کی ولادت ہوئی، ۱۱۵۶ھ میں آپ نے اورنگ آباد سے آکر یہاں اقامت اختیار کرلی، نواب ناصر جنگ کے دربار میں باریاب تھے، آپ کی قابلیت کا شہرہ نہ صرف دکن یا ہندوستان میں تھا، بلکہ حجاز، ایران اور مصر میں بھی آپ کی قابلیت کا سکہ بیٹھا ہوا تھا۔

آپ شب و روز درس و تدریس میں مشغول رہتے تھے، آپ کی مجلس میں ہر وقت مباحثہ، مناظرہ اور مذاکرہ کا چرچا رہا کرتا، شعر و سخن کی اصلاح کا سلسلہ بھی جاری تھا، آپ کے حلقہ درس میں عرب و عجم کے طلبہ شامل ہوتے تھے، آپ کے کئی شاگرد مشہور ہیں، ان میں سے چند حسب ذیل ہیں:۔

مولانا عبدالوہاب افتخار تخلص مولف تذکرہ بے نظیر، عبدالقادر مہربان، افضل بیگ قاقشان مولف تحفۃ الشعرا، لالہ لچھمی نارائن شفیق مولف چمنستان شعراء و گل رعنا وغیرہم۔

مولانا آزاد کی کئی تصانیف مشہور و معروف ہیں، ۱۲۰۰ھ میں آپ کا انتقال ہوا۔[1]

(۲) حافظ محمد علی خیر آبادی، مہاراجہ چندو لال کے زمانہ میں حیدرآباد آئے تھے مثنوی مولانا روم کا درس دیا کرتے، مہاراجہ صاحب نے یومیہ اور منصب مقرر کرنا چاہا، مگر حافظ صاحب نے اس کے لینے سے انکار کیا، روزانہ آپ کے ساتھ پچاس آدمی کھانا کھاتے تھے ۱۲۵۰ھ میں آپ اپنے وطن کو واپس ہوگئے۔[2]

(۳) مولوی میر ابو تراب، مشاہیر علماء سے تھے، حرمین کی زیارت کے بعد حیدرآباد آکر درس و تدریس میں مشغول ہوگئے، میر عالم بہادر نے فقہ کی تعلیم آپ سے حاصل کی تھی، صدہا لوگوں نے آپ کے فیض سے استفادہ کیا۔[3]

(۴) مولوی صفدر اورنگ آبادی، بڑے محدث تھے، اور حدیث کی تعلیم بھی دیا کرتے تھے۔[4]

---

[1] محبوب الزمن، [2] گلزار آصفیہ۔ [3] گلزار آصفیہ۔ [4] گلزار آصفیہ۔

(۵) مولوی حیدر، علمار فرنگی محل لکھنو سے تھے، درس و تدریس کے علاوہ مکہ مسجد میں وعظ بھی کہا کرتے، سرکار آصفیہ کی جانب سے جاگیر مقرر ہوئی، جو آج تک ان کے خاندان میں باقی ہے[۱]

(۶) مولوی ظہور، مولوی حیدر کے فرزند ہیں، مسلمہ قابلیت تھی، درس کا سلسلہ جاری تھا[۲]

(۷) مولوی بسم اللہ، برہان پوری، امیر کبیر کے ملازم تھے، طلبہ کو خانگی طور پر درس دیا کرتے تھے[۳]

(۸) مولوی عماد الدین حسین، آپ کے خاندان کا مشغلہ ہی درس و تدریس تھا آپ کے والد مولوی عطا حسین اور دادا محمد اعظم حسین کے حلقہ ہائے درس نہایت وسیع ہوتے تھے[۴]

(۹) مولوی محمد علی نظر، اورنگ آبادی شاعری کے ساتھ ساتھ درس کا سلسلہ بھی جاری تھا، عموماً دوپہر کے بعد آپ کے درس کا حلقہ قائم ہوتا تھا[۵]

(۱۰) مولوی حافظ شمس الدین فیض، آپ کے دادا مولوی رحمت اللہ دہلوی تھے آصف جاہ ثانی کے زمانہ میں حیدرآباد آئے، حضور کی قدردانی سے منصب جاری ہوگیا، درس و تدریس میں مشغول رہے، فیض کے والد مولوی امیر الدین کی پیدائش حیدرآباد میں ہوئی امیر الدین اپنی جوانی میں برار چلے گئے یہاں فیض کی ولادت ۱۱۹۵ھ میں ہوئی، تحصیل علم کے لئے فیض حیدرآباد آئے، اور پھر یہاں ہی اقامت کرلی،

اپنے باپ دادا کی طرح درس کا سلسلہ جاری رکھا، ایک طرف آپ کا حلقہ درس قائم تھا تو دوسری طرف شعر و شاعری کا بازار گرم رہا کرتا۔ مدتوں ان کا فیض جاری رہا صدہا اشخاص مستفید ہوئے، باقی، عصر، پاس وغیرہ آپ کے قابل تلامذہ ہیں ۱۲۸۲ھ میں آپ کا انتقال ہوا[۶] حیدرآباد میں مدفون ہیں۔

(۳)

اب ہم قدیم نصاب کی طرف توجہ کرتے ہیں، افسوس ہے کہ ہمارے پاس ایسے معلومات نہیں ہیں جن کے لحاظ سے قدیم نصاب کی تفصیلی صراحت کی جاسکے، مگر قدیم

---

[۱] تا [۴] گلزار آصفیہ [۵] طبقات الشعرا مولف کریم الدین۔ [۶] محبوب الزمن۔

عربی نصاب کی ہمیں جو آگاہی ہوئی اس کے لحاظ سے کہا جاسکتا ہے کہ صرف و نحو، فقہ و اصول فقہ تفسیر و حدیث، منطق و فلسفہ، تصوف اور ادب ہمارے نصاب کے اہم جز ہوتے تھے، ان میں سے کبھی کسی فن کی کتابیں زیادہ ہوتی تھیں اور کبھی کم، اس کے بعد جب مولانا نظام الدین بانی درس نظامیہ نے اپنے درس کا نصاب مقرر کیا تو عام طور سے مولانا کا مقرر کردہ نصاب ہی مقبول عام و خاص ہوگیا، آپ کے درس کے نصاب میں حسب ذیل فنوں کی کتابیں شامل تھیں:

تفسیر و حدیث، صرف و نحو، منطق و حکمت، ریاضی، بلاغت فقہ و اصولِ فقہ، کلام۔

یہ تو عربی نصاب کی حالت تھی فارسی نصاب میں بھی تغیر و تبدل ہوتا رہا مگر فارسی میں مندرجہ صدر فنون کی تعلیم کا کوئی انتظام نہیں تھا، فارسی صرف، ادب و اخلاق اور انشاء کی حد تک محدود ہوتی تھی، اس کے لئے مختلف زبانوں میں مختلف کتابیں مقبول رہیں، اخلاق محسنی، اخلاق جلالی، کیمیا سعادت، اخلاق ناصری وغیرہ کتابیں اخلاقی درس میں شامل ہوتی تھیں، ادبیات میں مختلف دیوان مثنویات اور قصائد نصاب میں شامل ہوتے تھے، گلستان بوستان سہ نثر ظہوری وغیرہ کتابیں جز لاینفک ہوتی تھیں، انشاء پر خاص زور دیا جاتا تھا، کئی کتابیں اس فن کی پڑھائی جاتی، خطوط نویسی کی مشق بھی کرائی جاتی، خطاطی اور قرآن شریف بھی درس کے لازمات تھے، عموماً صبح اول وقت قرآن شریف، اور دوپہر میں بعد ظہر خطاطی کے لئے مخصوص ہوتا تھا۔

شمس الامرائے مدرسہ کو اس امر کا فخر حاصل ہے کہ وہاں علوم مغربی کیمیا، طبعیات، ریاضی، ہیئت وغیرہ کی تعلیم اردو زبان میں ہوتی تھی، اسی طرح مدرسہ طبیہ میں طب مغربی کی تعلیم اردو میں ہوتی تھی۔

نصاب کے بعد اوقات درس اور طریقہ درس کے متعلق بھی مختصر صراحت ضروری ہے، قدیم زمانہ میں تعلیم کا وقت دس سے چار یا نو سے تین تک نہیں ہوتا تھا،

بلکہ تعلیم کا وقت عموماً طلوع آفتاب کے بعد ہی شروع ہو جاتا تھا۔ کوئی دوپہر کے بعد تعلیم دیا کرتا، مگر عام طور سے دوپہر میں خطاطی ہوتی تھی، سہ پہر میں عموماً تعلیم نہیں ہوتی تھی، البتہ بعد مغرب درس ہوا کرتا، اکثر علماء جو اپنے طور پر خانگی درس دیا کرتے وہ عموماً صبح یا شام میں وقت مقرر کرتے تھے۔

زمانہ سابق میں آج کل کی طرح ایک فن کی تعلیم کے لئے ایک پروفیسر مختص نہیں ہوتا تھا، اکثر و بیشتر کئی کئی فنون کی تعلیم ایک ہی شخص سے حاصل کی جاتی تھی، مگر بعض علماء کسی خاص فن پر زیادہ زور دیتے تھے، کتابوں کے انتخابات یا اُن کے حصے شریک نصاب نہیں ہوتے عموماً پوری کتاب پڑھائی جاتی۔

درس کا طریقہ عام طور سے یہ ہوتا کہ ایک طالب علم کتاب پڑھتا اور دوسرے اس کو سماعت کرتے، کچھ حصہ پڑھنے کے بعد مدرس مطالب کو واضح کرتا اور لغات وغیرہ کو حل کرتا۔ پروفیسر کے لکچر دینے کا طریقہ نہیں تھا۔

ابتدا میں جماعت بندی کا قاعدہ نہیں تھا، مگر زمانہ مابعد میں اس کا طریقہ رائج ہوگیا، افسوس ہے کہ ہم اس امر کی صراحت نہیں کرسکتے کہ عموماً کتنے سال تک تعلیم ہوتی تھی، کیونکہ اس کا کوئی مواد ہمدست نہیں ہوا ہے۔

امتحان کا طریقہ بھی مروج تھا مگر زیادہ تر زبانی امتحان ہوتا تھا، آج کل کی طرح سوالات کے پرچے مرتب نہیں ہوتے تھے، مدرسہ فخریہ اور مدرسہ دارالعلوم کے ابتدائی زمانہ میں بھی امتحان کے بعد اسناد دئے جاتے تھے،

ٹیکمال کے مدرسہ حسینہ میں تعلیم کے ساتھ تربیت پر زیادہ زور دیا جاتا تھا، اس امر کا پتہ چلتا ہے کہ اسی تربیت کے لئے بھی طلبہ وہاں روانہ کئے جاتے تھے۔

جو چیز خاص طور سے ہماری قدیم تعلیم میں مابہ الامتیاز نظر آتی ہے وہ تربیت ہی ہے، ہمارے قدیم اساتذہ اور طلبہ کا تعلق صرف درس و تدریس کے حلقہ میں محدود نہیں ہوتا تھا بلکہ تعلیم کے دوران اور ختم تعلیم کے بعد بھی زندگی کے ہر شعبہ میں وہ ایک دوسرے کے شریک و معاون ہوتے تھے، استاد شفیق باپ کی طرح اور شاگرد

سعادت مند لڑکے کی طرح ہوتا تھا، بلکہ شاگرد حقیقی فرزند کی طرح عزیز ہوتا تھا۔
اُمید ہے کہ اس تفصیلی سے ہماری قدیم تعلیمات کی حالت ذہن نشین ہو جائے۔

نصیر الدین ہاشمی
(حیدرآبادی)

عہد عثمانی میں صنعتی اور سائنس سے متعلق ترقیاں

از
سید عبد الحکیم - ایم. ایس. سی - ایل - ٹی

فی زمانا ہماری ضروریات زندگی کی اکثر و بیشتر بنیادیں سائنس پر قائم کی گئی ہیں ہماری صنعت و زراعت، ذرائع نقل و حمل، وسائل تبادلہ خیالات، طریقہ ہائے صفائی و حفظ صحت، آرائش و آسائش، تفریحی مشاغل غرض کہ ہر شعبہ زندگی میں سائنس کی شرکت ہے۔ کسی قوم یا ملک کی معیاری ترقی کی جانچ اس امر سے کی جاتی ہے کہ اُس قوم یا ملک نے سائنس کو کس حد تک اپنا شریک زندگی بنایا ہے۔ مُبارک دَورِ عثمانی میں ملک کو جدید سائنٹیفک طریقہ پر آراستہ کرنے میں جو کوششیں عمل میں آئی ہیں۔ ماضی کے کسی دَور میں اس کی نظیر نہیں ملتی ہے۔ آج سے پچیس یا تیس برس قبل یہاں نہ تو سیمنٹ اور ڈامبر کی کشادہ سڑکیں تھیں اور نہ ان پر تیز رو موٹروں بسوں اور لاریوں کی یہ دوڑ دھوپ تھی۔ عام گذرگاہیں تقریباً ۲۰ یا ۲۵ فٹ چوڑی مورم اور پتھر کے ٹکڑوں کی بنی تھیں۔ موٹروں کے بجائے فٹن، بگھیاں اور دوسرے فیشن کی گھوڑا گاڑیاں امراء کی سواریوں کا کام دیتی تھیں۔ ان کے آگے آگے رنگ برنگ کی وردیوں میں ملبوس ملازمین کی قطاریں ٹہوکے کرتی ہوئی چلتی تھیں۔ عورتوں کی سواریوں میں رتھیں جن میں رنگیں پردے پڑے رہتے تھے۔ چھما چھم کرتی ہوئی نکلتی تھیں۔ ہاتھی اور اونٹ جن پر گنگا جمنی جھولیں

پڑی رہتی تھیں کافی تعداد میں صبح و شام سڑکوں پر نظر آتے تھے۔ سڑکوں کے کنارے فاصلے، فاصلے پر تیل سے روشن ہونے والے لالٹیں برقی قمقموں کی جگمگوں پر نصب تھیں۔ اور ۹ یا ۱۰ بجے تک سناٹا ہو جاتا تھا۔ غرضکہ بقول ایک مضمون نگار کے "وہ شورش زندگی جو تمدن جدید کا خاصہ اور ترقی پذیر قوموں کا طرۂ امتیاز ہے یہاں یکسر مفقود نہیں تو اتنی مدھم ضرور تھی کہ بغیر کافی فکر و کاوش کے اس کا پتہ نہیں چلتا تھا لیکن اب صورت حال بدل گئی۔ فی الوقت "وہ شورش زندگی" اتنی نمایاں ہے کہ کسی "فکر و کاوش" کی مطلق ضرورت باقی نہیں اس ضمن میں حیدرآباد کے لاسلکی نشرگاہ سے ابتدا کی جاتی ہے۔ کیونکہ یہ سائنس سے متعلقہ جدید ترین سرکاری محکمہ ہے۔

لاسلکی نشرگاہ حیدرآباد میں سرکاری طور پر لاسلکی نشرگاہ یکم فروری ۱۳۴۴ف میں قائم ہوا یہ کوچہ چراغ علی میں ایک بلند پایہ عمارت میں ہے اس عمارت کے ایک کمرہ میں ٹرانسمیٹر (آلہ رسانی) ہے ایک حصہ بطور کنٹرول روم استعمال کیا جاتا ہے۔ اور ایک تیسرے کمرے میں موسیقی کا انتظام ہے۔ اس کمرے میں متعدد پردے مختلف زاویوں پر اس طرح لگادئے گئے ہیں کہ مقرر یا گانے والے کی آواز بجائے اِدھر اُدھر منتشر ہونے کے پردوں سے منعکس ہو کر مائکروفون کو زیادہ سے زیادہ توانائی سے متاثر کرے۔ پھر ٹرانسمیٹر کے ذریعہ متبادل برقی رَو کی صورت میں یہ آواز Aerial (ہوا بند) جو عمارت کے بالائی حصہ میں نصب ہے جاتی ہے اور وہاں سے برقی موج فضا میں پھیل کر آلہ سماعت کو متاثر کرتی اور پھر اصل آواز کی صورت میں تبدیل ہو جاتی ہے۔ اس قسم کے آلہ سماعت کی تعداد حیدرآباد اور اضلاع پر تقریباً ایک ہزار کے قریب پہونچ چکی ہے۔ حیدرآباد کے بعض بعض موٹروں میں بھی آلہ سماعت نصب ہے۔ اور اس میں شام کو ساکن ہوں یا حرکت میں گانا سنا جاسکتا ہے فی الوقت حیدرآباد کا نشرگاہ ۵۰۰ واٹس سے زیادہ قوت کا نہیں ہے۔ لیکن ہماری حکومت اس کی ترقی میں نمایاں دلچسپی لے رہی ہے۔ حیدرآباد میں لاسلکی نظام کے واسطے ۱۵ لاکھ کی اسکیم ہے۔ جس وقت یہ نشرگاہ معہ جدید آلات کے تیار ہو جائے گا تو یہ ہندوستان کی بہترین نشرگاہوں میں سے ہوگا۔ اور حالات

موافق ہونے پر نصف دنیا میں اس کی آواز پہونچ سکیگی۔ یہ نشرگاہ ۳ تا ۵ کلیواٹس کی طاقت سے عمل کرے گا۔ اور حسب ضرورت اس کی طاقت میں (۱۰) کلیواٹس تک اضافہ ہوسکیگا۔ اس کے علاوہ ایک دوسری اسکیم تقریباً ۱½ لاکھ روپیہ کی اور ہے۔ اس سے اورنگ آباد، گلبرگہ اور ورنگل میں پانچ، پانچ سو واٹس کے نشرگاہ قائم کئے جائیں گے اور ان میں مرہٹی، کنڑی اور تیلگو زبان میں علی الترتیب تقاریر نشر ہونگی۔ ان نشریات کا مدعا دیہات کی کثیر آبادی کی اخلاقی و معاشرتی اصلاح ہوگی۔ زرعی، امداد باہمی اصول صحت اور صفائی، بیماریوں کے روکنے کے طریقے کفایت شعاری، بہبودی اطفال۔ اور اسی نوعیت کی دیگر تقاریر جن سے دیہی آبادی کی تندرستی، دولت اور مدت میں اضافہ ہو ایک وقت میں شام کو مختلف دیہاتوں کے کھلے میدانوں میں نشر کی جائینگی۔ بنگال اور پشاور کے متعدد اضلاع میں اس قسم کی دیہی ترقی کی اسکیم رائج ہوچکی ہے اور شام کے وقت بعض بعض مقامات پر لڑکے، جوان، بوڑھے، مرد عورتوں کی تعداد ایک ہزار کے قریب پہونچ جاتی ہے۔ اس کے علاوہ تعلیمی نقطہ نظر سے بھی نشریات کی اہمیت دن بدن بڑھتی جارہی ہے۔ حال میں روزانہ ایک ساعت تعلیمی اطفال کے نام سے حیدرآباد کی نشرگاہ کے نظام العمل میں اضافہ ہوا ہے۔ اس میں اصول تعلیم سے متعلقہ نشریات کا انتظام ہوتا ہے۔ جو طلباء اور اساتذہ کے لئے نہایت دلچسپ اور ساتھ ہی ساتھ نہایت مفید ہے۔ جشن سیمین شاہانہ کے سلسلہ میں محکمۂ لاسلکی کی مصروفیات میں بہت اضافہ ہوجائے گا۔ اسی سلسلہ میں اہم تقاریر نشر کرنے کا اس طرح انتظام کیا جائے گا کہ وہ نہ صرف بیرون ممالک محروسہ بلکہ بیرون ہند بھی بخوبی طور پر سنی جائیں جوبلی ہال اور نمائش گاہ باغ عامہ میں آلات ترسیلی اور موصولی کی تنصیب عمل میں آئے گی۔ اور شہر کے گوشہ گوشہ میں آلات سماعت نصب کئے جائیں گے۔ جن پر عوام جشن، جوبلی سے متعلق نشرگاہ سرکار عالی کے نشریات کے علاوہ دیگر سرکاری تقاریب کی روئداد وغیرہ کی سماعت کرسکیں گے۔ اطراف بلدہ میں محکمہ لاسلکی کی موٹر لاریاں جو آلہ جات موصولی سے لیس ہونگی چکر لگائیں گی جن پر

مواضعات کی رعایا موسیقی وغیرہ کی سماعت لاسلکی کے ذریعہ کرکے جشن شاہانہ میں شرکت کر سکے گی۔

محکمۂ برقی وٹیلیفون ۱۳۱۸ف سے قبل اعلیحضرت مرحوم کے زمانہ میں مختلف تجارتی کمپنیوں نے دارالسلطنت کی سربراہی قوت برقی کے متعلق تجاویز پیش کیں۔ لیکن ان سب نے اپنی تجاویز کے ساتھ یہ شرط لگائی کہ ان کمپنیوں کو اختیار ہوگا کہ وہ برقی تڑاموے بھی تعمیر کریں۔ حضرت غفران مکان نے بالکل بجا طور پر اس شرط کی مخالفت کی۔ لہذا کچھ عرصہ تک حیدرآباد میں برقی سربراہی کا انتظام نہ ہوسکا۔ اسی زمانہ میں کہیں کہیں برقی رَو پیدا کرنے والی چھوٹی چھوٹی مشینیں نصب تھیں جن سے خاص خاص موقعوں پر برقی روشنی حاصل کرتی جاتی تھی اس قسم کی ایک چھوٹی مشین قصر فلک نما میں تھی اور ۴ کلوواٹس کی ایک دوسری مشین دارالضرب میں تھی۔ ابتدا میں اس مشین سے دارالضرب کے بنگلہ میں برقی سربراہی کی جاتی تھی۔ لیکن بعد میں اسی مشین کے ذریعہ قریبی دفاتر فینانس، تعمیرات اور محکمہ سیاسیات میں برقی پنکھے چلانے کا انتظام کیا گیا۔ ان برقی پنکھوں کا انتظام دیکھکر اکثر ذی اثر حضرات نے خواہش ظاہر کی کہ آیا ان کیلئے بھی ایسا انتظام ممکن ہے۔ لیکن عام طور پر برقی سربراہی کی پہلی باقاعدہ اسکیم ۱۳۲۱ف سے قبل عمل میں نہ آسکی۔ اسی سال محکمۂ برقی کے لئے ۱۱ لاکھ کی منظوری ہوئی اور آغاز ۱۳۲۲ف میں ایک باقاعدہ چھوٹا سا Power House (پاورہاؤس) جس میں دو برقی مشینیں معہ ضروری ساز وسامان کے نصب کی گئیں تعمیر ہوا۔ چنانچہ برقی روشنی بند حسین ساگر کے ہر دو جانب اور بلدہ میں براہ رزیڈنسی مہاراجہ سرکشن پرشاد کی ڈیوڑھی تک کیگئی۔ اس مشین کے ذریعہ سکندرآباد میں تالاب حسین ساگر سے برقی پمپ چلاکر آبرسانی کا بھی انتظام کیا گیا اور اوائل ۱۳۲۲ف میں سکندرآباد کے گلی کوچوں میں بھی اس مشین کے ذریعے برقی روشنی کی سربراہی عمل میں آئی اس وقت برقی رَو کی مقدار ۵۰۰ کلوواٹس کی حد تک پہونچ گئی۔ اس چھوٹی سی مشین پر اتنا بار بھی زیادہ تھا۔ اور مانگ دن بدن بڑھتی جاتی تھی۔ چنانچہ جلد ہی دو مشینوں کا اضافہ کرنا پڑا جس سے ۱۰۰۰ کلوواٹس تک کی سربراہی ممکن ہوسکی۔ لیکن اعلیحضرت واقدس کی زیر قیادت دارالسلطنت جس سرعت سے ترقی کر رہا تھا۔ اس کے لئے بھلا اس

قسم کی داغدوزی سے کیسے کام چل سکتا تھا۔ چنانچہ ضرورت کے مدِ نظر اعلیٰ پیمانہ پر جدید پاور ہاوس تعمیر کرنے کا فیصلہ ہوا۔

موجودہ پاور ہاوس | یہ پاور ہاوس اپنی موجودہ جگہ پر تالاب حسین ساگر کے کنارے مکمل طور پر ۱۳۲۲ف میں تیار ہوا ختم ۱۳۳۱ف میں جملہ مصارف ۸۰ لاکھ ۸ ہزار ۶ سو اڑتالیس روپیہ ہوئے۔ چونکہ مسلسل بارش کی قلت کی وجہ سے تالاب حسین ساگر کا پانی خشک ہو کر کناروں سے دور ہٹ جاتا تھا۔ اور پانی حاصل کرنے میں دقت ہوتی تھی۔ اس لئے عثمان ساگر سے ایک نہر کھود کر پانی لانے کا انتظام کیا گیا۔ موجودہ پاور ہاس جدید ساخت کی مشینوں سے کامل طور پر آراستہ ہے۔ چار بہت بڑے بڑے ڈائنموز جملہ ۱۰ ہزار کلو واٹس کی برقی سربراہی کر سکتے ہیں۔ ان میں سے تین ڈائنموز تو بڑے بڑے ٹربائین (بڑے پہیے جو بذریعہ اسٹیم چلتے ہیں) کے ذریعہ چلائے جاتے ہیں۔ اور چوتھا وقتی ضروریات کے لئے محفوظ ہے جو تیل سے چل سکتا ہے اسٹیم پیدا کرنے کے لئے جدید ساخت کے جوشدآں (Boilers) ہیں ان بائلرس کی بھٹیوں میں سنگرینی کا کوئلہ جلایا جاتا ہے۔ یہ کوئلہ ہوا کے تیز جھوکوں سے خود بخود بھٹیوں میں داخل ہوتا رہتا ہے یہ بھٹیاں ۱۲۰۰ فارن ہائیٹ کی تپش پر شعلہ زن رہتی ہیں۔ اس بلند تپش سے وقت واحد میں سینکڑوں ٹن پانی بھاپ کی صورت میں تبدیل ہوتا رہتا ہے۔ بھاپ کے دباؤ سے اول ٹربائین اور ٹربائین سے ڈائنموز حرکت میں آکر برق پیدا کرتے ہیں ختم ۱۳۴۲ف میں سررشتہ برقی بلدہ پر جملہ اخراجات ۸۶ لاکھ تک پہونچ گئے اور اس کی سالانہ آمدنی ۷ لاکھ ۱۶ ہزار روپیہ ہوئی۔ اضلاع اورنگ آباد وراچور اور نظام آباد کے برقی اسکیموں کے اخراجات ۱۱ لاکھ ۸۰ ہزار روپیہ ہوں گے اور توقع کیجاتی ہے کہ بہت جلد سود بخش ثابت ہوں گے۔ یہی حال سررشتہ ٹیلیفون کا بھی ہے جس پر بلدہ میں ۹ لاکھ ۶۴ ہزار اور اضلاع میں ۴ لاکھ ۲۹ ہزار کے اخراجات عائد ہوئے۔

دارالضرب ومتعلقہ ورکشاپ | ۱۳۰۲ف سے قبل روپیہ ہاتھ سے بنایا جاتا تھا ۱۳۰۲ف میں ایک مشین قائم ہوئی ابتدا میں جو سکہ اس میں مضروب ہوئے وہ سکہ چرخی کے نام سے موسوم ہوئے ۱۳۱۳ف میں دارالضرب کی نئی عمارت موجودہ جگہ پر تعمیر ہوئی اور اس میں جدید

مشینری نصب ہوئی۔ اس مشین سے بنے ہوئے سکہ کو سکہ عالی کہتے ہیں۔ جس کے معنی سکہ رائج کے ہیں۔ یہ سکہ وزن میں ۱/۲ ۱۷ اگرین ہے اور یہ بمقابلہ ۱۸۰ اگرین سکہ انگریزی کے ہے۔ جو سکہ میر محبوب علیخاں بہادر کے زمانہ میں مضروب ہوئے ان پر حرف "میم" لکھا ہے اور جو موجودہ تاجدار دکن کے زمانہ میں بنے ان پر حرف میم کے بجائے "عین" (ع) لکھا ہے۔ جب ۱۳۱۳ف میں دارالضرب اپنی موجودہ جگہ پر منتقل ہوا تو ایک چھوٹی سی ورکشاپ بطور جزو دارالضرب مشینری کی ترمیم اور ضروری پرزے وغیرہ بنانے کے لئے قائم ہوئی جس زمانہ میں روپیہ کثرت سے بنتا تھا اس زمانہ میں تو ورکشاپ کے ملازمین کو کام رہتا تھا مگر جس زمانہ میں روپیہ کم بنتا تھا یا بالکل نہ بنتا تھا تو ورک شاپ کے انجام دینے کے لئے عملی طور پر کوئی کام باقی نہ رہتا تھا۔ اس بیکاری کا تدارک اعلیحضرت واقدس کی تخت نشینی کے ایک سال بعد عمل میں آیا ۱۳۲۱ف میں بعض تعمیرات اور اضافہ جات کے ساتھ ورکشاپ کو دارالضرب سے علیحدہ کر دیا گیا۔ اور اس میں دارالضرب کے وقتی کام کے ساتھ ساتھ عام صنعتی باغراض سرکاری و عام خلایق کے کام کا بھی آغاز ہوا۔ اور ساتھ ہی ساتھ صنعت و حرفت کی تعلیم کا کام بھی اس سے لیا جانے لگا۔

جنگ عظیم کے دوران میں اس ورکشاپ نے بارود، شل کے گولے، باربرداری کی گاڑیاں گھوڑوں کا ساز و سامان بنا کر برٹش گورنمنٹ کی سربراہی کی فی الوقت یہ شاپ اپنے کام کی نوعیت کے لحاظ مختلف حصوں میں منقسم ہے۔ ہر حصہ مکمل طور پر عصری آلات اور مشینوں سے آراستہ ہے۔ دھات کی ڈھلی ہوئی تجوریاں، پانی کے نل، مہریں، چپراس، تمغہ جات، فولادی چھینیاں، ہٹن لکڑی کا ہر اقسام کا فرنیچر ان حصوں میں تیار ہوتا رہتا ہے

رصدگاہ نظامیہ یہ رصدگاہ ۱۹۰۸ء میں اعلیحضرت مرحوم کے زمانہ حکومت میں قائم ہوئی تھی۔ اس وقت سے اب تک حکومت کی سرپرستی میں یہ ادارہ برابر ترقی کر رہا ہے اور اس وقت اس کا شمار دنیا کی بہترین رصدگاہوں میں ہے۔ ابتدا میں یہ سررشتہ فینانس کے تحت میں تھا۔ لیکن ۱۳۲۹ف میں اس کا الحاق جامعہ عثمانیہ سے کر دیا گیا۔ اس میں دوبڑی بڑی استوانی دوربین ہیں۔ ان میں سے ایک اٹھ انچ والی عکسی اور دوسری پندرہ انچ والے

بصری عطاف پر جس کے ساتھ آلہ مرور اور وقت نگار بھی ہے مشتمل ہیں۔ پندرہ انچ والی دوربین آج سے دس برس پیشتر نصب کی گئی تھی اور یہ خصوصی طور پر متغیر تنویر کے ان ستاروں کے باضابطہ مشاہدات میں استعمال کی جاتی ہے جن کی اقل تنویر بہت کم ہے رصدگاہ میں زلزلوں کا پتہ چلانے کے واسطے دو زلزلہ نگار بھی ہیں انسے حاصل شدہ معلومات خلاصہ زلزلیات بین الاقوامی میں اندراج کے واسطے آکسفورڈ بھیجے جاتے ہیں۔ علاوہ بریں اس رصدگاہ میں ایک جوّیاتی رصدگاہ بھی ہے اور ساتھ ہی ساتھ یہاں طلایہ گرغباروں کا مستقر بھی قائم کیا گیا ہے۔ جہاں حکومت ہند کے محکمہ جویات کے تعاون سے مشاہدات عمل میں لائے جاتے ہیں۔

اس رصدگاہ کا شمار ان ادارہ جات میں سے ہے جو نقشہ فلک کی بین الاقوامی ترتیب میں حصہ لیتے ہیں چنانچہ رصدگاہ مذکور نے اپنے مفوضہ منطقہ (انصراف ۱۰ تا ۲۳) کی عکسی تصاویر کی پیمائش کا کام ختم کر کے اب منطقہ ۳۶ تا ۳۹ کی فہرست کی تیاری میں مشغول ہے اس کی اہم مطبوعات حیدرآباد کی فہرست انجم نگاری کی آٹھ جلدیں اور متعدد مختصر مقالات پر مشتمل ہیں یہ مقالہ فلکیات کے بعض ممتاز جرائد میں شائع ہو چکے ہیں ایک باقاعدہ دارالمطالعہ بھی اس رصدگاہ سے متعلق ہے اس میں کتب علم فلکیات اور متعلقہ رسالہ جات کافی تعداد میں موجود ہیں۔

محکمۂ آب رسانی زمانہ قدیم سے ویگ سائنس کے اس اصول سے واقف ہیں کہ پانی ہمیشہ اپنی سطح ہموار رکھتا ہے یا رکھنے کا متقاضی رہتا ہے اس اصول کی تحت شاہان سلف اپنے محلات یا باغات کی آرائش میں پانی کے حوض بنا کر ان کے درمیان فوارے نصب کرتے تھے۔ چنانچہ حصار گولکنڈہ میں قطب شاہی محلات کے وسیع خشک حوضوں کے درمیان خاموش فوارے آج بھی بطور یادگار موجود ہیں۔ اورنگ آباد اور دیگر مقامات پر بھی قدیم زمانہ کی اس قسم کی بہتریں یادگاریں ملتی ہیں۔ اعلیحضرت مرحوم کے زمانہ میں سر سالار جنگ کی یادگار میں ایک محکمۂ آبرسانی کا قیام عمل میں آیا تھا۔ پانی کا انتظام میر عالم کے تالاب سے کیا گیا تھا۔ اس کے لئے دس انچ قطر کے نل لگائے تھے

اور ایک نل ۲۲ انچ قطر کا تھا جس سے فلٹر بڈ کو پانی جاتا تھا۔ وہاں سے صاف ہو کر یہ پانی ایک حوض میں آتا تھا جو راجہ چندو لال کی بارہ دری کے مغرب میں تھا۔ وہاں سے شہر میں تقسیم ہوتا تھا۔ نلوں کا مجموعی طول ۲۰ میل تھا۔

۱۳۲۸ف میں خزانہ آب عثمان ساگر سے حیدرآباد کو پانی پہونچانے کی اسکیم سرکار عالی سے منظور ہوئی۔ اور کام جاری ہو کر ختم ۱۳۳۱ف تک اس پر ۸۸ لاکھ ۲۹ ہزار ایک سو چھبیس روپیہ صرف ہوئے۔ عثمان ساگر سے ایک چینل تقریباً چھ فٹ چوڑی آصف نگر تک آتی ہے۔ ہر دو مقامات کی سطح میں تقریباً ۱۰ فٹ کا تفاوت ہے یہاں اس چینل کا پانی دو وسیع حوضوں میں جمع ہو کر آہستہ آہستہ تقطیری چھوٹے چھوٹے حوضوں میں داخل ہوتا ہے ان حوضوں میں نیچے سے اوپر تک مختلف جسامت کے سنگریزوں کی متعدد تہیں ہوتی ہیں۔ آخر میں سب سے اوپر باریک ریت کی تہہ رہتی ہے پانی ان سنگریزوں سے ہو کر جب اوپر نکلتا ہے تو تقطیر ہو کر خوب صاف ہو جاتا ہے یہ ریت اور سنگریزے وقتاً فوقتاً ایک مشین کے ذریعہ پمپ کی ہوئی ہوا سے خوب دھوئے جاتے ہیں۔ ہوا پمپ ہوتے وقت جو تلاطم پانی میں پیدا ہوتا ہے وہ دیکھنے کے قابل ہوتا ہے۔ اس تقطیر کئے ہوئے پانی میں مائع کلورین سے بھرے ہوئے اسطوانے سے کلورین گیس داخل کی جاتی ہے۔ تاکہ مختلف جراثیم کا خاتمہ ہو جائے۔ بعد ازاں نلوں کے ذریعہ یہ پانی شہر کے ہر حصہ میں پہونچ جاتا ہے۔ چونکہ شہر دن بدن ترقی پذیر ہے لہذا موجودہ ذخیرہ سے خصوصاً موسم گرما میں کام چلانا مشکل پڑ جاتا ہے۔ تقریباً دو لاکھ کی منظوری سے ایک دوسرا حوض زیر تعمیر ہے۔ اس حوض کو پہلے سے زیادہ بہتر سائنٹیفک طریقوں پر تعمیر کیا جائے گا۔

محکمۂ زراعت اور ڈرینج مبارک عہد عثمانی میں جو جدید سررشتہ جات قائم ہوئے ان میں سررشتہ زراعت اور ڈرینج بھی شامل ہیں۔ ابتدا میں سررشتہ زراعت کے قائم کرنے کی بڑی ضرورت یہ تھی کہ گورانی یعنی دیسی بڑے ریشہ دار روئی کی جگہ جو بھارت یعنی باہر کی درآمد کردہ چھوٹے ریشہ کی روئی لے رہی تھی۔ اس کو روکا جائے بڑے ریشہ کی

روئی کی سائنٹیفک طریقہ پر کاشت کے لئے مزرعہ جات کھولے گئے۔ عمدہ قسم کی موزون کھاد اور تخم فراہم کئے گئے اور گورانی کپاس کو دوسری روئی کے مقابلہ میں از سر نو فروغ دیا گیا اگر یہ کوشش نہ کی جاتی تو بڑے ریشہ دار روئی چند سال کے بعد اس ریاست سے ناپید ہو جاتی۔ سررشتہ کی توجہ صرف روئی تک ہی محدود نہ رہی۔ نیشکر، تمباکو، ایری ریشم اور دیگر فصول کی سائنٹیفک اصولوں کے تحت کاشت پر بھی تجربات کئے اضلاع نظام آباد، ورنگل محبوب نگر، سنگاریڈی۔ پربھنی اور ریاست کے دیگر مقامات پر مزرعہ جات کھولے گئے اور انپر انگلستان اور دیگر جامعات کے زراعت سے متعلقہ صاحب اسناد کا تقرر کیا گیا۔ سررشتہ ہذا کا یہ بھی کام ہے کہ وہ اپنی تحقیق و تجربہ سے پیدا ہونے والے مفید معلومات کی اشاعت کرے اور اس طرح عام کاشتکاروں کو بہتر بیں تخم، موزون کھاد اور کاشت کے جدید طریقوں سے روشناس کرے چونکہ ملک کی معاشی حالت کی بہتری یا ابتری کا انحصار ایک بڑی حد تک زراعت پر ہے لہذا حکومت سرکار عالی نے ملک کی زراعتی حالت کو بہتر بنانے میں کسی ممکنہ کوشش سے دریغ نہیں کرتی۔ اس مقصد کی تکمیل کے لئے آبپاشی کے عظیم الشان انتظامات وسیع اخراجات کے بعد عمل میں لائے گئے ہیں۔ پانی کو روکنے کے واسطے یہاں کی بڑی بڑی جھیلوں پر بندوں کی تعمیر کی گئی ہے چنانچہ حال میں فرمان خسروی کے ذریعہ نظام ساگر کے بند کی تعمیر عمل میں آچکی ہے جو پچاس مربع میل سے زیادہ رقبہ پر پھیلا ہوا ہے اور اس کا پشتہ دو میل طویل ہے اندازہ یہ ہے کہ اس کی مدد سے ۳ لاکھ ایکڑ زمین کی آبپاشی ہو سکے گی۔

محکمۂ ڈرینج حیدرآباد میں بصرفۂ ۲ کروڑ جدید ترین طریقہ ڈرینج اور آبرسانی رائج کیا گیا ہے اس طرح پر شہر کا تمام فضلا زمین دوز نالوں کے ذریعہ شہر کے باہر یہاں کے نشیب ترین علاقے عنبر پیٹھ میں پہونچا دیا جاتا ہے فضلے کے بہانے کے لئے جو پانی درکار ہوتا ہے وہ حمایت ساگر سے جو ۹۲ لاکھ ۷ ہزار روپیہ کے اخراجات سے پشتہ باندھ کر تیار ہوا ہے حاصل کیا جاتا ہے۔ عنبر پیٹھ میں سائنٹیفک طریقوں سے اس فضلے کی صفائی کی جاتی ہے۔ اور آخر میں نائٹروجنی مرکبات کا ہلکایا ہوا آبی محلول ان مزرعہ جات پر پھیلا دیا جاتا ہے۔

جن پر نیشکر اور مختلف قسم کی ترکاریوں کی کاشت ہوتی ہے۔ اس طرح پر شہر کی صفائی بھی ہو جاتی ہے اور فضلے کے زراعت کے لئے منفعت بخش مرکبات کو بھی ضائع نہیں ہونے دیا جاتا۔ سنہ ۱۳۳۱ف سے اضلاع کی ضروریات کو بھی پیش نظر رکھا گیا ہے۔ اور باقاعدہ سالانہ امداد کے ذریعہ جس کی مقدار نصف کروڑ تک پہونچ گئی ہے یہ اُمید کی جاتی ہے کہ ریاست ہذا کے بڑے بڑے اضلاع بہت جلد ڈرینج، آبرسانی اور دیگر لوازمات زندگی سے اس طرح فیضیاب ہوں گے جس طرح کہ باشندگان حیدرآباد ہو رہے ہیں۔

ریلویز۔ موٹر بس اور ہوائی سروس:- جنوری سنہ ۱۸۸۵ء میں انگلستان کی ایک کمپنی نے ایک عہدنامہ کے مطابق جو اس کے اور سرکار عالی کی گورنمنٹ کے مابین ہوا تھا۔ یہاں کی ریلویز ۲ کروڑ ۱۸ لاکھ روپیہ میں خریدی۔ اس کمپنی کا سرمایہ ۴۵ لاکھ پونڈ تھا۔ اس رقم پر بیس برس تک فی صد پانچ ٹکے سود دینے کی سرکار عالی کی گورنمنٹ نے ضمانت کی تھی۔ یہ ضمانتی نظام اسٹیٹ ریلوے حسب منشا جریدہ مُبارک واقع ۱۰ اردی بہشت سنہ ۱۳۳۹ف ایک محفوظ رقم سے خرید لی گئی۔ اس طرح پر آج سے نصف صدی قبل ہاتھ سے نکلی ہوئی چیز پھر واپس لی گئی۔ یہ اعلیحضرت بندگان عالی کے دور حکومت کا ایک نہایت شاندار کارنامہ ہے۔ ریلوی کی خریدی کے بعد اس کساد بازاری کے زمانہ میں بھی فرسودگی کی کامل رقم کی وضعات کے بعد سالانہ ۱۰۸ لاکھ روپئے وصول ہو رہے ہیں۔ اس وقت ریاست ہذا کی ریلوے ۱۳۴۸ میل پھیلی ہوئی ہے۔ جدید ریلوے کی تعمیر کی تجاویز بھی حکومت کے زیر غور ہیں ریلوئے کے علاوہ گذشتہ ۲ سال میں بس سرویسوں کا آغاز تقریباً ۵۰ لاکھ روپیہ کے سرمایہ سے ریاست میں ہوا۔ فی الوقت حیدرآباد سے ریاست کے مختلف اضلاع تک ۲۸۳ بسیں چل رہی ہیں۔ اور ان کی مسافت ۳ ہزار ۲ سو ۸۴ میل طویل ہے۔ بسوں کی وجہ سے ریاست کے مختلف اضلاع اور حیدرآباد کے باشندوں کو ایک باقاعدہ آرام دہ ارزاں ذریعہ نقل و حمل حاصل ہے ریلوں اور بسوں کے علاوہ ذاتی ہوائی ذرائع نقل و حمل استعمال کرنے کی تجویز بھی سرکار عالی کے زیر غور ہے بالفعل ایک ربع لاکھ سالانہ کی امداد کے ذریعہ جوٹا ماکو دیگئی ہے۔ ٹرانس کانٹینٹل ایر میل (ہری ہوائی میل) کا رخ حیدرآباد کی جانب

پھیر دیا گیا ہے اور اس طرح حیدرآباد دنیا کے دوسرے اہم ہوائی راستوں سے ملا دیا گیا ہے۔ حیدرآباد میں پرواز گاہ کے لئے موزوں گنجائش مہیا کر کے اس کا افتتاح بھی کیا جا چکا ہے۔ اس کے علاوہ مملکت ہذا میں ہوا بازی کی تربیت کا بھی انتظام کیا گیا ہے۔

معدنیات | دکن کی سرزمین خصوصاً خطہ حیدرآباد قدیم زمانہ میں اپنے ہیروں کیلئے خاص طور سے شہرت رکھتی تھی لیکن افسوس کی بات یہ ہے کہ اب یہاں ہیرے کے معادن ختم ہو چکے ہیں۔ البتہ دریائے کرشنا کی وادی میں پرتیال کے گرد و نواح کالی مٹی میں کچھ ہیرے ملتے ہیں۔ لیکن یہ ہیرے اتنے چھوٹے ہوتے ہیں کہ ان کے نکالنے میں کوئی فائدہ نہیں ہوتا ہے۔ دوآبہ رائچور میں سونا دستیاب ہونے کی امید پر باقاعدہ کام شروع کیا گیا۔ مگر یہاں سونے کا حاصل اتنا کم ہوا کہ یہ کام بھی ترک کر دیا گیا۔ حال میں ضلع ورنگل میں سنگ مرمر کی ایک چٹان دریافت ہوئی۔ جہاں ایک کمپنی کی تحت سنگ مرمر نکالنے کا کام سرگرمی سے ہو رہا ہے۔ ادنیٰ پیمانہ پر مختلف اقسام کے خام لوہے کے ذخائر بھی گونڈوانہ کی وادی میں پھیلے ہوئے ہیں۔ لیکن ریاست کی اہم ترین معاشی اہمیت رکھنے والی معدنیات کوئلہ ہے۔ کوئلہ کے معادن سنگارینی تعلقہ یلندو میں اور ٹانڈور ضلع آصف آباد میں واقع ہیں۔

سنگارینی کا کوئلہ | سنگارینی میں کوئلہ کی کانوں کے کام کی ابتدا آج سے ۶۰ برس پیشتر ہوئی گذشتہ ۲۵ سال میں اسی کان سے تقریباً ایک کروڑ ۳۵ لاکھ ٹن کوئلہ نکالا گیا اور روزانہ تقریباً ایک ہزار ۷ سو ٹن کوئلہ نکالا جاتا ہے یہاں فی الوقت دو کانیں کام دیتی ہیں ان میں سے ایک کان ۵۰۰ فیٹ گہری اور دوسری ۴۵۰ فیٹ گہری ہے یہ کانیں کوئلہ نکالنے کے تمام جدید سائنٹیفک آلات سے آراستہ ہیں۔ برقی طاقت گاہ دو ترپینی مکوّن (Turbo-generator) جن میں سے ہر ایک، ایک ایک ہزار کیلو واٹس کی قوت کے ہیں اور چار جوش دان جو جالی دار آتش دان اور ذیلی سامان سے مکمل طور پر آراستہ ہیں مشتمل ہے۔

ٹانڈور کا کوئلہ | ٹانڈور کی کانوں کا کام آج سے ۱۰ برس قبل شروع ہوا تھا اور اُس وقت سے برابر ترقی پذیر ہے۔ گذشتہ ۱۰ سالوں میں اس کان سے تقریباً ۶½ لاکھ ٹن کوئلہ نکالا گیا۔ یہاں پر بھی فی الوقت دو کانوں میں کام جاری ہے ان میں سے ایک قمرارگن کے نام سے جو ۵۰ فیٹ گہرا ہے مشہور ہے اور دوسری کراسلے کا ڈھواں جس کا میلان ۴½ ہے میں ایک ہے ان دونوں کانوں سے مجموعی طور پر روزانہ ایک ہزار ۵ سو ٹن کوئلہ نکالا جاتا ہے۔ یہاں کی طاقت گاہ میں دو ترمینی متبادل (Turboalternator) جو ایک دوسرے سے براہ راست مربوط ہیں ایک ایک ہزار کیلو واٹس کی گنجائش کے ہیں علاوہ ازیں تین جوش دان بھی ہیں جو زنجیر والے جالی دار آتش دان اور دوسرے ذیلی سامان سے مزین ہیں۔ ان دونوں کانوں میں تقریباً ۱۰ ہزار آدمی کام کرتے ہیں جن میں سے اکثر کے لئے کانوں کے آس پاس ہی سکونت کا انتظام کیا گیا ہے۔ اور انتظامات آبرسانی حفظ صحت اور سکونت پر خاص توجہ کی جاتی ہے۔

صنعت و حرفت | سائنس کے موجودہ زمانہ میں کسی ملک کی خوش حالی اور بہبودی کا انحصار ایک بڑی حد تک اُس ملک کی صنعت و حرفت پر مبنی ہے مبارک عہد عثمانی میں دیگر شعبہ جات کی طرح یہاں کی صنعتی ترقیوں کی جانب بھی ہر ممکنہ کوشش عمل میں لائی گئی ہے اس غرض کی تکمیل کے لئے ایک محکمہ صنعت و حرفت قائم کیا گیا۔ نیز سرمایۂ ترقی مصنوعات کے نام سے جس کی مالیت ایک کروڑ روپیہ ہے ریاست کی صنعتی نشو و نما کی غرض سے قائم کیا گیا اس فنڈ میں سے بعض بڑے پیمانہ کی صنعتوں مثلاً شاہ آباد سمنٹ فیاکٹری نظام ساگر کارخانہ شکر سازی کو امداد دیجاتی ہے۔ اور اس طرح جو فائدہ حاصل ہوتا ہے اُسے چھوٹے پیمانہ کی صنعتوں کو مدد دینے کے علاوہ ان طلباء کی جو صنعتی تعلیم حاصل کرنا چاہتے ہیں مدد کی جاتی ہے۔ اب ہم ذیل میں ان مختلف تدابیر کا ذکر کریں گے جو ریاست کی صنعتی ترقیوں کی اغراض کی خاطر اختیار کی گئیں ہیں۔

عثمانیہ مرکزی صنعتی اسکول | عثمانیہ صنعتی مرکزی اسکول ریاست ہذا کی اوّلیں باقاعدہ صنعتی درس گاہ ہے۔ جس کا قیام آذر ۱۳۲۲ف میں ایک فرمان خسروی کے ذریعہ عمل میں لایا گیا۔ اور چونکہ ذات شاہانہ کو ملک کے نوجوانوں کی صنعتی تربیت کا خاص خیال ہے۔ لہٰذا اس درس گاہ کے

قیام کے منظوری کے ساتھ ساتھ اس کو اپنے نام نامی سے موسوم کئے جانے کا شرف بھی بخشا گیا۔ فی الوقت یہ درس گاہ پتھر کی ایک نہایت شاندار عمارت میں حسین ساگر کے کنارہ واقع ہے۔ طبیعات، کیمیا اور میکنکس کے دارالتجارب تمام ضروری جدید، سائنس کے ساز و سامان سے۔ کامل طور پر آراستہ ہیں ان دارالتجارب کے علاوہ طلباء کو دارالضرب اور محکمۂ برقی کے کارخانوں میں بھی عملی تربیت حاصل کرنے کی تمام سہولتیں حاصل ہیں۔

اس صنعتی درس گاہ کے علاوہ تین اور صنعتی مدارس محکمۂ تعلیمات کے زیر نگرانی ریاست میں موجود ہیں ان میں سے دو مدارس (اورنگ آباد اور نظام آباد) سرکاری ہیں۔ تیسرا مدرسہ واقع نام پلی ایک امدادی مدرسہ ہے۔ ملک میں صنعت و حرفت کے فروغ کے لئے۔ فی الوقت تعلیم کی جدید تنظیم کی تجاویز حکومت سرکار عالی کے زیر غور ہیں۔ ان تجاویز کے نفاذ پر عام تعلیم کے ساتھ ساتھ کثیر حرفتی تعلیم بھی شامل نصاب ہو جائے گی۔ اور اس طرح سائنس اور فنون کی ادنیٰ تعلیم کے ساتھ صنعتی تعلیم بھی عام ہو جائے گی۔ ان کثیر حرفتی اِدارات کے علاوہ جن کا قیام زیر غور ہے آج سے دو سال قبل ہماری حکومت نے پست اقوام کی حالت درست کرنے کے لئے متعدد ابتدائی صنعتی مدارس کھولے ہیں۔ ان مدارس میں پست اقوام کے بچوں کو ابتدائی لکھنے پڑھنے کے ماسوا زردوزی، کشیدہ کاری، بیدبافی، سفال سازی اور دیگر دستی صنعتیں سکھائی جاتی ہیں۔ اُمید ہے کہ کچھ عرصہ کے بعد برکات دورِ عثمانی سے یہاں کی پست اقوام کا شمار پست اقوام میں باقی نہ رہیگا۔

ادارہ مصنوعات ملکی یہ اِدارہ ۱۹۳۱ء میں ایک لاکھ ۲۰ ہزار کے صرف سے ممالک محروسہ کی گھریلو صنعتوں کی نشوونما کی خاطر قائم کیا گیا اس کے قیام کی ایک غرض یہ بھی تھی۔ کہ ملک کی قدیم صنعتوں کو جو یورپ کی صنعتوں کے مقابلے میں آہستہ آہستہ معدوم ہوتی جارہی ہیں زندہ رکھا جائے چنانچہ ریاست کی مشہور قدیم صنعتیں۔ مثلاً بیدری برتن، ورنگل کے قالین، گدوال، اور جگدیو پور کے تلوار کے پھل، نرمل کے کھلونے اورنگ آباد اور پائیٹن کے ریشمی کپڑے دولت آباد کے قریب کاغذ پورے کے کاغذ اور دیگر صنعتیں اب بھی نیم جان حالت میں تھوڑی بہت باقی ہیں۔ یورپ اور جاپان کے عظیم الشان کارخانوں میں مشین کے ذریعہ تیار ہونے والی صنعتوں کے سیلاب سے ان مقامی ادنیٰ پیمانوں پر چلنے والی صنعتوں کو محفوظ رکھنے کا صرف یہی ایک

طریقہ تھا۔ کہ ان ملکی قدیم دستی صنعتوں میں مشین کا کام بھی شریک کر دیا جائے۔ چنانچہ اس ادارہ میں دستی صنعتوں میں چھوٹی چھوٹی مشینوں کی مدد بھی شامل کر دی گئی ہے۔

یہ ادارہ مشیر آباد میں ایک حال کی تیار کردہ عمارت میں ہے۔ اس عمارت میں ایک وسیع ہال ہے۔ ادارہ کا تقریباً تمام کام اسی ہال میں ہوتا ہے۔ ایک حصہ میں نساجی کا کام ہوتا ہے۔ کپڑا مشین اور ہاتھ دونوں طریقوں سے بنا جاتا ہے۔ ہاتھ کے ذریعہ جو کپڑا بنا جاتا ہے اس میں فلی شٹل لوم (جدید ساخت کا کرگہ) استعمال ہوتا ہے۔ موزہ بافی اور بنیائین کا کام بھی سکھایا جاتا ہے ساڑیوں اور شالوں پر ہاتھ اور مشین کے ذریعہ کشیدہ کاری بھی ہوتی ہے۔ اسی ہال میں دوسری طرف کمبل، نمدے۔ دریان بنانا سکھائی جاتی ہیں۔ بید بافی، رنگ سازی اور وارنش کا کام بھی جدید طریقہ پر کیا جاتا ہے۔ قلم دوات اور دیگر اشیا بنا کر ان میں نہایت خوبصورتی سے پینٹنگ کی جاتی ہے۔ حال میں جارجٹ اور کریپ سلک بنانے کے واسطے فرانس سے مشینوں کا ایک بڑا ذخیرہ آیا ہے۔ مثل عثمانیہ صنعتی اسکول کے یہاں بھی طلبار کی عملی اور نظری تعلیم کا انتظام ہے۔ تقریباً ان تمام طلبار کو وظائف دیئے جاتے ہیں۔

اس ادارہ سے متعلق ایک فروخت گاہ بھی ہے اس فروخت گاہ کے نمائش خانہ میں جو باقاعدہ آراستہ کیا گیا ہے۔ اس ادارہ کا تیار شدہ مال ورنگل کے مشہور قالین اور نمدے، بید کے کام کی مصنوعات، نرل کے کھلونے اور اورنگ آباد کا مشہور ہمرو بغرض نمائش رکھا اور فروخت کیا جاتا ہے۔

تجربہ گاہ کیمیائی ریاست ہذا میں سررشتہ صنعت وحرفت کے قیام کے بعد جلد ہی اس امر کی ضرورت محسوس ہوئی کہ ایک کیمیائی تجربہ گاہ ایسا تیار کیا جائے جس سے یہاں کی صنعت کو خاطر خواہ مدد مل سکے۔ اس مقصد کے لئے ایک موزوں عمارت تیار کی گئی۔ اور اس کو ضروری آلات و مرکبات کیمیائی سے آراستہ کیا گیا۔ یہاں سے پانچ کیمسٹ بنگلور تعلیم کے واسطے بھیجے گئے۔ تاکہ وہاں کی انڈین انسٹیٹیوٹ آف سائنس میں فن کیمیا کی خصوصی تعلیم حاصل کریں بعد میں ایک کیمسٹ انگلستان اس غرض سے بھیجا گیا کہ لیڈس یونیورسٹی میں مصنوعات چرم کا معائنہ کرے۔ دوسرا کیمسٹ بنگلور اس غرض سے روانہ کیا گیا کہ وہاں لاک کی تیاری کا کام

سیکھے۔ حصول تعلیم کے بعد ان اصحاب نے یہاں باقاعدہ کام شروع کر دیا۔ سرکاری محکمہ جات اور عوام کی جانب سے وصول شدہ مختلف اشیا پر تجربات کے علاوہ اس شعبہ نے حفاظت گل مہوہ، الکوہل کی تیاری، موٹر اسپرٹ، تیاری سریش، انڈین ڈرگس اور دوسرے تشریحی و تالیفی تجربات کئے۔ اس کیمیائی تجربہ گاہ سے متعلق ایک باقاعدہ کتب خانہ بھی ہے اور عمارت کے ایک حصہ میں جراثیم کے امتحان کا بھی انتظام ہے۔

صنعتی کارخانہ جات | شاہ آباد سیمنٹ فیاکٹری۔ یہ کارخانہ اگست ۱۹۲۵ء میں شاہ آباد میں قائم ہوا شاہ آباد۔ جی۔ آئی۔ پی ریلوے پر گلبرگہ کے قریب واقع ہے۔ اور اپنے سنگ سیلو اور چکنی مٹی کے لئے مشہور رہے۔ یہ اشیا سیمنٹ کی تیاری میں بطور خام مال کے استعمال ہوتی ہیں۔ خام مال ابتدا میں پیس لیا جاتا ہے پھر اُس کو پانی کی موجودگی میں خاص تناسب سے ملا کر ایک لزج مائع کی صورت میں جس کو سلری کہتے ہیں۔ تبدیل کرتے ہیں سیمنٹ کی اس طریقہ سے تیاری کا نام گردشی بھٹی کا ترطریقہ ہے۔

یہ کارخانہ پتھر توڑنے کے آلات، چکنی مٹی دھونے کی گرنیاں اور پمپ، خام مال کا تر آمیزہ بنانے کی گردشی بھٹیاں۔ تبریدی آلات سیمنٹ پیسنے کی چکیاں اور دیگر متعلقہ ساز و سامان سے کامل طور پر آراستہ ہے۔ دخانی طاقت حاصل کرنے کے لئے پانی کو گنا ندی سے جو کارخانہ سے تقریباً ایک میل کے فاصلہ پر واقع ہے پمپ کے ذریعہ لایا جاتا ہے۔ پانی کو بھاپ میں تبدیل کرنے کے لئے تین آبی نلی والے جوشدان ہیں۔ یہ جوشدان میکانکی زنجیر والے جالیدار آتش دانوں متوازن راٹ، گرین کے کفائیت گروں اور تکمیلی پُرگرم کنندوں اور قائم بالذات فولادی دودکشوں کے ساتھ آراستہ ہیں۔ ان جوشدانوں کی پُرگرم بھاپ ۲۰۰ پونڈ فی مربع انچہ کے دباؤ سے ترمینوں کر گردش میں لاتی ہے۔ ترمینوں کی گردش سے ایک ایک ہزار کلیوالٹس کے دو متبادل حرکت کرنے لگتے ہیں ان کی حرکت سے برقی رَو اور برقی رَو کی قوت سے تمام مشینری حرکت میں آجاتی ہے۔ اس طرح تقریباً ایک لاکھ ۴۰ ہزار ٹن سیمنٹ سالانہ تیار ہوتی ہے۔

گلاس فیکٹری | یہ شیشہ کا کارخانہ بیگم پیٹ سے شمال جانب فتح نگر میں ریلوے لائن کے

کنارے واقع ہے۔ ابتدا میں یہ ایک نیم سرکاری کارخانہ تھا۔ سرکار نے تقریباً ۳ ہزار روپیہ سے اس کی مدد کی۔ لیکن مالک کارخانہ کو کئی سال تک مسلسل نقصان برداشت کرنا پڑا اور مجبوراً اس نے اس کارخانہ کو حیدرآباد کے ایک معزز شخص کے ہاتھ فروخت کر دیا۔ اس کارخانہ کی ابتدائی ناکامی کے وجوہات پر غور کیا گیا۔ سوڈا، چونا اور سلکا کے آمیزہ کو پگھلانے کے لئے جاپان کے آتشی گھڑوں کی بجائے جدید ساخت کی مستطیل نما بھٹیاں تیار کی گئیں۔ بنگال کے کوئلہ کی بجائے جس کی قیمت حیدرآباد پہنچتے پہنچتے بڑھ جاتی ہے۔ سنگرینی کے ادنیٰ قسم کے کوئلہ کو پوری کامیابی کے ساتھ استعمال میں لانے کی اسکیم زیر غور ہے۔ فی الوقت یہ کارخانہ بغیر کسی نقصان کے چل رہا ہے۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ اہل ملک اپنے ملک کی ساختہ اشیاء کو خرید کر اس قسم کے کارخانہ جات کی حوصلہ افزائی کریں۔

کارخانہ صابن سازی چونکہ ریاست ہذا میں بنور روغنی کثرت سے دستیاب ہوتے ہیں۔ اس لئے ایک کارخانہ چھوٹے آلات کے ساتھ جو یہیں بنتے ہیں قائم کرنے کا انتظام کیا گیا۔ تاکہ خانگی استعمال کا صابن تیار کیا جائے ۱۳۲۸ف میں کارخانہ صابن کی مزید توسیع کی گئی اور زیادہ بہتر صابن تیار ہونے لگے۔ اوائل ۱۳۴۳ف میں کارخانہ صابن سازی بحیثیت ایک سرکاری کارخانہ کے بند کر کے اس کو ریاست کے ایک تاجر کے ہاتھ فروخت کر دیا گیا۔ اب یہ کارخانہ خانگی طور پر چل رہا ہے۔

دیاسلائی سفال سازی بٹن اور متفرق کارخانجات ریاست ہذا میں دیاسلائی بنانے کے دو کارخانے۔ اسال کے اندر ہی اندر قائم ہوئے یہ کارخانہ محبوب آباد اور حیدرآباد میں واقع ہیں۔ جدید آل انڈیا ایکسائیز ڈیوٹی کے نفاذ سے دیاسلائی کے ہر دو کارخانجات میں عارضی طور پر کچھ بے ترتیبی واقع ہو گئی تھی لیکن اب یہ دونوں کارخانجات باقاعدہ کام کر رہے ہیں۔ ریاست میں سفال سازی کے بھی متعدد کارخانہ ہیں۔ بنگلور مینوفیکچرنگ ٹائلس اور پائپس کمپنی میں مٹی کے روغن دار بڑے بڑے نل، نالیوں کے فرش کے واسطے رنگین مختلف نمونوں کے چوکے چھتوں کے واسطے ولایتی کھپرے برقی مشینوں کے ذریعہ تیار کئے جاتے ہیں۔ دکن بٹن فیاکٹری واقع حسینی علم میں مختلف نقش و نگار کے بٹن برقی مشینوں کے ذریعہ اعلیٰ پیمانہ پر تیار ہوتے ہیں

اور تجارتی نقطہ نظر سے کامیابی کے ساتھ چل رہی ہیں۔ دکن فیکٹری کے علاوہ ریاست میں بٹن اور ٹوپی کے پھندنے بنانے کے تین کارخانہ اور ہیں۔ ان کارخانوں میں مختلف قسم کے بٹن پر رو پہلی، سنہری، رولڈ، گولڈ اور مینا کا کام نہایت خوب ہوتا ہے۔ چار کاغذ سازی کی انجمنیں کاغذی پورہ اورنگ آباد گوڈور ویلور واقع میدک اور کورٹلہ واقع کریم نگر میں کام کر رہی ہیں دیسی صنعت کے کاغذ کو مقبول عام بنانے کے لئے سرکار ہر طرح کی کوشش اور توجہ کر رہی ہے۔ آزمائشی کارخانہ قالین بانی ورنگل میں اعلیٰ قسم کے قالین تیار ہوتے ہیں۔ گذشتہ سال ۶۵۶۴ قالین یہاں سے یورپ بھیجے گئے۔ ان کے علاوہ سگریٹ، کشید الکوہل، تیزاب گری برف کے کارخانے۔ کپڑے کی ملین۔ روئی کی گرنیاں۔ اور متفرق کارخانجات اس مبارک عہد میں قائم ہوئے اور کامیابی سے چل رہے ہیں۔

عطوفات خسروانہ بیرون ممالک محروسہ

اعلیٰ حضرت واقدس کی فیاضیاں اور نوازشیں صرف باشندگان حیدرآباد ہی تک محدود نہیں ہیں۔ بلکہ ذات شاہانہ کا ابر کرم بیرون ممالک محروسہ پر بھی دور، دور برستا ہے ذیل میں وہ عطوفات شاہانہ درج کئے جاتے ہیں جن کا تعلق صرف سائنس سے متعلقہ ادارات اور تعلیمی درسگاہوں سے ہے۔

(نام ادارہ یا درسگاہ)	(عطیہ شاہانہ)	(نام ادارہ یا درسگاہ)	(عطیہ شاہانہ)
انسٹیٹیوٹ آف سائنس بنگلور	۱۲۰۰۰ روپیہ سالانہ	وشو بھارتی کلکتہ	ایک لاکھ روپیہ
مسلم علیگڈھ یونیورسٹی	۱۵ لاکھ ۶۰ ہزار روپیہ سالانہ	جامعہ فلسطین	ایک لاکھ روپیہ
بھنڈارکر انسٹیٹیوٹ	½ لاکھ ایک ہزار روپیہ کلدار سالانہ	زراعتی پبلک اسکول ڈیرہ ڈون۔	دو لاکھ روپیہ
راس انسٹیٹیوٹ لندن	ایک ہزار پونڈ	لیڈی ارون کالج۔	دو لاکھ روپیہ
لیڈی ہارڈنگ میڈیکل کالج دہلی	ایک لاکھ روپیہ	امپریل کونسل آف ایگریکلچرل ریسرچ۔	دو لاکھ روپیہ

الغرض ہمارے شفیق بادشاہ عالیجاہ کے ۲۵ سالہ دور حکومت میں سائنس سے متعلقہ ترقیات پر اندرون و بیرون ممالک محروسہ سرکار عالی جس فیاضی سے روپیہ خرچ کیا گیا اور کیا جا رہا ہے اسکی نظیر ریاست کی تاریخ کے کسی عہد میں نہیں ملتی۔ ہم بارگاہ ایزدی میں بکمال ادب دعا کرتے ہیں کہ اے اللہ پاک ہمارے فیاض بادشاہ ذیجاہ کی عمر و اقبال میں ترقی اور برکت روز افزون اضافہ فرما۔

دورِ عثمانی

از

جناب مولوی عبدالمجید صاحب صدیقی ام اے۔ال ال بی
اُستاد تاریخ جامعہ عثمانیہ

اس عہد مسعود پر روشنی ڈالنے کے لئے جو مہتم بالشان ترقیوں کا مخزن ہے سلطنت آصفیہ کی پچھلی تاریخ بھی پیش نظر رکھنا ضروری ہے کیونکہ جس پاکیزہ نصب العین کے ساتھ یہ سلطنت قائم ہوئی تھی اور جو اصول اور اخلاقی محاسن اس سلطنت کی تعمیر میں شامل تھے وہ برابر جاری اور ہر عہد میں ترقی پذیر رہے اور موجودہ پچیسویں سالہ مبارک عہد جو ہماری آنکھوں کے سامنے ہے اور جس کا ہم جشن منا رہے ہیں تمام پچھلی ترقیوں کا تتمہ ہے۔ آج سلطنت آصفیہ کو قائم ہوئے کم و بیش دو سو سال ہوتے ہیں اور یہ عجیب بات ہے کہ اس سلطنت کا ہر عہد اپنی نت نئی ترقیاں لے کر آیا اور اس طریقہ سے یہ سلطنت درجہ بدرجہ دکن کی سیاسی اور اخلاقی تعمیر کرتی رہی جس کو دکن اور دکھنی قومیں کبھی فراموش نہیں کرسکتیں لیکن ان تمام ترقیوں کے باوجود جو اس عہد مسعود کے آغاز تک ہوتی رہیں حیدرآباد کو ابھی بہت کچھ کرنا تھا اور اخلاقی اور سیاسی تعمیر کا بہت کچھ سامان جمع کرنا تھا جو زمانہ حال کی خصوصیات کا پورا جواب دیسکے۔ یہ کام قدرت کی طرف سے موجودہ اعلیحضرت خلد اللہ ملکہٗ کے عہد مسعود کے لئے ودیعت تھا۔ اس مبارک عہد نے ایک طرف سلطنت آبدمدت کی دیرینہ روایات اور نصب العین کا پورا احترام کیا اور دوسری طرف زمانہ حال کے اقتضا کے مطابق ترقی کی وہ قوتیں جمع کیں جو ایک متمدن مملکت کے لئے ضروری ہیں۔

اس سلطنت ابدمدت کے قائم کرنے والے دنیا کے بڑے تاریخ ساز بنے جو بڑے علم و فضل اور تمدنی سرمایہ کے ساتھ ترکستان سے آئے تھے۔ اگرچہ سلطنت آصفیہ کے بانی حضرت مغفرت مآب آصف جاہ اول ہیں لیکن اس سلطنت کی تاسیس میں آپ کے

مقدس باپ اور دادا کا بھی بڑا حصّہ تھا۔ مغفرت مآب کے باپ و دادا شہنشاہ اورنگ زیب کے ابتدائے عہد میں ترکستان سے آئے تھے۔ مغفرت مآب کے دادا خواجہ عابد تھے جو عابد خاں اور قلیچ خاں کے خطابات سے سرفراز ہوئے تھے اور باپ شہاب الدین خاں تھے جو غازی الدین خاں بہادر فیروز جنگ کے جلیل القدر خطابات سے ممتاز تھے۔ غور سے دیکھا جائے تو معلوم ہوتا ہے کہ یہ دونوں شخصیتیں دوگونہ قابلیت کی حامل تھیں ایک تو اِن کا علم و فضل اور خاندانی وجاہت ان کو تمام امرائے ہندوستان میں ممتاز کرتی تھی۔ کیونکہ جس خاندان سے ان بزرگوں کا تعلق تھا وہ ترکستان کا بڑا نامور خاندان تھا اور جس کے علم و فضل اور پاکیزہ اخلاق کے تمام ترکستان میں چرچے ہوتے تھے۔ ترکستان کی سیاست اور ارادت کی دونوں طاقتیں اس خاندان کے ہاتھ میں تھیں۔ حضرت شہاب الدین سہروردیؒ کو کون نہیں جانتا یہ اکیلی شخصیت آصف جاہی خاندان کی عظمت ظاہر کرنے کے لئے کافی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ قلیچ خاں اور غازی الدین خاں دونوں نووارد دوں نے ہندوستان میں بہت جلد اپنی قابلیت کا سکہ بٹھا دیا دوسری بات یہ تھی کہ یہ دونوں بزرگ بڑے اچھے سپاہی بھی تھے۔ انہوں نے شہنشاہ کے ہر آڑے وقت میں کام دیا۔ راجپوتانہ کی کٹھن مہم کھڑی ہوگئی تو شہاب الدین خاں نے اپنی جان جوکھوں میں ڈال دی اور اس کے بعد مرہٹوں کے معرکے شروع ہوئے اور گولکنڈہ اور بیجاپور کی تسخیر کا سوال پیدا ہوا تو ان دونوں باپ بیٹوں نے اپنے پورے سپاہیانہ دم خم سے کام لیا۔ ان مہموں کے لئے خود شہنشاہ دکن میں آگئے اور سب کام اپنے سامنے سر کئے۔ گولکنڈہ کی تسخیر ۱۶۸۷ء میں ہوئی اس قلعہ کے مشہور محاصرہ میں خواجہ عابد کا انتقال ہوا تھا۔ لیکن مغل مورخ بیان کرتے ہیں کہ اس جگر دار سپاہی نے مرتے وقت جو ہمت اور استقلال کا ثبوت دیا تھا وہ اپنی آپ نظیر ہے۔ توپ کے گولہ سے اُن کا شانہ چور چور ہوگیا تھا اور شاہی جراح مرہم پٹی کے لئے بھیجے گئے تھے۔ جب یہ جراح شکستہ شانہ کی ہڈیاں جوڑ رہے تھے تو لوگوں نے دیکھا کہ خواجہ عابد دوسرے ہاتھ سے قہوہ پی رہے تھے اور پوری خاطر جمعی کے ساتھ اپنے محاطبین سے گفتگو کر رہے تھے لیکن صدمہ اس قدر

جانکاہ تھا کہ وہ اس سے جانبر نہ ہو سکے اور حمایت ساگر کے نیچے دفن ہو گئے۔ ظاہر ہے کہ جس وقت خواجہ عابد یہاں دفن ہو رہے تھے کسی کو معلوم نہ تھا کہ اُن کا مقدس پوتا سرزمین دکن کا مالک ہو گا۔

جس طرح خواجہ عابد کا نام گولکنڈہ کے محاصرہ کے ساتھ وابستہ ہے ان کے بیٹے غازی الدین خاں فیروز جنگ کا نام بیجاپور کی تسخیر کے ساتھ مربوط ہے۔ یہ تسخیر گولکنڈہ سے ایک سال پہلے عمل میں آئی تھی اورنگ زیب کے منجھلے بیٹے شاہزادہ اعظم اس مہم کے کماندار بنائے گئے تھے۔ لیکن جوں ہی محاصرہ شروع ہوا اندر سے دکھنی فوج اور باہر سے مرہٹہ فوج نے یورشیں شروع کر دیں۔ مرہٹوں نے تو ایسا اودھم مچا دیا کہ مغلوں کو مقابلہ کرنا تو کجا زندہ رہنا مشکل ہو گیا تھا۔ کیونکہ مرہٹوں نے جنگل اور کھیت جلا دئے اور رسد کے تمام راستے بند کر دئے۔ مغل فوج فاقوں مرنے لگی اور ایک مغل مورخ کے الفاظ میں تمام مغل سپاہی پوست و استخواں ہو کر رہ گئے تھے۔ شاہزادہ اعظم اور اس کی بیوی جانی بیگم بصد مشکل ہاتھی پر سے آواز کر کے پژمردہ فوجوں کو آگے بڑھایا کرتی تھیں۔ جب شہنشاہ کو معلوم ہوا تو شہنشاہ نے رسد پہنچانے کی کوشش کی اور اس اڑے وقت شہنشاہ کی نظر میں غازی الدین خاں سے بہتر کوئی اور آدمی نہیں ہو سکتا تھا۔ غازی الدین خاں کو غلہ دیا گیا کہ وہ بیجاپور تک پہنچائیں۔ لیکن مرہٹوں کے ٹڈی دل کو چیر کر مغل فوج تک غلہ پہنچانا غایت درجہ مشکل تھا۔ مرہٹوں نے بھی سمجھ رکھا تھا کہ مغل فوج کی فتح و شکست اس رسد پر موقوف ہے۔ اس لئے اس رسد کو روکنے کی انہوں نے پوری کوشش کر لی اور غازی الدین خاں کو قدم قدم پر مقابلہ کرنا پڑا۔ اگرچہ اس دار و گیر میں بہت کچھ غلہ ضائع ہوا اور دشمنوں کے ہاتھ میں چلا گیا لیکن اس کی ایک کثیر مقدار مغل فوج تک پہنچ گئی۔ غلہ کا پہنچنا حقیقت میں ایک آیۂ رحمت تھا۔ اگر اس وقت غلہ نہ پہنچتا تو مغل فوج کا موت کے منہ میں جانا یقین تھا۔ مغل مورخ کہتے ہیں کہ غازی الدین خاں کو دیکھتے ہی شاہزادہ اعظم ہاتھی سے اتر پڑا اور آفرین کناں غازی خاں را در بغل گرفتہ شہنشاہ بھی غازی الدین خاں کی اس کوشش سے بہت خوش ہوئے اور ان کو ان الفاظ میں دل سے دعا دی۔ چنانچہ حق سبحانہ تعالےٰ از تردد خاں فیروز جنگ

شرم اولاد تیمور یہ نگاہ داشت آبروئے اولاد او تا روز قیامت خدا نگاہ دارد" دعا کے ان پرخلوص الفاظ سے جو شہنشاہ کے صمیم دل سے نکلے تھے غازی الدین خاں کا عظیم الشان کارنامہ معلوم ہوتا ہے۔ کہ انہوں نے کس طرح اس اڑے وقت مغل سلطنت کی مدد کی تھی اور یہ دعا اب تک غازی الدین خاں کی اولاد کے شامل حال ہے اس کے بعد غازی الدین خاں مرہٹہ لڑائیوں میں مصروف رہے اور نابینا ہونے کے باوجود وہ فوجوں کی رہنمائی کی نیز برار اور گجرات کی صوبہ داری کی۔

یہ عجیب اتفاق ہے کہ حضرت مغفرت مآب آصف جاہ اول کو جن کا اصل نام قمرالدین خاں تھا دکن میں رہنے کا موقعہ ملا تھا۔ یہ باپ دادا کے ساتھ دکن میں رہے اور بچپن سے دکن کے سیاسی اور جغرافی ماحول کا مطالعہ کرتے رہے اور یہ آئندہ سلطنت آصفیہ کی تاسیس کا سامان تھا۔ چونکہ قدرت اُن کو دکن کی عنان حکومت تفویض کرنے والی تھی اس لئے ایسے حالات بھی فراہم کردئے کہ یہ قبل از وقت دکن کی سیاست سے واقف ہوجائیں۔ ورنہ ایک نئے آدمی کے لئے جس کے باپ دادا ترکستان کے نو وارد ہوں دکن میں حکومت کرنا اور اس کے نظم ونسق کے لئے نہایت خوشگوار دستور بنانا آسان نہ تھا۔ لیکن یہ دکن کی خوش قسمتی تھی کہ اس سرزمین میں مغفرت مآب جیسی لائق شخصیت دستیاب ہوگئی جو دکن کے سیاسی ماحول اور اس کی ضروریات کے ہر طرح اہل تھی۔ اس کا اندازہ مغفرت مآب کے لائق نظم ونسق سے ہوسکتا ہے۔ جب مغفرت مآب دکن کے حکمراں ہوئے تو اپنی سیاسی دوراندیشی اور فرض شناسی صرف کرکے آئندہ سلطنت کا جو نظام حکومت تیار کیا اور اپنے جانشینوں کے لئے جو لائحہ عمل تیار کیا تھا وہ سب اس بات کی دلیل ہے کہ مغفرت مآب اس زمانہ میں واحد آدمی تھے جو یہ بارگراں برداشت کرسکتے تھے۔ اگر کچھ نہیں تو مغفرت مآب کی وہ زرین وصیتیں جو اُنہوں نے اپنے انتقال کے وقت فرمائی تھیں ان کی سیاسی قابلیت ظاہر کرتی ہیں کہ وہ دکن اور اہل دکن سے کس طرح واقف تھے اور یہ کہنا بیجا نہ ہوگا کہ مغفرت مآب کی زرّین وصیتیں جو اُنہوں نے آخری وقت فرمائی تھیں ہمیشہ سلطنت آصفیہ کے زیب عنوان رہیں۔

لیکن ایک اور قابل قدر چیز جو اس سلطنت کی تعمیر میں شامل ہے وہ اس کے بانیوں کے اخلاقی محاسن ہیں۔ وہ چیز ہمیشہ پیش نظر رہنی چاہیئے کہ حضرت مغفرت مآب نے سلطنت آصفیہ قائم تو کر لی لیکن اپنے جذبہ وفاشعاری کو ہاتھ سے جانے نہیں دیا۔ ممکن ہے کہ بعض لوگ سلطنت آصفیہ کی تاسیس کو مغفرت مآب کی بغاوت پر محمول کریں۔ لیکن واقعات بتاتے ہیں کہ یہ تاسیس انتہائی وفاداری کا مظاہرہ تھا۔ اول تو مغفرت مآب سادات بارہہ کے مقابلہ میں مالوہ سے نکلکر برہان پور آئے تھے اور حسین علی خاں بارہہ کی فوجوں کو شمال اور جنوب دونوں جگہ شکست دیکر اورنگ آباد میں قدم جمایا تھا۔ اور ظاہر ہے کہ یہ فعل تو سرتاپا شہنشاہ کی وفاداری پر مبنی تھا اور اس سے شہنشاہ بھی بہت خوش ہوئے تھے۔ اس کے بعد حسین علی خاں اور اس کے بھائی قطب الملک کا خاتمہ ہوا اور جس سازش سے ان کا خاتمہ ہوا تھا اس میں مغفرت مآب اور اُن کا خاندان شریک تھا اور یہ مغل سلطنت کی عین خدمت تھی یعنے اس سے محمد شاہ کو سادات بارہہ جیسے بیوفادوں سے آزاد کیا گیا تھا اور اس طرح شہنشاہ اس ترکمان خاندان کے دل سے بھی خواہ تھے۔ جب شہنشاہ آزاد ہو گئے اور عنان حکومت اپنے ہاتھ میں لے لی تو اس کے رتق وفتق کے لئے، مغفرت مآب کی ضرورت تھی اور یہ دکن سے بلائے گئے۔ مغفرت مآب کو کیا عذر ہو سکتا تھا یہ فوراً شمال گئے۔ آصف جاہ خطاب اور مغل سلطنت کی وزارت جلیلہ حاصل کی۔ چنانچہ عنان وزارت ہاتھ میں لینے کے بعد مغفرت مآب نے مغل سلطنت کی دیکھ بھال شروع کی۔ لیکن اورنگ زیب کے انتقال کے بعد سے دس پندرہ سال کے عرصہ میں سلطنت میں جگہ جگہ رخنے پڑ گئے اور ہر طرف گہن لگ رہا تھا۔ چونکہ مغفرت مآب اورنگ زیب کے زمانہ کے منجھے ہوئے آدمی تھے اور ان کی نظر اس قدر وسیع تھی کہ وہ سلطنت کی ہر کمی پوری کر سکتے تھے۔ اس لئے اُن کی دور رس نظر نے تمام حقائق سے واقفیت پیدا کر لی کہ اب حکومت کو کیا کرنا ہے اور اس کے مطابق انہوں نے پیش نامہ مرتب کر لیا جو اس زمانہ کے حالات کا لحاظ کرتے مغل سلطنت کے بچاؤ کا پورا سامان تھا۔ اور یہ کامیاب پیش نامہ صرف آصف جاہ ہی بتا سکتے تھے۔ یہ کسی اور کے بس کی بات نہ تھی۔ لیکن مشکل یہ تھی محمد شاہ اور اُن کا دربار اس پیش نامہ کی حقیقت

سمجھنے سے قاصر تھا۔ اس کا مضحکہ اڑایا گیا۔ جب کبھی یہ اپنا پیش نامہ لکھکر دربار میں جاتے تھے تاکہ اس کو رو براہ کیا جائے محمد شاہ رنگیلے کا دربار ہنسی اڑاتا تھا۔ ان حالات میں مغفرت مآب اور اُن کا پیش نامہ بالکل بے کار ثابت ہوا مغفرت مآب نے دو سال انتظار کیا اور شہنشاہ کو مفید مشورے دینے کی کوشش کی لیکن حالات ایسے ہمت شکن تھے کہ ان کی کوئی شنوائی نہیں ہوتی تھی۔ بالآخر مغفرت مآب مجبور ہو کر دکن چلے گئے اور ۱۷۲۴ء میں خود مختار ہو گئے۔

اس میں کوئی شک نہیں کہ مغفرت مآب کے دکن آنے سے محمد شاہ بہت خفا ہوئے اور ان کو باغی قرار دیا تھا لیکن جن حالات میں مغفرت مآب دکن آئے تھے وہ خود ثابت کرتے ہیں کہ ان کا یہ فعل ہر طرح جائز اور ہندوستان کی آئندہ سیاست کے لئے ہر طرح مفید مطلب تھا۔ دو سال کے تجربہ سے معلوم ہو گیا تھا کہ مغفرت مآب مغل سلطنت کی کوئی خدمت نہیں کر سکتے تھے۔ مغل سلطنت زوال کے گڑھے میں جا رہی تھی اس کا روکنا اب کسی مدبر کے بس کی بات نہ تھی۔ کیا ایسی صورت میں مرکزی حکومت کیلئے دکن کو بھی مرہٹوں کے بھینٹ چڑھانا مفید ہوتا۔ اگر مغفرت مآب دکن نہیں آتے تو دکن کی سلطنت آصفیہ جو مغل سلطنت کی نام لیوا ہے کبھی نہیں قائم ہوتی بلکہ یہاں اُس کی جگہ مرہٹہ طاقت ہوتی غالباً اُس کی پیش بندی کر کے مغفرت مآب نے شمال کو چھوڑ دیا اور دکن میں خود مختاری حاصل کر کے مغل سلطنت کی تمام روایتیں محفوظ کر دیں اور یہ اُن کی عین وفاداری تھی۔ لیکن اُن کی وفاداری کے اس سے زیادہ شواہد ہیں مغفرت مآب خود مختار تو ہو گئے لیکن خود مختاری کے شاہی لوازم۔ تخت، چتر اور شاہی القاب استعمال نہیں کئے۔ حیدر آباد کا سکہ بنایا گیا تو اس کے ایک طرف اپنا نام رکھا تو دوسری طرف شہنشاہ اورنگ زیب کا نام رکھا۔ یہ سب چیزیں مغفرت مآب کی وفاداری کے بین ثبوت ہیں۔ اس کے علاوہ دکن میں آنے کے بعد مغفرت مآب نے محمد شاہ کو جو خط لکھا تھا وہ بھی اُن کی وفاداری کا ثبوت دیتا ہے۔ اس خط میں پہلے شہنشاہ کی کوتاہی بتائی کہ ان کے پیش نامہ کو چلنے نہیں دیا۔ اب وہ اس سے زیادہ کچھ نہیں کر سکتے تھے اس میں شہنشاہ کا قصور ہے۔ ان حالات میں ان کا دکن آنا بہت ضروری تھا ورنہ شمال کی طرح

دکن بھی مغل حکومت کے پنجہ سے باہر نکل جاتا۔ لیکن آخر میں حضرت مغفرت مآب نے یہ کہا کہ جب مغل سلطنت کو میری خدمات کی ضرورت ہو میں حاضر ہوں۔ یہ صرف الفاظ ہی نہیں تھے بلکہ مغفرت مآب نے اس کی پوری پابندی بھی کی۔ چنانچہ جب ۱۷۳۹ء میں نادر شاہ نے حملہ کیا تو اس نازک وقت میں مغفرت مآب کی ضرورت محسوس ہوئی اور محمد شاہ نے ان کو شمال بلایا یہ فوراً چلے گئے اور فوج کی کمان اپنے ہاتھ میں لی۔ جب نادری فوجیں دہلی میں آگئیں اور قتل عام شروع ہوا تو اس قتل کو انہوں نے ہی مسدود کروایا۔ اس کے علاوہ انتقال کے وقت اپنے بیٹے ناصر جنگ کو جو وصیتیں فرمائی تھیں ان میں ایک وصیت وفاداری کے متعلق تھی۔ ناصر جنگ سے کہا کہ جس طرح میں مغل سلطنت کا وفادار رہا ہوں اسی طرح تم کو بھی وفادار رہنا چاہیئے۔ اس سے زیادہ اور کیا وفاداری کا ثبوت ہو سکتا ہے۔

ان اخلاقی محاسن کے ساتھ اس سلطنت کی تعمیر میں ترقی پذیر مادہ بھی شامل کیا گیا تھا کہ جیسے حالات ہوں انہیں کے مطابق سلطنت کو آگے بڑھایا جائے۔ اور عجیب اتفاق ہے کہ دو سو سال کے دوران میں اس سلطنت ابدمدت کو بیسیوں انقلابات سے دوچار ہونا پڑا لیکن اس سلطنت کی تعمیر میں کچھ ایسا ترقی پذیر مسالہ جمع کیا گیا تھا کہ وہ ہمیشہ ہر جدید حالات کا مقابلہ کرتا رہا اور سلطنت کو انہیں حالات کے قالب میں ڈھالتا رہا۔ حضرت مغفرت مآب کے انتقال کے بعد جو دور آیا وہ کچھ کم پرآشوب نہ تھا۔ جب غفراں مآب نواب نظام علی خاں سریر آرائے سلطنت ہوئے تھے سلطنت آصفیہ متعدد دشمنوں کے نرغے میں گھری ہوئی تھی۔ کمپنی مرہٹے اور جنوب میں میسور کی مخالف طاقت تھی اور اس سخت منجدھار میں سے سلطنت کے سفینہ حیات کو صحیح سالم نکالنا تھا۔ اور یہ حضرت غفران مآب کی غیر معمولی قابلیت تھی کہ انہوں نے نہ صرف دشمنوں کا مقابلہ کرکے اپنی ہستی باقی رکھی بلکہ سلطنت کو نظم و نسق کے اعتبار سے اس قابل بنایا کہ موجودالوقت حالات کا مقابلہ کر سکے۔ انیسویں صدی کے وسط میں جب غفراں منزل نواب ناصر الدولہ بہادر کا انتقال ہوا اور مغفرت مکان نواب افضل الدولہ بہادر سریر آرائے سلطنت ہوئے تو ہندوستان میں غدر پھوٹ پڑا اور ہندوستان کی فضا اس قدر وحشتناک ہوگئی کہ تمام مدبروں کے حوصلے پست ہو گئے تھے۔ لیکن حضرت مغفرت مکان اور ان کے

وزیر با تدبیر نواب مختار الملک کی قابلیتیں برابر کام کرتی رہیں۔ غدر کا کامیاب مقابلہ کیا گیا اور حالات اطمینان بخش ہو گئے لیکن اس غدر سے جو سیاسی اور معاشرتی تبدیلیاں ہوئی تھیں اُن کا اثر رُکنے والا نہ تھا۔ ہندوستان کے ساتھ حیدرآباد بھی ان سے متاثر ہو کر رہا۔ نواب مختار الملک نے جو حیدرآباد کے بہت بڑے محسن ہیں جدید حالات کا مطالعہ کر کے حیدرآباد کو بھی اسی راستہ پر ڈالنے کی کوشش کی۔ حضرت غفراں مکان کی کمسنی کے زمانہ میں ملک کے تمام سیاہ و سفید نواب مختار الملک کے ہاتھ میں تھے ایک طرف ملک رانی تھی کھوئے ہوئے مقبوضات کو دوبارہ حاصل کرنا تھا لیکن سب سے زیادہ کام یہ تھا کہ حیدرآباد کو جدید نظم و نسق کی زنجیروں میں جکڑ کر جدید ہندوستان کا مقابل بنایا جائے۔ اس میں کوئی کسر نہیں اُٹھا رکھی گئی اور سچی بات یہ ہے کہ اس وقت جو نظام حکومت ہے اس کا پچاس فیصدی سے زیادہ مختار الملک کا بنایا ہوا ہے یا کم از کم اس کی تمام بنیادیں اور پائے ان کے ڈالے ہوئے ہیں۔

جب ۱۹۱۱ء میں موجودہ اعلیحضرت قدر قدرت نے تخت پر جلوس فرمایا تو ہندوستان کیا تمام دنیا کے حالات دگرگون ہونے لگے ۱۹۱۴ء میں جنگ عظیم چھڑ گئی۔ اس میں تمام دنیا کا ہاوا آدم نرالا ہو گیا۔ پرانی سلطنتیں ٹوٹ پھوٹ گئیں نئی سلطنتیں بن گئیں سلطنتوں کے دساتیر بدل گئے۔ معاشرہ کی تمام ساخت بدل گئی۔ ظاہر ہے کہ ان حالات میں دو سو سال کا پرانا نظام حکومت کام نہیں دے سکتا تھا تاوقتیکہ اس میں جدید اقتضاء کے مطابق ضروری تبدیلیاں نہ کی جاتیں۔ اعلیحضرت حکیم السیاست کی علمی اور عملی قابلیت ہر موقعہ پر کارفرما رہی۔ اعلیحضرت قدر قدرت نے اپنی مملکت اور دنیا کے جدید حالات کا مطالعہ کر کے وہ علمی اور عملی تبدیلیاں کیں جس کی برکتیں سالہائے سال تک بلکہ صدیوں تک حیدرآباد اور اہل حیدرآباد کو فیضیاب کرتی رہینگی اور بعض تبدیلیاں اور کارنامے تو ایسے ہیں کہ ان سے ہندوستان بھی فیضیاب ہو رہا ہے اور کئی پشتوں تک ہوگا۔ بات یہ ہے کہ اول تو سلطنت آصفیہ کی تاسیس اور تعمیر خود ایسے مسالہ سے ہوئی تھی جو ہر زمانہ کے جدید حالات کا مقابلہ کر سکے دوسرے حیدرآباد کی یہ بڑی خوش قسمتی ہے کہ اس کو ایک بہت بڑا لائق ناخدائے سیاست

رہ گیا جس کا شمار دنیا کے بڑے مشاہیر میں ہے۔ اعلیحضرت قدر قدرت کی علمی و عملی قابلیت پوری طور پر واضح کی جائے تو اس کے لئے ایک جداگانہ کتاب کی ضرورت ہے۔ اعلیحضرت کے فطری جوہر سے کوئی انکار نہیں کر سکتا۔ اس پر طرّہ یہ کہ تعلیم و تربیت کے بیش بہا اثرات نے جو کام کیا وہ چھپے ہوئے نہیں ہیں بلکہ وہ ملک رانی کے ہر پہلو سے واضح ہیں۔ اس وقت دنیا کا کوئی حکمراں ایسا پیش نہیں کیا جا سکتا جو مشرقی اور مغربی علوم کا جامع ہو مشرقی اور مغربی سیاست اور حکمرانی کے قیمتی تجربوں سے پوری طور پر بہرہ اندوز ہو۔ باوجود دولت و کامرانی کے سادہ زندگی بسر کرے اور اپنے پر عیش و آرام حرام کر کے دن رات ملک اور عزیز رعایا کی فلاح و بہبود کے لئے وقف ہو سچ تو یہ ہے کہ صرف حیدرآباد کو ہی تنہا اس بات کا فخر حاصل ہے کہ دنیا کا بہت بڑا حکمراں اس کا ناخدا ہے۔

ہر مملکت کا نصب العین جو اس کے پیش نہاد ہمت ہونا چاہیئے ہمیشہ بحث طلب رہا ہے کہ مملکت کو بالآخر کیا کرنا چاہیئے۔ قدیم زمانہ میں کچھ رہا اور قرون وسطیٰ میں کچھ ــــ اس کی تاریخ بتانے کی یہاں ضرورت نہیں۔ زمانہ حال جس مقصد اور نصب العین کا قائل ہے وہ صرف اس قدر ہے کہ ایک طرف مملکت کے تمام قدرتی ذرائع سے جو قدرت کی طرف سے ودیعت ہیں پورا فائدہ اٹھایا جائے اور دوسری طرف اہل مملکت کی ذہنی اور جسمانی تعمیر کی جائے۔ اس زمانہ میں بھی دو مقاصد ہر مملکت کے نصب العین میں شامل ہوتے ہیں یعنے ہر مملکت چاہے وہ مشرقی ہو یا مغربی پہلے اپنے قدرتی ذرائع کو دریافت کر کے ان سے فائدہ اٹھاتی ہے یعنے معاشی ترقی کے ہر ممکنہ وسائل سونچتی ہے اور اُن کو رُو براہ کرتی ہے تاکہ ملک کی دولت میں اضافہ ہو اور وہ معاشی اعتبار سے دنیا کا مقابلہ کر سکے دوسرے اہل ملک کی ذہنی اور جسمانی تربیت کر کے اُن کو ایک زندہ قوم بناتی ہے قوم کی زندگی کا راز یہ ہے کہ ان کے دل و دماغ کو مانجھکر ان کی خفتہ قوتوں کو جگایا جائے تاکہ وہ ان قوتوں سے خود اپنی خدمت کریں اور ان قوتوں کو یکجا کر کے ملک کی خدمت کریں۔ اور اگر یہ دونوں مقاصد مملکت کے پورے ہو جائیں تو اس کا شاہراہ ترقی پر گامزن ہونا یقینی ہے اور وہ ایسی طاقت ہوگی کہ اس کا مقابلہ ناممکن ہوگا۔ حقیقت یہ ہے کہ اس وقت جو بڑی مملکتیں ہیں

ان کا راز صرف اس قدر ہے کہ ایک طرف انہوں نے ملک کے قدرتی ذرائع سے پورا فائدہ اُٹھایا اور دوسری طرف اہل ملک کی ذہنی اور جسمانی تربیت کی اور اس طرح وہ ناقابل تسخیر ہو گئے۔ اب دیکھنا یہ ہے کہ حیدرآباد نے ان مقاصد کی کہاں تک تکمیل کی۔ اگر غور سے دیکھا جائے تو پچیس سالہ عہد مسعود کی تمام کارفرمائیوں کو حصر کیا جائے تو معلوم ہوگا کہ حیدرآباد کا نصب العین بھی صرف یہی تھا۔ یہی دو مقاصد اس کے پیش نہاد ہمت تھے اس نے اپنے قدرتی ذرائع سے پورا فائدہ اُٹھایا اور اہل ملک کی ذہنی تربیت کے ذخیرے جمع کر دئے۔

ان دونوں کارفرمائیوں کو الگ الگ کر کے دیکھنا چاہیئے۔ جہاں تک قدرتی ذرائع کا تعلق ہے وہ درحقیقت اچھی تفصیل کا محتاج ہے۔ یہ چھوٹا مضمون اس تفصیل کا متحمل نہیں ہو سکتا۔ باغ عام کی نمائش ان تمام ترقیوں اور کارفرمائیوں کا زندہ مرقع تھا ہر سررشتہ کی رپورٹ زبان حال سے اس کی وضاحت کرتی ہے۔ لیکن یہاں اس قدر کہا جا سکتا ہے کہ اس پچیس سالہ عہد نے ملک کے قدرتی ذرائع کی پوری چھان بین کی۔ ان چیزوں اور مواقع کو دیکھا جہاں ترقی کی گنجائش تھی، معدنیات دیکھے، جنگلات دیکھے، زراعت کو ترقی دینے کے ممکنہ وسائل سوچے۔ یہ ہر شخص جانتا ہے کہ دکن ایک زراعتی ملک ہے۔ زراعت کے ساتھ یہاں ایسی پیداوار ہی پیدا ہو سکتی ہے جو صنعت و حرفت میں ترقی دے۔ لیکن دکن کی بارش قابل اعتبار نہیں۔ کبھی دکن کی بارش پر اعتماد نہیں ہو سکا۔ اب زراعت کو فروغ دینے کا ایک ہی ذریعہ ہے یعنے پانی کی ایسے خزانے جمع کئے جائیں جو استقلال کے ساتھ زراعت کی مدد کر سکیں۔ عثمان ساگر، حمایت ساگر اور نظام ساگر کی تعمیر لاکھوں روپیوں کے خرچ سے کی گئی اور یہ عظیم الشان خزانہ آب اپنی تمام امید افزا وسائل ترقی کے ساتھ برطانوی ہند میں بھی بہت کم پائے جاتے ہیں تنگبھدرا کا منصوبہ پورا ہو جائے تو اس سے بھی بہت بڑا اضافہ ہوگا ان خزانوں کے جو فائدے ہیں وہ کسی بیان کے محتاج نہیں ہیں۔ ہزاروں ایکڑ زمینیں جو خشک اور بنجر پڑی ہوئی تھیں وہ سیراب ہو گئیں اور وہ دن دور نہیں کہ وہ اہل زراعت کی محنتوں سے سونا اُگلنے لگیں گی۔ محکمۂ زراعت کی ترقی اور اس کی زندگی سے بھی

اس موضوع میں جان پڑگئی۔ زراعت کے ہر شعبہ میں فروغ محسوس ہو رہا ہے۔ اس طرح معدنیات جنگلات اور صنعت و حرفت کا حال ہے۔ غرض تمام قدرتی ذرائع سے فائدہ اُٹھایا جا رہا ہے اور آئندہ ترقی کے لئے راستے صاف کئے گئے۔

اب رہی ذہنی ترقی وہ پچیس سالہ عہد مسعود کا بہت بڑا کارنامہ ہے۔ ذہنی تربیت کے قریبی وسائل سوچنے اور اُن کو مرتب کرنے سے پہلے ان کے تمام محرکات کو پیدا کرنا بھی ضروری تھا جو بالواسطہ ذہنی تربیت کے باعث ہو سکتے ہیں۔ منجملہ اور محرکات کے خود حکومت کے آلات کو منظم اور زمانہ حال کے اقتضا کے مطابق شگفتہ کرنا تھا۔ جنگ کے بعد جو حالات بدلے تو ہر جگہ حکومت میں جمہوریت اور عمومیت کے عناصر پیدا ہونے لگے ملوکیتیں قائم رہیں لیکن ان میں حسب ضرورت عمومی عنصر بڑھائے گئے۔ اعلیحضرت قدر قدرت نے بھی حیدرآباد کے نظام حکومت میں تھوڑی تبدیلی کرکے وہ شان پیدا کر دی جو عمومی حکومتوں میں پائی جاتی ہے۔ چنانچہ "باب حکومت" قائم کی گئی جس میں تمام وزرا باہمی مشورہ سے مملکت کی تجاویز سوچیں اور ان کو روبراہ کریں۔ یہ مشورہ باب حکومت کے قیام سے پہلے مفقود تھا ہر وزیر جو معین المہام کہلاتا تھا اپنے ذاتی صوابدید سے کام کرتا تھا اور غالباً اس کے نتائج اتنے اچھے نہیں ہوتے تھے۔ لیکن اب باب حکومت کی اجتماعی شکل سے مملکت کے رتق و فتق میں ایک عمومی شان پیدا ہو گئی ہے جو عمومی مملکتوں کو حاصل ہے۔ اور اس کے اُوپر رئیس وقت کی بلند تر قابلیت ہر کمی پوری کرنے اور ملک کی صحیح رہنمائی کرنے کیلئے موجود رہتی ہے۔ یہاں باب حکومت کے فیصلوں اور مشوروں میں جو خامی ہوتی ہے وہ اُوپر کی رہنمائی سے دفع ہو جاتی ہے۔

جدید آلات حکومت کی رہنمائی سے جس میں ایک عمومی شان پائی جاتی ہے جو مفید نتائج برآمد ہو سکتے ہیں۔ ظاہر ہے اس سے ملک کی ذہنی تربیت کا بہت بڑا سامان جمع ہو گیا۔ ذہنی تربیت اچھی تعلیم اور اس کے خاطر خواہ انتظام پر موقوف ہے۔ تعلیم کی کئی منزلیں ہوتی ہیں۔ تعلیم کی پہلی منزل جہاں ایک بچہ اپنے گھر سے نکل کر مدرسہ میں داخل ہوتا ہے بہت اہمیت رکھتی ہے اور یہ اس وجہ سے اہم ہے کہ اس کے

نقوش ایک بچے کے دماغ میں آخری عمر تک رہتے ہیں اچھے نقوش ہوں تو اچھے اور بُرے ہوں تو بُرے اور ان کے اچھے اور برے نتائج ایک طالب علم کے عمر بھر تک شامل حال رہیں گے۔ اس کے بعد ثانوی تعلیم کی منزل آتی ہے اور یہ بھی اپنی جگہ کم اہم نہیں ہے۔ ان چیزوں کی اہمیت کے مدِ نظر اس پچیس سالہ عہد مسعود میں ابتدائی اور ثانوی تعلیم کے انتظام میں جس قدر مُبالغہ کیا گیا ہے وہ کسی تعریف کا محتاج نہیں ہے خود ملک کے تمام ارباب تعلیم اس کام کے لئے مصروف کئے گئے، اور ہندوستان اور ہندوستان کے باہر جہاں اچھے نظام تعلیم پائے جاتے ہیں ان کا مطالعہ کیا گیا۔ چنانچہ جاپان اور ڈاونکور کے مخصوص نظام تعلیم سے استفادہ کیا گیا اور جو کمی تھی ان سے پوری کی گئی۔ ابتدائی تعلیم بالکل مفت کی گئی تاکہ ہر طالب علم بلا وقت تعلیم سے استفادہ کر سکے نیز یہ آئندہ جبری تعلیم کا پیش خیمہ بنایا گیا۔ جب اس طرح راستہ صاف ہو جائے تو جبری تعلیم کا بھی انتظام ہو سکتا ہے۔ مقامی زبانوں پر بھی زور دیا گیا کہ بچوں کی تعلیم سہل اور عام فہم ہو سکے۔ اور یہ سب انتظام کچھ کم اُمید افزا نہیں ہے۔ لیکن اس کے باوجود حکومت وقت کی نظر اس قدر وسیع اور حوصلے اس قدر بلند ہیں کہ یہ انتظام بھی کافی نہیں سمجھا جا رہا ہے چنانچہ اعلیحضرت قدر قدرت نے اپنے جواب اڈریس میں ارشاد فرمایا تھا کہ ابھی ترقی کی بہت گنجائش ہے۔

اعلیٰ تعلیم کے دائرہ میں حیدرآباد نے جو خدمت انجام دی وہ عہد آفریں کہی جا سکتی ہے۔ عثمانیہ یونیورسٹی کا قیام اس عہد مسعود کا بہت بڑا کارنامہ ہے۔ اگر اور چیزوں کو نظر انداز کر دیا جائے جامعہ عثمانیہ اکیلی اس عہد کی عظمت واضح کرنے کے لئے کافی ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ جامعہ عثمانیہ کا قیام اور اس کے انوکھے اسلوب تعلیم کا نہ صرف حیدرآباد بلکہ ہندوستان ہمیشہ ممنون رہے گا اور اس عہد کو دنیا صدیوں تک یاد کرے گی۔ مادری زبان صرف صحیح ذریعہ تعلیم ہے۔ تعلیم اس کے ذریعہ اچھی طرح سرایت کر سکتی اور جزو بدن ہو سکتی ہے گویا دوسرے الفاظ میں ایک بچہ کی پرورش مصنوعی دودھ سے نہیں بلکہ شیر مادر سے ہوتی ہے۔ اس کی اہمیت اس جامعہ کے نتائج سے ہو سکتی ہے

یہ اگرچہ ایک نوخیز جامعہ ہے اور اس کو قائم ہوئے ابھی بیس سال نہیں ہوئے لیکن قلیل مدت میں اس جامعہ نے جو امید افزا نتائج ادب اور علوم کی شکل میں حاصل کئے ہیں وہ ملک کا بڑا سرمایہ ہے اور وہ کسی جامعہ کو حاصل نہیں ہے۔ ہر شعبہ میں ایک نئی اُپج ہے۔ ہر شعبہ علم و ادب اپنی پوری قوت کے ساتھ آگے بڑھ رہا ہے اور اگر جامعہ اور اس کی پیداوار کی یہی رفتار رہی تو یہ دنیا کی بہت بڑی جامعہ ہو کر رہیگی اور پورے ہندوستان کو سیراب کرے گی۔

اس حقیقت سے کوئی انکار نہیں کر سکتا کہ ملک میں اس جامعہ کی مدت سے ضرورت محسوس کی جا رہی تھی۔ جب ملک میں تمام کاروبار اُردو میں ہوتے تھے۔ دفتر اُردو میں تھا۔ قانون اور تمام قانونی کارروائیاں اُردو میں ہوتی تھیں تو کوئی وجہ نہیں تھی کہ تعلیم اُردو میں نہ ہو۔ اُردو حیدرآباد کی زبان ہے جو سب بولتے ہیں اور اپنے خیالات ظاہر کرتے ہیں اور تعلیم بھی آسانی سے ہو سکتی تھی چنانچہ جب جامعہ قائم کر دی گئی تو ہر علم و فن اُردو میں پیش کر دیا گیا جو حیدرآباد اور اہل حیدرآباد کے لئے نئی چیز نہیں تھی۔ باہر کے لوگ اس تعلیم اور ذریعہ تعلیم کو دیکھ کر حیرت کرتے تھے لیکن حیدرآبادیوں کو حیرت کرنے کی کوئی وجہ نہیں تھی کیونکہ حیدرآباد میں ہر چیز اُردو میں ہوتی ہے۔ نیز حیدرآبادیوں کو ملک کے اُردو کاروبار کے لئے تیار کرنا ہے کہ یہ طلبہ جامعہ سے خارج ہو کر ملک کے ہر گوشہ میں پھیلیں اور ملک کے نظم و نسق میں حصہ لیں اور ظاہر ہے کہ یہ غرض انگریزی ذریعہ تعلیم سے پوری نہیں ہو سکتی۔ انگریزی ذریعہ تعلیم جو بہت زمانہ سے حیدرآباد میں رائج تھا وہ کسی طرح مفید مطلب ثابت نہیں ہوا اور اس کی پیداوار کبھی اُمید افزا نہیں ہوئی اور اس سے ملک کو کوئی مواد نہیں ملا۔

عہد عثمانی میں اُردو ادب کی ترقی

از

جناب عبدالقادر صاحب سروری ام۔ اے؛ اِل اِل۔ بی (عثمانیہ)
پروفیسر اُردو جامعہ عثمانیہ

آج سے ربع صدی قبل، اُردو زبان اور ادب، اپنے مصلحین کی مساعی کی پہلی کرنوں سے منور ہونے لگے تھے، اور شمالی ہند میں حالی، نذیر احمد، شبلی اور شرر اور دکن میں کیفی، توفیق وغیرہ ابھی بقید حیات تھے، اور برابر اس کوشش میں لگے ہوئے تھے کہ اپنی زبان اور ادب کا ذخیرہ بھی اگلی رسم پرستی کی زنجیروں سے خلاصی پائے اور دنیا کی متمدن زبانوں اور ادب کی صف میں آجائے۔ لیکن ان کی اصلاحی تحریکات کی مخالف قوتوں کی بھی کمی نہیں تھی۔ قدیم اساتذہ کی ایک بڑی تعداد ایسی تھی، جو ان مصلحین کی جدت طرازیوں کو شبہ کی نظر سے دیکھتی تھی۔ اور جب موقع ملتا اس کے خلاف اپنے خیالات کے اظہار سے؛ ان تحریکات کے خلاف ردعمل پیدا کرنے کی کوشش سے نہیں چوکتی تھی۔ یہ ایسے اسباب تھے کہ ان کی وجہ سے مصلحین ادب کے ذہنوں میں بھی، آئندہ کے متعلق کوئی معین تصور جمنے نہیں پاتا تھا۔ اور یہ لوگ ملک کی قدامت پرستی سے نالاں تھے۔ قدامت پرستی کے جذبہ کی کارفرمائی کے سبب کسی نئی تحریک کا اثر جمنے نہیں پاتا تھا۔ ایسی فضا میں سرزمین دکن کی عنانِ حکومت ایک روشن خیال اور زبردست حکمران کے ہاتھوں میں آتی ہے۔ یہ ہستی اپنی روشن خیالی اور علم و ادب سے غیر معمولی شغف کے سبب ان مصلحین کی سرپرستی پر آمادہ ہوجاتی ہے۔ نئی تحریکات کے بانیوں کی ذاتی اور شخصی طور پر مدد کی جاتی ہے تاکہ انہیں پشت پناہی حاصل ہو۔ اور وہ محتاج زندگی کی فکر سے آزاد ہوکر اپنے مقدس کام میں اطمینان کے ساتھ منہمک ہوسکیں۔ حالی، شبلی، نذیر احمد، مشتاق حسین، سید احمد، غرض ہند کے دُور دراز خطوں کے اہل کمال پر اس ذات شاہانہ کا پرتو سایہ فگن ہوتا اور بواسطہ یا بلاواسطہ

ان کی ہمت افزائی کا باعث ہوتا ہے۔ اور وہ اپنی علمی اور ادبی خدمات میں برابر منہمک رہتے ہیں۔

ان شخصی اعانتوں کے باوجود، مرکز کا فقدان، ان باکمالوں کی مساعی کے اجتماعی زور اور اہمیت حاصل کرنے میں سدراہ بنا رہتا ہے۔ ذات شاہانہ کی دوربین نظریں اسکو بھی تاڑ لیتی ہیں۔ اور سارے ہندوستان کی اُردو دنیا کے لئے آپ کی فیاضی اور روشن خیالی ایک مرکز، جامعہ عثمانیہ کی صورت میں تشکیل فرماتی ہے۔

یہ ایک واقعہ ہے کہ، ایک نازک مرحلہ پر، اور ایک ایسے دَور میں کہ اُردو ادب اصلاح کی شاہ راہ پر داخل ہونے کے لئے آمادہ ہو رہا تھا، اعلیٰحضرت سلطان العلوم کی علمی دلچسپیوں اور شہرۂ آفاق فیاضیوں نے اس کی ایسی خدمات انجام دیں، جو عہد آفریں ثابت ہوئیں۔ ان دلچسپیوں اور فیاضیوں کی بدولت اُردو زبان اور ادب کے منتشر حواس کو مجتمع اور ہم آہنگ ہوکر، اپنی زبان اور ادب کی عظمت کے لئے کارنمایاں انجام دینے کا موقع ملا۔

ذات شاہانہ کی سرپرستی کے وقت، اُردو ادب، نظم اور نثر دونوں میں بجدید خیالات سے روشناس ہونے لگا تھا لیکن ہر چیز ابھی تک غیر معین تھی۔ اس عظیم الشان زبان اور اس کے پرعظمت ادب کے امکانات پوری طرح ظاہر نہیں ہو سکے تھے۔ کیونکہ منتشر تحریکات کو، ایک جسم نامیہ میں تشکیل دینے والے کی کمی تھی۔ پھر ہندوستان کی قدامت پرستی کے مدنظر، اس مہتم بالشان کام کے لئے ایک ایسی شخصیت کی ضرورت تھی، جو مختلف الخیال اجزا کے درمیان، ترکیبی اور تعمیری اثر ثابت ہو۔ بالفاظ دیگر، ایک روشن خیال سماجی آمر کی ضرورت تھی، جو زمانہ کا رخ پہچان کر اس کے لئے راہ ہموار کرے اور اپنی ملت کو اس کے خیر مقدم کے لئے تیار کرے۔ یہ خصوصیت، مشیت نے، حضرت سلطان العلوم کے حصے میں لکھی تھی۔ چنانچہ آپ نے، ہندوستان کی اس مغرب المثل قدامت پرستی کے خلاف جہاد کیا، جو انہیں اپنی ہر چیز کے متعلق احساس پستی میں مبتلا رکھتی ہے اور انہیں ابھرنے نہیں دیتی۔ اور اپنے ملک میں علم و فن کی سوتیں جاری کرنے کے لئے

ہندوستان کی سرزمین ہی کی ایک سوت کھول کر، اس کے منبع کو ایک طرف مغرب اور دوسری طرف ایران و عرب کے سرچشموں کے ساتھ استوار کر کے، خود اپنے پایۂ تخت میں اپنی خاص نگرانی میں، ایک عظیم الشان مخزن اور مرکز علم تیار کر لیا، جس کے فیض جاری سے آج سارا ہندوستان سیراب ہو رہا ہے۔

جامعہ عثمانیہ، ایک ہندوستانی زبان کے ذریعہ ہندوستان کے طول و عرض میں جدید علوم کی اشاعت اور ترویج کا واحد ذریعہ ہے۔ اس سلسبیل علوم سے ہندوستانی علوم اور ادب کے جو جوئے سیراب ہو رہے ہیں۔ ان کا تھوڑا بہت اندازہ ابھی سے ہونے لگا ہے۔ ایک زمانہ وہ تھا کہ آزاد، اور حالی نے، قدیم اصناف سخن کی صوری پابندیوں کا پورا احترام محفوظ رکھتے ہوئے بھی، جب نئے مضامین کو ان میں داخل کرنے کی جرات کی تو زبان اور قلم کے دربان قدم قدم پر حائل ہو رہے تھے یا اب یہ حال ہے کہ جدید سخن سرا، صوری پابندیوں کو بھی پس پشت ڈالنے کو تیار ہیں، لیکن کوئی محسوس نہیں کر سکتا۔ اردو نثر پر ایک دور ایسا بھی گذرا ہے کہ سرسید احمد خاں جیسا جبری مصلح بھی، رائے عامہ سے مرعوب ہو کر، اپنی کتاب "آثار الصنادید" کو مولانا امام بخش صہبائی سے ان کے خاص اسلوب میں لکھانے پر مجبور ہو جاتا تھا، اور میر امن جیسا مقبول انشا پرداز، "باغ و بہار" میں سادہ ہی سیدھی اور عام بول چال کی زبان استعمال کر کے، رجب علی بیگ سرور کے حملوں کا مورد بنتا تھا، یا اب یہ حال ہے کہ علم و فن کی ترویج کے سبب، اسلوب بیان میں، مغربی انداز کے تغیرات کا ایک حشر برپا ہے، اور لفظیات میں ہر صوبے اور ہر زبان کے اثرات کی وجہ سے ہر روز اضافہ ہوتا جا رہا ہے۔ اور ادبی تحریروں میں ان کو جگہ ملتی جا رہی ہے، لیکن کسی قدامت پرست کو کچھ کہنے کی جرات نہیں ہوتی!

مذکورہ بالا اجمال کی کچھ تفصیل، اس دور کے حیدرآبادی کارناموں کے ذریعہ ذیل میں کی جاتی ہے۔ اس مبارک عہد میں حیدرآباد جن ادبی کارناموں کی وجہ سے ممتاز رہا، ان میں سب سے پہلے قابل ذکر، تنقید، تاریخ زبان اور ادب اور خاص طور پر قدیم زبان اور ادبی کارناموں کی تحقیقات ہے۔ اس وقت حیدرآباد میں منتخب ادیبوں

اور اداروں کی ایک خاصی تعداد اس کام کے لئے ہمہ تن وقف ہے۔ اس سلسلہ میں جو کارنامے منظر عام پر آچکے ہیں ان میں "ہندوستانی صوتیات"۔ "ہندوستانی لسانیات"۔ "اُردوئے قدیم"۔ دکن میں اُردو"۔ "اُردو شہ پارے" کے علاوہ انجمن ترقی اُردو کے بیسیوں قدیم تذکرے، جو شعرائے قدیم کے حالات پر مشتمل ہیں اور قدیم شعرا کے ادبی کارنامے قابل ذکر ہیں۔ تذکروں میں، میر کا "نکات شعرا"۔ گردیزی کا تذکرہ شفیق اورنگ آباد کا "چمنستان شعرا" مصحفی، لطف قائم چاندپوری اور خلیل کے تذکرے۔ فائق کا تذکرہ شعرائے گجرات۔ اور ادبی کارناموں میں "صبرس"۔ "کلیات ولی"۔ "دیوان تاباں"۔ "انتخاب کلام میر" مثنوی خواب وخیال" جیسی اہم کتابیں شامل ہیں۔ انجمن ترقی سے شائع کئے ہوئے تذکروں کے علاوہ بعض اور قدیم تذکرے بھی شائع ہوئے جن میں "گلشن گفتار" (خواجہ حمید اورنگ آباد) بہت قدیم ہے۔ "انتخابات شعرائے دکن" اور "سلسلہ ادبیات اُردو" کی بعض تصنیفات بھی قابل ذکر ہیں جیسے "سراج سخن"۔ "کیف سخن"۔ "متاع سخن"۔ "ایمان سخن" وغیرہ۔ سلسلہ ادبیات کا "مرقع سخن" نہایت ضخیم اور قیمتی کارنامہ ہے۔

یہ کارنامے درحقیقت اُردو زبان کے بنیادی مسائل پر حاوی ہیں۔ ان کی اشاعت سے اُردو زبان کی قدامت اور وسعت کے متعلق جو خوشگوار حقایق بے نقاب ہوئے ہیں، ان کے اثرات دوررس اور پائدار ہیں۔ ان تحقیقات کی روشنی میں قدیم انشار پردازوں کی تحقیقیں افسانہ معلوم ہونے لگی ہیں۔

اس قدیم اور اہم دور کے علاوہ، نسبتاً بعد کے ادوار پر بھی جو وسیع تحقیقاتی کام اس دوران میں انجام پاتا رہا ہے۔ اس کا حصر کرنا دشوار ہے۔ کیونکہ اس میں سے بہت کم مواد کتابی صورت میں منظر عام پر آسکا ہے۔ جو کتابیں شائع ہوچکی ہیں اُن کی تفصیل حسب ذیل ہے۔

(۱) مثنویات میر (۲) سودا، اور اُن کا عہد (۳) دیوان یقین (۴) دیوان اثر (۵) دیوان تاباں (۶) دہلی میں اُردو شاعری کا آغاز (۷) اردو ادب میں لکھنو کی تحقیقی خدمات (۸) ارباب نثر اُردو (۹) مثنوی رموز العارفین (میر حسن) (۱۰) داغ

(۱۱) جدید اُردو شاعری (۱۲) انگریزی ادب کا اثر اردو ادب پر (بزبان انگریزی) (۱۳) غالب (بزبان انگریزی جس کا اردو ترجمہ بھی شائع ہو چکا ہے) (۱۴) اردو کے اسالیب بیان (۱۵) تنقیدی مقالات (۱۶) عہد عثمانی میں اُردو کی ترقی وغیرہ۔

مذکورہ بالا شائع شدہ کتابوں کے علاوہ، اتنی کتابیں جامعہ کے مقالوں یا مسودوں کی شکل میں ابھی منتظر اشاعت ہیں ذیل کے عنوانات سے ان کا تھوڑا بہت اندازہ ہو سکیگا۔ ولی، اُن کی حیات اور شاعری، دکن کی مرثیہ نگاری مغربی زبانوں کے اردو ترجم — ماہ لقا بائی چندا، اکبر الہ آبادی (حیات اور شاعری) انگریزی ادب کی مختصر تاریخ، عربی ادب کی مختصر تاریخ، سوانح نگاری، چکبست کی حیات اور شاعری۔

تاریخ ادب اور زبان سے ہٹ کر، ادب خاص میں نظم اور شاعری کو خاص فروغ حاصل ہو رہا ہے۔ اس کا سب سے بڑا محرک، خود اعلیحضرت سلطان العلوم کا شعری اور ادبی ذوق۔ آپ کا دربار ابتدا ہی سے ہند اور دکن کے ممتاز شعرا کا مرکز رہا۔ اور ان پر آپ کے الطاف طرح طرح سے ہوتے رہے۔ اس سلسلہ میں مہاراجہ یمین السلطنت سرکشن پرشاد بہادر شاد کی سرپرستیوں کا تذکرہ بھی ضروری ہے۔ آپ کا دامن اتنا وسیع ہے کہ جتنے باکمال شعرا، دکن میں پیدا ہوئے، یا شمالی ہند سے یہاں وارد ہوئے، سب کو اس سے حصہ ملا۔

حیدرآباد کی موجودہ ادبی چہل پہل میں قدیم اساتذہ اور جدید طرز کے نوجوان شعرا دونوں کا حصہ ہے۔ اُردو شاعری میں جدید صوری اصلاح کے اولیں علمبردار، عظمت اللہ خاں مرحوم، اس عہد کی پیداوار ہیں ان کی دلکش نظمیں جو اس وقت اولیں تھیں، ہمیشہ اولیں رہیں گی۔ مولانا سلیم مرحوم نے جو اپنی شاعری کے ذریعہ نوجوانوں میں روح عمل پیدا کرنے کے لئے لازوال شہرت حاصل کر چکے ہیں، اپنی عمر کے آخری اور بہتریں سال اس عہد خوش بختی میں گذارے۔

جدید شاعری کا ذوق، جو اس وقت سارے ہندوستان میں جاری اور ساری ہے، اس کو آگے بڑھانے میں جامعہ عثمانیہ کے خوش فکر شعرا کا بڑا حصہ ہے۔ وہ

نہایت خلوص کے ساتھ اپنی زبان اور ادب کی خدمت انجام دے رہے ہیں ان کے کارناموں میں حسن فطرت کے جو پہلو بے نقاب ہوتے نظر آتے ہیں، اور عمل کی جو روح مضطرب دکھائی دیتی ہے، اس سے توقع ہے کہ وہ جلد ہی لازوال شہرت حاصل کریں گے۔

جدید شاعروں کے کارنامے زیادہ تر رسائل میں محفوظ ہیں؛ اس وقت صرف چند مجموعے شائع ہوئے ہیں جیسے "من کی بانسری"۔ "شیب و شباب"۔ "مزامیر"۔ وغیرہ۔ اور کچھ اب شائع ہو رہے ہیں۔ ان کی اشاعت سے حیدرآباد کے جدید شعرا کی فکر کے متعلق بہت سے امور روشنی میں آسکیں گے۔

قدیم اساتذہ میں حضرت شاد، امجد، توفیق، کیفی، عزیز، جلیل، باقی (گردھاری پرشاد) حسرت (مولانا عبدالقدیر صدیقی) نظم طباطبائی، ذہین مرحوم آزاد کے کئی کئی مجموعے اس وقت شائع ہو چکے ہیں۔

اس سلسلہ میں یہ امر بھی قابل ذکر ہے کہ ہمارے نوجوان شعرا جہاں جدید ترین اسلوب شعر کو فروغ دینے میں کوشاں ہیں، کچھ نوجوان ادیب، مشرق اور مغرب کے چوٹی کے شعرا کے کلام پر تنقیدیں ان کے نمونے، اور ان کے سوانح حیات کی اشاعت کی طرف بھی متوجہ ہیں۔ اس وقت اس طرح کی چند کتابیں مثلاً "ورڈسورتھ اور اس کی شاعری"۔ "ٹیگور اور اُن کی شاعری" "منتخبات ہندی"۔ "براؤننگ" وغیرہ شائع کر کے ملک میں شاعری کے صحیح ذوق کو ترقی دینے میں مدد کر رہے ہیں۔

اُردو ادب کو ڈراما اور اس کے صحیح مفہوم سے روشناس کرنے میں بھی، حیدرآباد کے ادیب ہندوستان کے ترقی پسند ادیبوں کی کوششوں میں ہاتھ بٹا رہے ہیں۔ اس مقصد کے لئے "انجمن ترقی ڈراما"۔ "بزم تمثیل" اور "حیدرآباد ڈرامٹک ایسوسی ایشن" اور چند ادارے برابر کام کئے جا رہے ہیں۔ ان کی کوششوں کے نتائج حسب ذیل ڈراموں کی شکل میں نمودار ہو چکے ہیں۔

"نئی روشنی"۔ "ظاہر باطن" "حشرات الارض"۔ "فریب تخیل"۔ "صلائے عام"۔ "ہوش کے ناخن"۔ "غلط در غلط"۔ "مالن"۔ "مستقبل"۔ "کالج کے دن"۔ "خیام" وغیرہ۔

ان ڈراموں میں سے بعض مغربی شہ کاروں سے ماخوذ ہیں۔ اور اکثر ایک سے زیادہ دفع اسٹیج پر بھی کامیابی کے ساتھ پیش کئے جا چکے ہیں۔ یہ کام بڑی محنت ذوق اور سلیقے کا تھا، لیکن تجربہ کار اداآموزوں، اور صاحب ذوق پیش کنندوں اور اداکاروں نے اس میں جو کامیابی حاصل کی ہے، اس سے، حیدرآباد میں ڈرامے کی ترقی کے لئے شاندار مستقبل پیدا ہو گیا ہے۔

بعض خوش فکر شاعر مغربی شہ کاروں کو اردو کے قالب میں ڈھالنے کی سعی میں برابر لگے ہوئے ہیں۔ چنانچہ ایک مشہور سخن پرداز، جو جرمنی کے فلسفی شاعر، گوئٹے سے خاص طور پر متاثر ہیں اس کے شہ کار "فاؤسٹ" کے خیالات کو اپنے طور پر، اردو میں نہایت خوش اسلوبی سے ادا کر رہے ہیں۔ توقع ہے کہ یہ کام جلد منظر عام پر آجائے گا۔

اصل ڈراموں کے علاوہ ڈرامے کے فن، اس کی تاریخ اور اس کے لوازم پر بھی کافی لٹریچر ہمارے ہاں پیدا ہو چکا ہے۔ چنانچہ ایک مبسوط کتاب "اردو اور ڈراما نگاری" شائع ہو چکی ہے، اور "جدید اردو ڈراما" اشاعت طلب ہے۔

ان وسیع اخراجات کا لازمی نتیجہ ظاہر ہے ہماری درسگاہیں مکمل طور پر کیل کانٹے سے صرف درست ہی نہیں ہوئیں بلکہ برطانوی ہند کی مماثل درس گاہوں سے سبقت لے گئیں۔ لیکن باوجود اُن عظیم الشان اخراجات کے یہ تسلیم کرنا پڑے گا کہ ابھی ہم سائنس کے عملی کام میں آخر الذکر درس گاہوں سے پیچھے ہیں۔ اس کی ایک بڑی وجہ یہ ہے کہ ہماری اکثر درس گاہیں کرایہ کے مکانات میں ہیں اور ان میں سائنس کے عملی کام کی موزونیت کے لحاظ سے گنجائش نہیں ہے۔ لیکن اس حقیقت سے بھی انکار نہیں کیا جاسکتا کہ کچھ حد تک متعلقہ اساتذہ بھی اس کے ذمہ دار ہیں۔ ایک سپاہی جس کو اپنے ملک اپنے مالک اور اپنی قوم سے محبت ہے میدان جنگ میں باوجود جگہ کی ناموزونیت اور ساز و سامان کی کمی کے بہادری کے ایسے جوہر دکھاتا ہے کہ اپنے تو اپنے، غیروں کی زبان سے تعریف نکلنے لگتی ہے۔ اس کے یہ معنی نہیں ہیں کہ ہم کو اپنے ملک و مالک اور قوم سے محبت نہیں ہے اور ہم جذبہ وطنیت میں کسی سے کم ہیں۔ لیکن جس چیز کی کمی ہے وہ یہ ہے کہ ہمارے ارادوں میں جوشِ عمل اور افعال میں اثبات اور انہماک نہیں ہے ہم کو معلوم رہنا چاہیئے کہ ملک ہمارا ہے مالک ہمارا ہے اور قوم ہماری ہے قوم کی بہبودی ہماری بہبودی ہے۔ قوم کی زندگی ہماری زندگی ہے۔ اور یہی آج کے زیر تعلیم بچے کل کی قوم بنیں گے۔ ایک استاد جس کو اپنے کام سے دلچسپی ہے۔ وہ دارالتجارب کے معمولی کم قیمت سادہ آلات سے زیادہ بہتر نتائج پیدا کرتا ہے۔ بمقابلہ اس استاد کے جس کا تجربہ خانہ تو اعلیٰ پیمانے پر تمام سائنٹفک آلات سے آراستہ ہے لیکن اس کو اپنے کام میں دلچسپی نہیں۔ نویں سالانہ اساتذہ کی کانفرنس کے موقع پر نواب مہدی یار جنگ بہادر وزیر تعلیمات نے اپنے پرمغز خطبہ صدارت میں سائنس کے متعلق جن خیالات کا اظہار فرمایا ہے۔ وہ چونکہ اس مضمون کی تعلیم سے خاص طور پر متعلق ہیں لہذا ہم اُن کو ذیل میں نقل

کرتے ہیں۔

"آئندہ یہ ضروری ہوگا کہ ثانوی مدارس میں سائنس کی تعلیم اور مہیا کردہ آلات کے معائنے کی غرض سے ایک خاص مہتمم مقرر کیا جائے جو سائنس دان ہو۔ طلبہ کو سائنس کی ابتدائی تعلیم سے بشرطیکہ وہ قاعدے سے دی جائے۔ صحیح وزن و پیمائش، صحیح مشاہدہ اور مشاہدات و تجربات سے صحیح استخراج نتائج سکھانا مقصود ہوتا ہے۔ صحیح مشاہدہ اور بے کم و کاست اظہار کی عادت نہایت قابل قدر چیز ہے اور ان اوصاف کا مادہ ہے جنھیں ہمیں "لازمات تہذیب" کہنا ہوگا۔ اور جس سے تعلیم یافتہ شخص کو آراستہ ہونا چاہیئے۔ مہتمم سائنس کو دیکھنا اور کیفیت پیش کرنا ہوگا۔ کہ طلبہ کو کہاں تک آلات سے کام لینا اور تجربات کرنا سکھایا گیا ہے۔ اور آیا طرز تدریس بھی ایسا ہے جس سے طلباء میں درست مشاہدے اور قطعی صحت کے ساتھ نتائج قلمبند کرنے کی عادتیں راسخ ہوں۔"

قابل صدر نے سائنس کی تعلیم اور اس کی اصلاح کے متعلق جن خیالات کا اظہار فرمایا ہے اس سے سائنس کی درس و تدریس کا مستقبل اور روشن ہو جاتا ہے۔ حقیقت یہی ہے کہ ذاتی تجربات اور مشاہدات کے بعد صحیح استخراج نتائج اور بے کم و کاست اظہار کی عادت نہایت قابل قدر چیز ہے۔ انہیں اوصاف کی بدولت مغربی اقوام نے سربستہ قوانین قدرت کو سمجھا، فطرت کی زبردست قوتوں کو مسخر کیا اور ان سے اپنے مقاصد کے حصول میں کام لے کر دنیا میں تہذیب اور تمدن کی علمبردار بن گئیں۔

نصاب قبل ازیں ہم ذکر کر چکے ہیں کہ آج سے ۱۵ یا ۱۶ برس قبل مملکت ہذا کے نصاب تعلیمی میں سائنس کا شمار برائے نام تھا۔ مسٹر میہو نے اپنی رپورٹ میں سائنس کی باقاعدہ تعلیم پر زور دیا لیکن اس کو امتحانی مضمون کی حیثیت نہ دی۔ اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ سائنس کی باقاعدہ تعلیم میں برابر تاخیر ہوتی رہی اور ۲۹ء سے پیشتر اس کی تعلیم پہلے سے کچھ بہتر نہ ہوئی موجودہ نصاب تعلیمی میں سائنس کو خاص اہمیت حاصل ہے۔ طبقہ ثنتانیہ میں تو شروع سے مطالعہ قدرت کی شکل میں سائنس اس خیال کی تحت لازمی قرار دی گئی تھی

کہ ہمارے بچے اوائل عمر سے اپنے گرد و پیش کے طبعی ماحول کو آنکھ کھول کر دیکھنے کی عادت پیدا کریں لیکن اس زمانہ میں وسطانیہ اور فوقانیہ جماعتوں میں سائنس اختیاری مضمون کی حیثیت سے تھی۔ بعد ازاں وسطانیہ جماعتوں میں بھی یہ مضمون لازمی قرار دیا گیا۔ اور مطالعہ قدرت کے ساتھ ساتھ ابتدائی سائنس بھی نصاب میں داخل ہوگئی ۱۹۴۳ء سے فوقانیہ جماعتوں میں یہ مضمون لازمی ہوگیا۔ حتیٰ کہ اسی سال ۱۹۴۶ء میں شعبہ دینیات کے جو طلبار امتحان میٹرک میں داخل ہوں گے۔ ان کو بھی منطق کے بجائے سائنس میں امتحان دینا ہوگا۔ اس طرح دینیات کے طلبہ کے لئے یہ پہلا موقعہ ہوگا کہ وہ سائنس کی دنیا میں داخل ہوں۔ یہ جدید اور قدیم خیالات کی آمیزش ان کے لئے صرف مفید ہی نہیں ہے بلکہ نہایت ضروری ہے۔ جدید تجربات نے اس امر کو بالکل واضح کر دیا کہ ذہنی اور اخلاقی تربیت صرف منطقی استدلال اور زبانی جاد بیجا تلقین و تبلیغ سے نہیں ہو سکتی ہے۔ اس مقصد کو پورا کرنے کے لئے تقدیر پرستی کی بجائے فلسفۂ عمل کی تلقین کی زیادہ ضرورت ہے تاکہ طلبا میں کارکردگی کی بیش قیمت صفات کی نشو و نما ہو۔ ذہنی، اخلاقی، معاشرتی مقاصد کے حصول کے لئے سائنس کی تعلیم سے بہتر۔ بشرطیکہ وہ با اصول طریقے پر دی جائے کوئی دوسرا ذریعہ نہیں ہے صنعتی و مادی مفاد کے حصول کے علاوہ سائنس نے انسان کو سب سے زیادہ مفید اور نتیجہ خیز سبق یہ سکھایا ہے کہ وہ خود اپنی ترقی اور تنزل کا ذمہ دار ہے۔ وہ اپنی تربیت یافتہ عقل کے ذریعہ اپنے ذاتی معاملات کے مختلف پہلوؤں پر نظر ڈالے اور اس کے موافق اور مخالف دلائل کو تولے اور حسب ضرورت صحیح راستہ اختیار کرے ایک ماہر فن تعلیم لکھتا ہے کہ "اس عقیدے کے طفیل میں انسان عاجزانہ تقدیر پرستی سے نجات پا کر نظام عالم میں اپنی اہمیت اور اپنے فرائض کو پہچانتا ہے۔ اور یہی خود شناسی خدا شناسی کی سیڑھی ہے۔ بلکہ واقعہ یہ ہے کہ سائنس قدرت کی کارسازی کے وہ حیرت انگیز کرشمے دکھاتی ہے۔ اور قدرت کے لاتعداد اور بظاہر متضاد مظاہر میں قانون الٰہی کی حکومت کا ایسا بیّن ثبوت دیتی ہے کہ اگر ہم عقیدت اور احترام کے ساتھ چشم بصیرت سے اس کا مطالعہ کریں تو وہ ہمیں بلا واسطہ معرفت الٰہی کی منزل پر

چہنچا دیتی ہے "

سائنس کی تعلیم کی وسعت کے ساتھ ہی ساتھ اس امر کو بھی خاص طور پر پیش نظر رکھا گیا ہے کہ جو کچھ اس مضمون میں طلبہ کے سامنے پیش کیا جائے وہ ان کی عمر، فطرت۔ جبلت اور جذبات کے مطابق ہو۔ اس اہم مقصد کی تکمیل کے لئے ایک مجلس نصاب قائم ہوئی۔ یہ مجلس سررشتہ ہذا جامعہ عثمانیہ کے سینیر عہدہ داروں پر مشتمل تھی۔ اس مجلس نے ایک ذیلی مجلس کی مدد سے تمام جماعتوں کے واسطے ہمارے حالات کو مدنظر رکھ کر نہایت بہتر نصاب تیار کیا۔ نصاب کی ترتیب کے ماسوا اس زمانہ میں ایک دوسرا مفید کام انجام دیا گیا جس طرح ایک سپہ سالار کی کامیابی کا راز اس میں شک نہیں کہ بہت کچھ اس نقشۂ جنگ پر منحصر ہے جو قبل سے سوچ کر مرتب کر لیا جاتا ہے لیکن اس امر سے بھی انکار نہیں کیا جا سکتا کہ کامیابی کا ایک بہت بڑی حد تک انحصار زمانہ کے حسب حال اُن سائنٹفیک اسلحہ پر بھی ہے جن سے فوج مسلح ہوتی ہے۔ بالکل اسی طرح ایک استاد کی کامیابی کا راز بہت کچھ ان کتب پر منحصر ہے۔ جو طلبہ کے زیر مطالعہ رہتی ہیں۔ ہر مضمون کی بہترین کتابوں کی تصنیف و تالیف کے واسطے ایک مجلس نصاب کتب قائم ہوئی اس طرح شعبہ سائنس سے متعلق ایک مجلس کا قیام عمل میں آیا ظاہر ہے کہ جو تصنیف و تالیف کا کام سررشتہ ہذا اور جامعہ کے بہترین تجربہ کار اور قابل اساتذہ کی مشترکہ دماغی کاوش کا نتیجہ ہوگا وہ کس قدر مفید ہوگا۔

سائنس اور جامعہ اعلیحضرت واقدس کی تخت نشینی سے قبل ریاست ہذا میں دو کالج تھے۔ ایک مشرقیہ جو دار العلوم کے نام سے مشہور تھا۔ یہ یہاں کی قدیم ترین درس گاہ تھی۔ اس میں طلبہ امتحانات السنہ مشرقیہ کے لئے تیار کئے جاتے تھے اور دوسرا نظام کالج جو مدارس یونیورسٹی سے ملحق ہے کالج اول الذکر میں جیسا کہ ہم اوپر ذکر کر چکے ہیں سائنس کی برائے نام نظری تعلیم مولوی اور عالم کے نصاب میں داخل تھی لیکن نظام کالج میں انگریزی کی اعلیٰ تعلیم کے ساتھ ساتھ تھوڑی بہت باقاعدہ سائنس کی تعلیم بھی دی جاتی تھی۔ اس کام کے لئے ایک ۔ڈی۔ ایس بی (ڈاکٹر آف سائنس) بحیثیت لکچرار اور ایک

بی۔ایس۔سی ڈمانسٹریٹر مامور تھا۔لیکن ۱۹۲۹ء تک اس کالج کا شمار بحیثیت ایک آرٹس کالج کے تھا۔اسی سال تقریباً ۳ لاکھ کی منظوری سے یہاں کے دارالتجربہ کی تعمیر شروع ہوئی اور یہ ۱۹۳۰ء میں تکمیل کو پہونچا۔بی۔ایس۔سی کی جماعت کا آغاز ہوا۔اور مدارس یونیورسٹی کے معاہدہ کے مطابق اس سلسلہ میں سائنس کی تعلیم کے لئے متعلقہ اسٹاف میں بھی اضافہ کیا گیا۔ فی الوقت نظام کالج سائنس کی تعلیم کے لحاظ سے کسی برطانوی ہند کی درس گاہ سے پیچھے نہیں ہے۔اس کالج کے طلبہ کی مضمون سائنس سے گہری دلچسپی کا پتہ اس نمائش سے چلتا ہے۔جو ۱۹۴۴ء میں مسٹر ٹرنر کی سرکردگی میں یہاں کے طلبہ نے بصدارت جناب نواب مہدی یار جنگ بہادر منعقد کی تھی۔

جامعہ عثمانیہ جامعہ عثمانیہ کا قیام اعلیحضرت واقدس کے درخشاں دور حکومت کا نہایت مہتم بالشان کارنامہ ہے۔جامعہ کی سب سے بڑی خوبی یہ ہے کہ سائنس اور دیگر مضامین کی تعلیم ملک کی عام زبان اُردو میں ہوتی ہے۔اگرچہ آج مادری زبان میں تعلیم دینے کی اہمیت اور ضرورت کو تمام ملک نے تسلیم کرلیا ہے۔اور تقریباً تمام تعلیمی محکمہ جات نے بجز چند جمود پسند جامعات کے فوقانیہ جماعات کی تعلیم اُردو میں کردی اور خیال یہ ہو رہا ہے جیسا کہ ایک قابل مصنف نے بھی لکھا ہے کہ "چند سال کے اندر ہی اندر کوئی یونیورسٹی ایسی نہ رہے گی جہاں ثانوی تعلیم انگریزی کے ذریعہ دی جائے لیکن اس کے بعد ایک اور تعلیمی جہاد کرنا پڑیگا جس کا مقصد کالجوں اور یونیورسٹیوں کی تسخیر ہوگا" یہ بات ہمارے لئے باعث فخر ہے کہ جس تعلیمی جہاد کا احساس اب ملک میں ہو رہا ہے وہ ہماری ریاست اپنے روشن خیال فرمانروا کی زیر قیادت آج سے ۱۸ برس قبل نہایت کامیابی سے کرچکی ہے اس لحاظ سے جامعہ عثمانیہ اپنے طرز کا اولیں ادارہ ہے جس میں سائنس کی اعلیٰ تعلیم ملک کی عام زبان اُردو میں دیجاتی ہے۔گو ابتدا میں خیال یہ تھا کہ زبان اُردو میں اتنی صلاحیت نہیں ہے کہ یہ سائنٹیفک مضامین کی اعلیٰ تعلیم کا ذریعہ بن سکے لیکن ہمارے بادشاہ ذیجاہ کی شاہانہ فیاضی اور علم نوازی نے اس مسئلہ کو نہایت خوبی سے حل کردیا۔اس میں شک نہیں کہ یہ مسئلہ نہایت پیچیدہ تھا۔اور اعلیٰ حضرت واقدس کی سرپرستی اور ہمدردانہ رہبری کے

بغیر اس بیل کا پروان چڑھنا ناممکن تھا۔ قیام جامعہ کے متعلق جو فرمان ممتر شدہ ۱۶ ذی الحجہ شرف صدور لایا۔ اس کے الفاظ بطور فخر و مباہات ذیل میں نقل کئے جاتے ہیں۔

"وہ آرا منظور کئے جاتے ہیں جو اس مملکت میں ایک ایسی یونیورسٹی کے قیام کے متعلق عرضداشت اور اس کے ساتھ کی یادداشت میں عرض کئے گئے ہیں کہ جس میں زمانہ قدیم اور زمانہ حال کے علم و کمال کو باہم یکجہتی کے ساتھ ضم کیا جائے جس سے وہ نقایص دُور ہو جائیں جو موجودہ طریقہ تعلیم سے پیدا ہوئے ہیں اور جسمانی ذہنی اور روحانی تہذیب و آراستگی کے جو بہترین فوائد زمانہ موجودہ اور زمانہ قدیم کے طریقہ تعلیم میں موجود ہیں وہ پورے طور پر حاصل کئے جا سکیں اس سے جو مقصد اول ہے یہ ہے کہ مملکت میں تعلیم پھیلائی جائے۔ اس کے علاوہ اس کا مطمح نظر یہ بھی ہونا چاہیئے کہ طلبہ کی اخلاقی تربیت بھی کی جائے۔ اور ان میں تمام سائنٹیفک مضامین کی تحقیق کا شوق پیدا کیا جائے یونیورسٹی کے انجام دہی کار کا ضروری اُصول یہ ہونا چاہیئے کہ اعلیٰ تعلیم زبان اُردو کے ذریعہ سے دی جائے اور اس کے ساتھ ہی بحیثیت زبان ہر طالب علم کے لئے زبان انگریزی سیکھنا لازم گردانا جائے۔ اس غرض و مقصد کو پیش نظر رکھکر حکم دیا جاتا ہے کہ جو اُصول عرضداشت میں عرض کئے گئے ہیں ان پر میری تخت نشینی کی یادگار کے طور پر مملکت ہذا کے لئے ایک یونیورسٹی قائم کرنے کی کارروائی شروع کی جائے۔ اور اُس کو عثمانیہ یونیورسٹی حیدرآباد کے نام سے موسوم کیا جائے" فرمان مُبارک کے ذیل کے الفاظ پر غور کیجئے۔ "اس سے جو مقصد اول ہے وہ یہ ہے کہ مملکت میں تعلیم پھیلائی جائے اس کے علاوہ اس کا مطمح نظر یہ بھی ہونا چاہیئے کہ طلبہ کی اخلاقی تربیت بھی کی جائے اور ان میں تمام سائنٹیفک مضامین کی تحقیق کا شوق پیدا کیا جائے"۔

ان الفاظ سے پتہ چلتا ہے کہ حضرت سلطان العلوم تاجدار دکن کو سائنس اور اس کے مماثل محققانہ مضامین کی تعلیم سے کتنی گہری دلچسپی ہے۔ گذشتہ ۱۵ یا ۱۶ سال میں حضرت اقدس و اعلیٰ نے سائنٹیفک مضامین کی تعلیم پر جو بے دریغ روپیہ صرف کیا اور اب بھی صرف کر رہے ہیں وہ ایک بہت بڑی ملکی اور قومی خدمت ہے۔ ملک کی عام

زبان اردو میں سائنٹیفک علمی چرچہ پیدا کرکے اس کو قعر مذلت سے نکالنا ہمارے ہی بادشاہ عالی جاہ کا کام ہے۔ قوم اور ملک اس احسان اور نوازش کا جتنا کچھ شکریہ ادا کرے کم ہے۔

افتتاح کلیہ جامعہ عثمانیہ آبان ۱۳۳۶ف میں دارالترجمہ کی بنیاد پڑی اور دو برس کے بعد جب میٹرک اور انٹرمیڈیٹ کی تعلیم کے واسطے ضروری کتابیں ترجمہ ہوگئیں تو مہر ۱۳۲۸ف میں کلیہ جامعہ عثمانیہ کا افتتاح عمل میں آیا۔ ابتدائی چند سالوں تک اس کی حیثیت ایک آرٹس کالج کے رہی۔ سائنس کا انتظام ۱۳۳۷ف سے قبل نہ ہوسکا۔ چنانچہ ۱۳۳۸ف میں آرٹس اور سائنس کے جملہ ۶۴ طلبہ۔ بی۔ اے۔ کے امتحان میں شریک ہوکر ۳۸ طلبہ کامیاب ہوئے۔ اسی سال ۸ طلبہ ایم۔ ایس۔ سی کے امتحان سال اول میں شریک ہوکر کامیاب ہوئے۔ چونکہ۔ ایم۔ ایس۔ سی کے نصاب میں تحقیقی کام بھی شامل ہے۔ سال ہذا میں ۵۰ ہزار روپئے سے زاید کیمیا اور طبعیات کے دارالتجارب کو ضروری آلات سے آراستہ کرنے میں صرف ہوئے۔ سرکار نے طلبہ کی ہمت افزائی کے واسطے طبعیات۔ کیمیا اور متعدد دیگر مضامین میں تحقیقی کام کے واسطے بہتیر روپیہ کے وظائف بھی منظور کردئے ہیں اور ۱۳۰۱ف سے لے کر اب تک مختلف مضامین میں عملی تحقیق کیلئے ۳۲ وظائف دئے جاچکے ہیں۔

جامعہ میں سائنس کی موجودہ تعلیم ہماری سائنس کا معیار کسی جامعہ سے پست نہیں ہے۔ کلکتہ۔ ڈھاکہ۔ علیگڈھ۔ میسور۔ پنجاب اور متعدد ہندوستانی اور برطانوی جامعات نے اس کو باقاعدہ تسلیم کرلیا ہے۔ جو طلبہ اس جامعہ سے مضامین سائنس میں کامیاب ہوکر جرمنی اور برطانیہ عظمیٰ کے جامعات میں جاکر شریک ہوئے ہیں ان میں سے اکثر نہایت کامیاب رہے ہیں۔ اور کچھ تحقیقی کام بھی کر دکھایا ہے۔ سائنس کے عملی امتحانات میں جو ممتحنین دوسری برطانوی ہند کی جامعات سے ہمارے طلبہ کا امتحان لینے آئے ہیں۔ اُنہوں نے اپنی رائے میں اس امر کا خصوصیت سے اظہار کیا ہے کہ ہمارے طلبہ میں تجسس کا مادہ بمقابلہ دوسری جامعات کے زیادہ ہے اور اپنے خیالات کا اظہار زیادہ عمدگی سے کرسکتے ہیں۔

ہماری سائنس کی تعلیم کا یہ معیار ہے اور یہ سب آقائے ولی نعمت سلطان العلوم کی ہمدردی اور علم نوازی کے نتائج ہیں۔ حقیقت تو یہ ہے کہ جامعہ عثمانیہ اور اس کے جزو لاینفک دارالترجمہ کی تاسیس ہز اگزالٹیڈ ہائی نس رستم دوراں ارسطوئے زماں لفٹننٹ جنرل مظفر الملک نظام الدولہ نواب میر عثمان علی خاں بہادر فتح جنگ سپہ سالار وفادار سلطنت برطانیہ نظام الملک آصفجاہ۔ جی۔ سی۔ ایس۔ آئی۔ جی۔ بی۔ ای۔ وائی حیدرآباد دکن و برار خلد اللہ ملکہٗ وسلطنتہٗ کے نام نامی کو بغداد، قاہرہ، روم۔ قرطبہ کے علوم نواز سلاطین کی طرح بحیثیت سلطان العلوم کے آئندہ صدیوں تک روشن رکھے گی۔

ہم خدائے تعالیٰ کی بارگاہ میں بکمال ادب دست بدعا ہیں کہ وہ اپنے رحم و کرم سے ہمارے آقائے ولی نعمت سلطان العلوم کا سایہ عرصہ دراز تک ہمارے سروں پر قائم رکھے اور ہم عقیدت مندان دولت آصفیہ کو اپنے محبوب بادشاہ کے جشن سیمین کے بعد جشن زرّین، جشنِ الماسی اور متعدد مماثل جشن کی خوشیاں منانے کا موقع دے۔

رُباعی

نتیجہ فکر جناب مولوی عبدالسّلام صاحب ذکی

عہد عثماں میں خرم و شاد ہیں سب — مسرور ہیں خوش وقت ہیں آباد ہیں سب
اس حکم نے ہر قوم کا دل موہ لیا — مذہب کے معاملے میں آزاد ہیں سب

دیگر

اس ملک کا آفتاب شاہانہ تو ہے — اس چرخ کا ماہتاب شاہانہ تو ہے
تو مہر ہے ذرے ہیں رعیت تیری — ان ذروں کی آب و تاب شاہانہ تو ہے

دیگر

خورشید صفت جن کی چمکتی ہے کلاہ — عثمان علی شاہ دکن ظل اللہ
تا دورِ فلک رہیں سلامت یارب — دنیائے دکن کے ہیں یہی پشت و پناہ

بچوں کے عام امراض کی تشخیص میں

استاد کا اہم حصّہ

ڈاکٹر حیدر علی خاں صاحب ایف۔ آر۔ سی۔ ایس۔ پرنسپل میڈیکل کالج

گذشتہ سے پیوستہ

اگر بخار ہونے کا کوئی شبہہ ہو تو ہمیشہ یہی مناسب ہے کہ ایک تھرمامیٹر لگا کر دیکھ لیا جائے، کیونکہ اس سے بخار کی موجودگی اور حرارت کا صحیح درجہ معلوم ہو جاتا ہے۔ اسی واسطے تھرمامیٹر مدرسہ کے سامان کا ایک ضروری جُز ہے یہ ضروری نہیں کہ ہر مُعلّم کے پاس ایک ایک تھرمامیٹر رہے، بلکہ صرف صدر مدرس کے پاس ایک تھرمامیٹر رکھا رہے تو کافی ہے۔

بخار حرارت کی زیادتی (بخار) یا تو ملیریا کے سبب سے ہو سکتی ہے یا کسی متعدی تپ یا ساری بخار (مثلاً چیچک، گوبری، کنکر پتھر، ڈفتھریا یا خناق وبائی کن پھیڑ) کی وجہ سے۔ متعدی پتوں میں (جن میں ٹائفائڈ یا معادی تپ وغیرہ شامل ہیں) حرارت کبھی درجۂ طبعی پر نہیں پہنچتی۔ اگر چیچک کا شبہہ ہو تو بچہ کے بازو پر چیچک کے ٹیکہ کے نشانات کو دیکھنا چاہیئے، کیونکہ ٹیکہ لگے ہوئے بچوں کو چیچک شاذ ہی ہوتی ہے (اور اگر کبھی ہوتی بھی ہے تو بہت خفیف درجہ کی)۔ گوبری ( ) میں گالوں کے اندر کی طرف کاپ لیک کے دھبے ( ) پائے جاتے ہیں۔ یہ سرخی مائل زمین (پس منظر) پر سفید سفید دھبے ہوتے ہیں۔ کنکر پتھر ( ) یا موتیا سیتلا ایک خفیف درجہ کا مرض ہے اور اس میں دانے منتشر اور بکھرے ہوئے ہوتے ہیں۔ مچھروں کے کاٹنے کے نشانات اور گوبری کے باریک دانوں کے درمیان تمیز کرنا چاہیئے۔ مچھروں کے نشانات اکثر ہاتھوں اور چہرے پر ملتے

ہیں، مگر گوبری وغیرہ کے دانے زیادہ تر شکم پر اور زیر ناف حصے میں ہوتے ہیں۔ ڈفتھیریا (خناق دہانی) میں بچہ سست رہتا ہے، ممکن ہے کہ اس کے تنفس (سانس لینے) میں دقت ہو، اور کچھ عرصہ گذرنے پر نگلنے میں بھی تکلیف ہو۔ اس کی سانس بدبودار ہوتی ہے، حلق متورم اور متلی (Congested) ہوتا ہے اور اس میں ایک سفید دھبہ یا جھلی سی ہوتی ہے جسے چھونے سے خون نکل آتا ہے۔ کن پھیڑ (Mumps) یا نکاف میں غدۂ بنفیہ (پراٹڈ گلینڈ) متورم ہو جاتا ہے۔ یہ غدہ کان کے سامنے اور نیچے کے طرف واقع ہے۔

آنکھیں آنکھوں کا امتحان بھی نہایت غور اور احتیاط کے ساتھ کرنا چاہیئے۔ بخار مثلاً نمونیہ (ذات الریہ) میں آنکھیں متمائی ہوی ہوتی ہیں۔ آشوب چشم میں سرخ (لال انگارا) ہو جاتی ہیں۔ اور یرقان کی حالت میں پیلی زرد آنکھوں کے ڈلے (Granular lids) پچوں کا بہت عام اور متعدی مرض ہے۔

اہم امراض بعض اہم اور قابل غور امراض حسب ذیل ہیں۔

(۱) قلتی امراض (Deficiency Diseases)

ا۔ بوجہ قلت غذا۔ (Malnutrition)

ب " " حیاتین۔ (Vitamin Dificiency)

ح " " افرازات باطنی (Internal Dificiency)

(۲) لوزتین کی کلائی (Enlarged Tonsils) اور غدود (Adenoids) یعنے ناک کے پچھلے حصے میں غدود کی کلائی۔

(۳) تدرن (سل و دق) اور خنازیر (Scrofuh)

(۴) پیدائشی امراض۔ آتشک۔

(۵) کالی کھانسی

(۶) دردِ سر۔

(۷) امراض جلد۔

(۸) ملیریا۔ ہندوستان کا ایک عام مرض ہے جس میں تلی بڑھ جاتی ہے اور بائیں جانب

پسلی کے حاشیہ کے نیچے محسوس ہوسکتی ہے۔

قلتی امراض۔ غذا کی کمی کی وجہ سے ہوسکتے ہیں جس سے عام جسمانی کمزوری پیدا ہوجاتی ہے یا ان کا سبب غذا کے اندر کے بعض خاص خاص اجزا (حیاتیں) کی قلت ہوسکتی ہے۔ ان کی مثالیں کساحت (Rickets) حفر (Scurvy) وغیرہ ہیں۔

کساحت کساحت (Rickets) بچوں کا ایک اہم مرض ہے جس میں ہڈیاں نرم اور ٹیڑھی ہوجاتی ہیں۔ بچہ کا سر بیضی نما، سینہ کبوتر نما اور پسلیاں منکے دار ہوجاتی ہیں یہ اس کے ممتاز خصائص ہیں۔ چونکہ یہ مرض بچہ کی غذا کی خرابی اور سورج کی روشنی کی قلت کی وجہ سے کمزور بچوں میں پیدا ہوجاتا ہے۔ لہٰذا اس میں کاڈلیور آئل (مچھلی کا تیل) اور دھوپ میں کھلا رکھنے سے فائدہ پہنچتا ہے۔

حفر حفر (Scurvy) میں مسوڑے متورم ہوجاتے ہیں اور ان میں خون بآسانی نکلتا ہے اس کو لیموں کا عرق دینے سے نفع ہوتا ہے جسمیں دافع حفر حیاتیں موجود ہوتی ہیں

افرازات باطنی (Internal Secretion) تھائرائڈ (غدہ درقیہ) نہایت اہم ہے، کیونکہ اگر اس کے افراز کی کمی ہو تو کریٹینزم (Cretinism) (ثمامت) یعنے **بونا پن** پیدا ہوجاتا ہے، بدن کی بالیدگی ٹھٹری ہوی ہوتی ہے اور ذہن کند ہوتا ہے۔ اس کے اثر سے ایک بارہ سال کی عمر کا لڑکا پنجسالہ بچہ نظر آتا ہے ایسی حالتوں میں خلاصہ درقیہ (Thyroid Extract) کھلانے سے فائدہ ہوتا ہے۔

لوزتین لوزتیں اور غدودہ (Tonsils and Adenoids) لوزتیں وہ غدد ہیں جو حلق کے دونوں جانب واقع ہیں اور اگر منہ کو خوب کھول کر دیکھا جائے تو نظر آسکتے ہیں جب یہ متورم ہوکر بڑے ہوجاتے ہیں تو بچہ عموماً منہ کی راہ سے سانس لینے لگتا ہے اور اکثر خرّاٹے دار سانس پیدا ہوجاتی ہے۔ حلق کے اندر دیکھنے سے لوزتیں بڑھے ہوے پائے جاتے ہیں اور زیادہ بڑھے ہوے ہوں تو دونوں طرف کے لوزتیں قریب آکر حلق کا راستہ روک دیتے ہیں۔

غدودہ غدودہ (Adenoids) ان سے پیچھے کی طرف حلق کی پشت میں ناک کے پیچھے کے حصے (خون سے بھرا ہوا نفس) کے مقام پر ہوتا ہے اور لوزتین کے ساتھ ساتھ بعض اوقات اس میں بھی کلانی اور ورم ہوکر ذیحی

اور خراٹے دار سانس پیدا ہوجاتی ہے۔ ممکن ہے کہ اسی سے بہرا پن بھی پیدا ہوجائے اور کان بہنے لگیں۔ دقت تنفس اور سانس کی کمی کی وجہ سے سینہ تنگ اور پچکا ہوا (ناقص النمو) ہوتا ہے اور بچہ کو دیکھا جائے تو اس کا سر آگے کو جھکا ہوا، منہ کھلا ہوا، اور سینہ پچکا ہوا نظر آئے گا۔ ایسی حالت میں لوزتین اور غدودہ کو ایک سرجن سے نکلوا دینا چاہیے۔

مدّ تدرن (Tuberculosis) جسے عام طور پر سِل یا دِق (Consumption) کہتے ہیں، ایک مزمن (Chronic) یا دیر پا مرض ہے۔ اکثر اوقات یہ

خنازیر گردن کے لمفی غدد میں خنازیر کی صورت میں نظر آتا ہے۔ لہٰذا بڑھے ہوئے غدد کا علاج غور اور احتیاط کے ساتھ کرانا چاہیے کبھی کبھی تدرن پھیپھڑوں میں بھی پھیل جاتا ہے۔

سِل دِق (Consumption) سِل ریوی بچوں میں پھیپھڑوں کا تدرن اس قدر عام نہیں ہے بلکہ ان میں ہڈیوں اور جوڑوں کا تدرن زیادہ عام ہوتا ہے۔ انہیں یہ مرض بہت مزمن (کہنہ اور دیر پا) ہوتا ہے۔

آتشک پیدائشی امراض مثلاً آتشک بعض اوقات بچوں میں نظر آتے ہیں۔ اس کی تشخیص بآسانی ہوسکتی ہے کیونکہ اس میں ناک چپٹی ہوتی ہے اور دانت مسخ نما ہوتے ہیں اور ان میں ہلالی گڑھے یا کنگرے پیدا ہوجاتے ہیں۔

کالی کھانسی کالی کھانسی ایک نہایت خوفناک اور شدید متعدی مرض ہے، کیونکہ اس میں نہ صرف کھانسی کے تکلیف دہ دورے ہوتے ہیں بلکہ اس کے مشارکات اور عوارض (پیچیدگیاں) بھی متعدد اور خراب ہوتے ہیں۔ کھانسی دورے کی صورت میں شروع ہوکر دیر تک جاری رہتی ہے اور بالآخر ایک "ہوپ" (شہقہ یعنے مرغی کے کڑکڑانے کی آواز پر ختم ہوتی ہے۔ چونکہ یہ کھانسی طویل المدت متعدی اور ساری مرض ہے، لہٰذا بچہ کو مدرسہ سے ۲-۳ ماہ کے لیے علیحدہ کرکے علاج کرانا چاہیے۔

دردسر دردسر بیشمار اسباب کی وجہ سے پیدا ہوسکتا ہے، مثلاً مختلف تپوں (بخار)، قبض، خرابیٔ نظر (نقص بصارت) وغیرہ وغیرہ کی وجہ سے۔ مسلسل دردسر عموماً خرابیٔ نظر کی وجہ سے ہوتا ہے۔ جس کی اصلاح عینکوں وغیرہ سے کرنا چاہیئے

خارش وغیرہ امراض جلد، مثلاً خارش، داد وغیرہ اکثر متعدی یعنے چھوت دار ہوتے ہیں اس لیے بچہ کو مدرسہ سے کچھ عرصہ تک علیحدہ رکھکر معقول علاج کرانا چاہیے۔

مندرجہ بالا فہرست مختصر سا خاکہ ہے۔ اس میں بہت کچھ اضافہ ہو سکتا ہے ہمارا مقصد یہ نہیں ہے کہ ہر استاد ایک طبیب یا ڈاکٹر بن جائے، بلکہ مطلب صرف اسی قدر ہے کہ اگر استاد صاحبان مشاہدے اور توجہ کی شق فرمائیں تو وہ طلبار کے بہت سے بنیادی امراض اور موٹے عوارض کی جڑ تک پہنچ سکتے ہیں۔ اس میں یہ فائدہ ہے کہ مرض کی طرف ابتدائی حالت میں توجہ ہو کر باقاعدہ طبی معائنہ اور معقول علاج کا انتظام جلد از جلد ہو سکتا ہے۔ متعدی امراض مثلاً دبائی بخار، چیچک، گوبری، نزلہ و زکام، کالی کھانسی، خارش وغیرہ کے اثر سے بچوں کو محفوظ اور مامون رکھا جا سکتا ہے۔ دانتوں اور آنکھوں کی بہت سی خرابیوں کو رفع کیا جا سکتا ہے۔ لوزتین اور غدودہ کا مناسب علاج کرکے بچوں کو تندرست اور ذہین بنایا جا سکتا ہے۔ اور سب سے اہم بات یہ ہے کہ اسکول کی عام صحت کے معیار میں ترقی کی جا سکتی ہے اگر یہ حال ہو جائے تو بہت بڑی بات ہے کیونکہ بچوں کی صحت قوم کی صحت ہے۔ اس نقطۂ نظر سے دیکھا جائے تو آپ اساتذہ صاحبان نہ صرف نونہالان قوم کے لئے مثل باغبان اور حافظ کے ہیں بلکہ صحیح معنوں میں قوم کو صحت ور اور مہذب بنانے والے ہیں دیکھیے ملک کی قسمت آپ کے ہاتھ میں ہے اور سب کی امیدیں آپ ہی کے ساتھ وابستہ ہیں۔

مرکزی انجمن ترک مسکرات حیدرآباد دکن

استادوں اور پروفیسروں کی خدمت میں اپیل

عزیز اساتذہ و پروفیسر صاحبان!

آپ ہمارے لاکھوں لڑکوں اور لڑکیوں کو تعلیم دیتے اور ان کی سیرت بنانے کا مقدس فرض انجام دیتے ہیں۔ اور آپ نے اپنی زندگی ایک ایسے مقصد کے لئے وقف کردی ہے جس سے بہتر مقصد تصور میں نہیں آسکتا۔ چونکہ ہم ترک مسکرات کے مسئلہ سے دلچسپی رکھتے ہیں اس لیے ایسے چند امور آپ کے سامنے پیش کرتے ہیں جو ہمارے نوجوانوں اور آیندہ نسلوں کی ابتدائی تعلیم سے قریبی تعلق رکھتے ہیں۔ ہماری ریاست کی محکمۂ آبکاری رپوٹ سے ظاہر ہے کہ سنہ ۱۳۴۴ف (۱۹۳۴ تا ۱۹۳۵ء) میں شہر حیدرآباد میں جس کی آبادی (۴۸۹،۶۶۰) نفوس پر مشتمل ہے ایک سال کے عرصہ میں صرف سیندھی (۹۶۰ و ۹۲ و ۵۴ و ۶) سیر (یعنی ڈھائی کروڑ سیر سے زیادہ) پی گئی اس سے ہم اندازہ کرتے ہیں کہ کل ممالک محروسہ میں جس کی آبادی (۱۳۴۴۴۳۶۸) ہے (۸۷۶۲۱۰۴) سیر یا تقریباً ۷۹ کروڑ سیر سیندھی) ایک سال میں پی گئی۔ اس حساب سے اس ریاست کی کل آبادی میں فی کس ۶۵ سیر سیندھی حصہ میں پڑتی ہے جس میں نومولود بچے چھوٹے لڑکے اور تمام طبقات کے جوان اور بوڑھے شامل ہیں ان اعداد میں دیسی شراب اور دیگر منشیات افیون۔ گانجہ، کوکین وغیرہ شامل نہیں ہیں۔ جن کا لوگوں نے استعمال کیا ہوگا۔ سنہ ۱۳۴۴ف میں جملہ اقسام کے اشیاء نشی پر (۸۷،۴۳،۶۲۵) روپیہ یعنے دو کروڑ سے کچھ ہی کم سرکاری محصول آبکاری اور کروڑگیری لگایا گیا تھا۔ اس میں دیسی شراب سیندھی کی بابت ۱۱،۸۰،۳۳۶۷ یعنی ڈیڑھ کروڑ روپیہ سے زیادہ رقم شامل ہے اب اس کا حساب

نوٹ: یہ اپیل انجمن اساتذہ ملبار کی دسویں سالانہ کانفرنس میں نواب مرزا یار جنگ بہادر صدر المہام عدالت و امور مذہبی نے پڑھی تھی

لگایا جاوے کہ یہ اشیاء کتنے میں فروخت ہوئی ہوں گی ۔ ان سب کی بازاری قیمت اس سے تو کم نہیں ہو سکتی جو جملہ رقم چنگی و محصول ابکاری میں دیگئی۔ اس پر اصل خرچہ جو تیاری منشیات میں صرف ہوا۔ لگایا جاوے اور پھر بیچنے والوں نے بھی اپنا منافع لیا ہوگا۔ اس طرح ہم قیاس کر سکتے ہیں کہ ان اشیاء منشی اور شراب کی فروخت سے دکانداروں کو سرکاری رقم کروڑگیری کے دوچند سے زیادہ رقم وصول ہوئی ہوگی۔ اس حساب کی رو سے گویا تقریباً چار کروڑ روپیہ رعایائے ملک کا ان غیر ضروری اور تباہ کن تعیش میں ایک سال کے عرصہ میں ضائع ہوا۔ جن لوگوں نے یہ روپیہ برباد کیا۔ ان کی معاشی حالت اور قابلیت کسب معاش پر کس درجہ اس کا مضر اثر ہوا ہوگا۔ اور کس قدر تکالیف مصیبتیں اور اخلاقی پستی ان میں پیدا ہوئی ہوگی اس کا صرف اندازہ ہم کر سکتے ہیں۔ جن مقامات و ماحول پر یہ چار کروڑ رقم صرف کی گئی وہاں اخلاقی پستی کا ایک ایسا زہر ضرور پیدا ہوا ہوگا جس سے ہمارے نوجوان لڑکے اور لڑکیاں متاثر ہوئے بغیر نہیں بچ سکتے۔ وہاں تباہ کن عادات کے ایسے بیج ضرور بو گئے ہوں گے جو خدا کی مقدس ترین خلق کو زندگی کے پست ترین مقام کی طرف ڈبو دیتے ہیں۔ ہم سمجھتے ہیں کہ ہم اب خطرناک منزل پر پہونچ گئے ہیں۔ ہم اس کے معترف ہیں کہ آبکاری کے معاملہ میں ایک دور اندیشانہ پالیسی اختیار کر کے حکومت سرکار عالی نے بھی اس مد میں آمدنی کو بڑھاتے ہوئے گذشتہ سات سال کے عرصہ میں اشیاء منشی کے استعمال میں بحیثیت مجموعی کچھ کمی کرانے میں کامیابی حاصل کی ہے۔ لیکن باوجود اس کے خطرہ ہنوز باقی ہے اور وہ ہمکو دھمکی دے رہا ہے۔ نہ تو حکومت اور نہ رعایائے ملک ایسی صورت حال کو نظر انداز کر سکتی ہے جس سے ان لوگوں کی صحت۔ عافیت اور قابلیت پر جو کہ ریاست کے پشت پناہ ہیں اس قدر مضر اثر پڑ جاتا ہے۔ استعمال منشیات کا مرض ایسا مرض بن گیا ہے جس کا سامنا اب تمام دنیا کو کرنا ہے۔ ہر ملک کے اعلیٰ خیال رکھنے والے اشخاص اور سیاست دان مدبرین اس ام الخبائث کے آیندہ خطرات سے باخبر ہوتے جا رہے ہیں۔ یہ وہ مرض ہے جو کہ مخفی طور سے اپنا زہر انسانی زندگی کے رگ و پے میں پھیلا رہا ہے۔

امریکہ تو اس مسئلہ سے اتنا متاثر ہوا کہ اس نے کم از کم چند سال کے لیے اس کو بالکلیہ ممنوع قرار دیدیا۔ ۱۹۱۴ء میں بزمانہ جنگ عظیم جب دیکھا گیا کہ انگریز نوجوانوں کی ایک تعداد استعمال منشیات کی وجہ سے لڑائی کے وقت پوری طور سے اپنے فرائض ادا نہ کر سکی تو ولایت میں

مسکرات کے متعلق ایک رائل کمیشن کا انعقاد عمل میں آیا تھا جس کے تجاویز کا یہ نتیجہ ہوا ہے کہ انگلستان نے اب تہیہ کرلیا ہے کہ وہ اپنی قوم میں پرہیزگاری کے عنصر کو روز بروز بڑھاتا جائیگا۔ ترک مسکرات کے لئے جد وجہد کی غرض سے دنیا کی تقریباً ساٹھ قومیں متحد ہو چکی ہیں۔ اور اب یہ مسئلہ "لیگ آف نیشنس" یعنی جمعیت اقوام کی عملی اسکیموں کی فہرست میں شامل کردیا گیا ہے۔ برٹش انڈیا میں بھی شائد ہی کوئی صوبہ ایسا ہو جس نے ترک مسکرات کے مسئلہ میں دلچسپی نہ لی ہو۔ ریاست حیدرآباد بھی اس جد وجہد میں کسی حکومت سے پیچھے نہیں ہے چنانچہ حضرت اقدس واعلیٰ کے ایک فرمان مبارک کی بنا پر بلدہ میں "مرکزی انجمن ترک مسکرات" کی تشکیل عمل میں آئی ہے جس کو اختیار رہے کہ اپنی شاخیں تمام ممالک محروسہ میں قائم کرنے سے اس کے اندازہ ہوسکتا ہے کہ ہمارے رحمدل فرمانروا کی ہمدردانہ توجہات ہمایوں رعایا کی فلاح وبہبود کے ہر معاملہ میں کس طرح مبذول رہتی ہیں۔ اب ہم اپنے اساتذہ اور پروفیسر صاحبان سے درخواست کرتے ہیں کہ وہ اس پاک مقصد کے لئے ہمارے ساتھ متحد ہو جائیں جس کا بیحد تعلق ہماری آیندہ نسلوں کی تعلیم وتربیت سے ہے ان لوگوں کے تجربات سے جو سابق میں اس مقصد کے لیے کام کرتے رہے ہیں معلوم ہوا ہے کہ ہمکو ایسے لوگوں پر زیادہ روپیہ وقت اور محنت صرف کرنے سے چنداں فائدہ نہیں ہے جو کہ شراب نوشی کے تمام عمر سے عادی ہو چکے ہیں۔ ان کا خیال یہ ہے کہ اس مسئلہ کے حل کرنے کا بہترین طریقہ یہ ہوگا کہ نئی پود کو سنبھالا جائے اور اس میں ترک مسکرات کی ذہنیت پیدا کرنے کی کوشش کی جائے تاکہ وہ آیندہ ان تمام شیطانی قوتوں اور ناپاک ترغیبوں کا مقابلہ کرنے کے لئے جو ان کو برائی کی طرف کھینچتی ہیں اچھی طرح تیار رہیں ہمنے خود حیدرآباد میں بہت سی سیندھی وشراب کی دکانوں کا معائنہ کیا ہے جہاں ہمنے بہت سے نوجوان لڑکوں اور لڑکیوں کو پایا۔ ہم اپنے نوجوانوں کو اس لڑائی کے لیئے نہایت قوی ہتیاروں سے مسلح کرنا چاہتے ہیں جس کے لئے اس علم سے بڑھکر کوئی ہتیار قوی نہیں ہے جس علم سے ان تباہ کن اثرات سے آگاہی ہو جاتی ہے جو استعمال مسکرات کی وجہ سے صحت۔ خوشحالی اور فلاح وبہبود پر پڑتے ہیں۔ لاعلمی کی وجہ سے شراب خوری کی عادتوں کا وہ آسانی سے شکار بن جاتے ہیں۔ ایسی معلومات سے مسلح رہنے کے بعد وہ یقیناً بہتر طور پر مقابلہ کرسکیں گے کوشش کرکے اگر ہماری دوسری نسل بہ نسبت موجودہ کے منشیات سے زیادہ پرہیز کرنے لگے تو تیسری نسل اس سے زیادہ اچھی ہوسکتی ہے اور بالآخر ہمارے لوگ ایسے بن جاویں گے کہ سمجھداری کے ساتھ ان کو منشیات سے نفرت ہو جاوے گی۔ سرزمین

ہندوستان میں ہمکو اس معاملہ میں مذہب سے بڑی مدد ملتی ہے۔ ہمیں اپنی سوسائٹی کو اس کے خیالات کے بموجب ابھارنا ہے۔ سوسائٹی کا کوڑا بہت سخت ہوا کرتا ہے استعمال مسکرات کی عادت بطور واقعہ عام طور پر دس اور بیس سال کی عمر کے درمیان ہی پڑتی ہے۔ جب کہ تمام قسم کی امنگیں اور خواہشات دل میں موجزن ہوتی ہیں۔ اور اس زمانہ میں دل اطراف واکناف کی فضا کے تاثرات کو قبول کرنے کے لیے نہایت آسانی سے تیار رہتا ہے۔ قبل اس کے کہ مرض بڑھے ہم اس کا گلا گھوٹنا چاہتے ہیں جن لوگوں کی پرورش اور پرداخت پرہیزگاری کی فضا میں ابتدا سے ہوی ہے وہ شاذ و نادر ہی پینا سیکھتے ہیں لہذا مستقل اور زیادہ پائیدار نتائج حاصل کرنے نیز وقت۔ روپیہ اور قوتوں کا کفایت شعارانہ استعمال کرنے کی غرض سے ہم نے یہ تصفیہ کیا ہے کہ ہم زیادہ تر توجہ اپنے نوجوان آدمیوں کی طرف کریں۔ ایسا کرنے کے معنی اسی قدر ہیں کہ ہم مستقبل ونصب العین کو پیش نظر رکھتے ہیں۔ ریاست حیدرآباد کی یہ نوجوان حیدرآبادی دو جماعتوں میں تقسیم کی جاسکتی ہے ایک وہ جو مدرسہ جاتی ہے۔ دوسرے وہ جو مدرسہ نہیں جاتی۔ اول الذکر کی صورت یہ ہے کہ اس ریاست میں اس وقت ۴۶۷۳۶ سرکاری اور ۹۳۸ خانگی جملہ ۵۶۷۴ مدارس ہیں جن میں ابتدائی تحتانی و ثانوی سب شامل ہیں۔ ان میں طلبار کی تعداد ۳۷۸۶۵۸ ہے۔ اگر ان میں ہم اپنے کالج کے طلبار شامل کردیں تو طلبار کی مجموعی تعداد ۳۸۰۰۰۰ کے قریب ہوجائے گی۔ لہذا ہماری موجودہ اپیل وصدا کا تعلق کچھ کم چار لاکھ لڑکوں اور لڑکیوں کی تربیت سے ہے جو کہ تسلیم شدہ مدارس میں اس وقت تعلیم پارہے ہیں ہم علم کا واسطہ دیکر جو آپ کے دل سے قریب اور آپ کو نہایت عزیز ہے آپ سے اپیل کرتے ہیں کہ موجودہ صورت حال پر جو کہ متذکرہ صدر اعداد سے ظاہر کی گئی ہے غور فرمائیں۔ اور اس کی کوشش فرمائیں کہ ہمارے نوجوان لڑکے اور لڑکیاں پینے کے خراب اثرات سے نہ صرف الگ رہیں بلکہ اسکی نسبت سمجھ کر رائے قائم کرسکیں۔ اب رہ گیا یہ امر کہ اس کی نسبت آپ کیا کرسکتے ہم جانتے ہیں کہ بحیثیت اساتذہ طریقوں کے اختیار کرنے کے معاملہ میں ہم سے زیادہ آپ واقف ہیں۔ ہم تو یہ سمجھتے ہیں کہ آپ اپنے عمل سے اپنی نصیحتوں سے اور اپنے قول وفعل سے (کلاس میں یا کھیل کے میدان میں) شراب نوشی کے متعلق انتہائی تنفر کا اظہار کرکے اور اپنی منتظم تقاریر کے ذریعہ سے طالب علموں کے دلوں میں ایسے خیالات پیدا کرسکتے ہیں جن سے ترک مسکرات کے متعلق ان میں وہ ذہنیت پیدا ہوجائے جنکا

پیدا کرنا ہمارا مقصد ہے ہم تقاریر کا بھی انتظام کریں گے اور اس غرض سے ہمارے آدمی حفظان صحت صفائی اور ترک مسکرات کے متعلق تمام ضروری معلومات کے ساتھ ان لوگوں کے پاس جانے کی کوشش کریں گے۔ ان کی کوششوں میں اور طلبا کو لکچر دینے میں آپ ان کو مدد دے سکتے ہیں۔ فن تعلیم کے تمام ماہرین کی یہ قطعی رائے ہے کہ جوان لڑکوں کے بیکار وقت اور قوت کو کام میں لگانے کے لئے کھیل کے میدان میں ان کو رجوع کرنا غیر صحت بخش فضا سے بچانے کا بہترین طریقہ ہے۔ ہم کو معلوم ہے کہ جو طلبا مدرسوں میں شریک ہیں ان کے متعلق تو آپ کا محکمہ اپنی انتہائی کوشش کر رہا ہے ہماری رائے تو یہ ہے کہ جس طرح سے مدرسہ میں روزانہ حاضری کا رجسٹر رکھا جاتا ہے آپ کھیل کے میدان میں شرکت کا روزانہ حاضری کا رجسٹر رکھیے۔ کسی نہ کسی میں وہ ضرور شریک رہیں اور ان کی حاضری کے صلہ میں نمبر و نشان دئے جایا کریں جن کا لحاظ آخری امتحان کے نتیجہ پر کیا جائے۔ ہم نے اپنے دفتر میں ترک مسکرات کا ایک چھوٹا سا کتب خانہ کھولا ہے جو کہ ممکن ہے کہ بڑھکر کسی زمانہ میں ترک مسکرات کا اول درجہ کا کتب خانہ بن جائے جس میں تمام دنیا کا لٹریچر متعلق ترک مسکرات پایا جائے۔ مضمون نویسی کے مشق کے لیے جو مضامین آپ اپنے لڑکوں کو دیں۔ ان میں ترک مسکرات اور اس کے متعلقہ مضامین بھی شامل کر لیجیے اور لڑکوں سے کہیے کہ اپنے مضامین کا مواد ہمارے کتب خانہ سے آکر لیں۔ خود اپنے اسکول و کالج کے کتب خانہ کے لئے آپ مسکرات کے متعلق رسالے منگوا سکتے ہیں جس سے اس مسئلہ پر بہت کچھ روشنی پڑتی ہے۔ اب رہ گیا نوجوانوں کا وہ طبقہ جو مدرسوں میں شریک نہیں ہے سنہ ۱۹۳۱ء کی رپورٹ مردم شماری سے ظاہر ہوتا ہے کہ اس ریاست کی کل آبادی میں ۵ فی صدی ایسے لڑکے ہیں جو اسکول میں جانے والی عمر کے کہے جا سکتے ہیں جس حساب سے ۳۰،۶۳،۲۱ لڑکے اور لڑکیاں اس ریاست میں اسکول جانے والی عمر کے ہیں۔ اس میں سے اگر ہم وہ تعداد منہا کر دیں جو اسکولوں میں اس وقت شریک ہے تو ۲،۷۰،۸۵،۷ لڑکے لڑکیاں ایسے بچتے ہیں جو کسی اسکول میں تعلیم نہیں پا رہے ہیں یہ طبقہ زیادہ تر جاہل لڑکوں کا ہے۔ اور ان میں نصف سے زیادہ لڑکیاں ہیں۔ ان کے لئے ہم مخصوص طریقے اختیار کریں گے جن کا ذکر اس سلسلہ میں کرنا بے محل ہوگا۔ کیونکہ ہماری موجودہ اپیل اور التجا تو صرف اساتذہ و پروفیسر صاحبان سے ہے لیکن ایک بات کا ذکر کر دینا مفید ہوگا۔ ان نوجوانوں کے لیے جو مدرسہ نہیں جاتے۔ ہم کوشش کریں گے کہ جس قدر زیادہ ہو سکیں

کھیل کے مرکز قائم کئے جائیں۔ مدرسہ جانے والے لڑکے جن کے مکانات دور ہونے کی وجہ سے وہ کے کھیل کے میدان تک نہیں پہنچ سکتے ان سے کہا جا سکتا ہے کہ وہ ہمارے انتظامات سے مستفید ہوں۔ جو کچھ ہم نے اوپر لکھا ہے۔ اسے یہ نہ سمجھا جائے کہ استعمال منشیات کے دیگر مسائل اور خرابیوں پر ہم کوئی توجہ نہیں کر رہے ہیں ہم کو خوب معلوم ہے کہ ان ماحول و مقامات میں جہاں اس کی تجارت ہوتی ہے۔ اصلاح کی کس قدر گنجائش ہے۔ ان قواعد و ضوابط و قوانین کو جو کہ ترقی یافتہ ممالک نے منشیات کی تجارت کے متعلق اپنے ممالک میں نافذ کئے ہیں ان کے نافذ کرنے کی ضروریت کو ہم سمجھتے ہیں۔ ہم کو معلوم ہے کہ استعمال منشیات کو قواعد استعمال سڑک سے کہاں تک تعلق ہے۔ ان تمام امور پر ہماری نگاہ ہے لیکن اس وقت ہماری اپیل و التجا خاصکر اساتذہ و پروفیسر صاحبان سے ہے۔ ہم پھر اس تعلیم کا آپ کو واسطہ دیکر آپ سے درخواست کرتے ہیں کہ اس مسئلہ پر بغور کامل توجہ فرمائیں اور ہماری کوششوں میں ہمارے ساتھ ہر ممکنہ طریقہ سے شریک رہیں۔ ہمارا ارادہ ہے کہ انجمن ترک مسکرات کی شاخیں تمام ممالک محروسہ سرکار عالی میں کھولی جائیں خدا کرے ہماری یہ کمزور ندا اس ریاست ابد مدت کے ہر درس گاہ کے گوشہ میں خواہ دور ہو یا نزدیک امدادی ہو یا غیر امدادی خانگی ہو یا سرکاری غرض ہر درسگاہ تک پہنچ جاوے اور ہر استاد و پروفیسر کو ہمارے اس ضروری ندا پر بیدار کردے۔ آمین۔

شرحد سنخط

عالیجناب نواب مرزا یار جنگ بہادر (صدر نشین)

دیوان بہادر ارمور آئینگار صاحب (نائب " ")

نواب بہادر یار جنگ بہادر

راجہ بہادر وینکٹ راما ریڈی۔

سی۔ سی۔ پال

ہندوستانی مدارس میں تاریخ ہند کی تعلیم[1]

از

ڈاکٹر یوسف حسین خاں صاحب پروفیسر کلیہ جامعہ عثمانیہ

اس زمانے کے ایک مشہور فلسفی مورخ کا خیال ہے کہ ماضی کی تاریخ بڑی حد تک حال کی تاریخ سے عبارت ہوتی ہے۔ اسی خیال کو ہمارے الہامی شاعر غالب نے کس خوبی اور لطف سے بیان کیا ہے۔ وہ کہتا ہے:۔

بجام و آئینہ حرف جم و سکندر چیست
کہ ہر چہ رفت بہر عہد در زمانہ تست

یہ تاریخی حقایق کو سمجھنے کا خالص موضوعی نقطۂ نظر ہے۔ اس کا منطقی نتیجہ یہ ہے کہ تاریخ کی حیثیت محض آرٹ کی رہ جاتی ہے جسے معروضی حقائق سے زیادہ ذہن انسانی کی کارفرمائی سے تعلق ہے لیکن کیا اس کے معنی یہ ہیں کہ معروضی حقایق کی طرف سے آنکھ بند کرکے تاریخ کو افسانوی حیثیت دے دی جائے۔ دراصل تاریخ کی تحقیق میں موضوعی اور معروضی دونوں طریقے استعمال ہونے چاہئیں۔ جس طرح ماضی حال سے بالکل علٰحدہ نہیں ہوسکتا بلکہ اس کے اندر مضمر رہتا ہے اسی طرح مورخ مجرد حقایق کا تصور بغیر اپنی ذہنی کیفیات کے دخل کے نہیں کرسکتا لیکن باوجود آرٹ ہونے کے تاریخ بعض اٹل قوانین کی پابند ہوتی ہے۔ وہ قوانین ویسے ہی اٹل ہوتے ہیں جیسے طبیعات کے قوانین۔ چونکہ تاریخ کا موضوع بحث انسانی اجتماعی زندگی کا نشیب و فراز ہے اس واسطے اس کے قوانین بھی انسانی اور اخلاقی حیثیت رکھتے ہیں۔ قوموں کا عروج و زوال، بعض گروہوں کا ابھرنا اور بڑھنا اور دوسروں کا گرنا اور گھٹنا ایسے اجتماعی مظاہر ہیں جن کی توجیہ اخلاقی قوانین کے بغیر نہیں ہوسکتی۔ کیا یہ یوں ہی بغیر کسی سبب کے ہے کہ بعض اقوام کو تمدن کی سربراہی اور سرفرازی ملتی ہے اور دوسرے ان کا تتبع کرنے پر مجبور ہوتے ہیں؟ نہیں، ان اجتماعی مظاہر کے

---

[1] یہ تقریر انجمن کی دسویں سالانہ کانفرنس کے موقع پر کی گئی۔

قوانین ہونے چاہئیں اور ہیں۔ مورخ کا فرض ہے کہ ان کی تحقیق کرے اور انھیں اجاگر کرے۔ موضوعی اور استخراجی طریق تحقیق کے یہ معنی ہرگز نہ سمجھے جائیں کہ ہر شخص کو اختیار رہے کہ جس طرح چاہے واقعات کی توجیہ کرے۔ اس کے لئے بھی بعض کلیات کی پابندی ضروری ہوگی ورنہ ذہنی مزاج کا خطرہ ہے۔

واقعات کی توجیہ اور ان کی چھان بین نہایت مشکل کام ہے جس کے لئے خاص سلیقہ کی ضرورت ہے۔ مورخ کو اس میں بڑی دشواری کا سامنا کرنا پڑتا ہے کہ وہ واقعات کے انبار میں سے کیا چنے اور کیا چھوڑے اور کس واقعہ کو زیادہ اہمیت دے اور کس کو کم۔ بالخصوص ہندوستان جیسے ملک کی تاریخ میں یہ کام اور زیادہ دشوار ہو جاتا ہے اس لئے کہ یہاں کی تاریخ مختلف نسلوں، قبیلوں، مذہبوں اور تہذیبوں کے باہمی تصادم و تعاون کا نتیجہ ہے۔ سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ تاریخ ہند میں ہم اہم اور غیر اہم کا فیصلہ کس اصول پر کریں؟ ظاہر ہے کہ اس اصول کے انتخاب میں مورخ کی ذاتی رائے اور اس کے ذہنی رجحان کا رنگ غالب آجائے گا۔ ہمارے نزدیک اشخاص کو زیادہ اہمیت حاصل ہونی چاہئے یا مجرد واقعات کو؟ یہ سوال بھی بہت مشکل ہے۔ تاریخ ہند کا ہر محقق جانتا ہے کہ اس ملک کے نشو و نما میں بادشاہوں، سرداروں، مدبروں اور رہنماؤں سب ہی نے حصہ لیا ہے۔ اس لئے مجرد واقعات کو بغیر اشخاص کے حالات معلوم کئے سمجھنا ناممکن ہے۔ تاریخی واقعات اشخاص ہی کی تخلیقی کوششوں سے پیدا ہوتے ہیں، انھیں کی مساعی سے زمانہ کی رفتار بدلتی ہے اور اجتماعی جسم میں اشخاص ہی کا نفس گرم زندگی کی نئی روح پھونکتا ہے۔ میں روح عصر کا منکر نہیں جو اشخاص کو اپنے مقاصد کا آلۂ کار بناتی ہے لیکن اس کے تسلیم کرنے سے خود اشخاص کی اہمیت مورخ کے لئے کسی طرح بھی کم نہیں ہو جاتی۔ اشخاص تاریخ میں نشان منزل کا کام دیتے ہیں۔ بغیر ان کے تاریخی واقعات کا انبار طالب علم کے لئے بے معنی چیز ہے۔

بعض اوقات جماعتیں اور گروہ اپنے مخصوص مفاد کے تحفظ کے لئے غلط واقعات کو حقائق تسلیم کر کے ان کی توجیہ سے اپنی اغراض وابستہ کر لیتے ہیں۔ کچھ عرصہ قبل ہمارے مدارس میں انگریزوں کی لکھی ہوئی تاریخیں پڑھائی جاتی تھیں جو حکمران طبقہ کے مخصوص نقطۂ نظر سے لکھی گئی تھیں مثلاً ہماری تاریخوں میں "کلکتہ کی کالی کوٹھری" کا واقعہ عام طور پر ملتا ہے۔ جدید معروضی تحقیق نے پورے طور پر ثابت کر دیا ہے کہ یہ واقعہ غلط ہے۔ لیکن ابتدائی انگریزی استعماریت کو اس ملک

میں اپنی جڑیں مضبوط کرنے کے لئے اس قسم کے افسانوں کو باور کرانا اور ان کی نشر و اشاعت کرنا ضروری تھا تاکہ ہندوستان آنے والے انگریزوں کی قومی عصبیت کمزور نہ ہونے پائے۔ اسی طرح انگریزوں کی لکھی ہوئی تاریخوں میں ہندوؤں اور مسلمانوں کے تعلقات کی کشیدگی کو بہ نسبت ہم آہنگی کے زیادہ اجاگر کرکے دکھایا گیا ہے۔ یہ بات بھی محض اتفاقیہ نہیں ہے بلکہ اس کی تہ میں شہنشاہی مقاصد کام کر رہے ہیں۔ غرض کہ تاریخ ہند میں ان سب باتوں نے اس لئے راہ پائی کہ معروضی حقائق سے دیدہ و دانستہ چشم پوشی کی گئی اور رائے یا خواہش کو حقیقت سمجھ لیا گیا۔ اگرچہ یہ درست ہے کہ تاریخ ہند لکھنے والے کو، دنیا کے کسی دوسرے ملک کی تاریخ لکھنے والے کی طرح، یہ دشواری پیش آتی ہے کہ ایک واقعہ کی اس کو مختلف شہادتیں ملتی ہیں جو آپس میں متضاد ہوتی ہیں۔ اس وقت اس کا یہ فرض ہے کہ نہایت دیانت داری کے ساتھ چھان بین سے کام لے اور عام حالات کو مدنظر رکھتے ہوئے حتی المقدور معروضی حقایق کی بنا پر اپنے نتائج اخذ کرے تاریخ کا بہترین طریقۂ تحقیق وہ ہے جس میں معروضی اور موضوعی دونوں طریقوں سے کام لیا گیا ہو۔ جس طرح موضوعی تاریخ میں خیالی واقعات کے راہ پانے کا اندیشہ ہے وہاں معروضی تاریخ میں یہ خطرہ مضمر رہتا ہے کہ خشک اور ایک دوسرے سے بے تعلق واقعات ساری بحث کو بے معنی نہ بنا دیں جس میں زندگی کا ربط و اتحاد نام کو نہ ہو۔ بلاشبہ تاریخ کی بنیاد معروضی حقایق ہیں جو عالم وجود میں آچکے ہیں لیکن ان کی تاویل و توجیہ میں موضوعی طریقۂ تحقیق سے کام لئے بغیر چارہ نہیں انسانی حقایق کو اسی وقت سمجھا جا سکتا ہے جب کہ انھیں کسی نقطۂ نظر سے خاص تصورات کے تحت سمجھنے کی کوشش کی جائے یا یوں کہئے کہ تاریخ میں کوئی نہ کوئی انسانی مقصد پوشیدہ رہنا چاہیئے۔

بدقسمتی سے ہمارے مدارس میں جو تاریخیں پڑھائی جاتی ہیں وہ زیادہ تر واقعات و سنین کا ایک بے ربط انبار ہوتی ہیں۔ ان میں کوئی مقصد نہیں ہوتا طالب علم ہر واقعہ کو اس کے پس منظر سے علٰحدہ کرکے اپنے تصور میں جگہ دیتا ہے۔ استاد کا فرض ہے کہ وہ بتائے کہ اجتماعی زندگی کے مختلف واقعات میں ایک طرح کا ربط پنہانی پایا جاتا ہے۔ ان کے اسباب و علل پر اگر غور کیا جائے تو وہ سب ایک زنجیر کی کڑیاں نظر آئیں گی۔ انھیں واقعات کے تار و پود سے جدوجہد

کی تشکیل عمل میں آتی ہے۔ انھیں ایک دوسرے سے علیحدہ کرنے کے یہ معنی ہیں کہ ہم اپنی زندگی میں رخنوں کو راہ دے رہے ہیں۔

تاریخ ہند کی ہندو، مسلم اور برطانوی عہدوں میں جو تقسیم کی گئی ہے وہ جدید تاریخی نقطۂ نظر سے صحیح نہیں۔ اس کے بجائے قدیم، متوسط اور عہد جدید کی تقسیم بہتر ہے تاکہ طالب علم کے ذہن میں زمانے کا تصور فرقہ وارانہ یا نسلی تعصب کے ساتھ نہ پیدا ہو۔ زمانے کی ادوار میں تقسیم مورخ کی خود اختیاری ہوتی ہے اس واسطے کہ قطعی تقسیم تو محال ہے۔ مثلاً آپ کوئی لمحہ یا تاریخ ایسی نہیں بتا سکتے جس وقت سے کہ ہندوستان میں انگریزی راج شروع ہوا۔ بالعموم ۱۷۵۷ء کی جنگ پلاسی یا ۱۷۶۴ء کی جنگ بکسر کے بعد سے برطانوی عہد کو شروع کرتے ہیں۔ حالانکہ آپ جانتے ہیں کہ یہ دونوں متذکرہ بالا تاریخی واقعات اس تاریخی رجحان کے مظاہر ہیں جو بہت پہلے سے ہندوستان میں موجود تھا اور جو ان واقعات کے بعد سے زیادہ شدید اور قوی ہو گیا۔ اس طرح اسلامی عہد کی تاریخ کا آغاز محمود غزنوی کے حملوں سے ہونا چاہئے یا ۱۲۰۶ء سے جب کہ قطب الدین ایبک نے دہلی میں ایک مرکزی حکومت کی بنا ڈالی اور اسلامی ہند کی سیاست کو عملی حیثیت سے بیرونی اثرات سے آزاد کرا لیا۔ بہرحال زمانے کی تقسیم سے مطالعہ میں سہولت پیدا ہو جاتی ہے اس واسطے کہ ماضی کی گرفت کا صرف ایک طریقہ ہے اور وہ یہ کہ اس کے ٹکڑے کر دیے جائیں۔ ازمنۂ وسطیٰ کا نام سنتے ہی ہمارے ذہن میں معاً ایک ایسا جامع تصور آجاتا ہے جو اس زمانہ کی پوری حیات اجتماعی پر حاوی ہوتا ہے۔ جاگیرداری، کلیسا اور تمدن و معاشرت کی ایک جیتی جاگتی تصویر زندگی کے سارے خط و خال کے ساتھ ہماری آنکھوں کے سامنے آجاتی ہے۔ ادوار کی تقسیم دراصل تاریخ میں نشان منزل کی حیثیت رکھتی ہے۔ زندگی میں یکایک تغیرات پیدا نہیں ہوتے ہاں، اہم رجحانات پیدا ہوتے رہتے ہیں جن کی نشان دہی طالب علم کو کرانا ضروری ہے تاکہ وہ واقعات کے تانے بانے کا کھوج لگا سکے۔ جس طرح انفرادی تجربات کے نقوش انسان کے حافظہ میں محفوظ رہتے ہیں اسی طرح اجتماعی اعمال کے نقوش زمانے کے موقلم سے قرطاس تاریخ پر بنائے جاتے ہیں۔ ایک طرف اجتماعی زندگی کے رجحان اور دوسری طرف اشخاص کی قوت ارادی کی کارفرمائی ان نقوش کے لئے رنگ و روغن کا کام دیتے ہیں۔

ہر زمانے کی تاریخ نویس کا ایک مخصوص انداز ہوتا ہے۔ آجکل تاریخ کا مطمح نظر محلات کی سازشوں جانشینی کے جھگڑوں اور لشکروں کی نقل و حرکت کی تفصیلات کے ماسوا اور بھی کچھ ہے، اب لشکر گاہوں کی شان و شوکت سے زیادہ عوام الناس کی زندگی کی طرف مورخ توجہ کرتا ہے اس لئے کہ اسے سمجھے بغیر کسی گروہ کی سیاست، معاشرت یا اقتصادی نظام کا آپ پتہ نہیں لگا سکتے۔ تاریخ ہند میں بھی اس کی سخت ضرورت ہے کہ قومی نظم و تربیت اور تہذیب و تمدن کو بہ نسبت حملوں اور لشکر کشیوں کے زیادہ اہمیت دی جائے۔ دراصل اس وقت ہم تاریخ کو جس نقطۂ نظر سے دیکھتے ہیں۔ چند صدی قبل کا مورخ اس نقطۂ نظر سے نہیں دیکھتا تھا۔ ہمارے اخلاقی اور ذہنی معیار بہت کچھ بدل گئے ہیں۔ ہم اگلے زمانے کے تاریخ نویسوں پر یہ الزام لگاتے ہیں کہ وہ بہت ہی معمولی اور جزوی باتوں پر تو صفحے کے صفحے سیاہ کر ڈالتے ہیں لیکن اپنے زمانے کے طور طریقوں، صنائع اور فنون اور تمدن و معاشرت کے متعلق کچھ نہیں لکھتے۔ لیکن اگر ہم غور کریں تو معلوم ہو کہ ہم جن واقعات کی تفصیل کی پرانے مورخوں سے توقع کرتے ہیں وہ بیجا ہے۔ دراصل ہماری یہ توقع عکس ہے ہماری اپنی زندگی کا ہمارے زمانے میں اجتماعی زندگی نے انفرادی زندگی پر بہت زیادہ اہمیت حاصل کر لی ہے۔ آج معاشرہ کو خود اپنے وجود کا احساس ہو گیا ہے۔ آج کسی ایک فرد کی زندگی، چاہے وہ فرد کتنا ہی ذی مرتبہ کیوں نہ ہو قومی تاریخ سے عبارت نہیں ہو سکتی۔ زیادہ سے زیادہ یہ کہ قومی تاریخ کے کسی ایک گوشہ کو وہ اجاگر کر سکتی ہے۔

ہمارے مدارس کی مروجہ تاریخوں میں تصادم اور جنگوں کا اس کثرت سے ذکر ہوتا ہے کہ طالب علم کے ذہن و حافظہ میں سوائے ان کے اور کوئی نقوش مشکل ہی سے باقی رہ سکتے ہیں۔ ہماری تاریخوں سے بس اتنا معلوم ہوتا ہے کہ لوگ ہمیشہ ایک دوسرے سے لڑتے رہے۔ امن کے مشاغل گویا اس ملک میں کبھی پنپے ہی نہیں۔ لیکن یہ سراسر غلط ہے۔ جنگ اگرچہ ایک تلخ اور ناگزیر حقیقت ہے لیکن تاریخ صرف اسی سے عبارت نہیں ہو سکتی۔ بالخصوص ہندوستان کی عہد وسطیٰ کی تاریخ میں سوائے جنگوں کے اور کچھ طالب علم کو بتایا ہی نہیں جاتا۔ بلاشبہ مسلمانوں نے ہندوستان میں فتوحات حاصل کیں۔ لیکن اس کے ساتھ انھوں نے اس ملک کو اپنا وطن بنایا۔ اس کی خاطر اپنا خون بہایا۔ اس ملک کے عام نراج میں ایک مستحکم مرکزی حکومت قایم کی۔ یہ سب حال ہمیں

مروجہ تاریخوں میں نہیں ملتا۔ اس حقیقت سے کون انکار کرسکتا ہے کہ اشوک اعظم کے بعد مسلمانوں ہی کی بدولت ہندوستان کو سیاسی وحدت نصیب ہوئی۔ انھوں نے یہاں ایک بین ہندی تمدن کی بنا ڈالی اور ایک بین ہندی زبان نے انھیں کے آغوش میں نشوونما پائی جو آج ہماری قومی زبان کہلاتی ہے۔ نظم ونسق اور فنون وصنائع کے ہر شعبہ میں ان کی وجہ سے ترقی ہوئی۔ ان کی بدولت اس ملک کی اجتماعی زندگی کو پھلنے پھولنے کا موقع ملا اور ہندوستان دنیا کے اہل علم وکمال کا مرکز بن گیا۔ انھیں کے توسط سے ہندوستان نے دنیا کے اور دوسرے ملکوں کے ساتھ روابط استوار کئے۔ یہ سب باتیں ہمارے طالب علم کو معلوم ہونی چاہئیں لیکن ہماری تاریخوں میں ان کا ذکر بالکل نہیں ملتا اور اگر ملتا ہے تو نہایت اجمال سے۔

میں نے ابھی اس امر کی طرف اشارہ کیا تھا کہ ہماری تاریخ ایک بے مقصد تاریخ ہے اس بے مقصدی کی وجہ سے ہماری تاریخ کی مثال ایسی ہے جیسے کوئی اکھڑی اکھڑی باتیں کرے جن میں کوئی ربط نہ ہو اور یہ بھی پتہ نہ چلے کہ آخر گفتگو کرنے والا کہنا کیا چاہتا ہے۔ یورپ کے مدارس میں جو تاریخیں پڑھائی جاتی ہیں ان میں کوئی نہ کوئی اجتماعی مقصد ضرور پیش نظر رکھا جاتا ہے۔ تاریخ کی ذریعہ سے ہوشمند مملکتیں اپنی آئندہ نسلوں کو قومی ذمہ داریوں کے لئے تیار کرتی ہیں اگر حقایق کو پس پشت نہ ڈالا جائے تو میرے خیال میں اس میں کوئی مضائقہ نہیں کہ آپ اپنے نوجوانوں کے سامنے قومی ضروریات اور مصالح کے تحت ایک خاص مطمح نظر پیش کریں۔ دراصل ہمارے ملک کی تاریخ میں متحدہ قومیت کا تخیل پیش کرنا مورخ کے لئے بہت ضروری ہے۔ اتحاد و یکجہتی کے جو رجحان ہماری ازمنہ وسطیٰ اور زمانہ حال کی تاریخ میں ملتے ہیں ان کو اجاگر کرکے دکھانا چاہیئے۔ لیکن یہ کام نہایت دشوار ہے اور اس کے لئے بڑے سلیقہ کی ضرورت ہے۔ تاریخ کا کام یہ نہیں کہ وہ کسی خاص مسلک یا نقطۂ نظر کا پروپگنڈا کرے۔ اپنے خیال کو پیش کرنے میں اس لئے مورخ کو بڑی احتیاط لازم ہے جتنی زیادہ اس کی نظر وسیع ہوگی اتنا ہی اس کو اس کا سلیقہ حاصل ہوگا کہ وہ تعمیری تصورات کو جو قومی زندگی کے لئے بنیادی حیثیت رکھتے ہیں اور اس کو فروغ دینے میں ممد و معاون ہوتے ہیں، نوجوانوں کے سامنے پیش کرسکے۔

ہندوستان کی تاریخ میں مرکز پسند اور مرکز گریز قوتوں کا تقابل ایک خاص اہمیت رکھتا

ہے۔ یہ دونوں قوتیں ہماری اجتماعی زندگی میں شروع سے آج تک برابر کارفرما رہی ہیں اور دونوں کے پیش نظر بعض نہایت اہم مقاصد رہے ہیں۔ ان قوتوں کی توجیہ کے ذریعہ ہم بعض نہایت پیچیدہ تاریخی مسائل کو علمی حیثیت سے سلجھا سکتے ہیں۔ مثلاً اشوک اعظم کے متعلق یہ کہا جا سکتا ہے کہ اس نے سیاسی حیثیت سے مرکز گریز قوتوں کو کمزور کر کے سارے ہندوستان کو سیاسی وحدت میں منسلک کیا اور اس کے ساتھ بدھ مت کے ذریعہ مذہب و معاشرت کی مرکز گریز قوتوں کا خاتمہ کیا۔ معاشرتی اعتبار سے برہمنیت ایک مرکز گریز قوت ہے اس لئے کہ وہ معاشرہ کو ٹکڑے ٹکڑے کر ڈالتی ہے۔ اور ذاتوں میں اس کو تقسیم کر دیتی ہے۔ بدھ مت کے انسانی مساوات کے اصول کو ہم مرکز پسند قوت سے تعبیر کریں گے۔ مسلمانوں کے زمانے میں سیاسی حیثیت سے مرکز پسند قوتوں کو فروغ حاصل ہوا لیکن چونکہ انھوں نے اس ملک کے لوگوں کے مذہبی و معاشرتی معاملات میں دخل اندازی نہیں کی اس لئے معاشرتی اعتبار سے مرکز گریز قوتوں کو نشو و نما پانے کا پورا موقع ملا۔ کم و بیش ہمارے عہد جدید کی تاریخ میں بھی آپ یہی حالت پائیں گے۔ اگرچہ مسلمانوں کے زمانہ میں ہندو سماج میں بعض ایسی معاشرتی تحریکیں وجود میں آئیں جو سماج میں ہم آہنگی قایم کرنا چاہتی تھیں لیکن پورے طور پر انھیں کامیابی نصیب نہ ہوئی۔

تاریخ ہند میں آپ نے اکثر پڑھا ہوگا کہ اورنگ زیب اچھا حکمراں نہیں تھا یا یہ کہ سیواجی اچھا شخص تھا یا برا حکمراں تھا۔ لیکن اس قسم کی رائے کا اظہار میرے خیال میں ذہنی تنگ نظری پر دلالت کرتا ہے۔ ہم اپنی رائے کے اظہار میں اکثر اپنے تعصب کو راہ دے دیتے ہیں۔ اس خصوص میں اگر ہم واقعات کا علمی تجزیہ کریں تو دیکھیں گے کہ ہماری قومی زندگی کی وسعت اورنگ زیب اور سیواجی، دونوں کو امتیازی اور موزوں جگہ دینے کو تیار رہے۔ اورنگ زیب نے سوائے اس کے کیا کیا کہ اس نے سارے ہندوستان کو ایک سیاسی وحدت کے تحت لانے کے لئے اپنی پوری عمر صرف کر دی۔ وہ ہندوستان کی اجتماعی زندگی کے اس پرانے مرض کا علاج کرنا چاہتا تھا جس کی وجہ سے ہمارے ملک کو صدیوں دوسروں کی غلامی برداشت کرنی پڑی۔ ہندوستان کو وہ اسی قدر اپنا وطن سمجھتا تھا جتنا کہ کوئی دوسرا سمجھ سکتا ہے۔ اس کی سرحدی حکمت عملی کا اگر مطالعہ کیا جائے تو بخوبی واضح ہو جاتا ہے کہ اس نے ہندوستان کی حفاظت کے لئے جو تدابیر اختیار کیں

وہ کس قدر دور اندیشی پر مبنی تھیں۔ اس نے یوسف زیوں کی بغاوت کو اس سختی سے فرو کیا جس طرح وہ دکن کی مرکز گریز مرہٹہ قوت کے ساتھ پیش آیا۔ اس باب میں اس نے ہندو اور مسلمان کا کوئی فرق نہیں کیا۔

جغرافی حیثیت سے ہمارے ملک کے لئے یہ مقدر ہو چکا ہے کہ ہم ایک سیاسی وحدت کے سایہ میں زندگی بسر کریں۔ ہماری تاریخ میں عروج کا زمانہ وہی ہوا ہے جبکہ ایک سیاسی مرکزی نظام ملک کے مختلف گوشوں میں یکسانیت کے ساتھ موثر ہوا۔ اس اعتبار سے اورنگ زیب کو ہماری تاریخ میں وہی رتبہ ملنا چاہیئے جس کا وہ مستحق ہے۔ اگر ہم تاریخی شواہد کی روشنی میں اس کی سیرت کے خط و خال کو دیکھیں تو صاف طور پر معلوم ہو جائے گا کہ اس پر تعصب کا الزام ایک غلط اور بے بنیاد اتہام ہے۔ وہ ان لوگوں میں سے تھا جو مملکت کے ساتھ اپنی زندگی کو وابستہ کر لیتے ہیں اور اس کے مفاد کی راہ میں جو روڑا آئے اسے بلا تامل ہٹا دیتے ہیں۔ اس میں وہ یہ نہیں دیکھتے کہ ان کی راہ میں آنے والا کس مذہب سے تعلق رکھتا ہے اور نہ یہ دیکھتے ہیں کہ وہ اجنبی ہے یا قرابتدار اس نے راجپوتانہ کے راجاؤں کا مقابلہ اس طرح کیا جبکہ وہ مرکزی حکومت سے اپنا رشتہ توڑ لینا چاہتے تھے جس طرح دکن کے سلاطین کا۔ اس کے سامنے بس ایک نقطۂ نظر تھا اور وہ مملکت کے مفاد کا نقطۂ نظر تھا۔ اس کی خاطر اس نے اپنے بھائیوں اور بیٹوں کے ساتھ وہ سب کچھ کرنے میں مطلق پس و پیش نہ کیا جسے عام طور پر مروجہ اخلاق کے معیار کے خلاف تصور کیا جائے گا۔ لیکن وہ جن کے ہاتھوں میں قوموں کی زندگی کی باگ ہوتی ہے ان کا اخلاق ایک شخصی حیثیت اختیار کر لیتا ہے اور ان کے نصب العین کو مروجہ معیار سے جانچنا درست نہیں۔ اس کے خطوط کا مطالعہ کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ اسے اپنے مقاصد میں کس بلا کا انہماک تھا۔ اس کی زندگی بے لوثی اور سادگی کا اعلیٰ ترین نمونہ پیش کرتی ہے جس کے متعلق ہمارے نوجوانوں کو علم ہونا چاہیئے۔

اسی طرح سے سیواجی کی زندگی بھی ایک خاص مقصد کی ترجمان تھی۔ جس طرح ہماری قومی زندگی میں یہ ضروری ہے کہ سیاسی مرکزیت کا نصب العین ہمارے سامنے رہے اسی طرح یہ بھی ضروری ہے کہ ہماری مقامی آزادیاں برقرار رہیں۔ سیاسی مرکزیت مشترک مفاد کے لئے ہونی چاہیئے اور اس کے ساتھ مقامی گروہوں کو اپنی زندگی کی تشکیل کی پوری آزادی ہونی چاہیئے۔ سیواجی

نے مقامی آزادی کے نصب العین کی ترجمانی کی اور مقامی خصوصیات کو برقرار رکھنے کی کوشش کی در اصل اس ملک کا مفاد یہی ہے کہ مرکز گریز اور مرکز پسند قوتوں کے باہمی تعامل و امتزاج سے ایک ایسی معتدل صورت حال پیدا ہو جو اس ملک کی اجتماعی زندگی کے لئے قابل قبول ہو۔ ہمارا ملک یورپ کے ممالک کی طرح اتنا چھوٹا نہیں کہ یہاں کی مقامی خصوصیات کو پس پشت ڈالا جائے یہ در اصل ایک براعظم ہے۔ اور باوجود اس امر کے کہ جغرافی اور تہذیبی عناصر اس ملک کے ہر گوشہ کو ایک مرکز کے ساتھ وابستہ کرنا چاہتے ہیں لیکن مقامی خصائص قومی زندگی کے تانے بانے میں ایسے پیوست ہیں کہ انھیں دبانا ناممکن ہے۔

تاریخ ہند کے مختلف ادوار میں جن گروہوں نے فوقیت حاصل کی اس کی توجیہ اس طور پر کرنا چاہیئے کہ ہماری آبادی کے مختلف عناصر میں سے کسی کو وہ ناگوار نہ گذرے۔ ہماری قومی زندگی میں مختلف گروہوں کے توسط سے نیا خون مختلف زمانوں میں آتا رہا۔ ان گروہوں کی فوقیت کے اسباب تاریخی قوانین کے تحت بیان ہونے چاہئیں۔ گروہوں کی فوقیت کے اسباب میں سے ایک سبب ان کے طریق جنگ کی برتری ہوتا ہے۔ آپ قدیم زمانے سے آج تک کی تاریخ پر ایک نظر ڈال جائیے۔ اس حقیقت کے بہت سے ثبوت آپ کو ملیں گے۔ سکندر اور پورس کی جنگ میں اور اس طرح عہد اسلامی اور عہد جدید کی جنگوں میں آپ دیکھیں گے کہ کامیاب گروہ کا طریق جنگ مفتوح کے طریق جنگ کے مقابلے میں اعلیٰ اور زیادہ سائنٹفک تھا۔ عہد حالیہ اور عہد متوسط کی بعض جنگوں کی تفصیلات ہمارے پاس موجود ہیں۔ ۱۵۷۵ء میں عادل شاہیوں اور نظام شاہیوں کی متحدہ دو لاکھ کی جمعیت نے گوا کا محاصرہ کیا۔ یہ محاصرہ دس مہینے تک برابر جاری رہا۔ لیکن صرف چار ہزار پرتگالیوں نے اس بڑے لشکر کی ایک نہ چلنے دی اور بالآخر اس پر مجبور کیا کہ محاصرہ اٹھا لیا جائے۔ اس محاصرہ میں جدید فوجی نظم و انضباط کا مقابلہ قدیم طرز کی افواج سے ہوا اور دس ماہ کی کوشش اور تعداد سپاہ کی زیادتی کے باوجود قدیم کو جدید پر کامیابی نہیں ہوئی۔ یہ واقعہ ہمارے اس زمانے کے فرمان رواؤں کی آنکھیں کھولنے کے لئے کافی تھا پرتگالی لوگ بھی انسان تھے۔ اس ملک میں اجنبی تھے اور محصور ہونے کے باوجود اپنے طریق جنگ کی برتری کے سبب سے کامیاب رہے۔ میں اپنے مطلب کو ایک اور دوسری مثال سے

واضح کرتا ہوں۔ کرناٹک کے نواب انوارالدین خاں اور فرانسیسیوں میں ۱۷۴۵ء میں جب ناچاقی پیدا ہوئی تو نواب موصوف نے اپنے بڑے لڑکے محفوظ علی خاں کی ماتحتی میں ۱۰ ہزار کا لشکر ساز وسامان سے آراستہ کرکے فرانسیسیوں کے خلاف روانہ کیا۔ فرانسیسی فوج کی تعداد بہت کم تھی لیکن باوجود اس کے اس نے نواب کی فوج کے مقابلے میں کامیابی حاصل کی اور اسے پسپا ہونے پر مجبور کیا۔ اس کامیابی سے ڈوپلے کو چند باتیں معلوم ہوئیں۔ ایک تو یہ کہ اگر یورپین فوج تھوڑی سی بھی ہو اور جدید نظم و انضباط کے اصولوں سے واقف ہو تو ہندوستانیوں کے ٹڈی دل لشکر پر بھاری رہے گی۔ اس سے بھی بڑھ کر اس نے یہ بات معلوم کی کہ اہل ہند کو اگر یورپین طریق جنگ کی مشق کرائی جائے تو کچھ عرصے میں اپنی ذہانت سے یہ لوگ خود اہل یورپ کے مثل جنگ کرنے کی قابلیت رکھتے ہیں۔ ان دونوں باتوں سے بڑھ کر اس کو یہ معلوم ہوا کہ اہل ہند کا کوئی اصول وفاداری نہیں۔ انھیں بدیسی قوت سے تعاون عمل کرکے خود اپنے اہل وطن کے خلاف تلوار اٹھانے میں کوئی باک نہیں اس پر ہمیں تعجب نہ کرنا چاہیئے کہ ایک اجنبی شخص نے ہماری نفسیاتی حالت کو ہم سے بہتر سمجھا ہماری تاریخ کا یہ وہ زمانہ ہے جبکہ زندگی کی تمام اعلیٰ قدریں نامرادی کے ہاتھوں مسمار ہو چکی تھیں۔ کسی قسم کی وفاداری کا جذبہ لوگوں کے دلوں میں باقی نہیں رہا تھا۔ ملک کے ہر گوشہ میں بدامنی اور نراج کا دور دورہ تھا۔ زبردست کمزوروں پر ظلم کرنے اور اغتصال و زیادہ ستانی میں مطلق تامل نہیں کرتے تھے۔ وفاداری کا نرم و نازک پودا ہیں نشوونما پاتا ہے جہاں عدل و انصاف کی ساز گار فضا اسے میسر آئے۔ جس مملکت میں انصاف نہیں وہاں وفاداری کی توقع کبھی پوری نہیں ہو سکتی آپ ایک ایسے شخص سے وفاداری کی کیا توقع کر سکتے ہیں جو شہری زندگی کے معمولی حقوق تک سے محروم ہو جسے آپ اپنے قریب سے گزرنے بھی نہ دیں جسے یہ اجازت بھی نہ ہو کہ وہ اپنے لئے اس کنوئے سے پانی بھرے جہاں سے آپ کے لئے پانی آتا ہے اور اگر اس کا سایہ کبھی اتفاق سے آپ پر پڑ جائے تو آپ اپنے تئیں ناپاک تصور کریں۔ اسی طرح آپ کسی ایسے گروہ سے وفاداری کی توقع نہیں رکھ سکتے جو بدامنی کا شکار ہو، جس کی فلاح و بہبود کا مملکت کو خیال نہ ہو اور جس کے ساتھ مملکت صرف اتنا تعلق قایم رکھنا گوارا کرے کہ اس کی گاڑھی کمائی میں سے ایک بڑا حصہ اپنے لئے حاصل کرلے۔ آپ ان لوگوں سے کیسے وفاداری کی توقع کر سکتے ہیں جن کے پسینہ کی گاڑھی

کمائی کی حفاظت کے آپ ضامن نہیں ہو سکتے۔ سلطنت مغلیہ کے زوال کے وقت ہمارے بدنصیب ملک کی یہی حالت تھی۔ یہ کوئی تعجب کی بات نہیں کہ انگریزوں اور فرانسیسیوں کی فوجوں میں خود ہمارے اہل وطن جوق در جوق بھرتی ہوئے اور اپنے نئے آقاؤں کے لئے اپنے ملک کو فتح کیا۔

ہندوستان کی تاریخ کے یہ واقعات ہماری آئندہ نسلوں کے لئے سبق آموز ہیں۔ عہد قدیم سے آپ دیکھیں گے کہ عوام الناس نے بیرونی فاتحوں کا ساتھ اس وقت دیا جبکہ وہ اپنے ملک میں عدل و انصاف سے محروم ہو گئے۔ اسلامی سلطنت کے آغاز اور انگریزی حکومت کے ابتدائی زمانے میں یہ حقیقت نہایت واضح طور پر نظر آتی ہے۔ تاریخ کے ذریعہ ہمیں اپنے نوجوان شہریوں کو بتانا چاہیئے کہ اجتماعی نظام بغیر اخلاقی محرکات کے قایم نہیں رہ سکتا۔ جب تک کہ مملکت اور سماج کے ساتھ عوام الناس کو جذباتی تعلق نہ پیدا ہو اس وقت تک دونوں کی بنیادیں کمزور رہتی ہیں۔ یہ اس وقت ممکن ہے جبکہ عام مفاد مملکت کا نصب العین ہو۔ اگر ہم اپنی نصابی تاریخوں کے ذریعہ اپنے نوجوان شہریوں کو یہ بات اچھی طرح سمجھا دیں تو سمجھئے کہ ہم نے بڑی کامیابی حاصل کی۔

قطعہ تاریخ

بنتیجہ فکر

جناب مولوی محمد علی صاحب قتیلؔ

ہو اجس طرح سے یہ جشن سیمین شاہ عثمان کا
الٰہی وہ بھی دن آئے کہ یوں ہی عید زرّین ہو
قتیلؔ اس طرح تابان و درخشاں "آب زر" سے سال
کہا میں نے "مبارک شاہ کو یہ جشن سیمین ہو"

۱۳۵۴ھ

رپورٹ کمیٹی ضبط مدرسہ

تمہید قبل اس کے کہ نفس مضمون سے بحث کی جائے ہم ضبط کے حقیقی مفہوم کو واضح کر دینا ضروری سمجھتے ہیں تاکہ حقیقی اور غیر حقیقی ضبط کا فرق ظاہر ہو جائے۔ ہم یہ دیکھتے ہیں کہ بعض مدارس میں خاموشی طاری رہتی ہے اور بعض میں ناقابل برداشت شور۔ تجربہ کی بنا پر اس کی وجہ یہ معلوم ہوتی ہے کہ مدارس کی یہ کیفیت مدرسین کے رعب و داب یا اس کے فقدان کا نتیجہ ہے ہماری رائے میں اس قسم کے ضبط کو حقیقی اور اصلی ضبط سے کوئی تعلق نہیں۔ یہ ضبط مثل نقش برآب ہے۔ یہ دھوکے کی ٹٹی ہے۔ اس قسم کے ضبط سے طلباء کے حقیقی رجحانات طبعی کو ظاہر کرنے کا موقع نہیں ملتا جس سے یا تو وہ پژمردہ ہو جاتے ہیں یا غلط راستہ اختیار کر لیتے ہیں۔ یہ امر مسلم ہے کہ زندگی کی کامیابی کا راز پسندیدہ رجحانات طبعی کے ارتقا میں مضمر ہے اور اگر رجحانات طبعی غلط راستے اختیار کر لیں تو اس سے طلباء کی سیرت پر جو اثر پڑے گا وہ ظاہر ہے علاوہ بریں ضبط کے مفہوم میں طلباء کی خاموشی ان کی مرعوبیت اور مجہولیت کو داخل کرنا نہ صرف ضبط کے مفہوم کو تنگ کرنا ہے۔ بلکہ ضبط کی غلط تاویل کرنی ہے حقیقی اور دیرپا وہ ضبط ہے جو اندرونی ہو اور جس کو بیرونی اثر اور دباؤ سے کوئی تعلق نہ ہو جو کسی کہنے سننے اور احکامات کا نتیجہ نہ ہو۔ بلکہ خود اختیاری ہو۔ جو صرف مدرس کی موجودگی ہی میں ظاہر نہ ہو بلکہ اس کی عدم موجودگی میں بھی اس کا اظہار ہو جو صرف زندگی کے ایک پہلو ہی میں نہ پایا جائے بلکہ زندگی کے ہر پہلو میں اس کا دور دورہ ہو۔ جو طلباء کی خاموشی سے نہیں بلکہ ان کے کردار، اعمال، چہل پہل میں اور ہشاش اور بشاش چہروں سے جو نہ صرف جماعت میں۔ بلکہ جماعت سے باہر کھیل کے میدان میں مدرسہ کی تقاریب میں اور ٹورنمنٹ کے مواقع پر ظاہر ہو۔ اس قسم کا ضبط پند و نصائح سے نہیں بلکہ عملی مثال۔ نمونہ اور طلباء کے لئے ایسے مواقع فراہم کرنے سے پیدا ہوتا ہے۔ جن میں طلباء کو بطور خود کام کرنے۔ ایک دوسرے کی مدد کرنے وقت اور قواعد کی پابندی کرنے کی ترغیب ہوتی ہے۔ مدرس کا خود اچھا نمونہ۔ منتظم کھیل۔ کشافہ اور دیگر مصروفیات زائد از نصاب ایسے مواقع

فراہم کرا سکتے ہیں۔ ماہرین فن علم کے نقطۂ نظر سے ضبط مدرسہ کی تعریف میں تعلیم۔ ورزش جسمانی۔ تنظیم و باقاعدگی۔ اساتذہ کا اثر۔ ملک کا ماحول۔ مدرسہ اور حکومت کے قواعد اور احکام وغیرہ کی بجا آوری سب کے سب امور داخل ہیں۔ ضبط کی اہم خصوصیت یہ ہے کہ وہ سیرت سازی میں ممد و معاون ہوتا ہے اور ایک قوت کا کام دیتا ہے۔ ضبط چال چلن اور کردار کا فطری مصلح ہے اس لئے اقتدار قواعد اور ان تمام قوتوں کی رہنمائی و ہدایت جو چال چلن اور کردار کی نمو و بالیدگی میں معاون ہوتے ہیں ضبط کی حدود میں داخل ہونے چاہئیں۔ ضبط اطاعت کی صفت پیدا کرتا ہے۔ اور یہ طالب علم کی اخلاقی عادت کے اصلاح کی جانب پہلا قدم ہے۔ اطاعت شعاری مدرسہ کے لئے از حد ضروری ہے لیکن سچی اور دیرپا اطاعت وہی ہے جس کی بنیاد محبت اخلاص اور ہمدردی پر قائم ہو اور یہ معلم کی شخصیت پر موقوف ہے جو طلبا میں اطاعت شعاری کا جذبہ پیدا کرتی ہے۔ استاد اس جذبہ اطاعت شعاری کا تعلق خود اپنے سے قطع کر کے اس قاعدہ یا قانون سے جوڑ دیتا ہے جس کی وہ قایم مقامی کرتا ہے اور امتداد زمانہ کے ساتھ ساتھ یہ جذبہ ایک اخلاقی عادت اختیار کر لیتا ہے اور یہی عادت عہد طفلی کا اعلیٰ وصف سمجھی جاتی ہے اور یہ اس وجہ سے زیادہ قابل لحاظ ہے کہ تخریبی خواہشات کو مغلوب کر لیتی اور تعمیری ولولوں کو ابھارتی ہے چونکہ استاد بجائے باپ کے ہوتا ہے اس لئے ایسے موقع پر باپ کی طرح اس کو بھی چاہیئے کہ وہ خود کو طلبا کا بہی خواہ ثابت کرے۔ اس طور پر وہ اطاعت کا مطالبہ بطور ایک حق کے کر سکتا ہے۔

اطاعت اور اقتدار دونوں لازم و ملزوم ہیں اور اقتدار کی ضرورت اس وجہ سے زیادہ ہے کہ وہ عادات و خصائل کی تعمیر اور ان کی بالیدگی میں مدد دیتا ہے۔ لہذا اس کا استعمال صرف اخلاقی ضرورت کے تحت ہونا چاہیئے۔ واضح رہے کہ حصول ضبط کے لئے اقتدار ہی مقصود بالذات نہیں بلکہ یہ ایک ذریعہ ہے۔ بچے میں اقتدار کا احساس ابتداءً اپنی بے بسی سے پیدا ہوتا ہے اور استاد پر اعتماد کرنے کا جذبہ پیدا کر دیتا ہے تعلیم اور تجربہ سے بچہ یہ سیکھ لیتا ہے کہ اس کی آزاد خیالی و حرکات کے لئے اوروں کے قایم کردہ ضروری حدود بھی ہیں۔ جلد یا بدیر بچہ کو یہ معلوم ہو جاتا ہے کہ اقتدار کے ساتھ سزا کی قوت بھی موجود ہے البتہ استاد کا کام یہ ہے کہ قیود اور پابندیوں کی حدود میں اور وہ بھی صرف اخلاقی لغزشوں کے ارتفاع کے

لئے سزا کو جاری رکھے۔ یہ واضح کر دیا جائے کہ اطاعت لابدی ہے لیکن اطاعت اخلاقی اوصاف کے ساتھ ہونی چاہیئے مدرسہ کے ہر کام کو تحت ضبط، سیرت سازی میں مدد دینے کا ذریعہ بنایا جا سکتا ہے کیونکہ عادات اور چال چلن کی تعمیر میں وہ ممد و معاون ہوتا ہے۔

ضبط اطاعت اور اقتدار کو مربوط کر دیتا ہے اس لئے اقتدار کو بروئے عمل لانے میں کسی تردد کا عنصر شریک نہیں ہو سکتا۔ ایسی تنظیم و تربیت بڑھتے بڑھتے اخلاقی اور دماغی ضبط کی حامل ہو جاتی ہے اسلئے ایسے ضبط کی تعریف میں تعلیمی مقاصد کے لئے مقررہ آئین و قوانین کی تعمیل پذیر مطابقت داخل ہے یعنے تعلیمی مقاصد کے لئے مقررہ آئین و قوانین کے مطابق استاد کے احکام کی تعمیل۔

مدرسہ کے عمدہ نظم و نسق کا اثر ضبط مدرسہ پر

مدرسہ وہ مقام ہے جہاں طلبا اور اساتذہ کی ایک کثیر تعداد تعلیمی و تربیتی مقصد کے لئے جمع ہوتی ہے اور جہاں قوم کے ہونہار پودوں کو عملی زندگی کے لئے تیار کیا جاتا ہے۔ اس لحاظ سے مدرسہ بڑی اہمیت رکھتا ہے اس کے نظم و نسق کو جس قدر بہتر بنایا جائے کم ہے۔ نظم و نسق مدرسہ کا حسب ذیل امور پر دار و مدار ہے۔

(۱) مکان و سامان مدرسہ و آلات تعلیمی

(۲) جماعت بندی۔

(۳) نظام الاوقات۔

(۴) مدرسین کا طریق کار

(۵) عام انتظامات

مکان و سامان مدرسہ و آلات تعلیمی

ضبط کا بہت کچھ دار و مدار عمارت مدرسہ پر ہے لہذا مدرسہ ایک ہی مکان میں اور اگر ضرورتاً دو مکانوں میں ہو تو ایک دوسرے کے بالکل قریب ہوں تاکہ مختلف جماعتوں کی دیکھ بھال میں سہولت ہو عمارت مدرسہ ایسی ہو کہ اس میں متعلقہ کام سہولت سے انجام پا سکے بلند اور روشن ہو ہوادار، صحت بخش اور اچھے ماحول میں واقع ہو اس کے اطراف اونچی عمارتیں اور بڑے درخت نہ ہوں۔ یہ مقام گدلے پانی

کے گڑھے یا مخرب اخلاق مکانوں مثلاً شراب خانوں وغیرہ کے قریب نہ ہوں اس میں اتنی گنجائش ہو کہ کوئی جماعت تنگی محسوس نہ کرے۔ اس کا ہر حصہ کام کے لئے موزوں ہو۔ کمرے ایسے بنے ہوں کہ دونوں جماعتوں کا کام خراب ہو۔ کم از کم ایک حال اتنا بڑا ہو کہ مدرسہ کی ایک معتد بہ تعداد طلبار آرام کے ساتھ اس میں سما سکے خصوصاً نقشہ کشی اور دستی مشاغل کے لئے علیحدہ ہال ہوں۔ ڈرل اور لازمی کھیل کے لئے کافی میدان عمارت مدرسہ سے وابستہ رہنا ازبس ضروری ہے۔ ہر کمرہ کا رخ ایسا ہو کہ کافی روشنی طلبار کی نشستوں تک صحیح اصول سے اور بآسانی آسکے۔ ہر کمرہ میں تازہ ہوا کے داخل اور خراب ہوا کے خارج ہونے کا کافی انتظام رہے۔ مدرسہ کا بیت الخلاء اصل عمارت سے کچھ فاصلہ پر رہے اور طلباء کی تعداد کی مناسبت سے ہو۔ نشستوں کا انتظام طلباء کی عمروں کے لحاظ سے کیا جائے۔ ہر بچہ کو کم از کم (۱۸) انچ جگہ ملے اور ایک دوسرے کے درمیان (۱۸) انچ کا فاصلہ رہے۔ ڈسک ایسے ہوں کہ طلباء کو لکھنے پڑھنے یا حرکت کرنے میں کسی قسم کی دقت نہ ہو بلکہ سہولت بخش ہوں۔ مدرس کو چاہیئے کہ بچوں کو بیٹھنے کا صحیح طریقہ بتلائے بچے چونکہ کچھ نہ کچھ کرتے رہنے کے عادی ہوتے ہیں اس لئے چھوٹے سیاہ تختے فری ہینڈ ڈرائنگ کے لئے مہیا رکھے جائیں تاکہ اوقات فرصت میں طلبار ڈرائنگ کرتے رہیں۔ تختہ سیاہ ہر جماعت میں مدرس کی نشست کی بائیں جانب رہے اس طرح کہ اس پر زیادہ روشنی پڑنے پائے اور ہر طالب علم بہ سہولت اس کو دیکھ سکے۔ مدرس کی نشستگاہ کسی قدر بلند ہو کہ طلبار اس کو بہ آسانی دیکھ سکیں۔ اور خود مدرس کی نظر بھی پوری جماعت پر رہ سکے۔

کام اور ضروری آلات تعلیمی بھی قیام ضبط مدرسہ کے لئے ضروری ہیں یہ امر محقق ہے کہ چھوٹے بچوں کی تعلیم میں خصوصاً توضیح و تشریح ایسی موثر نہیں جیسی کہ مقرون اشیار چنانچہ طلبار کی سمجھ میں جب کوئی بات نہیں آتی ہے تو وہ بیچین ہو جاتے ہیں اور جماعت میں ایک قسم کی گڑبڑ پیدا ہو جاتی ہے جو حصول تعلیم کے لئے نہایت مضر ہے۔ اس لئے ضرورت ہے کہ تعلیم کو سریع الفہم بنایا جائے اور یہ مقصد آلات تعلیمی یا بہ الفاظ دیگر مقرون اشیاء سے بدرجہ اتم حاصل ہو سکتا ہے۔ دوران تعلیم میں مقررہ جگہ پر ان کا ہونا ضروری ہے ورنہ ان کے لانے

اور لے جانے میں ضبط مدرسہ میں خلل واقع ہونے کا قوی احتمال ہے۔ المختصر امور مذکورہ بالا سے صاف ظاہر ہے کہ قیام ضبط مدرسہ میں وہ مدرس کے مدد و معاون ہو کر اس کو اس قابل بناتے ہیں کہ وہ اپنے کام کو باحسن الوجوہ انجام دے سکے۔

جماعت بندی موزوں و مناسب جماعت بندی بھی ضبط مدرسہ کا ایک اہم جزو ہے اس لئے کہ مدرس وقت واحد میں کئی طلبار کو پڑھا سکتا اور وقت معینہ پر ان کے نصاب مقررہ کی تکمیل کرا سکتا ہے۔ نہ صرف یہی بلکہ ہر آن معتد بہ تعداد طلبار کے احساسات تربیت کو پیدا کر سکتا اور تقویت پہونچا سکتا ہے۔ اگر ہر جماعت کا نظم و نسق اچھا رہے تو اس کا عمدہ اثر کل مدرسہ کے نظم و نسق پر پڑے گا۔ جماعت ہائے تحتانی و سطانی و فوقانی کی تعداد تحت احکام نافذ الوقت ہونی چاہیئے لیکن ایسی جماعت بندی اسی وقت مفید سے مفید تر نتائج پیدا کر سکتی ہے جب کہ تعداد طلبار کی زیادتی قیام ضبط میں خلل انداز نہ ہو۔

تقسیم اوقات نصاب تعلیم کی بلحاظ اہمیت مضمون تقسیم اور اسی مناسبت سے موزوں اساتذہ کا حسب مذاق مضمون واری انتخاب اور مناسب تعین اوقات نہایت ضروری ہے اسی کو بہ الفاظ دیگر نظام الاوقات کہا جاتا ہے جس سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ کس جماعت میں کن کن مضامین کی تعلیم ہوگی اور کون کون سے اساتذہ کن کن مضامین پر کتنا وقت دے سکیں گے تقسیم اوقات کے مطابق کام کرنے سے مدرسین اور طلبار کے کام میں سہولت اور دلچسپی پیدا ہوتی ہے اور اہم اور کم اہم مضامین کی یکے بعد دیگرے مناسب ترتیب سے بیزاری کا رفع ہو جاتی ہے۔ ایسے اوقات نامہ میں یہ بھی ضروری ہے کہ بغرض آرام وقفوں اور ورزش کے اوقات کا بھی لحاظ رکھا جائے تعلیمی گھنٹوں کی طوالت طلبا کی عمر اور استعداد کے لحاظ سے ہو تعلیم کے آخری گھنٹے نسبتاً چھوٹے رہیں یہ سب امور قیام ضبط مدرسہ کے باعث ہیں۔

مدرسین کا طریق کار عمدہ اور اصولی طریقہ کار سے بھی جامعیت پیدا ہو جاتی ہے مدرس کا ہر پسندیدہ قول و فعل خواہ وہ حدود مدرسہ کے اندر ہو کہ باہر یقیناً اس کی شخصیت کی اہمیت اور اثر کو بڑھاتا ہے جس کے نتیجہ کے طور پر جماعت پر ضبط کی فضا چھا جاتی ہے اس موقع پر مدرس کے درسی کام کی حد تک روشناس کرنا مناسب معلوم ہوتا ہے۔ ہر مدرس کو چاہیئے کہ اپنے مفوضہ کام

کا ایک خاکہ مرتب کرے۔ اس طور پر کہ سالانہ کام، میقاتی کام، ماہواری کام ظاہر ہو سکے بعد منہائی تعطیلات موسمی و زمانہ امتحانات سالانہ تعلیمی کام صرف دس ماہ کا رہ جاتا ہے۔ اس میں بھی مناسب ہوگا کہ آخری ایک ماہ آموختہ اور بالخصوص مشکل سوالات کے حل اور رفع شکوک طلباء کے لئے مخصوص کر دیا جائے۔ باقی نو ماہ میں ہر مضمون مفوضہ کی تقسیم بلحاظ تعطیلات متعلقہ نوحصوں پر ہونی چاہیئے اور یہ نو حصے بھی تین حصوں پر منقسم ہوں جس کے ہر حصہ کو ایک میقات کہا جاتا ہے۔ یہ میقاتی کام بھی ماہواری کام کے اجزاء پر مشتمل ہو اور ایسے ماہواری کام کو روزانہ کام پر تقسیم کر کے ہر روز کا کام ذریعہ اشارات اسباق متعین و معین ہونا چاہیئے۔ اس میں شک نہیں کہ نہایت شرح و بسط سے روزانہ اشارات اسباق کا تحریر کرنا بڑی حد تک مشکل ہے اس لئے کہ کم و بیش ہر مدرس کو روزانہ پانچ یا چھ ساعات مختلف جماعتوں میں کام کرنا پڑتا ہے ہر ایک ساعت کے لئے تفصیلی اشارات کا ضبط تحریر میں لانا آسان نہیں لیکن اس کے یہ معنی کبھی نہیں کہ اشارات اسباق کا سا مفید و ضروری کام نظر انداز کر دیا جائے یا جاذب توجہ نہ رہے بلکہ نہایت ضروری ہے کہ اس کام کو زیر ہدایت صدر مدرس متعلقہ ممکنہ سہولت و مناسب اختصار سے بہر صورت روزانہ کیا جائے۔ ایسی تیاری ظاہر ہے کہ مدرس کو جماعت میں بے کھٹکے مشغول و مصروف رکھ کر قیام ضبط اور طلباء میں دلچسپی اور مصروفیت کا موجب ہوتی ہے

مدرس کی شخصیت ضبط مدرسہ کا ایک جزو ہے۔

قیام ضبط مدرسہ میں جہاں عمدہ عمارت کافی اور آرام دہ فرنیچر ضروری آلات تعلیم اور قوانین مدرسہ کی ضرورت ہے وہاں مدرس کی شخصیت کو بھی بہت بڑا دخل ہے۔ اکثر حضرات کا خیال ہے کہ ہم، فن تدریس سیکھ نہیں سکتے۔ بہ الفاظ دیگر مدرس بنایا نہیں جا سکتا بلکہ وہ پیدائشی ہوتا ہے مگر واقعات بتا رہے ہیں کہ تجربہ سے درس و تدریس کی صلاحیت میں اضافہ ہو سکتا ہے

مدرسہ کی خصوصیات

مدرس کی بعض خصوصیات اس کو تعلیمی امور کے انجام دینے میں کامیاب بناتی ہیں مثلاً (۱) مدرس کی وجاہت (۲) جوش عمل (۳) انصاف پسندی (۴) خلوص (۵) ہمدردی (۶) قوت عمل (۷) قوت ارادہ (۸) حکمت عملی (۹) طرز تکلم

(۱۰) طریقہ تعلیم۔ ہم دیکھتے ہیں کہ مدرس کی عمدہ جسمانی ساخت خدوخال اور لباس طلباء پر اچھا اثر ڈال کر قیام ضبط کا باعث ہوتے ہیں طلباء ایسے مدرس کی عزت کرتے اور اس کا حکم ماننے پر مجبور ہو جاتے ہیں۔ پس اس امر کی سخت ضرورت ہے کہ مدرسین اپنی ظاہری حالت کو حتی الامکان بہتر سے بہتر بنانے کی کوشش کریں۔ اگر کمزور ہیں تو ورزش صحت افزا غذا وغیرہ سے اس خامی کو دور کر سکتے ہیں معمولی سے معمولی لباس کو اگر صاف ستھری حالت میں استعمال کریں تو اپنی سادگی کی وجہ سے ایسا لباس جاذب توجہ ہوتا ہے۔

مدرس کا جوش عمل | مدرس کا جوش عمل طلباء سے سستی کاہلی عدم توجہی اور بے ضبطی کو دور کر کے ان میں دلچسپی انہماک اور ضبط پیدا کر دیتا ہے۔ مدرس کے جوش عمل سے خود اس کا اپنا کام بار نہیں معلوم ہوتا اگر مدرس طلباء کے ساتھ ہمدردی سے پیش آئے تو وہ اپنی خامیوں کو ایک شفیق اور ہمدرد مدرس پر ظاہر کرنے میں کبھی پس و پیش نہیں کریں گے۔ مدرس کا طلباء کے نقائص سے اور طلباء کا مدرس کی طبیعت سے واقف ہونا تعلیم و تربیت اور ضبط کی جان ہے۔

مدرس کی قوت ارادی | مدرس کو اس کی قوت ارادی اس کی خصوصیات طبعی سے استفادے کے مواقع فراہم کرتی ہے۔ مدرس کا قوی الارادہ ہونا تعلیمی امور کی انجام دہی کے لئے ازبس ضروری ہے۔ کمزور قوت ارادی والا مدرس اپنے کام کو انجام نہیں دے سکتا۔ مدرس کو چاہئے کہ اپنا کام طلباء اور فرض کی خاطر انجام دے۔ جو کام طلباء سے لینا چاہتا ہو ان سے لے کر رہے۔ اولیاء کی دھمکی اور طلباء کی حیلہ سازیوں کو بالکلیہ خاطر میں نہ لائے۔ صدر مدرس کو چاہئے کہ اس خصوص میں مدرس کی امکانی مدد کر کے قیام ضبط مدرسہ میں اس کا ہاتھ بٹائے۔ طلباء اور اولیائے طلباء کی ناجائز تائید سے بیچارے مدرس کی قوت ارادی کو پست نہ کرے۔ ورنہ ضبط مدرسہ پر اس کا برا اثر پڑے گا۔

مدرس کی موقع شناسی اور حکمت عملی | مدرس کی حکمت عملی بھی اس کی شخصیت کا ایک اہم جزء ہے۔ جماعت میں مختلف طبائع کے طلباء ہوتے ہیں ہر ایک کے ساتھ ایک ہی قسم کا برتاؤ ناممکن ہے اس لئے ہر وقت مختلف برتاؤ کی ضرورت ہے ممکن ہے کہ اخلاقی اور تعلیمی دلچسپیوں کی وجہ سے مدرس کسی طالب علم کے متعلق خاص رائے یا رجحان رکھتا ہو مگر

اصول ضبط کے مدنظر اس کو چاہیئے کہ اس خاص رجحان کو نہایت حکمت عملی سے ظاہر کرے۔

مدرس کا طریقہ تعلیم | اگر مدرس کا صرف طریقہ تعلیم اچھا ہو تو قوی امکان ہے کہ عمدہ طریقہ تعلیم کی وجہ سے جماعت میں ضبط قایم رہے اور یہ ظاہر رہے کہ اگر ہر جماعت کا ضبط اچھا رہے گا تو مدرسہ کے ضبط پر اس کا بہت اچھا اثر پڑے گا مدرس کی آواز کو اس کی شخصیت کی تعمیر میں بڑا دخل ہے۔ بدوران تدریس مدرس کو اپنی آواز پر پورا قابو ہونا چاہیئے۔ اس کا زور سے پڑھانا خود جماعت میں شور و شغف کا موجب ہوتا ہے اس کی آواز ایسی بھی نہ ہو کہ طلباء کو نیند آنے لگے اور نہ ایسی پست ہو کہ طلباء ایک دوسرے سے پوچھیں کہ مدرس صاحب کیا فرما رہے ہیں۔ ظاہر ہے کہ اس قسم کی آواز ضبط کے انتشار کا باعث ہوگی نہ کہ اس کی ممد و معاون۔

ضبط جماعت

ضبط جماعت سے مراد | ضبط جماعت سے یہ مراد ہے کہ ہر ایک کام باقاعدگی اور سلیقہ سے ہو رہا ہو استاد کے احکام کی پوری پوری پابندی ہو طلبا کے بشرون سے ان کی حقیقی دماغی کاوش اور ذہنی تحریک کے آثار پائے جا رہے ہوں ضبط کا انحصار زیادہ تر مدرس کی شخصیت پر ہے مدرس کی عملی زندگی کا طلباء کے اخلاق و عادات پر گہرا اثر پڑتا ہے۔ کیونکہ عملی نمونہ پند و نصائح سے کہیں زیادہ موثر ہوتا ہے۔ چنانچہ مدرس کی پابندی اس کا اپنے کام میں شوق و انہماک اس کی آئین پسندی و منصف مزاجی اور اس کی رواداری کے گہرے نقش طلباء کے اثر پذیر دماغوں پر بیٹھ سکتے ہیں۔

مدرس کا اصلی کام بچوں کی تعلیم و تربیت ہے جس کے لئے بچوں کا متوجہ رہنا ضروری ہے اور توجہ کے لئے دلچسپی کی ضرورت ہے پس مدرس کو چاہیئے کہ سبق کو موزوں قصص تصاویر۔ توضیحات۔ نمونہ جات سے دلچسپ بنائے بچے کچھ نہ کچھ کرتے رہنا چاہتے ہیں ان کو کام میں مشغول رکھے ان کی فطرتوں کا مطالعہ کرے اور ان کی استعداد دلچسپیوں اور رجحانات کے مطابق ان کو کام پر لگا رکھے چونکہ بچے مشاغل میں تنوع چاہتے ہیں۔

اس لئے قیام ضبط کے مدنظر وقتاً فوقتاً مناسب تبدیلی سے کام لے۔ مدرس کی قوت سماعت تیز ہو۔ ہمیشہ اس کی نظر پوری جماعت پر رہے تاکہ طلبار کے بشروں سے یہ پتہ چلائے کہ وہ مصروف بکار ہیں کہ نہیں۔ مدرس کی آواز ایسی ہو کہ پوری جماعت اس کو اچھی طرح سن سکے۔ تختہ سیاہ پر لکھتے وقت مدرس خاموش نہ رہے بلکہ جو کچھ لکھا جا رہا ہے اسے دہراتا جائے اور اس طرح کھڑا رہے کہ بچوں کے دیکھنے میں حایل نہ ہو۔ سبق کی طرف جو بچے متوجہ نہ ہوں ان کو متوجہ کرے اور ان میں سبق سے دلچسپی پیدا کرنے کے لئے موزوں سوالات کا استعمال کرے۔ سوالات حسب موقع انفرادی۔ اجتماعی۔ واضح اور ایک ہی جواب چاہنے والے ہوں۔ تاکہ بجائے قیام ضبط کے انتشار ضبط کا باعث نہ ہو۔ مدرس کو چاہیئے کہ وہ بچوں کی فطرت کے خلاف کوئی حکم نہ دے ورنہ اس کے حکم کی تعمیل نہ ہوگی۔ مدرس کی بیجا دھمکی اس کی کمزوری کے اعتراف کے مترادف ہوتی ہے اور اس کے اعتماد کو کھو دیتی ہے جانبین کی عدم اعتمادی ضبط کے لئے نہایت مضر ہے۔

ضبط کی بنیاد مہر پر ہو نہ کہ قہر پر | بعض مدرسین خوف و دہشت سے ضبط قایم رکھنا چاہتے ہیں اس قسم کا ضبط دیرپا اور پسندیدہ نہیں ہوتا۔ خوف و دہشت کے بجائے مہر و محبت کی تاثیر گہری اور دیرپا ہوتی ہے۔ جو مدرسین مہر و محبت سے کام لیتے ہیں انہیں طلبار اپنے سچے ہمدرد اور شفیق سمجھتے ہیں۔ ان سے اپنی غلطیوں کی اصلاح چاہتے ہیں جس سے ان کی ذہنی ترقی ہوتی ہے اور طلبار ایسے مدرسین کی دل سے عزت کرتے ہیں اور ان کے حکم کی تعمیل کرنے کے لئے ہر وقت آمادہ و تیار پائے جاتے ہیں۔ جماعت میں مدرس کا طرز عمل ایسا ہو کہ قیام ضبط کے لئے اظہار غیظ و غضب اور سزا دینے کی ضرورت ہی پیش نہ آئے۔ مدرس کو جماعت میں زندہ دلی اور خندہ پیشانی سے رہنے کی ضرورت ہے اس کو بچوں کے ہر کام پر ہرگز جھنجلانا نہیں چاہیئے بلکہ جہاں تک ہو سکے ان کی ذاتی سعی اور قابلیت کی تعریف کرے۔ مدرس کا بعض لڑکوں کو سر پر چڑھا لینا اور بعض کو دھتکارنا اس کی ناانصافی کی دلیل ہے ایسا کرنے سے طلبار کی نظر میں اس کا وقار گھٹ جاتا اور ضبط جماعت میں اختلال واقع ہوتا ہے۔

ازدیاد احکامات مضر قیام ضبط ہے | بعض مدرسین قیام ضبط کے لئے کثرت کے ساتھ حکم دیتے ہیں جس کی تعمیل بچے نہیں کر سکتے ایسے بہ کثرت احکام کا لازمی نتیجہ خلاف ورزی ہے۔ پس جس قدر احکام کم ہوں گے ان کی تعمیل زیادہ آسان ہوگی احکام کی تعمیل فوری اور قطعی ہونی چاہئے ضرورتاً جو قاعدے بنائے جائیں وہ تعداد میں کم جامع اور عام اصول پر مبنی ہوں تاکہ بچے خود محسوس کرنے لگیں کہ جان بوجھ کر قواعد کی خلاف ورزی کرنا ان کا اپنا نقصان ہے۔

جماعت میں آزادی | مدرسین کو چاہیئے کہ طلبا میں ایک حد تک آزادی کا احساس پیدا کرائیں اور ان کو اپنا آپ انتظام کرنے کا طریقہ سکھائیں اس غرض کے لئے جماعت کے ایسے لڑکوں کو جو فطرتاً اپنے ساتھیوں پر اثر قایم رکھ سکتے ہوں اور ان میں ہر دل عزیزی بھی ہو مانیٹری کے عہدوں کے لئے منتخب کیا جائے جو قیام ضبط اور دوسرے کاموں میں مدرسین کا ہاتھ بٹائیں گے۔ لیکن مدرسین کو چاہیئے کہ ان مانیٹروں پر غیر محسوس کافی نگرانی بھی رکھیں ورنہ اپنے اختیارات کو بری طرح کام میں لائیں گے۔ جس سے ضبط جماعت میں خلل واقع ہوگا۔ مانیٹروں کے ذمے اتنا زیادہ کام نہ کیا جائے کہ جس سے ان کی تعلیم کا نقصان ہو۔

جماعت میں انتظامی کمیٹیوں کا قیام | جماعت میں بعض لڑکے ناپسندیدہ عادتوں میں مبتلا ہوتے ہیں اور ان کو مدرسہ میں مرض متعدی کی طرح پھیلا کر انتشار ضبط کا باعث ہوتے ہیں ایسی باتوں کے انسداد کے لئے جماعت کے چند شریف اور ہر دل عزیز بچوں کی مختلف نوعیتوں کی کمیٹیاں بذریعہ انتخاب قایم ہوں۔ مثلاً صفائی کی نگرانی کی کمیٹی۔ طلبا کو حاضر باش بنانے کی کمیٹی۔ ہوم ورک کی نگرانی کمیٹی وغیرہ چونکہ طلبا ایک دوسرے کی خامیوں سے زیادہ واقف ہوتے ہیں اس لئے توقع کی جاتی ہے کہ ان کمیٹیوں کی نگرانی میں ان خامیوں کی بہت بہت اصلاح ہو جائے گی۔ علاوہ ازیں اس قسم کے امور کی انجام دہی طلبا میں ابتداء ہی سے احساس فرائض اور ایک دوسرے کی مدد کے جذبات کو ابھار کر قیام ضبط کا باعث ہوگی۔

اخلاقی تربیت کے ذریعہ قیام ضبط

گھر پر اخلاقی تعلیم نہیں ہوسکتی قیام ضبط مدرسہ کے لئے اخلاقی تربیت کا سوال ایک خاص اہمیت رکھتا ہے نامناسب نہ ہوگا اگر اس موقع پر یہ کہا جائے کہ عمدہ اخلاقی تربیت سے قیام ضبط مدرسہ کا سوال خود بخود حل ہوجاتا ہے اس لئے کہ اس سے طلبار میں ذاتی اعتماد۔ ایک دوسرے کی مدد کرنا۔ اپنے کام میں شوق و انہماک۔ جھوٹ سے نفرت سچ سے محبت وغیرہ جیسی خصوصیات پیدا ہوتی ہیں۔ جو قیام ضبط مدرسہ کے اجزائے لاینفک ہیں۔ گھر اخلاقی تعلیم کے لئے زیادہ موزونیت رکھتا ہے کیونکہ بچہ پر اس کی ماں کے خاص اثرات مرتب ہوتے رہتے ہیں لیکن ماں کا بیجا لاڈ و پیار اس کی اخلاقی تربیت کے لئے اہم جگہ ہے جس طرح سے مدرسہ میں بچوں کے قوائے ذہنی و جسمانی کی تربیت ہوسکتی ہے اسی طرح یہاں وہ اخلاقی تربیت بھی حاصل کرسکتا ہے۔ اور یہی مکمل تعلیم ہے۔

ذاتی مفاد کے ساتھ دوسروں کا خیال رکھا جائے موجودہ دور میں اکثر لوگ اپنی ترقی اور خوشحالی کی دھن میں منہمک نظر آتے ہیں یہ اس کوشش میں لگے ہوئے ہیں کہ میدان ترقی میں اوروں کی بہ نسبت ایک قدم آگے رہیں جس کا لازمی نتیجہ ظاہر ہے ضرورت اس بات کی ہے کہ ابتدا ہی سے ہونہار بچوں کو ایسی اخلاقی تعلیم و تربیت دی جائے کہ وہ اپنی بھلائی کے ساتھ ساتھ نہ صرف اوروں کے مفاد کا خیال رکھیں بلکہ قومی اور اجتماعی وقار اور فوائد کی خاطر اپنی انفرادیت کو پس پشت ڈالنے میں دریغ نہ کریں۔

بچپن میں اخلاقی تعلیم اور دینیات کا اثر مدارس میں ہمارے مدارس کے نصاب میں دینیات کے ساتھ اخلاقیات کی تعلیم مثل دیگر مضامین کے شامل ہے اخلاقیات کے نصاب میں بزرگوں کے کارنامے بہادروں کے افسانے محبت۔ سخاوت ہمدردی۔ خلوص۔ جھوٹ سے نفرت۔ سچ سے محبت۔ جیسے جاذب توجہ مضامین شریک ہیں اور یہ طلبار کی عمر استعداد اور مذاق کے موافق ہیں جن کے پڑھنے سے طلبار کے دلوں موجزن ہوکر ان میں ان خوبیوں کے حصول کی خواہش ہوتی ہے۔ پس ہم کو چاہئے کہ ایسے

زرین موقع سے زیادہ سے زیادہ فائدہ اٹھاکر بچوں میں ضبط کی روح کو جاری و ساری کردیں اور جن چیزوں کا کہ اوپر ذکر کیا گیا ہے ان کی تربیت سے یہ روح بدرجہ اتم حاصل ہوسکتی ہے اس وقت بچہ اخلاقیات کے نصاب کی تکمیل کرلیتا ہے مگر ایک حقیقت بیں کی نظر میں وہ جاہل مطلق سے بڑھ کر حقیقت نہیں رکھتا۔ اس کو چند اخلاقی اصول سے واقفیت تو ہوجاتی ہے مثلاً چوری کرنا یا جھوٹ بولنا بہت برا ہے لیکن وہ اپنی معلومات کی بناء پر چوری کرنا یا جھوٹ بولنا نہیں چھوڑتا۔ ظاہر ہے کہ ایسی عادات وخصائل کی موجودگی میں ضبط قائم نہیں رہ سکتا۔ پس ضرورت اس بات کی ہے کہ اخلاقی تربیت کے عملی پہلو پر ابتدائے تعلیم ہی کے زمانہ میں کافی و وافی توجہ دی جائے۔ تو یقین ہے کہ طلباء میں بجائے جھوٹ بولنے کے راست بازی اور بجائے خودغرضی کے ہمدردی پیدا ہوجائے گی۔ اور اس عملی تعلیم کا نتیجہ ضبط مدرسہ پر بہتر سے بہتر پڑے گا۔

تکمیل نصاب سے تعمیر اخلاق افضل ہے | بالعموم یہ سمجھا جاتا ہے کہ نصاب کی تکمیل اور کافی تعداد میں طلباء کی کامیابی مدرسین کو ان کے فرائض منصبی سے سبکدوش کردیتی ہے اس نقطۂ خیال کی صحت ظاہر ہے۔ اس لئے کہ محض نصاب کی تکمیل طالب علم کو آئندہ زندگی میں زیادہ فائدہ نہیں پہنچا سکتی ایسا علم جس کو اس نے اپنا قیمتی وقت صرف کرکے حاصل کیا تھا زندگی کے پہلے ہی زینہ پر کچھ غیر مفید سا معلوم ہوتا ہے کیونکہ دیکھنے والا اس کے ذخیرہ علم کو دیکھنے کے ساتھ ساتھ اس کے اخلاق وعادات کو بھی جانچتا ہے۔ مدرس کو تعلیم کے دوران میں بیسیوں مواقع حاصل ہوتے رہتے ہیں مثل کمرہ جماعت میں وہ معلوم کرسکتا ہے کہ کونسا طالب علم کام سے جی چراتا ہے کس طالب علم میں پابندی وقت کا احساس نہیں۔ وہ کونسا طالب علم ہے جس میں ساتھیوں کے ساتھ ہمدردی کا خیال نہیں۔ کون نقل کرنے کا عادی ہے اور کون نقل کرنے میں معاون ہوتا ہے اسی طرح کمرہ جماعت کے باہر بھی اس قبیل کے بیشتر مواقع یعنے راست بازی، ہمدردی اور قوت برداشت، منظم کھیل، تعلیمی تفریح۔ اسکاؤٹنگ کے وقت بھی ظاہر ہوتے رہتے ہیں بشرطیکہ طلباء کو کافی آزادی رہے پس ایسے مواقع سے کماحقہ فائدہ اٹھاکر طلباء میں اخلاقی تربیت کا احساس پیدا کرنا اور اس سے

ضبط مدرسہ کو تقویت دینا مدرس کے اہم فرائض میں داخل ہے۔ اس نوعیت کی عملی تربیت ہر مذہب و ملت کے بچہ کو دی جاسکتی ہے۔ اخلاقی تربیت دینے والے مدرسین خود مجسمہ اخلاق ہوں تاکہ بچے بھی ان کی تقلید کریں۔ چونکہ بچوں میں تقلید کا مادہ بہت زیادہ ہوتا ہے اس لئے مدرس کا اچھا نمونہ ان کو اس کے رنگ میں رنگ دے گا۔ یعنے مدرس کی پابندی صفائی پسندی ہمدردی صداقت شعاری کے گہرے نقوش ان کے دلوں پر منقوش ہو کر بہترین اور اندرونی ضبط کے قیام کا باعث ہوں گے۔

اخلاقی تعلیم کا ایک اہم جزیہ ہے کہ بچوں کو اپنے پیروں پر آپ کھڑے ہونے کا عادی بنایا جائے۔ سارے ملک کے بچے عموماً ہر کام میں دوسروں کی مدد کے طلبگار رہتے ہیں ان کو اس قابل بنایا جائے کہ کام خواہ مدرسہ کا ہو یا ان کا ذاتی ہو اوروں کی مدد سے نہ کریں۔ اپنا کمرہ آپ صاف کریں اپنے کپڑے آپ دھولیں رنج و راحت میں ایک دوسرے کا ساتھ دیں۔ الحاصل بچوں کی اخلاقی تربیت کی اگر کافی نگہداشت کی جائے تو وہ نیک بخت طالب علم ہی نہیں بنتے بلکہ آئندہ زندگی میں اچھے ہمسایہ اور اچھے شہری بن سکتے ہیں۔ ایسی تربیت نہ صرف ضبط مدرسہ کے قیام پر منتج ہوتی ہے بلکہ اس قبیل کے طلبا جب آئندہ زندگی میں قدم رکھیں گے تو ملک کے ہر شعبہ زندگی میں ایک عمدہ ضبط کی فضا پائی جائے گی۔

ازمنہ گزشتہ اور نشاۃ ثانیہ میں جزا و سزا کا داخلہ

جسویٹ اور پورٹ رائلسٹ نے سب سے پہلے حصول ضبط کا ذریعہ تحائف اور انعامات کو قرار دیا۔ نشاۃ ثانیہ کی اصلاحات میں انعامات کے ذریعہ ضبط کا قیام ضروری سمجھا گیا۔ مصلحان تعلیم کی نظروں میں ضبط نفس پیدا کرنا بے نظیر ثابت ہوا جس کی اشاعت چار دانگ عالم میں ہوگئی اور جس میں اصول فطرت کے لحاظ سے سزا کو بھی داخل کر لیا گیا۔

میڈم مانٹی سوری جو بچوں کے تخیلات کی تربیت پر زور دیتی ہیں اپنی ایجاد کردہ اشیاء اور آلات تعلیمی کا نام "تحفہ" رکھتی ہیں اور کہتی ہیں کہ یہ اشیاء نازک خوش نما اور جاذب توجہ ہوں کہ بچے انہیں رغبت سے دیکھیں۔

مصنوعی طریقہ پر ضبط نفس کی عادت نقصان بخش ہوتی ہے | ان تحفوں اور ترغیبی چیزوں کے متعلق کہنا ہی پڑتا ہے کہ اس قسم کی چیزیں حصول ضبط میں ممد و معاون ہو سکتی ہیں بشرطیکہ ان کے حصول کی جد و جہد میں طلبا کی صحت پر برا اثر نہ پڑے اور ان میں حد ناامیدی، بے صبری اور پست ہمتی وغیرہ کا مادہ پیدا نہ ہو حصول انعام کا مقصد طلبا یہ نہ سمجھنے لگیں کہ جماعت میں خاموش بیٹھے رہنا بلا چون و چرا اپنے بزرگوں کے احکام کی اتباع کرنا ہے ورنہ عمل و ترغیب و تحریص بلا حاصل ہی نہیں بلکہ بجائے فائدہ کے مضرت رساں ہوگا اس لئے کہ اس قسم کی نمایشی عادتیں جن میں اصلیت کا شائبہ نہیں ہوتا قایم نہیں ہیں اور اگر یہ عادتیں جڑ پکڑ لیں تو آئندہ زندگی میں یہ بچے دھوکا دہی دغا بازی اور غداری سے کام لینے میں دریغ نہیں کریں گے۔

طلبا تکمیل کار کو انعام سمجھیں | انعامات و تحائف صرف سال میں ایک وقت ہی دیئے جائیں بلکہ سال بھر دوران تعلیم میں جہاں جہاں ان کی ضرورت محسوس ہو ان کو دینے میں دریغ نہ کیا جائے۔ انعامات میں صرف تمغہ جات اور قیمتی اشیا ہی داخل نہیں ہیں بلکہ تعریف و توصیف بھی شامل ہے جس کا یا موقعہ استعمال طلبا میں اندرونی ضبط پیدا کرکے ان کے شوق کو ابھارتا اور ان کی کوششوں میں جان ڈالتا ہے۔

ہماری رائے میں انفرادی انعامات سے اجتماعی انعامات بہترین نتائج کے حامل ہو سکتے ہیں ان سے اجتماعی مفاد کی خاطر کام کرنے کی صلاحیت پیدا ہوتی ہے اس قسم کے انعامات میں کسی جماعت کو اس کی عمدہ حاضری کے صلہ میں نصف یوم کی تعطیل دینا یا ایک ماہ کے لئے امتیازی جھنڈی کے استعمال کی اجازت دینا اور بجائے انفرادی تمغوں کے اجتماعی طور پر شیلڈ دینا داخل ہیں۔

قیام ضبط کا قدیم طریقہ | قدیم زمانہ میں ضبط کا واحد ذریعہ ڈنڈے کا استعمال تھا اور اکثر اس کا استعمال نہایت بے رحمی سے ہوا کرتا تھا جس کا اعتراف خود ماہران تعلیم کرتے ہیں۔ چنانچہ جان ملٹن اور سنیٹ لوئی اور دیگر اکابر قوم مدرسین کے ہاتھوں اکثر پٹتے رہے ہیں۔

سزا کی نوعیت بلحاظ عمر و استعداد اگر ہم سزائے جسمانی کو اصول نفسیات کی روشنی میں دیکھیں تو ہمیں معلوم ہوگا کہ جسمانی سزا بچے کے لئے نہایت تکلیف دہ چیز ہے اس میں اسے جسمانی اور روحانی دونوں قسم کی تکلیف ہوتی ہے سزا جو اس کو دوسروں کے سامنے میں دی جاتی ہے اس کو نہ صرف شرمندہ ہی کرتی ہے بلکہ اس کے ہمجنسوں میں اس کا وقار کھو دیتی ہے۔ اس کے علاوہ ہم دیکھتے ہیں کہ بے موقع سزائے جسمانی نفرت پیدا کرتی ہے۔ بچہ اپنی کم سمجھی کی بنا پر مدرس کو حقارت سے دیکھتا ہے خاص کر اس موقعہ پر جب کہ مدرس بچے کی حقیقی کمزوریوں اور مجبوریوں کو جانے بغیر سزا دیتا ہے ایسی صورت میں جماعت جو تعلیم گاہ تھی میدان رزمگاہ بن جاتی ہے۔

مدرس کو چاہئے کہ اپنے فرض منصبی سے کما حقہ واقف رہے بچوں کے ساتھ بجائے قہر و غضب کے مہر و محبت سے پیش آئے تالیف قلوب سے کام لیتا رہے بچوں میں اندرونی فطری قوتیں ایسی موجود ہیں جن کو ایک ہوشیار مدرس معلوم کر کے ترقی کے راستہ پر لگا دیتا ہے۔ بچوں میں اتنی صلاحیت نہیں ہوتی کہ وہ بطور خود صحیح اور غلط میں امتیاز کر سکیں۔ اس لئے وہ غیر صحیح چلبلے پن کی طرف مائل ہو جاتے ہیں اس موقع پر مدرس کو چاہئے کہ ان کو اس قسم کی حرکات سے باز رکھنے کی مختلف تدابیر اختیار کرے اور ان کو سیدھے راستہ پر لے چلے تاکہ دونوں کی کوششوں سے ضبط مدرسہ قایم رہ سکے۔

تعلیمی کمزوری کے لئے کسی صورت میں سزائے جسمانی نہ دی جائے البتہ بداخلاقی کی صورت میں حسب احکامات سررشتہ تعلیمات اس پر عمل کیا جا سکتا ہے مگر اس وقت سزا یا بندہ کی عمر جذبات اور جسمانی صلاحیت کا لحاظ رہے۔ بے موقعہ نہ ہوگا اگر اس خصوص میں نواب صدر المہام بہادر تعلیمات کا قول جس کو نواب صاحب معزز نے گزشتہ کانفرنس اساتذہ کے موقع پر ظاہر فرمایا تھا پیش کیا جائے "سزائے جسمانی اخلاقی خطا کی پاداش میں ملنی چاہئے نہ کہ ذہنی پستی کی یا کسی ایسی شرارت کی بنا پر جو محض توانائی کی افراط سے پیدا ہوتی ہے۔ مثلاً میں ایسے طالب کی بید سے خبر نہ لوں گا جو کسی سوال کو صحیح نہ سمجھ سکا یا کام کے وقت کھیلتا اور بھاگ دوڑ کرتا پھرتا تھا۔ لیکن اگر وہ جھوٹ بولا

یاد انستہ کسی قسم کی فریب کاری کی ہو تو میں اسے بید سے سخت سزا دوں گا" اگر سزائے جسمانی کے وقت امور متذکرہ بالا کا لحاظ رکھا جائے تو اس سے نہ صرف بہتر نتائج برآمد ہونے کی توقع کی جا سکتی ہے بلکہ اس سے قیام ضبط مدرسہ کو بھی بے حد مدد ملے گی۔

قیام ضبط مدرسہ کے لئے مدرسین اور صدر مدرس میں اشتراک عمل کی ضرورت و اہمیت۔

یہ امر محتاج دلیل وحجت نہیں کہ ایک خاندان کے بچوں کی تعلیم و تربیت اور خوش حالی کا دارو مدار بالعموم اس خاندان کے بزرگوں اور بالخصوص ان کے والدین کے اشتراک عمل پر ہے اور یہ اشتراک عمل نتیجہ ہوتا ہے جانبین کی باہمی محبت اور ان کا ایک دوسرے کے ساتھ مساویانہ برتاؤ کا۔ اور جس خاندان میں اشتراک عمل مفقود ہوتا ہے اس میں امن وچین کی زندگی ہوتی ہے اور نہ بچوں کی تعلیم و تربیت کا خیال۔ ان افراد کا تمام وقت آپس کی لڑائی جھگڑوں میں صرف ہوتا ہے۔ ایسے والدین کی زندگی نہ صرف نہ ان کے لئے وبال جان رہتی ہے بلکہ ان کی اولاد کے لئے بھی بار خاطر

قیام ضبط مدرسہ کا بہت کچھ انحصار مدرسین اور صدر مدرس کے اشتراک عمل پر ہے ان کا اشتراک عمل ان کی درمیانی اجنبیت کی خلیج کو پاٹ دیتا ہے ایک دوسرے میں اتحاد و خلوص کا بیج بونے اور اعتماد پیدا کرنیکا موجب ہوتا ہے اس قسم کے اشتراک عمل سے دونوں اپنے گوہر مقصود سے پُر دامن ہوتے ہیں۔ یعنے خاطر جمعی اور اطمینان قلب کے ساتھ بچوں کو تعلیم و تربیت دے کر خود کو سرخ رو اور بچوں کو فائز المرام کرتے ہیں۔ ظاہر ہے کہ مدرسہ کی اس قسم کی فضا قیام ضبط کے لئے اکسیر کا حکم رکھتی ہے۔ ورنہ مدرسہ مدرسین اور صدر مدرس کی باہمی نزاع کا ذریعہ بن جاتا ہے۔ اور پر امن فضا کو بیخ و بن سے اکھاڑ پھینکتا ہے صدر مدرس اور مدرسین اپنی پوری قوت بجائے اپنے مفوضہ کام کی انجام دہی میں صرف کرنے کے ایک دوسرے کی تخریب میں صرف کرتے ہیں لہذا بمصداق "گر ہمیں مکتب وہمیں ملا۔ کار طفلاں تمام خواہد شد" ان کا عدم اشتراک عمل بچوں کی تعلیم اور ضبط مدرسہ کا ناس کر دیتا ہے۔ پس اس امر کی شدید ضرورت ہے کہ مدرسین اور صدر مدرس مدرسہ کے درمیان اشتراک و اتحاد عمل ہو۔

مثل مشہور ہے کہ ایک ہاتھ سے تالی نہیں بجتی پس محض صدر مدرس یا مدرسین کی غیر متحد کوشش ان کے درمیان اتحاد عمل نہیں قایم کر سکتی۔ اس کے لئے طرفین کی جدوجہد کی ضرورت ہے اگر صدر مدرس خوبی کار و ضبط مدرسہ کی خاطر مدرسین کا رہنما ان کے جائز حقوق کا محافظ۔ ان کے فرائض میں ممد و معاون ان پر شفیق و مہربان ہو اور دوسری جانب مدرسین اپنی قابلیت پابندی وقت۔ فرض شناسی۔ کار مفوضہ کی بطریق احسن انجام دہی اور فرماں برداری احکام صدر مدرس، خود کو اپنے کماحقہ فرائض منصبی کے انجام دہی کے لئے اہل ثابت کرنے کی سعی بلیغ سے دریغ نہ کریں تو ان کی یہ کوششیں قیام ضبط مدرسہ کا باعث ہو کر مدرسہ کو اپنی کام میں بارآور کریں گی۔

ضبط بیرون جماعت

مدرسہ کی انجمنوں کی تقسیم | یہ امر ظاہر ہے کہ اندرون جماعت قیام ضبط میں قواعد مدرسہ۔ مدرس کی شخصیت اور اس کا عمدہ طرز تعلیم بہت کچھ دخل رکھتا ہے مگر جیسا کہ ہم نے کہا ہے حقیقی ضبط وہ ہے جو کسی اثر کے تحت قایم نہ ہو بلکہ اندرونی ہو۔ اور اس نوعیت کا ضبط بیرون جماعت ہی بدرجہ اتم حاصل ہو سکتا ہے۔ ہمارا تجربہ یہ بتلاتا ہے کہ طلبا اپنے حقیقی جذبات رجحانات اور خیالات کا جیسا کہ آزادانہ اظہار بیرون جماعت کرتے ہیں ویسا اندرون جماعت نہیں کرتے۔ لہذا مدرس کو طلبا کے حقیقی خیالات و رجحانات طبعی کے معلوم کرنے کے بہترین مواقع بیرون جماعت حاصل ہوتے ہیں اگر طلبا کے حقیقی رجحانات اور آزادانہ کام کے صحیح مواقع بیرون جماعت فراہم کر دیئے جائیں تو ان کے اعمال و کردار میں حقیقی اور دیرپا ضبط قایم ہو جائے گا۔ اور طلبا کی کامیاب زندگی کا دارومدار اسی قسم کے ضبط پر ہے نامناسب نہ ہوگا کہ اگر اس موقعہ پر ضبط بیرون جماعت کا مفہوم ظاہر کر دیا جائے طلبا کا نصابی مضامین کے سوائے مدرسہ کی مختلف ایکٹیویٹیوں اور منظم کھیلوں میں اس طرح انہماک شوق اور تنظیم کے ساتھ حصہ لینا اور منہمک رہنا جس سے دوسروں کے احساسات کو مجروح کئے بغیر اپنے مقصد کو حاصل کرنا پایا جائے ضبط بیرون جماعت کہلاتا ہے۔

اس قسم کے ضبط کے اصول کے لئے ممالک یورپ کے اکثر و بیشتر مدارس میں مختلف النوع مشاغل اور مصروفیات کی انجمنیں قایم ہیں تاکہ ہر طالب علم اپنے مذاق اور رجحان طبعی کے لحاظ سے ان میں حصہ لے کر اپنے میں اندرونی ضبط کا جوہر پیدا کرے برخلاف اس کے ہمارے اکثر مدارس مفید اور ضروری انجمنوں کے وجود سے خالی ہیں۔ ظاہر ہے کہ ایسے مدارس مثل جسم بے روح کے ہوتے ہیں جن میں طلبا اور مدرسین کی دلچسپیوں اور مذاق کے سامان نہیں ہوتے اس لئے ایسے مدارس ہر دو کے لئے بار خاطر ہو جاتے ہیں لہذا اس امر کی سخت ضرورت ہے کہ مدارس کو جاذب توجہ بنانے کے لئے ان میں مختلف قسم کی انجمنیں قایم کی جائیں تاکہ طلبا کھیل کھیل میں اپنے اندر وہ جوہر پیدا کرلیں جو ان کی آئندہ زندگی کی کامیابی کے ضامن ہوں۔ انجمن ہائے مدرسہ کی مختلف نوعیتوں اور مقاصد سے حسب ذیل تقسیم کی جاسکتی ہے مثلاً علمی۔ اخلاقی۔ ذہنی۔ ورزشی۔ تعلیمی تفریح اور کھیل اور بازی وغیرہ۔ اس قسم کی انجمنوں کا مقصد یہ ہے کہ طلبا میں ذوق سلیم پیدا کیا جائے وہ اپنا کام آپ کرنا سکھیں ان میں اشتراک عمل اور ایک دوسرے کی مدد کرنے کی صلاحیت پیدا ہو۔ ظاہر ہے کہ ان صفات کا مجموعی نتیجہ اندرونی ضبط ہوگا۔ ہم دیکھتے ہیں کہ طلبا تاریخی کتاب پڑھ کر قطب شاہی کے حالات و واقعات تو سمجھ جاتے ہیں لیکن اس سبق کو اگر مدرس گولکنڈہ کے گنبدوں کو دکھا کر پڑھائے تو ان کی توجہ و دلچسپی کے لحاظ سے وہ نسبتاً زیادہ استفادہ کرسکتے ہیں۔

ہر انجمن کی تنظیم کے لئے ایک دلچسپی رکھنے والا مدرس چند منتخب لڑکے اور اولیا طلبا کی اعانت کی ضرورت ہے۔ اس قسم کی انجمنوں میں تجربہ کار مدرس کی رہنمائی سے طلبا خود کام کریں گے اپنے کام میں اگر کچھ خامی پائیں گے تو خود اصلاح کرنے کی کوشش کریں گے ورنہ مدرس ان کی خامی کو دور کرے گا۔ اس نوعیت کار سے ضبط بیرون جماعت قایم ہوسکتا ہے۔

انجمن کے کام کو صحیح اصول پر چلانے کے لئے حسب ذیل عہدہ داروں کی ضرورت ہے (۱) صدر انجمن جو صدر مدرس ہوگا۔ (۲) نائب صدر جو خصوصی دلچسپی رکھنے والا مدرس ہوگا۔ (۳) طلبا میں ایک بہترین لڑکا جلسہ کا صدر نشین بن جائے گا۔ (۴) معتمد جلسہ ایک سمجھ دار طالب علم ہوگا۔ اسی طرح خازن وہ لڑکا بنایا جائے گا جو کفایت شعار ہونے کے علاوہ معتبر بھی ہوگا۔ (۶) ایک متین اور محتاط طالب علم کے ذمہ روئداد جلسہ لکھنے کا کام سپرد

ہوگا۔ باقی دوسرے طلباء جن میں قوت ارادی اور انتظامی قابلیت ہوگی۔ اراکین انجمن کی حیثیت سے کام کریں گے۔

ہر مدرسہ میں متعدد انجمنیں قایم ہوسکتی ہیں ایک مدرسہ میں کئی انجمنیں قایم کیجاسکتی ہیں مثلاً کشافہ۔ انجمن مباحثہ۔ عام خبریں دینے والی انجمنیں۔ موسیقی۔ پکوان۔ قرارت۔ وغیرہ کی انجمن عجائب خانہ۔ مدرسہ کی انجمن۔ ورزشی کرتبوں اور کھیلوں میں حصہ لینے والی انجمن اور پیراکی سیکھنے والی انجمن وغیرہ وغیرہ۔

ہوس سسٹم بے موقع نہ ہوگا اگر اس ضمن میں ہوس سسٹم کے متعلق کچھ کہا جائے کیونکہ یہ طریقہ بھی مثل دیگر انجمنوں کے قیام ضبط مدرسہ میں بہت کچھ مدد دیتا ہے۔ انگلستان کے پبلک اسکولز میں عام طور پر رائج ہے اور بعض ہندوستان کے مدارس میں بھی پایا جاتا ہے چنانچہ جامعہ علیگڈھ میں اس کا رواج ایک عرصہ سے ہے۔ ہمارے پاس بھی مدرسہ عالیہ میں یہ طریقہ جاری ہے اس طریقہ کی رو سے مدرسہ یا بورڈنگ کو چند ممتاز ہستیوں کے نام پر تقسیم کیا جاتا ہے جن کی مایہ ناز ہستیوں سے مدرسہ کو متعدبہ فائدہ حاصل ہوا۔

طلباء کو عام طور پر اپنی جماعت سے لگاؤ اور ہمدردی رہتی ہے۔ اس طریقہ کی موجودگی میں ان کی یہ ہمدردی اپنے ہاؤس کی طرف منتقل ہوجاتی ہے گویا جماعتی ہمدردی کو وسعت دینے کا یہ طریقہ ایک بہترین آلہ ہے۔ یہ دیکھا اور سنا گیا ہے کہ طلباء اپنے ہاؤس کی نیک نامی کو عین اپنی شہرت تصور کرتے ہیں اور اس کے وقار کو برقرار رکھنے اور ترقی دینے کے لئے انفرادی اور اجتماعی کوشش کرنے میں دریغ نہیں کرتے۔ قیام ضبط کا مدار طبیعت کے اسی قسم کے رجحانات پر منحصر ہے۔

جیسا کہ ہم نے پہلے ذکر کیا ہے حقیقی ضبط بیرون مدرسہ ظاہر ہوتا ہے ہم دیکھتے ہیں کہ ڈپارٹمنٹل ٹورنمنٹ کے زمانہ میں کھیل کے میدان پر ایک شور و غوغا رہتا ہے جو طلباء سے منسوب کیا جاتا ہے۔ ہماری رائے میں اس شور کو صرف طلباء کی طرف منسوب کرنا درست نہیں۔ کھیل کے میدان پر پبلک اور طلباء ایک جگہ جمع رہتے ہیں قیام ضبط کی خاطر مناسب معلوم ہوتا ہے کہ طلباء کے لئے کھیل کے میدان پر ایک علیحدہ مقام مخصص کردیا جائے جس سے

طلبا نہ صرف مدرسین کی نگرانی میں رہیں گے بلکہ اپنے افعال کے آپ ذمہ دار رہیں گے۔

اسکوٹنگ کا اثر ضبط مدرسہ پر نظم ونسق یا صدر مدرس اور مدرسین میں اشتراک عمل یا اولیائے طلبا کے تعاون یا مدرس کی شخصیت وغیرہ کا ضبط مدرسہ پر جو اثر پڑتا ہے اسی طرح کشافہ کو بھی قیام ضبط مدرسہ میں خاصہ دخل ہے۔ ایک خاص قسم کی خوبی جو ایک کشافہ میں پائی جاتی ہے یہ ہے کہ وہ اپنے اور اپنے ساتھیوں کے وقار کو باقی رکھتا ہے۔ قانون کشافہ کی رو سے ایک کشاف کا فریضہ ہے کہ وہ اپنی عادات وخصائل کو بہتر سے بہتر بنائے۔ اپنے وقار کا خیال اس کے اندر ایک ایسی حسی قوت پیدا کرتا ہے کہ وہ اپنا کام آپ کرتا اور دوسروں کا دست نگر ہونا نہیں چاہتا۔ ظاہر ہے کہ اس کا یہ عمل ذمہ دارانہ حیثیت سے کام کرنے کے قابل بناتا ہے یہی وہ طاقت ہے جو ضبط مدرسہ پر اثر انداز ہو سکتی ہے وہ اپنے عمدہ خصائل کے سبب ہم جماعتوں کے ساتھ نیک سلوک کرتا اور مدرسہ کے عام کاروبار اور جلسوں میں ضبط قایم رکھ سکتا ہے۔

کشاف مدرسہ کے وقار کا ایک ایسا نمونہ پیش کرتا ہے کہ اس کے ہم مدرسہ لڑکے اس کی تقلید کرنے لگتے ہیں۔ وہ اپنے عمل اور قوت ارادی سے مدرسہ کے باہر دوسروں میں کام کرنے کی صلاحیت پیدا کر دیتا ہے اکثر دیکھا جاتا ہے کہ کشافوں کو عملی طور پر کام کرتے ہوئے دیکھ کر انتظامی امور میں ذمہ دارانہ حیثیت سے کام کرنے کا موقعہ دیا گیا ہے چنانچہ انھوں نے اپنے فرض منصبی کو نہایت عمدگی سے ادا بھی کیا اور خاص شہرت حاصل کی ظاہر ہے کہ ایسی صورت میں ان میں کا ایک اچھا مانیٹر بن کر جماعت میں ضبط قایم رکھ سکتا ہے۔

کشافہ کی کوششیں کس قدر مسرت بخش ہوتی ہیں اور کیوں نہ ہوں جب کہ ان کو باقاعدگی کی تعلیم دی جاتی ہے۔ انہیں بتلایا جاتا ہے کہ اپنے ساتھی بھائیوں کی امداد کو اپنا اولین فرض سمجھو۔ خودداری کا جذبہ پیدا کرو اور ہمیشہ چست وچالاک رہو تو ظاہر ہے کہ ان اوصاف کی موجودگی سے نہ صرف بیرونی بلکہ اندرونی ضبط قایم ہوگا جس کا ضبط مدرسہ پر بہت اچھا اثر پڑے گا۔

تعلیم کا ایک اہم مقصد یہ ہے کہ عملی زندگی کے لئے تیار کیا جائے جس کی اعانت

کشافہ کرتا ہے تو لازم ہوا کہ مدرسین اور طلبا تعلیم کے ساتھ ساتھ کشافہ میں بھی دلچسپی لیں تاکہ اس کی بنا مستحکم طریقہ پر رکھی جا سکے چونکہ ہر مقصد کے حاصل کرنے کے لئے قوت عمل کی ضرورت ہے اور کشافہ عملی تعلیم میں داخل ہے اس لئے کشافہ میں حصہ نہ لینا تعلیمی مقصد سے کوسوں دور ہو جانا ہے۔ اسکوٹنگ کی تعلیم خود پٹرول کے اصول پر ہے ہر پٹرول لیڈر کو اپنے آپ پٹرول سنبھالنے کی تعلیم دی جاتی ہے۔ کیمپ میں انھیں مختلف عہدے دئے جاتے ہیں۔ کورٹ آف آنر۔ ایک مجلس ہوتی ہے جس میں مختلف کارندے مل کر مشورہ کرتے ہیں اس طرح ان میں ہر آن خود اعتمادی اور باضبط تنظیم کی صلاحیت پیدا ہو جاتی ہے۔

صدر مدرسہ اور مدرسین کی یہ کوشش ہونی چاہیئے کہ ہر مدرسہ میں جہاں تک ہو سکے طلبا کشافہ میں شریک کئے جائیں۔ اور اساتذہ صاحبان کو چاہیئے کہ وہ اپنا نام بھی کشافوں میں شریک کر کے ان کی تعداد میں امکانی اضافہ کریں اور اس کی ٹریننگ سے فائدہ اٹھائیں جملہ صدر مدرسین اور ان کے ماتحت اساتذہ سرگرم حصہ لیں گے تو طلبا بھی خود بخود اپنے اساتذہ کی پیروی کریں گے اور ہر مدرسہ میں کشافہ کی متعدد جماعتیں قایم ہونے سے ضبط مدرسہ پر بہت اثر پڑے گا اس بیش بہا مقصد کے حصول کے لئے کشافہ کی تحریک کو موثر اور زیادہ موثر بنانے کے لئے (ا) ٹریننگ کالج میں کشافہ کی تعلیم کا انتظام کیا جائے (ب) مختلف مظاہروں اور تقاریر کے ذریعہ تحریک کشافہ کی تشہیر کی جائے تاکہ بالراست و بالواسطہ مدرسہ کے غیر کشاف طلبا اس عالمگیر تحریک کے مفید اصول پر عمل پیرا ہونے کی کوشش کریں۔

اولیائے طلبا سے تعاون کا اثر ضبط مدرسہ پر

گھر کا ضبط | ماہرین تعلیم اس پر متفق الخیال ہیں کہ گھر ہی سے بچے کی تعلیم و تربیت شروع ہوتی ہے۔ بچہ چند خواہشات کا مجموعہ ہوتا ہے اور گھر ان میں سے کئی ایک کی تکمیل کرتا ہے گھر میں وہ بہ نسبت مدرسہ کے زیادہ خوش اور آزاد رہتا ہے یہاں اس کو اپنی ذہنی کیفیات اور رجحانات کو ظاہر کرنے کا زیادہ موقع ملتا ہے اس لحاظ سے والدین کو مواقع حاصل ہیں کہ وہ اپنے اعمال و کردار کے اچھے نمونے سے بچے کے افعال میں ضبط قایم کر دیں تاکہ ہر ایک

بچے سے مدرسہ کا ضبط قایم ہو سکے۔

گھر اور مدرسہ کا باہمی ارتباط تعلیم و تربیت اور سیرت سازی کا انحصار بڑی حد تک ضبط پر ہے اور جب تک مدرسہ اور گھر دونوں مل کر دوش بدوش کام نہ کریں اور باہمی اتحاد عمل اور تعاون کے ساتھ ان کی زندگی کو سدھارنے اور درست کرنے میں ہم آہنگ نہ ہوں بہتر نتائج برآمد ہونے کی توقع نہیں کی جا سکتی۔ آج کل مدرسین اور والدین کا عمل یہ بتاتا ہے کہ گویا دونوں اپنی اپنی جگہ یہ سمجھ بیٹھے ہیں کہ طلبار کی گھر اور مدرسہ کی زندگی ایک دوسرے سے کچھ بھی تعلق نہیں رکھتی لیکن یہ خیال جس قدر افسوس ناک ہے اس سے کہیں زیادہ مضر ہے بچے دن اور رات کے چوبیس گھنٹوں میں سے صرف پانچ گھنٹے مدرسہ میں بسر کرتے ہیں اور تقریباً اٹھارہ انیس گھنٹے مدرسہ سے باہر گھر اور اپنے محلہ وغیرہ میں گزارتے ہیں ظاہر ہے کہ مدرسہ کا محدود وقت ان کی سیرت سازی کے لئے ہرگز کافی نہیں ہوتا۔ اگر گھر اور مدرسہ میں باہمی تعلق رہے تو اس کمی کی ایک حد تک تلافی ہو سکتی ہے باہمی تعلق کے قیام کے لئے مدرسہ مختلف مواقع فراہم کر سکتا ہے مثلاً اولیائے طلبار کو مدرسہ کے سالانہ جلسوں میں مدعو کر کے ان کے بچوں کے کاموں سے ان کو روشناس کرانا۔ دار الاقامہ کے معائنہ کا موقعہ دینا۔ دار المباحثہ کے کاروبار سے ان میں مدرسہ سے دلچسپی پیدا کرانا۔

اس کی ایک اور صورت یہ بھی ہو سکتی ہے کہ اساتذہ اور تعلیم سے ہمدردی رکھنے والے چند منتخب اولیائے اطفال کی ایک مجلس قایم کی جائے۔ یہ جماعت مدرسہ اور گھر کی ایک درمیانی کڑی ہوگی جو گھر اور مدرسہ کو قریب سے قریب تر کر کے یکسانیت عمل اور قیام ضبط مدرسہ کا باعث ہوگی اس سے کار اساتذہ اور مقصد مدرسہ میں بڑی خوبی اور آسانی پیدا ہو جائیگی۔

گھر پر بچوں کے ساتھ والدین کا سلوک بعض گھروں کی بے جا رعایت اور بعض کی غیر ضروری سختی بچوں میں بیجا اور آزادی سے کام کرنے کا حوصلہ پیدا نہیں ہونے دیتی اور بعض اوقات دونوں صورتیں ساتھ ہی ساتھ اختیار کی جاتی ہیں یعنے بے جا لاڈ پیار اور غیر ضروری سختی اس کا مجموعی نتیجہ بچے کی طبیعت میں بے ضبطی اور والدین سے نفرت پیدا کرتا ہے اس لئے ضرورت ہے کہ گھر پر جو بچے کا پہلا تعلیمی ادارہ ہے بچے کے ساتھ اچھا برتاؤ کیا جائے

تاکہ اس کو اپنی نفسیاتی کیفیات کے ظاہر کرنے کے مواقع فراہم رہیں اور مدرس اسکی کیفیات اور طبیعتوں کے اتار چڑھاؤ کی نسبت والدین سے کافی معلومات بہم پہنچا کر ان کو صحیح راستہ پر ڈالے یہ اوسی صورت میں ہو سکتا ہے جب کہ والدین خود اس کی نفسی کیفیات سے بخوبی واقف ہو کر اس خصوص میں مدرس کی رہنمائی کریں۔

مدرسہ کے متعلق رائے عامہ ایک اچھا مدرس اس امر کی کوشش کرتا ہے کہ اس کے مدرسہ کے متعلق رائے عامہ اچھی رہے کیونکہ وہ وزنی ہونے کے سبب اخلاقی قوت کا کام دیتی ہے۔ اس سے مجموعی اور انفرادی دونوں طرح پر طلبار کے چال وچلن اور عادات و خصائل پر گہرا اثر پڑتا ہے۔ یہ قانون اور مدرسہ کی روایات دونوں کی معاون ہوتی ہے۔ یہ عزت و توقیر کے غیر تحریری قواعد وضوابط کو ظاہر کرتی اور سب کو ان پر عمل پیرا ہونے کی دعوت دیتی ہے۔ مدرسہ کے لئے رائے عامہ کی خوبی بالکلیہ ضبط مدرسہ پر منحصر ہے۔

اختتام ضبط مدرسہ کے متعلق تفصیلاً بحث کرنے کے بعد یہ ضروری معلوم ہوتا ہے کہ چند اہم اور ضروری امور خاص طور پر پیش کئے جائیں تاکہ مضمون کی وسعت کے لحاظ سے ان کو سمجھنے میں سہولت ہو۔

بلاخوف و تردید یہ کہا جا سکتا ہے کہ قیام ضبط مدرسہ کے لئے شرط اولین مدرسہ کا عمدہ اور موزوں محل وقوع۔ کافی اور ہوادار عمارت۔ کافی اور آرام دہ فرنیچر۔ ضروری اور جاذب توجہ آلات تعلیمی اور عمدہ نظم ونسق ہے اگر کسی مدرسہ میں بغیر ان ضروری اشیار کے ضبط قایم رہے تو یہ اپنی آپ نظیر ہے اس کی نظیر دوسرے مدارس کو ان اجزاء کے قیام ضبط سے مستغنی نہیں کر سکتی۔

قیام ضبط مدرسہ کی زنجیر کی دوسری اہم کڑی مدرس کی شخصیت ہے جس کے اجزائے ترکیبی میں اس کی وجاہت۔ آواز حکمت عملی۔ انصافانہ برتاؤ۔ طلبار کے ساتھ ہمدردی۔ جوش عمل۔ قوت ارادی۔ اور طرز تعلیم داخل ہے۔ ایک مدرس میں ان اوصاف کا نقطہ اعتدال پر ہونا ضبط مدرسہ پر بہت اچھا اثر ڈال کر طلبار کو شاہ راہ ترقی پر گامزن کر دیتا ہے مدرس کی اچھی شخصیت طلبار کو اپنے رنگ میں رنگ کر ملک اور مالک کا خیر خواہ اور سماج کا مایۂ

فرد بنا دیتی ہے۔

حقیقی ضبط مدرسہ کا قیام مہر و محبت پر ہے نہ کہ قہر و غضب پر۔ مشفقانہ منصفانہ اور کم احکامات پر نہ کہ جابرانہ اور ازدیاد احکام پر۔ ضبط مدرسہ کا حامل طلبار کی جائز آزادی اور مدرسہ کی متعدد انتظامی مجلسوں کا عمدہ طریقہ کار ہے اگر طلبار کو انتظامی مجلسوں کے ذریعہ اپنا کام کرنے کا موقعہ دیا جائے تو کار مدرسہ کو بھی بطریق احسن انجام دینے کی ان میں صلاحیت پیدا ہوگی۔ طلبار طبعاً اپنے مفوضہ کاموں میں ضبط کی فضا کو پسند کرتے ہیں۔ تاکہ شور و شغب ان کاموں کے سرانجام دینے میں حائل نہ ہو۔ ان کی یہ خصوصیت ان کے خالص تعلیمی کاموں پر رونما ہو کر ان کو چار چاند لگا دیگی۔

بلا خوف تردید یہ کہا جا سکتا ہے کہ اخلاقی تربیت ضبط مدرسہ کی روح روان ہے اس کے ذریعہ جو ضبط قایم کیا جاتا ہے وہ نہ صرف دیرپا بلکہ حقیقی ہوتا ہے اور یہ ضبط زندگی کے ہر شعبہ کو کامیاب بناتا ہے۔ اس کی ضرورت ہے کہ مدارس میں اس طرف مخصوص توجہ برتی جائے اخلاقیات کی تعلیم کو بجائے کتابی حد تک رکھنے کے بلحاظ اخلاقی تربیت، عملی بنایا جائے۔ اس کو عملی بنانے کا بہترین ذریعہ خود مدرس کا اپنا اچھا نمونہ پیش کرنا اور بدوران درس میں ہر موقع سے فائدہ اٹھا کر اخلاقی تربیت کا طلبار میں احساس پیدا کرنا ہے۔ اخلاقی تربیت کے بہترین مواقع اس وقت حاصل ہوتے ہیں جب کہ طلبار کو آزادانہ حرکات کے مواقع حاصل ہوں اور اس قبیل کے مواقع تعلیمی تفریحات۔ منظم کھیل اور کشافی مشاغل و مصروفیات میں حاصل ہوتے ہیں اور ان کا ترتیب دینا مدرسین کے فرائض میں داخل ہے۔

عام طور پر دنیا کے کاموں کو جاذب توجہ بنانے اور ان میں ضبط پیدا کرنے کا ذریعہ تحفہ جات و انعامات قرار پایا ہے۔ چنانچہ سیول اور فوجی ملازمین کو ان کی کارکردگی کے لحاظ سے تمغہ جات اور طلبار کو ترغیبی وظائف کا دینا ہمارے اس خیال کی تائید کرتا ہے۔ پس اس امر کی ضرورت ہے کہ قیام ضبط کے لئے مدارس میں تحفے اور انعامات کے دینے کا ضرور انتظام رہے۔ اور یہ با موقع اور طلبار کے ابھارنے کے موجب ہوں۔

سزائے جسمانی کو قیام ضبط مدرسہ کا جزو سمجھا جاتا ہے ہمارے خیال میں سزائے جسمانی بجائے قیام ضبط کے انتشار ضبط کا باعث ہو کر طلبار اور مدرسین میں منافرت پیدا کر دیتی ہے۔

سزائے جسمانی ذہنی یا طبعی شرارت کے لئے جو جولانی طبعیت کا نتیجہ ہو مطلقاً نہ دی جائے بلکہ اخلاقی لغزش مثلاً جھوٹ۔ چوری وغیرہ کو مستحق سزا تصور کیا جائے جب کہ طلباء کی عمر، تصور اور ان کی استعداد کا کافی لحاظ رہے۔

قیام ضبط مدرسہ کے لئے صدر مدرس اور مدرسین مدرسہ اور اولیائے طلباء میں اشتراک عمل ایک جزو لاینفک ہے۔ بغیر اس اشتراک عمل کے نہ مدرس کی شخصیت کارگر ہو سکتی ہے اور نہ عمدہ مکان مدرسہ اور تحفہ جات کی تقسیم۔ لہٰذا ارباب متعلقہ کو چاہیئے کہ اپنے اشتراک عمل کا جائزہ لے کر دیکھیں کہ قیام ضبط مدرسہ میں وہ ممد معاون ہے یا سد راہ۔ اگر سد راہ ہے تو فوراً اس کے ازالہ کی کوشش کر کے دیگر اجزائے قیام ضبط مدرسہ کو موثر و کارگر ہونے کا موقع دیں ورنہ اس پر عمل کریں۔

تجاویز

(۱) عمارت مدرسہ اس کا محل وقوع و آلات تعلیمی و دیگر ضروری سامان مدرسہ مناسب و موزوں ہونا چاہیئے۔

(۲) ہر مدرسہ میں تعداد طلباء وسعت مکان اور اسٹاف کے لحاظ سے زیادہ نہ ہو تاکہ ضبط قایم رہ سکے۔

(۳) ایک جماعت میں مختلف ضرورتوں کے لحاظ سے متعدد مانیٹر ہونے چاہئیں۔

(۴) مدرس اپنی شخصیت کو حتی الوسع موثر بناتا رہے۔

